قبا الحامدی

تسہیلِ کلامِ اقبال

پیامِ مشرق

علامہ اقبالؒ

قبا الحامدی

تسہیل از

احمد جاوید

تسهیل

پیام مشرق

علامه محمد اقبال

تسهیل و فرهنگ

احمد جاوید

اقبال اکادمی پاکستان، لاهور

به اشتراک

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد

جملہ حقوق محفوظ

ناشر: پروفیسر محمد منوّر
ناظم، اقبال اکادمی پاکستان

شریک ناشر: دکتر رضا شعبانی
مدیر، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد

کمپوزنگ: گرافکس الیون لاهور

سال اشاعت: ۱۹۹۲ء

تعداد: ۱۰۰۰

مطبع: طیّب اقبال پرنٹرز، رائل پارك، لاہور

قیمت: ۳۵. روپے

سلسله مطبوعات : ۱۲۵

انتشارات :
مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد

سخن مدیر

در روزگار مابه نحوی که شاهد آنیم، تکریم و تجلیل از مقام علمی و اجتماعی و سیاسی دانشمند بلند نام و شاعر برجسته پاکستان علامه محمد اقبال لاهوری در سراسر منطقه پهناور و پرجمعیتی که از آن برخاسته است امری عادی و متعارفی است. هموطنان او، همه روزه در جراید خود یادش را به خیر نگاه می دارند و اشعار اردو و فارسیش را در صدا وسیمای خویش می خوانند، تصاویرش را با جملات ارزنده و رهنمود دهنده اومی آرایند و باب هوشیاری جامعه و تقویت مبانی رشد ملی وقومی به نمایش می گذارند. روز تولد این مرد نامدار در پاکستان تعطیل وجشن ملی است و بدین مناسبت شادی ها برپا می شود و سخنرانیها انجام می پذیرد. در روز در گذشت او نیزبه همان سیاق مراسمی صورت می بندد و خورد وکلان در هرکجا که هستند با تفصیلات زندگی بر ماجرای هموطن برجسته خود آشنائی بیشتری می یابند.

در این ملك و درمیان ملتی که از زیر بار استعمار طاقت فرسای یکصد و پنجاه سالهٔ انگلیس ها قد راست کرده است واکنون به صراحت می خواهد که موجودیت ملی وهویت انسانی خود را برپایه تعالیم مقدس دینی شکل دهد، وجود اقبال بارقه ای درخشان و ستاره ای بی همانند و تابان است. چه که او نه تنها در شهر سیالکوت به دنیا آمده و در جوار مرکز تاریخی و فرهنگی مهمی چون لاهور، رشد و نموکرده است، بلکه در تمامی عمر پرزحمت خود نیز منظما اندیشه های اسلامی را راهنمای حیات ساخته و در همه آثاری که از وی برجای مانده، اعم از نثر و نظم و نیز اردو و انگلیسی و فارسی، همه جا پیروی مخلصانه از دستور های دینی و تکالیف آسمانی را عمده راه فلاح وبل تنها طریق نجاح شمرده است.

واقع امرهم این است که دریك نگاه کلی، اقبال در تداوم خط فکری مبارزان رشید وشایسته و مجاهدان مآل اندیش و برجسته ای قرار دارد که پس از مواجهه باستم های بیشمار اروپائیان شیاد وسلطه گرسده نوزدهم میلادی و مشاهده شدایدی که از آنان بر ملل آسیائی و افریقائی و خاصه مسلمانان وارد می

آمد، در صدد برآمدند که افکار ترقیخواهانه وضدستم اسلامی را بر انگیزانند و با احیاء تعالیم صحیح و شریف دینی از زوال هویت و حیثیت و اعتبار در بند رفتگان جلوگیری کنند. شادوران سید جمال الدین اسد آبادی و همراه وهمدم ثابت قدم او شیخ محمد عبده از سالیان دراز پیش به همین نتیجه رسیده بودند و تنها راه چاره برای رهائی از بحرانهای عمیق و دائم التزاید اجتماعی و سیاسی مسلمانان را تکیه بر تعالیم ناب الهی و حبل المتین ایمان می دانستند.

هر چند متأسفانه اقبال بخت آن را نداشت که شاهد دستاوردهای عظیمی باشد که ادامه راه حق نصیب جوامع مسلمان مورد علاقه او کرد ولی با اینهمه تردیدی نیست که نام بلندش درکنار اسامی درخشان و پرشکوه دیگری نظیر قائد اعظم محمد علی جناح و دیگران قرار دارد که همزمان برای نابودی سلطه قیام کردند و باری، مردم خود را ازننگ قبول تجاوز بیگانه تاراجگر رهانیدند.

پر محرز است که ملتهای مسلمان هنوز راه دراز در پیش دارند که پیمایند وچالشهای فراوانی نیز در پیش رویشان وجود دارد که بگذرانند، ولی تردیدی هم نیست که به مدد داریت و روشن بینی راهنمایان شایسته خود، مشکلات اساسی را درك کرده اند و رموز گذر از مهالك شوم را نیز شناخته اند.

واما این مرد بزرگوار را به گردن ما ایرانی هاهم حقوق عظیمی است. چه که او تحصیلات عالیه اش را در رشته ایرانشناسی انجام داده و رساله دکتری خود را نیز در آلمان، درباره اندیشه های فلسفی و فیلسوفان ایرانی نوشته است. معلوم است که چنین فرزانه ای با بزرگان اندیشه و ادب ایرانی مؤانست فراوان دارد و در مراتب سیرو سلوك وطی طریق هم مشی و روال آنان را می شناسند. مؤالفت اوبا متفکران والا مرتبه و عارفان بزرگ ایرانی وبه خصوص مولانا رومی ازدرجاتی بالا برخوردار است، چنانکه دربسیاری از یادداشتها و اشعاری که از اقبال برجای مانده، تأثیرات پایدار و استوار و چشمگیر آن مفخر روزگاران مشهود است و حیات عاطفی و عقلی اقبال را تحت استیلا درآورده است. گزافه نیست که اقبال به زبان و ادب فارسی ارادتی بی شائبه و وافر داشت سه چهارم اشعاری که به سائقه ذوق بلند و فطرت ارجمند خویش سروده، به همین زبان است. او لغات و کلمات را به درستی می شناسد، آهنگ سخن را به

خوبی درك می کند، صور خیال را می پذیرد و در مجموع توانائیهای کم نظیر لغوی و معنوی آنرا برای بیان افکار و آمال بلند خود کافی می بیند، در واقع روح صمیمیت و اخوتی که دربیانات هیجانی او می درخشد و در همه ابیاتش موج می زند از سرچشمه های فیاض فرهنگ کهن اسلامی وایرانی منطقه،نشأت گرفته است. اینست که اقبال در سرزمین بزرگ ایران، همانسان معروف شده و مقبولیت یافته است که در اقالیم پهناور هند و پاکستان و در نزد فارسی سرایان نیز همان گونه مرجعیت و قبولیت خاطر یافته که در جوار همه اردو زبانان کسب کرده است.

دیوان وی آکنده از چنان ظرائف ذوقی و ادبی شیرین فارسی است که یاداستادان بزرگ سخن را زنده می کندو چندان نکته ها و دقایق زیبائی را رقم می زند که خاص ادیبان اهل زبان است. در تحلیلهای سیاسی و آرمانی هم به اشاراتی عنایت می ورزد که در بطن حرکتهای اجتماعی ایرانیان مکتوم مانده وبه وفور در متن آثار متفکران جهاد گر و ضدستم ظهور پذیر رفته است.

بدین ملاحظه ها همدلی اقبال در نظرما از همزبانی او نیز مهمتر است و منزلتی بس رفیع و والا بدو می بخشد. او روشنفکری آزادیخواه و مسلط بر روزگار خود است که هنر بزرگ نویسندگی را در خدمت بهبود زندگی ابناء نوع قرار داده و حاصل تجارب طولانی را با شوقی فراوان و خالصانه به رهروان طریق ارزانی داشته است. به همین دلیل هم سخنان وی مطبوع طبع مردم صاحب هنر شده و به صورتی که ازجان بر آمده بر دلها نشسته است.

واما اینك مجموعه ای که از لحاظ خوانندگان گرامی می گذرد، برخی از رباعیات و فهلویات علامه فقید است که اندیشه های نغزو دوبیتی های پرمغزاو را در معرض استفاده فارسیدانان و اردو زبانان قرار می دهد. تلاش اساسی وصادقانه برآن بوده است که بیش از قالب، مفهوم و محتوی در دسترس علاقه مندان باشد و سخنان سراسر حکمت و موعظت آن بزرگ مرد جای خود را در روانهای نیازمند بازکند چه که اقبال خود هیچگاه شعرو شاعری را منظورنهائی نشمرده و تنها برای بیان مقصود ونیل به اهداف عالی انسانی از آن سود برده است. چنانکه می فرماید:

نغمه کجا و من کجاساز سخن بهانه ایست
سوی قطارمی کشم ناقه بی زمام را (۱)

ویا:

نه بینی خیر از آن مرد فرودست
که برمن تهمت شعر و سخن بست (۲)

وباز:

من ای میرامم داد ازتو خواهم
مرا یاران غزل خوانی شمردند (۳)

خلاصه آن که به تعبیر علامه، آنچه هست معنی است و پوست و ظاهر سخن را، همان سان که حضرت مولانا نیز فرموده، اعتبار گزافی نیست:

نغمه می باید جنون پرورده ای
آتشی در خون دل حل کرده ای
نغمه گر معنی ندارد مرده ایست
سوز او از آتش افسرده ایست
راز معنی مرشد رومی گشود
فکر من برآستانش در سجود (٤)

امروز پس از این همه سال که از رحلت او گذشته است و تحولاتی بی مانند بر جهان بشری سپری شده، می دانیم که آن بزرگ، هنر را برای تعالی زندگانی می خواست و هدفی نیزکه ازحیات می طلبید، بیداری مسلمانان بود و یافتن جایگاه درست آنان در عرصه فعالیتهای انسانهای زنده واندیشمند. اقبال که به همه معنی مردی آزاده و با عزت بود فارسی را از این سبب بیشتر دوست می داشت که زبان هنر است و گویندگانی بسی نامدار در آن طبع آزموده اند. این مطلب را نیز در مطاوی اشعار پارسی گویان بزرگ

دریافته بود که به کلام خود جان می بخشند و چنان بروح و دماغ مردم مستعد تأثیر می نهند که گوئی زنده بیدارشان نگاه می دارند. ملت آزاده و سربلند پاکستان که قرنها بلکه هزاره ای را همراه و همقدم با برادران ایرانی و مسلمان خویش پیموده واز برکات و افادات زبان دلنشینی فارسی خزانه های ثمین آراسته است، حق دارد که از درر شاهوار آن گنجینه بی نظیرهم خوشه ها بردارد و توشه اصحاب معرفت و جویندگان طریق حقیقت کند، که دراز است ره مقصد و مانوسفریم - اینك کاری که بدین نمط انجام پذیرفته و فرهنگنامه مستوفائی را نیز در هر دو زبان در برگرفته، براساس همان نهمت ستوده ای است که هرچه از اقبال است مردمی و روان وساده فهم است و سزاوار آن که در اختیار دوستداران او و دانش پژوهان اقبال شناس قرار گیرد.

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان به سهم خود مسرور است که همراهی کوچکی در این زمینه داشته وبا معاضدت صمیمانه اقبال آکادمی پاکستان به چاپ کتابی چنین نفیس توفیق یافته است. زحمات مسئولان محترم آکادمی مزبور را که اهتمامی شایسته و عظیم در این باب روا داشته اند و چنان که برمی آید با نثری دلپسند به ترجمه اشعار اقدام کرده اند، صمیمانه‌سپاس گذاراست‌ان شاء الله که خدمات آنان و نیز دیگر کسانی که هریك به حد خود مسئولیتی برعهده گرفته اند وبرای تداوم دوستی ها و پیوستگیهای واقعی دوملت مسلمان و آزاده و پرتلاش ازجان وتوان مایه نهاده اند مأجور و مشکور بماناد.

دکتر رضا شعبانی

مدیر

مدیر مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

بهمن ماه ۱۳۷۰

۱- زبور عجم، کلیات، ص ۱۳۲

۲، ۳- اقبال نامه، جلد اول، ص ۱۹۵

٤- زبور عجم، بندگی نامه کلیات (یادشده)، ص ۱۸۱

بسم الله الرحمن الرحیم

تعارف

فارسی زبان کا چلن قریب قریب اٹھ جانے کی وجہ سے برصغیر کے مسلمان اپنی حیات ملّی کے ایک بنیادی دھارے سے کٹ گئے - ہمارے قومی شاعر اور مفکر حضرت علامہ اقبال کا نصف سے زیادہ کلام فارسی میں ہے، ہم اس کے فہم سے بھی محروم ہوتے جارہے ہیں. کون نہیں جانتا کہ اقبال ایسے شاعر انسانوں کو ایک ایسی جیتی جاگتی کائنات فراہم کرتے ہیں جہاں اُن کے تقدیری حقائق اور تخلیقی امکانات اپنے جملہ رجحانات سمیت مجسم ہو جاتے ہیں. ہم نے اقبال سے محض ایک عظیم شعری روایت ہی نہیں بلکہ زندگی کا وہ سلیقہ بھی حاصل کیا ہے جو ہمیں کبھی مرجھانے نہیں دیتا - سچ ہے وہ مسلمانان کے اسبابِ بقا میں سے ایک سبب ہے. اور مسلمانوں کے روشن مستقبل کا ایک مجسّم نوری نمائندہ.

علامہ کے فارسی کلام کے ترجمہ و تسہیل کا یہ کام اس خلا کو کم کرنے کی ایک ابتدائی کوشش ہے جو فارسی زبان سے ہماری لاعلمی نے پیدا کردیا ہے. خدا کے فضل سے سارا کام ہوچکا ہے، تمام فارسی مجموعوں کا ترجمہ اور تسہیل مکمل ہوچکی ہے، بس ایک طباعت کا مرحلہ رہتا تھا، سو "پیام مشرق" سے اس کا بھی آغاز ہو گیا. باقی کتابیں بھی إن شاء اللّٰہ جلد ہی آجائیں گی. ہم مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد کے مدیر ڈاکٹر رضا شعبانی کے ممنون ہیں جن کی دلچسپی اور مالی اعانت سے اس منصوبے پر عمل ممکن ہوا- فارسی ادب ایران و پاکستان کی مشترک میراث ہے، حضرت شعبانی نے اس تعاون سے پاکستان دوستی کے علاوہ خود ملت ایران کی بھی ایک قابل قدر خدمت انجام دی ہے، ہم مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان کے اس ادب پرور اور دوست نواز رویے کے آئندہ بھی اُمیدوار رہیں گے.

پروفیسر محمّد منوّر

ناظم اقبال اکادمی

دیباچہ

"پیام مشرق" کی تصنیف کا محرک جرمن "حکیم حیات" گوئٹے کا "مغربی دیوان" ہے جس کی نسبت جرمنی کا اسرائیلی شاعر ہائنا لکھتا ہے.

"یہ ایک گلدستۂ عقیدت ہے جو مغرب نے مشرق کو بھیجا ہے..... اس دیوان سے اس امر کی شہادت ملتی ہے کہ مغرب اپنی کمزور اور سرد روحانیت سے بیزار ہو کر مشرق کے سینے سے حرارت کا متلاشی ہے".

گوئٹے کا یہ مجموعۂ اشعار جو اس کی بہترین تصانیف سے ہے اور جس کو اس نے خود "دیوان" کے نام سے موسوم کیا ہے کن اثرات کا نتیجہ تھا اور کن حالات میں لکھا گیا اس سوال کا جواب دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ مختصر طور پر اس تحریک کا ذکر کیا جائے جس کو المانوی ادبیات کی تاریخ میں "تحریک مشرقی" کے نام سے یاد کرتے ہیں- میرا قصد تھا کہ اس دیباچے میں تحریکِ مذکور پر کسی قدر تفصیل سے بحث کروں گا مگر افسوس ہے کہ بہت سا مواد جو اس کے لئے ضروری تھا ہندوستان میں دستیاب نہ ہوسکا- پال ہورن، تاریخ ادبیات ایران کے مصنف نے اپنے ایک مضمون میں اس امر پر بحث کی ہے کہ گوئٹے کس حد تک شعرائے فارس کا ممنون ہے- لیکن رسالہ ناروانڈ سود کا وہ نمبر جس میں مضمون مذکور شائع ہوا تھا نہ ہندوستاں کے کسی کتب خانے سے مل سکا نہ جرمنی سے. مجبوراً اس دیباچے کی تالیف میں کچھ تو گذشتہ مطالعے کی یادداشت پر بھروسہ کرتا ہوں اور کچھ مسٹر چارلس ریمی کے مختصر مگر نہایت مفید اور کارآمد رسالے پر جو انہوں نے اس موضوع پر لکھا ہے.

ابتدائے شباب ہی سے گوئٹے کی ہمہ گیر طبیعت مشرقی تخیلات کی طرف مائل تھی. سٹر اس برگ میں جہاں وہ قانون کے مطالعے میں مصروف تھا. اسکی ملاقات جرمن لٹریچر کی مشہور اور قابل احترام شخصیت ہر ڈر سے ہوئی جس کی صحبت کے اثرات کو گوئٹے نے خود اپنے سوانح میں تسلیم کیا ہے. ہرڈر فارسی نہ جانتا تھا لیکن چونکہ اخلاقی رنگ اس کی طبیعت پر غالب تھا اس لئے سعدی کی تصانیف سے اسے نہایت گہری دلچسپی تھی. چنانچہ "گلستان" کے بعض حصوں کا اس نے جرمن زبان

میں ترجمہ بھی کیا ہے. خواجہ حافظ کے رنگ سے اسے چنداں لگاؤنہ تھا. اپنے معاصرین کو سعدی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے لکھتا ہے "حافظ کے رنگ میں ہم بہت کچھ نغمہ سرائی کرچکے. اس وقت سعدی کے تلمذ کی ضرورت ہے" - لیکن باوجود اس دلچسپی کے جو ہرڈر کو مشرقی لٹریچر سے تھی اس کے اپنے اشعار اور دیگر تصانیف پر مشرقی لٹریچر کا کوئی اثر معلوم نہیں ہوتا. علی ہذا لقیاس گوئٹے کا دوسرا معاصر شلر بھی جو مشرقی تحریك کے آغاز سے پہلے ہی مرچکا تھا مشرقی اثرات سے آزاد ہے. گو اس بات کو فراموش نہ کرنا چاہیے کہ اس کے ڈراما "توران دخت" کا پلاٹ مولانا نظامی کے افسانہ دختر پادشاہ اقلیم چہارم (ہفت پیکر) سے لیا گیا ہے. جس کا آغاز مولانا نے اس شعر سے کیا ہے.

"گفت کز جملۂ ولایتِ روس
بود شہرے بہ نیکوئی چو عروس"

۱۸۱۲ء میں فان ہیمر نے خواجہ حافظ کے دیوان کا پورا ترجمہ شائع کیا اور اسی ترجمے کی اشاعت سے جرمن ادبیات میں مشرقی تحریك کا آغاز ہوا- گوئٹے کی عمر اس وقت ٦٥ سال کی تھی اور یہ وہ زمانہ تھا جب کہ جرمن قوم کا انحطاط ہر پہلو سے انتہا تك پہنچ چکا تھا. ملك کی سیاسی تحریکوں میں عملی حصہ لینے کیلئے گوئٹے کی فطرت موزوں نہ تھی اور یورپ کی عام ہنگامۂ آرائیوں سے بیزار ہوکر اس کی بے تاب اور بلند پرواز روح نے مشرقی فضا کے امن و سکون میں اپنے لئے ایك نشیمن تلاش کرلیا. حافظ کے ترنم نے اس کے تخیّلات میں ایك ہیجان عظیم برپا کردیا. جس نے آخر کار "مغربی دیوان" کی ایك پایدار اور مستقل صورت اختیار کرلی. مگر فان ہیمر کا ترجمہ گوئٹے کے لئے محض ایك محرك ہی نہ تھا بلکہ اس کے عجیب و غریب تخیّلات کا ماخذ بھی تھا. بعض بعض جگہ اس کی نظم خواجہ کے اشعار کا آزاد ترجمہ معلوم ہوتی ہے اور بعض جگہ اس کی قوتِ تخیل کسی خاص مصرع کے اثر سے ایك نئی شاہراہ پر پڑکر زندگی کے نہایت دقیق اور گہرے مسائل پر روشنی ڈالتی ہے. گوئٹے کا مشہور سوانح نگار بیل سو شکی لکھتا ہے.

"بلبلِ شیراز کی نغمہ پروازیوں میں گوئٹے کو اپنی ہی تصویر نظر آتی تھی. اس کو کبھی کبھی یہ احساس بھی ہوتا تھا- کہ شاید میری روح ہی حافظ کے پیکر میں رہ کر مشرق کی سرزمین میں زندگی بسر

۱- خواجہ حافظ اور تیمور کی ملاقات کی روائت صحیح نہیں معلوم ہوتی کیونکہ خواجہ کا انتقال تیموری فتح شیراز سے پہلے ہوچکا تھا.

کرچکی ہے. وہی زمینی مسرت، وہی آسمانی محبت، وہی سادگی، وہی عمق، وہی جوش و حرارت، وہی وسعتِ مشرب، وہی کشادہ دلی اور وہی قیود و رسوم سے آزادی! غرضکہ ہر بات میں ہم اسے حافظ کا مثیل پاتے ہیں. جس طرح حافظ لسان الغیب و ترجمان اسرار ہے اسی طرح گوئٹے بھی ہے اور جس طرح حافظ کے بظاہر سادہ الفاظ میں ایك جہانِ معنی آباد ہے اسی طرح گوئٹے کے بیساختہ پن میں بھی حقائق و اسرار جلوہ فروزہیں- دونوں نے امیر و غریب سے خراجِ تحسین وصول کیا. دونوں نے اپنے اپنے وقت کے عظیم الشان فاتحوں کو اپنے شخصیت سے متاثر کیا (یعنّی حافظ نے تیمور کو اور گوئٹے نے نپولین کو) اور دونوں عام تباہی اور بربادی کے زمانے میں طبیعت کے اندرونی اطمینان و سکون کو محفوظ رکھ کر اپنی قدیم ترنم ریزی جاری رکھنے میں کامیاب رہے".

خواجہ حافظ کے علاوہ گوئٹے اپنے تخیّلات میں شیخ عطار- سعدی- فرودسی اور عام اسلامی لٹریچر کا بھی ممنونِ احسان ہے. ایك آدھ جگہ ردیف وقافیہ کی قید سے غزل بھی لکھی ہے. اپنی زبان میں فارسی استعارات بھی (مثلاً "گوہرِ اشعار" "تیرِمژگان" "زلفِ گرہ گیر") بے تکلف استعمال کرتا ہے بلکہ فارسیت کے جوش میں امردپرستی کی طرف اشارات کرنے سے بھی احتراز نہیں کرتا. دیوان کے مختلف حصوں کے نام بھی فارسی ہیں. مثلاً مغنّی نامہ-ساقی نامہ- عشق نامہ - تیمورنامہ - حکمت نامہ وغیرہ. باوجود ان سب باتوں کے گوئٹے کسی فارسی شاعر کا مقلد نہیں. اور اس کی شاعرانہ فطرت قطعاً آزاد ہے. مشرق کے لالہ زاروں میں اسکی نواپیرائی محض عارضی ہے. وہ اپنی مغربیت کو کبھی ہاتھ سے نہیں دیتا اور اسکی نگاہ صرف انھی مشرقی حقائق پر پڑتی ہے جن کو اس کی مغربی فطرت جذب کرسکتی ہے - عجمی تصوف سے اسے مطلق دلچسپی نہ تھی. اور گو اسے یہ بات معلوم تھی کہ مشرق میں خواجہ حافظ کے اشعار کی تفسیر تصوف کے نقطۂ نگاہ سے کی جاتی ہے. وہ خود تغزلِ محض کا دلدادہ تھا اور کلامِ حافظ کی صوفی تعبیر سے اسے کوئی ہمدردی نہ تھی. مولینا روم کے فلسفیانہ حقایق و معارف اس کے نزدیك مبہم تھے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس نے رومی کے کلام پر غائر نگاہ نہیں ڈالی کیونکہ جو شحص سپو نوزا (ہالینڈ کا ایك فلسفی جو مسئلۂ وحدت الوجود کا قائل تھا) کا مداح ہو اور جس نے برونو (اٹلی کا ایك وجودی فلسفی) کی حمایت میں قلم اٹھایا ہو اس سے ممکن نہیں کہ رومی کا معترف نہ ہو.

غرضکہ "مغربی دیوان" کی وساطت سے گوئٹے نے جرمن ادبیات میں عجمی روح پیدا کرنے کی کوشش کی. بعد کے شعراپلاٹن، روکرٹ اور بوڈن سٹاٹ نے اس مشرقی تحریك کو جس کا آغاز گوئٹے کے دیوان سے ہوا، تکمیل تك پہنچایا. پلاٹن نے ادبی اغراض کے لئے فارسی زبان سیکھی- قافیہ ردیف بلکہ ایرانی عروض کے قواعد کی پابندی سے غزلیں لکھیں. رباعیاں لکھیں اور نپولین پر ایك قصیدہ بھی لکھا. گوئٹے کی طرح فارسی استعارات مثلاً "عروس گل" "زلف مشکین"- لالہ عذار" کو یہ بھی بے تکلف استعمال کرتا ہے. اور تغزل محض کا دلدادہ ہے. روکرٹ عربی- فارسی - سنسکرت تینوں مشرقی زبانوں کا ماہر تھا. اس کی نگاہ میں فلسفہٗ رومی کی بڑی وقعت تھی اور اس کی "غزلیات" زیادہ ترمولنا روم ہی کی تقلید میں لکھی گئی ہیں - چونکہ السنہ مشرقیہ کا عالم تھا اس لئے اس کی مشرقی نظم کے مواخذ بھی وسیع تر تھے. مخزن الاسرار نظامی - بہارستان جامی- کلیات امیر خسرو- گلستان سعدی- مناقب العارفین - عیارِدانش - منطق الطیر - ہفت قلزم وغیرہ جہاں جہاں سے حکمت کے موتی ملتے ہیں رول لیتا ہے. بلکہ اسلام سے پہلے کی ایرانی روایات و حکایات سے بھی اپنے کلام کو زینت دیتا ہے. اسلامی تاریخ کے بعض واقعات بھی اس نے خوب نظم کئے ہیں. مثلاً محمود غزنوی کی موت - محمود کا حملۂ سومنات - سلطانہ رضیہ وغیرہ- گوئٹے کے بعد مشرقی رنگ کا سب سے زیادہ مقبول شاعر بوڈن سٹاٹ ہے جس نے اپنی نظموں کو مرزا شفیع کے فرضی نام سے شائع کیا. یہ چھوٹا سا مجموعہ اس قدر مقبول ہوا کہ تھوڑی ہی مدت میں ۱٤۰ دفعہ شائع ہوا. اس شاعر نے عجمی روح کو اس خوبی سے جذب کیا ہے کہ جرمنی میں مرزا شفیع کے اشعار کو لوگ دیرتك فارسی نظم کا ترجمہ تصور کرتے رہے. بوڈن سٹاٹ نے امیر معزی اور انوری سے بھی استفادہ کیا ہے.

اس سلسلے میں میں نے گوئٹے کے مشہور معاصر ہائنا کا ذکر ارادۃً نہیں کیا. اگرچہ اس کے مجموعۂ اشعار موسوم بہ "اشعارِتازہ" میں عجمی اثر نمایاں ہے اور محمود و فردوسی کے قصے کو بھی اس نے نہایت خوبی سے نظم کیا ہے تاہم بحیثیت مجموعی مشرقی تحریك سے اس کا کوئی تعلق نہیں اور اس کی رائے میں گوئٹے کے "مغربی دیوان" کے سوائے جرمن شعرا کا مشرقی کلام کوئی بڑی وقعت نہیں رکھتا. لیکن عجمی جادو کی گرفت سے جرمنی کے اس آزادہ رو شاعر کا دل بھی بچ نہ سکا. چنانچہ

ایك مقام پر اپنے آپ کو عالم خیال میں ایك ایرانی شاعر تصور کرتے ہوئے جس کو جرمنی میں جلاوطن کردیا گیا ہو، لکھتا ہے.

"اے فردوسی! اے جامی! اے سعدیٰ! تمہارا بھائی زندان غم میں اسیر، شیراز کے پھولوں کے لئے تڑپ رہا ہے".

کم درجے کے شعرا میں خواجہ حافظ کا مقلد ڈومر - ہرمن سٹال - لوشکے - سٹائگ لٹز - لنٹ ہولڈ اور فان شاك بھی قابلِ ذکر ہیں. مؤخرالذکر علمی دنیا میں اونچاپایہ رکھتا تھا اس کی نظمیں قصۂ انصاف محمود غزنوی اور قصۂ ہاروت و ماروت مشہور ہیں اور بحیثیتِ مجموعی اس کے کلام میں عمر خیام کا اثر زیادہ نمایاں ہے. لیکن مشرقی تحریك کی پوری تاریخ لکھنے اور جرمن اور ایرانی شعرا کا تفصیلی مقابلہ کرکے عجمی اثرات کی صحیح وسعت معلوم کرنے کے لئے ایك طویل مطالعے کی ضرورت ہے جس کیلئے نہ وقت میسر ہے نہ سامان - ممکن ہے کہ یہ مختصر ساخاکہ کسی نوجوان کے دل میں تحقیق و تدقیق کا جوش پیدا کردے.

"پیامِ مشرق" کے متعلق جو "مغربی دیوان" سے سوسال بعد لکھا گیا ہے مجھے کچھ عرض کرنے کی ضرورت نہیں. ناظرین خود اندازہ کرلیں گے کہ اس کا مدعا زیادہ تر ان اخلاقی، مذہبی اور ملی حقائق کو پیشِ نظر لانا ہے جن کا تعلق افراد و اقوام کی باطنی تربیت سے ہے. اس سے سو سال پیشتر کی جرمنی اور مشرق کی موجودہ حالت میں کچھ نہ کچھ مماثلت ضرور ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اقوامِ عالم کا باطنی اضطراب جسکی اہمیت کا صحیح اندازہ ہم محض اس لئے نہیں لگا سکتے کہ خود اس اضطراب سے متاثر ہیں، ایك بہت بڑے روحانی اور تمدنی انقلاب کا پیش خیمہ ہے. یورپ کی جنگِ عظیم ایك قیامت تھی جس نے پُرانی دنیا کے نظام کو قریباً ہر پہلو سے فنا کردیا ہے اور اب تہذیب و تمدن کی خاکستر سے فطرت زندگی کی گہرائیوں میں ایك نیا آدم اور اس کے رہنے کے لئے ایك نئی دنیا تعمیر کررہی ہے جس کا ایك دھندلا سا خاکہ ہمیں حکیم آئن سٹائن اور برگساں کے تصانیف میں ملتا ہے. یورپ نے اپنے علمی اخلاقی اور اقتصادی نصب العین کے خولناك نتائج اپنی آنکھوں سے دیکھ لئے ہیں اور سائزینٹی (سابق وزیر اعظم اطالیہ) سے "انحطاطِ فرنگ" کی دلخراش داستان بھی سن لی ہے. لیکن افسوس ہے کہ اس کے نکتہ رس مگر قدامت پرست مدبرین اس حیرت انگیز انقلاب کا صحیح اندازہ نہیں کرسکے جو انسانی ضمیر میں اس وقت واقع ہورہاہے. خالص ادبی اعتبار سے دیکھیں تو جنگِ عظیم کی

کوفت کے بعد یورپ کے قوائے حیات کا اضمحلال ایك صحیح اور پخته ادبی نصب العین کی نشوونما کے لئے نامساعد ہے، بلکه اندیشه ہے که اقوام کی طبائع پر وہ فرسوده - سست رگ اور زندگی کی دشواریوں سے گریز کرنے والی عجمیت غالب نه آجائے جو جذباتِ قلب کو افکارِ دماغ سے متمیز نہیں کرسکتی. البته امریکه مغربی تہذیب کے عناصر میں ایك صحیح عنصر معلوم ہوتا ہے اور اس کی وجه شاید یه ہے که یه ملك قدیم روایات کی زنجیروں سے آزاد ہے اور اس کا اجتماعی وجدان نئے اثرات و افکار کو آسانی سے قبول کرسکتا ہے.

مشرق اور بالخصوص اسلامی مشرق نے صدیوں کی مسلسل نیند کے بعد آنکھ کھولی ہے مگر اقوامِ مشرق کو یه محسوس کرلینا چاہئے که زندگی اپنے حوالی میں کسی قسم کا انقلاب پیدا نہیں کرسکتی جب تك که پہلے اس کی اندرونی گہرائیوں میں انقلاب نه ہو اور کوئی نئی دنیا خارجی وجود اختیار نہیں کرسکتی جب تك که اس کا وجود پہلے انسانوں کے ضمیر میں متشکل نه ہو. فطرت کا یه اٹل قانون جس کو قرآن نے ان الله لایغیر مابقوم حتی یغیر واما بانفسهم کے ساده اور بلیغ الفاظ میں بیان کیا ہے، زندگی کے فردی اور اجتماعی دونوں پہلوؤں پرحاوی ہے اور میں نے اپنے فارسی تصانیف میں اسی صداقت کو مدنظر رکھنے کی کوشش کی ہے-

اس وقت دنیا میں اور بالخصوص ممالك مشرق میں ہر ایسی کوشش جس کا مقصد افراد و اقوام کی نگاه کو جغرافی حدود سے بالاتر کرکے ان میں ایك صحیح اور قوی انسانی سیرت کی تجدید یا تولید ہو، قابلِ احترام ہے - اسی بنا پر میں نے ان چند اوراق کو اعلیحضرت فرمانروائے افغانستان کے نامِ نامی سے منسوب کیا ہے که وہ اپنی فطری ذہانت و فطانت سے اس نکتے سے بخوبی آگاه معلوم ہوتے ہیں. اور افغانوں کی تربیت انہیں خاص طور پر مدِنظر ہے. اس عظیم الشان کام میں خدا تعالے ان کا حامی و ناصر ہو.

آخر میں میں اپنے دوست چودھری محمد حسین صاحب ایم - اے کاسپاس گذار ہوں که انہوں نے "پیام مشرق" کے مسودات کو اشاعت کے لیے مرتب کیا. اگر وہ یه زحمت گوارانه کرتے تو غالباً اس مجموعے کی اشاعت میں بہت تعویق ہوتی.

اقبال

فهرست مطالب

شماره	مضمون	صفحه
	سخن مدیر ..... دکتر رضا شعبانی	ا
	تعارف ..... پروفسور محمد منّور	و
	دیباچه از علامه محمد اقبال	ز
	فهرست مطالب	م
	پیش کش	۱
	لاله طور	
	(رباعیات)	
۱	شهید ناز او بزم وجود است	٤٣
۲	دل من روشن از سوز درون است	٤٤
۳	بباغان باد فروردین دهد عشق	٤٥
٤	عقابان را بهاے کم نهد عشق	٤٦
٥	به برگ لاله رنگ آمیزی عشق	٤٧
٦	نه هرکس از محبت مایه دار است	٤٨
۷	دریں گلشن پریشان مثل یویم	٤٩
۸	جهان مُشت گل و دل حاصل اوست	٥.
۹	سحر می گفت بلبل باغبان را	٥١
۱.	جهانِ ماکه نابود است بودش	٥٢
۱۱	نواے عشق را ساز است آدم	٥٣
۱۲	نه من انجام و نے آغاز جویم	٥٤
۱۳	دلا نادانی پروانه تا کے	٥٥
۱٤	تنے پیدا کن از مشتِ غبارے	٥٦
۱٥	ز آب و گل خدا خوش پیکرے ساخت	٥٧
۱٦	به یزدان روزِ محشر بر بمن گفت	٥٨
۱۷	گذشتی تیز گام اے اخترِ صبح	٥٩
۱۸	تهیِ ازبای و مو میخانه بودے	٦.
۱۹	ترا اے تازه پرواز آفریدند	٦١

شماره	مضمون	صفحه
۲.	چه لذّت یارب اندر هست وبود است	٦۲
۲۱	شنیدم در عدم پروانه می گفت	٦۳
۲۲	مسلماناں مرا حرفے است در دل	٦٤
۲۳	به کویش ره سپاری اے دل، اے دل	٦٥
۲٤	رهے درسینه انجم کشائی	٦٦
۲٥	سحردر شاخساربوستانے	٦۷
۲٦	ترا یك نکته سربسته گویم	٦۸
۲۷	بهل افسانه آن پا چراغے	٦۹
۲۸	ترا از خویشتن بیگانه سازد	۷.
۲۹	زیاں بینی زسیرِ بوستانم	۷۱
۳.	بروں از ورطه بود وعدم شو	۷۲
۳۱	زمُرغانِ چمن نا آشنایم	۷۳
۳۲	جهاں یارب چه خوش هنگامه دارد	۷٤
۳۳	سکندر باخضر خوش نکته گفت	۷٥
۳٤	سریرِ کیقباد، اکلیل جم خاك	۷٦
۳٥	اگر درمشتِ خاكِ تو نهادند	۷۷
۳٦	دمادم نقشهاے تازه ریزد	۷۸
۳۷	چو ذوقِ نغمه ام در جلوت آرد	۷۹
۳۸	چه می پُرسی میانِ سینه دل چیست	۸.
۳۹	خرد گفت او بچشم اندر نگنجد	۸۱
٤.	کنشت و مسجد و بتخانه و دیر	۸۲
٤۱	نه پیوستم دریں بستانسرا دل	۸۳
٤۲	بخود باز آورد رندِ کهنِ را	۸٤
٤۳	سفالم رامےِ او جامِ جم کرد	۸٥
٤٤	خرد زنجیریِ امروز و دوش است	۸٦
٤٥	خرد اندر سرِ هرکس نهادند	۸۷

شماره	مضمون	صفحه
٤٦	گدایے جلوه رفتی برسر طور	٨٨
٤٧	بگو جبریل را از من پیامے	٨٩
٤٨	همائے علم تا اُفتد بدامت	٩٠
٤٩	خرد بر چهره تو پردها بافت	٩١
٥٠	دلت می لرزد از اندیشه مرگ	٩٢
٥١	ز پیوندِ تن و جانم چه پُرسی	٩٣
٥٢	مرا فرمود پیرِ نکته دانے	٩٤
٥٣	ز رازی معنی قرآن چه پُرسی	٩٥
٥٤	من از بود و نبودِ خود خموشم	٩٦
٥٥	زمن با شاعرِ رنگین بیاں گوے	٩٧
٥٦	ز خوب و زشتِ تو نا آشنایم	٩٨
٥٧	تو اے شیخ حرم شاید ندانی	٩٩
٥٨	چو تاب از خود بگیرد قطره آب	١٠٠
٥٩	من اے دانشوراں در پیچ و تابم	١٠١
٦٠	میارا بزم برساحل که آنجا	١٠٢
٦١	سراپا معنیِ سربسته ام من	١٠٣
٦٢	مگو از مدّعاے زندگانی	١٠٤
٦٣	اگر کردی نگه برپاره سنگ	١٠٥
٦٤	وفا نا آشنا بیگانه خو بود	١٠٦
٦٥	مپرس از عشق و از نیرنگیِ عشق	١٠٧
٦٦	مشو اے غنچه نورسته دلگیر	١٠٨
٦٧	مرا روزے گل افسرده گفت	١٠٩
٦٨	جهانِ ماکه پایانے ندارد	١١٠
٦٩	بمرغانِ چمن ہمداستانم	١١١
٧٠	نماید آنچه ہست این وادیِ گل؟	١١٢
٧١	تو خورشیدی ومن سیاره تو	١١٣
٧٢	خیالِ او درونِ دیده خوشتر	١١٤
٧٣	دماغم کافر زنار دار است	١١٥

شماره	مضمون	صفحه
٧٤	صنوبر بنده آزاده او	١١٦
٧٥	ز انجم تابه انجم صد جهاں بود	١١٧
٧٦	بیائے خود مزن زنجیر تقدیر	١١٨
٧٧	دلِ من در طلسمِ خود اسیر است	١١٩
٧٨	نوادر سازِ جاں از زخمه تو	١٢٠
٧٩	نفس آشفته موجے ازیمِ اوست	١٢١
٨٠	ترا درد یکی درسینه پیچید	١٢٢
٨١	کرا جوئی، چرا در پیچ و تابی	١٢٣
٨٢	تو اے کودك منش خود را ادب کن	١٢٤
٨٣	نه افغانیم ونے ترك و تتاریم	١٢٥
٨٤	نہاں درسینه ما عالمے ہست	١٢٦
٨٥	دل من! اے دلِ من! اے دلِ من!	١٢٧
٨٦	چه گویم نکته زشت و نکوچیست	١٢٨
٨٧	کسے کو دردِ پنہانے ندارد	١٢٩
٨٨	چه پُرسی از کجایم چیستم من	١٣٠
٨٩	بچندیں جلوه در زیر نقابی	١٣١
٩٠	دل از منزل تہی کن پا بره دار	١٣٢
٩١	بیا اے عشق، اے رمزِ دلِ ما	١٣٣
٩٢	سخن درد و غم آرد، درد و غم به	١٣٤
٩٣	نه من بر مرکب ختلی سوارم	١٣٥
١٤	کمال زندکی خواہی؟ بیاموز	١٣٦
٩٥	تومی گوئی که آدم خاك زاد است	١٣٧
٩٦	دلِ بے باك را ضرغام، رنگ است	١٣٨
٩٧	ندانم باده ام یا ساغرم من	١٣٩
٩٨	تو گوئی طائرِ مازیرِ دام است	١٤٠
٩٩	چساں زاید تمنّا در دلِ ما؟	١٤١
١٠٠	چو در جنّت خرامیدم پس ازمرگ	١٤٢
١٠١	جهانِ ماکه جُز انگاره نیست	١٤٣

شماره	مضمون	صفحه
۱۰۲	چساں اے آفتاب آسماں گرد	۱۴۴
۱۰۳	تراش از تیشه خود جاده خویش	۱۴۵
۱۰۴	بمنزل رهروِ دل در نسازد	۱۴۶
۱۰۵	بیابا شاهدِ فطرت نظرِ باز	۱۴۷
۱۰۶	میانِ آب و گل خلوت گزیدم	۱۴۸
۱۰۷	ز آغازِ خودی کس را خبر نیست	۱۴۹
۱۰۸	دلا رمزِ حیات از غنچه درياب	۱۵
۱۰۹	فروغِ او به بزمِ باغ و راغ است	۱۵۱
۱۱۰	زخاكِ نرگستان غنچه رست	۱۵۲
۱۱۱	جهاں کز خود ندارد دستگاهے	۱۵۳
۱۱۲	دلِ من رازدانِ جسم و جان است	۱۵۴
۱۱۳	گلِ رعنا چومن در مشکلے هست	۱۵۵
۱۱۴	مزاجِ لاله خود رو شناسم	۱۵۶
۱۱۵	جهاں یك نغمه زارِ آرزوے	۱۵۷
۱۱۶	دلِ من بے قرارِ آرزوے	۱۵۸
۱۱۷	دوامِ ما زسوزِ ناتمام است	۱۵۹
۱۱۸	مرنج از برهمن اے واعظ شهر	۱۶۰
۱۱۹	حکیماں گرچه صد پیکر شکستند	۱۶۱
۱۲۰	جهانها روید از مُشت گلِ من	۱۶۲
۱۲۱	هزاراں سال بافطرت نشستم	۱۶۳
۱۲۲	به پنهاے ازل پرمی کشودم	۱۶۴
۱۲۳	درونم جلوه افکار ایں چیست!	۱۶۵
۱۲۴	بخود نازم گداے بے نیازم	۱۶۶
۱۲۵	اگر آگاهی از کیف و کمِ خویش	۱۶۷
۱۲۶	چه غم داری، حیاتِ دل زدم نیست	۱۶۸
۱۲۷	تو اے دل تا نشینی در کنارم	۱۶۹
۱۲۸	زمن گو صوفیانِ باصفارا	۱۷۰
۱۲۹	چو نرگس ایں چمن نادیده مگذر	۱۷۱
۱۳۰	تراشیدم صنم بر صورتِ خویش	۱۷۲
۱۳۱	به شبنم غنچه نورسته می گفت	۱۷۳
۱۳۲	زمیں را رازدانِ آسماں گیر	۱۷۴
۱۳۳	ضمیر کُن فکاں غیر از توکس نیست	۱۷۵
۱۳۴	زمیں خاكِ درِ میخانه ما	۱۷۶
۱۳۵	سکندر رفت و شمشیر و علم رفت	۱۷۷
۱۳۶	ربودی دل زچاكِ سینه من	۱۷۸
۱۳۷	ز پیشِ من جهانِ رنگ و بو رفت	۱۷۹
۱۳۸	مرا از پرده ساز آگهی نیست	۱۸۰
۱۳۹	نوا مستانه در محفل زدم من	۱۸۱
۱۴۰	عجم از نغمه هاے من جواں شد	۱۸۲
۱۴۱	عجم از نغمه ام آتش بجان است	۱۸۳
۱۴۲	زجانِ بے قرار آتش کشادم	۱۸۴
۱۴۳	مرا مثلِ نسیم آواره کردند	۱۸۵
۱۴۴	خرد کرپاس را زرینه سازد	۱۸۶
۱۴۵	ز شاخِ آرزو برخورده ام من	۱۸۷
۱۴۶	خیالم کو گل از فردوس چیند	۱۸۸
۱۴۷	عجم بحرسیت نا پیدا کنارے	۱۸۹
۱۴۸	مگوکارِ جهاں نا اُستوار است	۱۹۰
۱۴۹	رمیدی از خداوندانِ افرنگ	۱۹۱
۱۵۰	قباے زندگانی چاك تاکے	۱۹۲
۱۵۱	میانِ لاله و گل آشیاں گیر	۱۹۳
۱۵۲	بجانِ من که جاں نقشِ تن انگیخت	۱۹۴
۱۵۳	بگوشم آمد از خاكِ مزارے	۱۹۵
۱۵۴	مشو نومید ازیں مشتِ غبارے	۱۹۶
۱۵۵	جهانِ رنگ وبو فهمیدنی هست	۱۹۷
۱۵۶	تومی گوئی که من هستم خدا نیست	۱۹۸
۱۵۷	بساطم خالی از مرغِ کباب است	۱۹۹

شماره	مضمون	صفحه
۱۵۸	رگِ مسلم ز سوزِ من تپید است	۲۰۰
۱۵۹	بحرف اندر نگیری لامکان را	۲۰۱
۱۶۰	بهر دل عشق رنگِ تازه برکرد	۲۰۲
۱۶۱	هنوز از بندِ آب و گل نه رستی	۲۰۳
۱۶۲	مرا ذوقِ سخن خون در جگر کرد	۲۰۴
۱۶۳	گریز آخر زعقلِ ذو فنون کرد	۲۰۵
	افکار	
۱	گل نخستین	۲۰۹
۲	دُعا	۲۱۲
۳	هلال عید	۲۱۴
۴	تسخیرِ فطرت	۲۱۵
۵	بوئے گل	۲۳۵
۶	نوای وقت	۲۳۸
۷	فصل بهار	۲۴۸
۸	حیاتِ جاوید	۲۵۴
۹	افکار انجم	۲۵۶
۱۰	زندگی	۲۶۰
۱۱	محاوره علم و عشق	۲۶۲
۱۲	سرود انجم	۲۶۸
۱۳	نسیم صبح	۲۷۶
۱۴	پند باز بچه خویش	۲۷۹
۱۵	کرم کتابی	۲۹۰
۱۶	کبر و ناز	۲۹۳
۱۷	لاله	۲۹۶
۱۸	حکمت و شعر	۳۰۰
۱۹	کرمك شب تاب	۳۰۲
۲۰	حقیقت	۳۱۱
۲۱	حدی	۳۱۳
۲۲	قطره آب	۳۲۱
۲۳	محاوره مابین خدا و انسان	۳۲۷
۲۴	ساقی نامه	۳۳۱
۲۵	شاهین و ماهی	۳۴۱
۲۶	کرمك شب تاب	۳۴۵
۲۷	تنهائی	۳۴۷
۲۸	شبنم	۳۵۱
۲۹	عشق	۳۶۰
۳۰	اگر خواهی حیات اندر خطرزی	۳۶۷
۳۱	جهانِ عمل	۳۷۱
۳۲	زندگی	۳۷۳
۳۳	حکمت فرنگ	۳۷۷
۳۴	حور و شاعر	۳۸۳
۳۵	زندگی اور عمل	۳۸۹
۳۶	الملك لله	۳۹۰
۳۷	جوے آب	۳۹۲
۳۸	نامه عالمگیر	۴۰۰
۳۹	بهشت	۴۰۳
۴۰	کشمیر	۴۰۷
۴۱	عشق	۴۱۰
۴۲	بندگی	۴۱۲
۴۳	غلامی	۴۱۴
۴۴	چیستان شمشیر	۴۱۵
۴۵	جمهوریت	۴۱۷
۴۶	به مبلغ اسلام در فرنگستان	۴۱۸
۴۷	غنی کشمیری	۴۲۲
۴۸	خطاب به مصطفی کمال پاشا	۴۲۶
۴۹	طیاره	۴۳۰

شماره	مضمون	صفحه
۵۰	عشق	٤٣٦
۵۱	تهذیب	٤٣٧
	مے باقی	
	(غزلیات)	
۱	بهار تا به گلستان کشید بزم سرور	٤٤١
۲	حلقه بستند سرِ تربتِ من نوحه گران	٤٤٦
۳	می تراشد فکر ما هردم خداوندے دگر	٤٤٩
٤	مرا ز دیده بینا شکایت دگر است	٤٥٣
۵	بایں بهانه درں بزم محرمے جویم	٤٥٨
٦	خیز و نقاب برکشا، پردگیانِ ساز را	٤٦٣
۷	بملا زمان سلطان خبرے دهم ز رازے	٤٦٧
۸	بیاکه ساقیِ گل چهره دست بر چنگ است	٤٧١
۹	صورت نه پرستم من بتخانه شکستم من	٤٧۵
۱۰	هوائے فرودیں در گلستان میخانه می سازد	٤٧٨
۱۱	از ما بگو سلامے آں ترکِ تند خورا	٤٨١
۱۲	آشنا هر خار را از قصه ما ساختی	٤٨۵
۱۳	خوش آنکه رختِ خرد را به شعله مے سوخت	٤٨٨
۱٤	بیار باده که گردون بکام ما گردید	٤٩١
۱۵	تیروسنان و خنجر و شمشیرم آرزو است	٤٩٤
۱٦	دانه سجه به زنّار کشیدن آموز	٤٩٧
۱۷	زخاکِ خویش طلب آتشے که پیدانیست	۵۰۱
۱۸	موج را از سنیه دریا گسستن می توان	۵۰٦
۱۹	صدناله شبگیرے. صد صبحِ بلا خیزے	۵۰۹
۲۰	باز به سُرمه تاب ده چشمِ کرشمه زاے را	۵۱۲
۲۱	فریبِ کشمکشِ عقل دیدنی دارد	۵۱٦
۲۲	حسرتِ جلوه آں ماهِ تمامے دارم	۵۲۰
۲۳	بشاخِ زندگیِ مانمے زتشنه لبی است	۵۲۳
۲٤	فرقے نه نهد عاشق در کعبه و بتخانه	۵۲۷

شماره	مضمون	صفحه
۲۵	بے تواز خواب عدم دیده کشودن نتواں	۵۳۱
۲٦	ایں گنبدِ مینائی ایں پستی و بالائی	۵۳٤
۲۷	هوسِ منزلِ لیلی نه تو داری و نه من	۵۳۸
۲۸	دلیلِ منزلِ شوقم بدامنم آویز	۵٤۱
۲۹	در جهان دلِ ما دورِ قمر پیدا نیست	۵٤۳
۳۰	گریه ما بےاثر ناله ما نارساست	۵٤۵
۳۱	سوزِ سخن زناله مستانه دل است	۵٤۸
۳۲	سطوت از کوه ستانند و بکاہے بخشند	۵۵۲
۳۳	نه تو اندر حرم گنجی نه در بتخانه می آئی	۵۵۵
۳٤	تب و تابِ تبکده عجم نرسد بسوز و گدازِ من	۵۵۸
۳۵	مثلِ آئنه مشو محو جمال دگراں	۵٦۰
۳٦	جهانِ عشق نه میری نه سروری داند	۵٦۳
۳۷	خواجه نیست که چوں بنده پرستارش نیست	۵٦۸
۳۸	بیاك بلبلِ شوریده نغمه پرداز است	۵۷۲
۳۹	خاکیم و تندسیر مثال ستاره ایم	۵۷٦
٤۰	عرب ازسرشكِ خونم همه لاله زار بادا	۵۷۹
٤۱	نظرِ تو همه تقصیر و فرد کوتاہی	۵۸۳
٤۲	سرخوش ازباده تو خم شکنے نیست که نیست	۵۸٦
٤۳	اگرچه زیب سرش افسر و کلاہے نیست	۵۸۹
٤٤	شعله در آغوش دارد عشق بے پروائے من	۵۹۳
٤۵	بتانِ تازه تراشیده ای دریغ از تو	۵۹۷
	نقش فرنگ	
۱	پیام	٦۰۱
۲	جمعیت الاقوام	٦۲٤
۳	شوپن هار ونیٹشا	٦۲۵
٤	فلسفه و سیاست	٦۲۹
۵	صحبت رفتگان	
٦	نیٹشے	٦٤۰

شماره	مضمون	صفحه
۷	حکیم آئن سٹائن	٦٤١
۸	بائرن	٦٤٤
۹	نیٹشا	٦٤٦
۱۰	جلال و هیگل	٦٤٨
۱۱	پشوفی	٦٥٤
۱۲	محاوره مابین حکیم فرنسوی اگسٹس کومٹ ومرد مزدور	٦٥٦
۱۳	هیگل	٦٦٢
۱٤	جلال و گوئٹے	٦٦٣
۱٥	پیغام برگسان	٦٦٧
۱٦	میخانه فرنگ	٦٦٩
۱۷	موسیو لینن و قیصر ولیم	٦٧١
۱۸	حکما	٦٧٧
۱۹	شعرا	٦٨٠
۲۰	خرابات فرنگ	٦٨٤
۲۱	خطاب به انگلستان	٦٨٨
۲۲	قسمت نامه سرمایه دار و مزدور	٦٩٠
۲۳	نوای مزدور	٦٩٣
۲٤	آزادی بحر	٦٩٧
۲٥	خرده	٦٩٩

✧ ✧ ✧ ✧ ✧

تسهیل

پیام مشرق

پیش کش

اے امیرِ کامگار اے شہریار
نوجوان و مثلِ پیراں پختہ کار

چشمِ تو از پردگیہا محرم است
دل میانِ سینہ ات جامِ جم است

ترجمہ

اے بلند اقبال سردار، اے بادشاہ
نوجوان مگر بوڑھوں کی طرح جہاں دیدہ
تیری آنکھ چھُپی ہوئی چیزوں کی رازداں ہے
تیرے سینے میں دل گویا جمشید کا پیالہ ہے

فرہنگ

•امیرِ کامگار: بلند اقبال سردار(امیر=سردار، حاکم، والیانِ افغانستان کا لقب+کامگار=صاحبِ اقبال، بامراد، زبردست، بااقتدار)
•شہریار:بادشاہ•مثل پیراں، بوڑھوں کی طرح(مثل=طرح، ایسا+پیراں=پیر کی جمع، بوڑھے)
•پختہ کار: تجربہ کار، اونچ نیچ اور اچھا بُرا سمجھنے والا.
•چشمِ تو: تیری آنکھ (چشم+تو= تیری)__•از،سے، کی __
•پردگیہا: پردگی کی جمع، چھُپی ہوئی چیزیں__• محرم: جاننے والی، رازداں.•است: ہے•میانِ سینہ ات: تیرے سینے کے بیچ(میان=بیچ، میں+سینہ+ات= تیرا)__ •جامِ جم: جمشید بادشاہ کا پیالہ جس کے بارے ایک داستانی روایت ہے کہ اس میں دنیا بھر میں رونما ہونے والے اور آئندہ واقعات نظر آجاتے تھے (جام=پیالہ+جم= جمشید کا مخفف)__

عزمِ تو پاینده چوں کهسارِ تو
حزمِ تو آساں کند دشوارِ تو

همتِ تو چوں خیالِ من بلند
ملّتِ صد پاره را شیرازه بند

ترجمه

تیرا عزم تیرے پہاڑوں کی طرح اٹل
تیری سوجھ بوجھ تیری مشکل آسان کرتی ہے
تیری ہمّت میرے تخیّل کی طرح بلند
تتر بتر ملّت کو اکٹھا کرنے والی

فرہنگ

عزم تو: تیرا عزم —•پاینده: مستحکم، اٹل—•چوں: جیسے، طرح—•کہسار تو: تیرے پہاڑ(کہسار= کوہ سار=پہاڑوں کا علاقہ، جہاں بہت سے پہاڑ ہوں+تو=تیرے)—•حزمِ تو= تیری سوجھ بوجھ(حزم=احتیاط، سوجھ بوجھ+تو)—•کند= کرتی ہے (کردن=کرنا)—•دُشوارِ تو= تیری مشکل

•خیالِ من: میرا تخیّل(خیال=تخیّل، فکر+من=میرا)—•ملّتِ صد پاره: سینکڑوں ٹکڑوں میں بٹی ہوئی ملّت، ٹکڑے ٹکڑے اُمّت (ملّت+صدپاره=سو ٹکڑے، ٹکڑے ٹکڑے)—•را: کا، کے لیے—

•شیرازه بند: اکٹھا کرنے والی، ملانے والی—

هدیه از شاهنشهاں داری بسی
لعل و یاقوتِ گراں داری بسی

اے امیر ابنِ امیر ابنِ امیر
ہدیۂ از بے نوائے ہم پذیر

فرہنگ

•بدیہ: تحفہ، نذر—•از: کا، کی طرف سے—•داری: تو رکھتا ہے(داشتن=رکھنا)— بسے: بہت —•یاقوتِ گراں: قیمتی یاقوت (یاقوت+گراں=قیمتی)—•بدیۂ: ایک حقیر تحفہ، معمولی نذر(بدیہ+ ء+ے=ایک، حقیر، ناچیز)—•بے نوائے: ایک فقیر، ناچیز مفلس، بے ساماں(بے نوا=بے ساماں، ناچیز+ے=ایک)—•ہم: بھی—•پذیر: قبول کر(پذیرفتن: قبول کرنا)—

ترجمہ

بڑے بڑے بادشاہوں نے تجھے نذریں گزاری ہیں
تو بہت سے انمول ہیرے موتی رکھتا ہے
اے جدّی پشتی سلطان
ایک فقیر کی نا چیز نذر بھی قبول کر

تا مرا رمزِ حیات آموختند
آتشی در پیکرم افروختند

یک نوائے سینہ تاب آوردہ ام
عشق را عہدِ شباب آوردہ ام

ترجمہ

چونکہ مجھے زندگی کا بھید بتایا گیا ہے
میرے پیکر میں ایک آگ بھڑکائی گئی ہے
سینہ اُجالنے والا ایک نغمہ لایا ہوں
عشق کا عہدِ شباب لایا ہوں

فرہنگ

•تا: جب سے، چونکہ ــــ
•مرا: مجھے ــــ •رمزِ حیات: زندگی کا بھید (رمز=بھید+حیات) ــــ
آموختند: اُنھوں نے سِکھایا یعنی کارکنانِ قضا و قدر نے تعلیم کیا (آموختن=سِکھانا) ــــ •آتشے: ایک آگ (آتش+ے=ایک، عظیم) ــــ
•پیکرم: میرا بدن (پیکر=بدن+م=میرا) ــــ •افروختند: اُنھوں نے روشن کی، بھڑکائی (افروختن=روشن کرنا، بھڑکانا)
•نوائے سینہ تاب: سینہ روشن کرنے والا نغمہ (نوا=نغمہ+سینہ تاب= سینے کو روشن کرنے والا) ــــ
•آوردہ ام: میں لایا ہوں (آوردن=لانا) ــــ •را: کا ــــ

پیرِ مغرب شاعرِ المانوی
آں قتیلِ شیوہ ہاے پہلوی

بست نقشِ شاہدانِ شوخ و شنگ
داد مشرق را سلامے از فرنگ

ترجمہ

مغرب کا گرو، المانوی شاعر
وہ پہلوی اداؤں کا مارا ہوا
اُس نے شوخ و شنگ حسینوں کا تصوّر باندھا
مغرب سے مشرق کو سلام بھیجا

فرہنگ

•شاعرِالمانوی: جرمن شاعر، گوئٹے(شاعر+المانوی=المانیہ یعنی جرمنی کا رہنے والا)__•قتیلِ شیوہ ہاے پہلوی: پہلوی اداؤں کا مارا ہوا(قتیل=مارا ہوا ،کُشتہ+شیوہ ہا="شیوہ" کی جمع، ادائیں، طور طریقے+پہلوی= ایرانی، فارسی)__ •بست: اُس نے باندھا (بستن=باندھنا ،جمانا[نقش بستن=تصوّر باندھنا])__•نقشِ شاہدان شوخ و شنگ: شوخ و شنگ حسینوں کا روپ(نقش=روپ، صورت، تصوّر+شاہداں="شاہد" کی جمع، حسین، محبوب+شوخ و شنگ)__•داد: اُس نے دیا، پیش کیا(دادن=دینا)__

در جوابش گفته ام پیغامِ شرق
ماهتابے ریختم بر شامِ شرق

تا شناساے خودم خود بیں نیَم
با تو گویم او که بود و من کیَم

ترجمه

میں نے اُس کے جواب میں مشرق کا پیغام کہا ھے
پورب کے جھٹپٹے پر چاندی چھٹکا دی
یہ تو ھے کہ میں خود شناس ہوں مگر
خود پرست نیں
تجھے بتاتا ہوں وہ کون تھا اور میں کون ہوں

فرہنگ

•در جوابش: اُس کے جواب میں(در=میں+جواب+ش=اُس کا)__ •گفتہ ام: میں نے کہا ھے__ •(گفتن=کہنا)_•پیغامِ شرق: مشرق کا پیغام یعنی یہ کتاب، پیامِ مشرق __•ماهتاب: چاندنی__ •ریختم: میں نے بکھیری(ریختن= بکھیرنا، چھٹکانا)_ •تا: یہ تو ھے کہ، اتنا تو ھے کہ __•شناساے خودم: میں خود شناس ہوں، اپنی حقیقت پہچانتا ہوں(شناسا[شناختن=پہچاننا]+خود+م =میں ہوں)__•خود بیں: خود پرست، مغرور__•نیمَ: نیں ہوں •باتو: تجھ سے(با=سے+تو)__ گویم: میں کہتا ہوں (گفتن=کہنا، بتانا)__•او: وہ یعنی گوتئے__•کہ: کون__•بود: تھا__•من کیم :میں کون ہوں(من=میں+کہ=کون+ام=ہوں)__

او ز افرنگی جواناں مثلِ برق
شعلۂ من از دمِ پیرانِ شرق

او چمن زادے چمن پروردۂ
من دمیدم از زمینِ مردۂ

ترجمہ

وہ بجلی ایسے فرنگی جوانوں میں سے
میرا شعلہ مشرق کے بوڑھوں نے دھونکا
وہ چمن کا بیٹا، بہار کا پالا ہوا
(اور) میں ایک بانجھ زمین سے اُگا

فرہنگ

•ز افرنگی جواناں: فرنگی جوانوں میں سے (ز=از=میں سے+افرنگی+جواناں=جوان کی جمع)__•مثلِ برق: بجلی کی طرح__•از دمِ پیرانِ شرق: مشرق کے بوڑھوں کی پھونک سے(از=سے+دم=پھونک+پیران=پیرکی جمع، بوڑھے+شرق)__
•چمن زادے: چمن کا بیٹا(چمن زاد+ے=یاے عظمت، بڑا، ممتاز)__
•چمن پروردۂ: چمن کا پالا، باغوں میں پلنے بڑھنے والا(چمن+پروردہ=پالا ہوا[پروردن=پالنا پوسنا]+ء=ے=یاے عظمت)__•دمیدم: میں اُگا(دمیدن=اُگنا)__•زمین مُردۂ: ایک بانجھ زمین، بنجرزمین(زمین+مُردہ+ء=ے=یاے وحدت اور یاے تحقیر)__

او چو بلبل در چمن "فردوسِ گوش"
من بصحرا چوں جرس گرمِ خروش

هر دو داناے ضمیرِ کائنات
هر دو پیغامِ حیات اندر ممات

ترجمه

وہ چمن میں بلبل کی طرح کانوں کی جنّت
میں صحرا میں جرس کے مانند شور
مچاتا ہوا فریادی
دونوں ہی کائنات کا بھید جاننے والے
دونوں موت کے بیچ زندگی کا پیغام

فرہنگ

•چو: مانند ، جیسے— •فردوسِ گوش: کانوں کے لیے جنّت یعنی جس کا نغمہ کانوں کو بھلا معلوم ہوتا ہے(فردوس=جنّت+گوش=کان)— •بصحرا: صحرا میں(بہ=میں+صحرا)— •جرس: گھنٹی، قافلے کی گھنٹی— •گرمِ خروش: فریاد اور چیخ پکار میں مشغول(گرم=مصروف ، مشغول+خروش=شور و غوغا ، فریاد[خروشیدن=غُل مچانا ، فریاد کرنا])— •ہردو: دونوں ، دونوں ہی— •داناے ضمیرِ کائنات: کائنات کا بھید جاننے والا(دانا=جاننے والا[دانستن=جاننا]+ضمیر=بھید ،باطن +کائنات)— ممات: موت —

هر دو خنجر صبح خند ، آئینه فام
او برهنه من هنوز اندر نیام

هر دو گوهر ارجمند و تابدار
زادۂ دریاے ناپیدا کنار

ترجمہ

دونوں صبح کی طرح جگر جگر کرتے
آئینہ فام خنجر
وہ کھُلا ہوا اور میں ابھی نیام میں ہوں
دونوں موتی ، انمول اور چمکیلے
بیکراں سمندر کے پیدا کیے ہوئے

فرہنگ

•صبح خند : صبح کی طرح کھِلا ہوا ، صبح کی طرح طلوع ہونے والا(صبح+خند=خندہ کرنے والا[خندیدن=ہنسنا ، طلوع ہونا ، پھوٹنا])__•آئینہ فام: آئینے کی طرح ، آئینہ سا (آئینہ+فام=رنگ ، مثال ، طرح)__•برہنہ: کُھلا ہوا ، بے نیام__•ہنوز: ابھی ، اب تک__•گوہر: موتی__•ارجمند : بیش بہا(ارج=قدر و قیمت ، جوہر+مند=رکھنے والا)__•تابدار: چمک دمک والا
روشن(تاب=روشنی ، چمک+دار=دارندہ=رکھنے والا [داشتن=رکھنا])__•زادہ: بیٹا ، جنا ہوا __•ناپیدا کنار: بے کراں (نا+پیدا=ظاہر+کنار=کنارہ)__

او ز شوخی در تهِ قلزم تپید
تا گریبانِ صدف را بر درید

من بآغوشِ صدف تابم هنوز
در ضمیرِ بحر نایابم هنوز

فرهنگ

•قلزم: سمندر ــ •تپید: وہ تڑپا (تپیدن=تڑپنا، پھڑکنا) ــ
•صدف: سیپ ــ •را: کو ــ
•بردرید: اُس نے پھاڑ دیا (دریدن=پھاڑنا) ــ
•تابم: میں چمکتا ہوں، اُلجھا ہوں (تابیدن=چمکنا، اُلجھنا، بَل کھانا، پھنسنا) ــ •ضمیرِ بحر: سمندر کا بھیتر (ضمیر=بھیتر، اندرون، باطن+بحر) ــ •نایابم: میں نایاب ہوں (نایاب+م=میں ہوں)۔

ترجمہ

وہ سمندر کی تہ میں کھُل کے تڑپا پھڑکا
یہاں تک کہ صدف کا گریبان چاک کر دیا
میں ابھی صدف کے آغوش میں اُلجھا ہوا
چمک رہا ہوں
اب تک سمندر کے باطن میں ہوں : اَن دیکھا !

آشنائے من ز من بیگانه رفت
از خُمستانم تهی پیمانه رفت

من شکوهِ خسروی او را دهم
تختِ کسریٰ زیرِ پائے او نهم

ترجمه

میرا آشنا بھی مجھ سے انجان گذر گیا
وہ میرے شراب خانے سے خالی پیالہ نکل آیا
میں اسے خسرو کا جاہ و جلال پیش کرتا ہوں
اس کے قدموں تلے کسریٰ کا تخت رکھتا ہوں

فرهنگ

•بیگانه: انجان، بے پروا ـ
•رفت: وہ گذر گیا (رفتن=جانا)ـ
•خُمستانم: میراشرابخانہ (خمستان=شراب خانہ+م=میرا)ـــ
•تهی: خالی ـــ
•شکوهِ خسروی: شاہانہ جاہ و جلال، خسروانہ شان و شوکت (شکوہ=دبدبہ، کرّوفر، شان و شوکت+خسروی=خسرو کا، خسرو ایسا، شاہانہ)ـــ•اورا: اُس کو، اُسے (او+را=کو)ـــ•دہم: میں دیتا ہوں (دادن=دینا)ـــ•کسریٰ: پُرانے ایرانی بادشاہوں کا لقب ـــ•زیرِ پائے او: اُس کے پاؤں تلے (زیر=نیچے، تلے+پائے+او=اُس کے)ـــ•نہم: میں رکھتا ہوں (نہادن=رکھنا)ـــ

او حدیث دلبری خواهد ز من
رنگ و آبَ شاعری خواهد ز من

کم نظر بی تابیِ جانم ندید
آشکارم دید و پنهانم ندید

ترجمہ

وہ مجھ سے دل لبھانے والی کامنی کتھا چاھتا ھے
شاعرانہ رنگینی اور چمک مانگتا ھے
(اس) کم نظر نے میری روح کی تڑپ نہ دیکھی
میرا ظاھر دیکھا مگر باطن نیں دیکھا

فرہنگ

•حدیثِ دلبری: معشوق کی حکایت، حسینوں کا تذکرہ(حدیث=بات، ذکر، بیان+دلبری=دلبر کی صفت، معشوق کا، دلبر کا)__•خواہد: وہ چاھتا ھے (خواستن=چاھنا، طلب کرنا)__•ز من: مجھ سے کی .چمک (ز=از=سے+من=مجھ)__ •رنگ و آبِ شاعری: شاعری دمک، شاعرانہ رنگینی (رنگ و آب= آب و رنگ=چمک دمک، رنگینی+شاعری)۔
•کم نظر: غافل، بے خبر، جس کے فکر و نظر کا دائرہ بہت محدود ہو__•بے تابیِ جانم: میری روح کی بے تابی(بے تابی+جان=روح+م=میری)__ •ندید: اُس نے نیں دیکھا (دیدن=دیکھنا)__•آشکارم: میرا ظاہر(آشکار=ظاہر+م=میرا)__ دید: اُس نے دیکھا __•و: لیکن، __•پنہانم: میرا باطن (پنہاں= پوشیدہ، باطن+م)__

فطرتِ من عشق را در بر گرفت
صحبتِ خاشاک و آتش در گرفت

حق رموزِ ملک و دیں برمن کشود
نقشِ غیر از پردۂ چشمم ربود

فرہنگ

•بر: آغوش ـــ•گرفت: اُس نے لے لیا(گرفتن=پکڑنا ، لینا)ـــ•صحبت: میل ، دوستی ـــ•خاشاک: گھاس پھوس ، کوڑا کرکٹ ـــ•درگرفت: موافق آ گئی (درگرفتن=موافق آنا)ـ
•حق: خدا ـــ•رموز: رمز کی جمع، اسرار، بھید ـــ
•مُلک :سلطنت ـــ•برمن: مجھ پر(بر=پر+من=مجھ)ـــ•کشود: اُس نے کھولے (کشودن=کھولنا)ـــ
•ربود: اُس نے منادی (ربودن=غارت کرنا ، نظر سے اوجھل کر دینا)ـــ

ترجمہ

میری فطرت نے عشق کو آغوش میں لے لیا
آگ اور خاشاک کا یہ میل ٹھیک بیٹھا
اللہ نے مجھ پر سلطنت اور دین کے بھید کھولے
میری آنکھ کے پردے سے غیر کی صورت مٹا دی

برگِ گل رنگیں ز مضمونِ من است
مصرع من قطرۂ خون من است

تا نہ پنداری سخن دیوا نگیست
در کمالِ اِیں جنوں فرزانگی است

ترجمہ

گلاب کی پنکھڑی میرے مہومِ بیاں سے رنگین ہے
میرا مصرع میرے لہو کی بوند ہے
کہیں یہ گمان مت کرنا کہ شاعری دیوانگی ہے
یہ دیوانگی اپنی انتہا میں ہوشمندی ہے

فرہنگ

•برگِ گل: گلاب کی پنکھڑی (برگ=پتّی، پنکھڑی+گل=گلاب کا پھول، پھول)__•مضمون: مطلب، مفہوم، شعر کا مضمون __•مصرعِ من: میرا مصرع (مصرع+من=میرا)__•است: ہے۔
•تا: تاکہ، برگز، کہیں __•نہ پنداری: تو مت گمان کرنا، یہ نہ سمجھنا (پنداشتن: سمجھنا، گمان کرنا)__•دیوانگیست=دیوانگی است: دیوانگی ہے (دیوانگی+است=ہے)__•کمال ایں جنوں: اِس جنوں کی انتہا، اِس دیوانگی کی تکمیل (کمال: انتہا، تکمیل، کسی شے کا اپنے وجود کے تمام امکانات پورے کرکے اپنے سے اوپر کے دائرۂ وجود میں ضم ہو جانا+جنوں=دیوانگی، جذب)__•فرزانگی: عقلمندی، ہوشمندی، صحو

از هنر سرمایه دارم کرده اند
در دیارِ هند خوارم کرده اند

لاله و گل از نوایم بے نصیب
طائرم در گلستانِ خود غریب

ترجمہ

مشیَت نے مجھے ہُنر کی دولت سے مالا مال
کر رکھاَ ھے
(مگر) ہندوستان میں مجھے خوار کیا ہوا ھے
لاله و گل میرے نغمے سے بے بھرہ
میں اپنے ھی چمن میں اجنبی پرندہ ہوں

فرہنگ

•از: سے ــــ•هنر: کمال، فن، گُن ــــ•سرمایہ دارم کرده اند: اُنھوں(کاتبانِ تقدیر) نے مجھے مالا مال کیا ھے (سرمایہ=دولت، پونجی+دار=دارنده=رکھنے والا[داشتن=رکھنا]+م=مجھے+کرده اند=اُنھوں نے کیا ھے[کردن=کرنا])ــــ•دیار: ملک ــــ •خوارم کرده اند: مجھے خوار کر رکھاَ ہے (خوار=بے وقعت، ذلیل، پریشان+م=مجھے+کرده اند)ــــ •نوایم: میرانغمہ، میری آواز (نوا=نغمہ، آواز+ام=میرا)ــــ•بے نصیب: بے بھرہ، محروم (بے+نصیب=حصہ، بھرہ)ــــ•طائرم: میں پرنده ہوں(طائر=پرنده+م=میں ہوں)ــــ•در گلستانِ خود: اپنے گلستان میں (در=میں+گلستان+خود=اپنا)ــــ •غریب: اجنبی، پردیسی، انجانا ــ

بسکه گردوں سفله و دوں پروراست
وای بر مردے که صاحب جوهر است

دیده ای اے خسروِ کیواں جناب
آفتابِ ما توارت بالحجاب

ترجمه

غرضکه آسمان بس کمینوں اور رذیلوں کی
پرورش کرتا ھے
افسوس ھے اُس پر جو کوئی کمال رکھتا ھے
اے شاہ عالی جناب ! تو نے دیکھا ھے
ھمارا سورج غروب ھو گیا

فرهنگ

•بسکہ: غرضکه، القصّہ _•گردوں: آسمان ___•سفلہ و دوں پرور: کمینوں اور ذلیلوں کو پالنے والا(سفلہ=کمینہ+و=اور+دوں=نیچ، رذیل+پرور=پرورندہ=پالنے والا [پروردن=پالنا ، پرورش کرنا])___
•وای: افسوس _•برمردے: اُس آدمی پر(بر=پر+مرد=آدمی+ے=اُس)___
•کہ: جو ___•صاحب جوہر: باصلاحیت ، کمال رکھنے والا(صاحب=مالک ، رکھنے والا+جوہر =خوبی ، صلاحیت ، کمال ، ھنر)___
•دیدہ ای: تو نے دیکھا ھے (دیدن=دیکھنا)___•خسروِ کیواں جناب: بلند مرتبہ بادشاہ ، ساتویں آسمان پر دربار کرنے والا بادشاہ(خسرو=بادشاہ+کیواں=ساتواں آسمان+جناب=دربار ، بارگاہ)___
•آفتابِ ما: ھمارا سورج(آفتاب=سورج+ما=ھمارا)___
•توارت بالحجاب: غروب ہوگیا(قرآن شریف کی اِس آیت سے ماخوذ : حتّیٰ توارت بالحجاب=یہاں تک کہ(سورج) غروب ہوگیا[۳۲:۸])_

ابطحی در دشتِ خویش از راہ رفت
از دمِ او سوزِ الاَ اللہ رفت

مصریاں اُفتادہ در گرداب نیل
سُست رگ تورانیانِ ژندہ پیل

ترجمہ

عرب اپنے ھی صحرا میں راہ سے بے راہ ھو گیا
اُس کی روح سے الاَاللہ کا سوز رُخصت ھو گیا
مصری نیل کے بھنور میں پھنسے ھوئے ھیں
مست ھاتھیوں ایسے تورانی کاھل اور بے حس
(ھو چکے ھیں)

فرھنگ

•ابطحی: وادیِ بطحا کا باشندہ، عرب ـــ•در دشتِ خویش: اپنے صحرا میں(در=میں+دشت=صحرا+خویش=اپنا)ـــ•از راہ رفت: راہ سے بے راہ ہوگیا، بھٹک گیا(از راہ رفتن=راہ گم کردینا، بھٹک جانا، سیدھا راستا چھوڑ دینا)ـــ•دمِ او: اُس کی سانس، اُس کی روح (دم=سانس، کلام، جان)ـــ
•رفت: رُخصت ہوگیا (رفتن=رخصت ہوجانا)ـــ
•مصریاں: مصری کی جمع، مصر کے باشندے ـــ•اُفتادہ: گرے ہوئے، پھنسے ہوئے (اُفتادن=گرنا، مبتلا ہونا)ـــ•گردابِ نیل: دریاے نیل کا بھنور(گرداب=بھنور+نیل =دریاے نیل)ـــ•سُست رگ: بےحس کاہل ـــ•تورانیانِ ژندہ پیل: مست، ہاتھیوں ایسے تورانی (تورانیان=تورانی کی جمع، ترکستان کے باشندے+ژندہ=مست، بہت بڑا+پیل=فیل، ہاتھی)ـــ

آلِ عثماں در شکنج روز گار
مشرق و مغرب ز خونش لاله زار

عشق را آئینِ سلمانی نماند
خاک ایراں ماند و ایرانی نماند

ترجمہ

عثمانی ترک حالات کے شکنجے میں (ھیں)
ایشیا اور یورپ اُن کے لھو سے رنگین (ھے)
عشق کا سلمانی طریق نہ رھا
ایران کی بس زمین رہ گئی لیکن ایرانی نہ رھے

فرھنگ

•آلِ عثماں: عثمان بن ارطغرل کی اولاد (آل+عثماں=عثمان بن ارطغرل، ترکی کے سلاطینِ عثمانی کا جد)__
•شکنج: پیچ و خم، شکنجہ __
•روزگار: زمانہ، حالات__•مشرق: ایشیا __•مغرب: یورپ
•زخونش:اس کے خون سے(ز=از=سے+خون+ش=اس کا)_
•لالہ زار: جہاں گل لالہ کثرت سے اُگے، لالے کا کھیت یہاں مراد ھے "سُرخ"__
•را: کا __• آئینِ سلمانی:سلمانِ فارسی رضی اللہ عنہ کا چلن (آئین=چلن، طریق، دستور+سلمانی= حضرتِ سلمان(رضہ) کا سا)__•نماند: نہ رہا (ماندن=برقرار رھنا، رھنا)__
خاک ایران: ایران کی مٹی، زمینِ ایران (خاک=مٹّی، زمین+ایران=فارس، حضرت سلمان(رضہ) کا وطن)__•و: لیکن __•ایرانی: یعنی حضرت سلمان فارسی یا اُن کے طریق پر چلنے والے.

سوز و سازِ زندگی رفت از گِلش
آں کہن آتش فسرد اندر دلَش

مُسلم ہِندی شکم را بندۂ
خود فروشے دل ز دیں برکندۂ

ترجمہ

اس کی مٹّی سے زندگی کی حرارت اور مستی
کوچ کر گئی
اس کے دلِ میں وہ قدیم آگ بُجھ گئی
ہندی مُسلمان پیٹ کا پُجاری
خود فروش جس کا دل دین سے اُکھڑ گیا

فرہنگ

•سوز و ساز: حرارت اور مستی(سوز=حرارت، گداز+و=اور+ساز=نشاطیہ کیفیت، تعلق، رونق، مستی)__•رفت: رُخصت ہوگیا__•از گلش: اس کی مٹّی سے (از=سے+گِل=مٹّی، خمیر+ش=اس کی)__•آں: وہ __ •کہن: پُرانی، قدیم __•فسرد: بُجھ گئی (فسردن=بُجھنا)__•اندر دلش: اس کے دل میں (اندر+دل+ش=اس کا)__
•را: کا __ خود فروشے: اپنا۔آپ بیچ دینے والا،بے حمیّت، ضمیر فروش (خود فروش+ے=یاے تحقیر)__•دل ز دیں برکندۂ: جس نے اپنے دل کو دین سے الگ کرلیا ہو(دل+ز =از=سے+دیں+برکندہ=اُکھاڑا ہوا، کھینچا ہوا[برکندن=کھینچنا، اُکھاڑنا]+ء=ے=یاے تحقیر)__

در مسلماں شانِ محبوبی نماند
خالد(رض) و فاروق(رض) و ایّوبی(رح) نماند

اے ترا فطرت ضمیرِ پاک داد
از غمِ دیں سینۂ صد چاک داد

فرہنگ

•شانِ محبوبی: محبوب ہونے کی شان(شان+محبوبی+محبوب کی، محبوب کی سی، محبوبیت)__
•نماند:نہ ر ہی __•خالد: حضرت خالد(رض) بن ولید سیف اللہ __•فاروق(رض): حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ __
•ایّوبی: سلطان صلاح الدّین ایّوبی_
•تُرا= تجھے __•فطرت: قدرت __•ضمیرِ پاک: صاف دل، پاک باطن (ضمیر=دل، باطن+پاک)__•داد: اُس نے دیا (دادن=دینا)__

ترجمہ

مسلمانوں میں شانِ محبوبی نہ رہی
خالد(رض) اور فاروقِ اعظم(رض) اور
صلاح الدّین ایّوبی(رح) (کے اوصاف) نہ رہے
اے کہ قدرت نے تجھے پاک دل بخشا
دین کے غم سے چاک چاک سینہ عطا کیا

تازه کن آئینِ صدّیق(رض) و عمر(رض)
چوں صبا بر لالۂ صحرا گذر

ملّتِ آوارۂ کوه و دمن
در رگِ او خونِ شیراں موج زن

فرهنگ

•تازه کن: تازه کر(تازه کردن=تازه کرنا ، زنده کرنا ، دُہرانا)__•صبا: پُروا ہوا__•بر لالۂ صحرا گذر: لالہ صحرا پر سے گذر ، لالہ صحرا پر چل(بر=پر ،اوپر+لالہ صحرا+گذر=توگذر[گذشتن=گذرنا])_•ملّتِ آوارۂ کوه و دمن: کوه و دمن میں بھٹکتی پھرنے والی قوم (ملّت+آوارہ=پریشان ، بے ٹھکانا ، سرگرداں ، پراگندہ+کوه=پہاڑ+و=اور+دمن=ٹیلا)_•در رگِ او: اُس کی رگ میں(در+رگ+او=اُس کی)__•موج زن: لہریں لیتا ہوا ، ٹھاٹھیں مارتا__

ترجمه

صدّیق اکبر(رض) اور فاروقِ اعظم(رض) کا چلن تازہ کر
صبا کی طرح لالۂ صحرا پر سے گذر
کوه و دمن میں بکھری ہوئی افغان قوم
جس کی رگوں میں شیروں کا
خون ٹھاٹھیں مارتا ہے

زیرک و روئیں تنِ و روشن جبیں
چشمِ او چوں جرّہ بازاں تیز بیں

قسمتِ خود از جہاں نایافتہ
کوکبِ تقدیرِ او نا تافتہ

ترجمہ

ہوشیار اور فولاد بدن اور روشن جبیں
اس کی آنکھ سفید شہبازوں کی طرح تیز بِیں
اس نے دُنیا سے اپنا حصّہ نہیں پایا
اس کی قسمت کا ستارہ نہیں چمکا

فرہنگ

•زیرک: عقلمند، ہوشیار__
•روئیں تن: مضبوط جسم والا(روئیں=لوہے کا بنا ہوا+تن)__•روشن جبیں: روشن پیشانی والا، عبادت گزار(روشن+جبیں= پیشانی)__
•جرّہ بازاں: سفید باز (جرّہ=نر پرندہ یا جانور خصوصاً باز+بازاں=باز کی جمع[جرّہ باز=سفید شکاری باز جس کی پھُرتی اور چُستی ضرب المثل ہے])__•تیز بیں: دور کی چیزیں دیکھنے والا، تیزنظر__
•قسمتِ خود: اپنا حصّہ(قسمت=حصّہ+خود=اپنا)__
•نایافتہ: اَن پایا، نہ پایا ہوا(یافتن=پانا)__•کوکبِ تقدیرِ او: اُس کی قسمت کا ستارہ(کوکب=ستارہ+تقدیر+او=اس کی)__• ناتافتہ: اَن چمکا، بے طلوع، نہیں چمکا(تافتن=چمکنا، طلوع کرنا)__

در قهستاں خلوتے ورزیدۂ
رستخیزِ زندگی نادیدۂ

جانِ تو بر محنتِ پیہم صبور
کوش در تہذیبِ افغانِ غیور

فرہنگ

•قہستاں: کوہستان ــ •خلوتے: تنہائی (خلوت=تنہائی+ے=یاے زائد) ــ ورزیدۂ: اختیار کیے ہوئے (ورزیدن=اختیار کرنا) ــ رستخیز: ہنگامہ، کشاکش ــ •محنتِ پیہم: لگاتار محنت (محنت+پیہم=لگاتار، مسلسل) ــ •صبور: برداشت کرنے والی، جھیل جانے والی ــ •کوش: تو کوشش کر (کوشیدن=کوشش کرنا) ــ •تہذیب: اصلاح، اکثھا کرنا، تراش خراش ــ •غیور: غیرت مند ــ

ترجمہ

پہاڑوں میں گوشہ گیر
زندگی کے ہنگاموں سے انجان
تیری جان لگاتار محنت کی سہار رکھتی ہے
غیرت مند افغانوں کی تراش خراش
میں کوشش کر

تا ز صدّیقانِ ایں اُمّت شوی
بہرِ دیں سرمایۂ قوّت شوی

زندگی جہد است و استحقاق نیست
جُز بعلمِ انفس و آفاق نیست

ترجمہ

تاکہ تو اِس اُمّت کے صدّیقوں میں شامل ہو جائے
دین کے لیے سرمایۂ قوّت بن جائے
زندگی جان توڑ محنت ہے، استحقاق نہیں
(یہ تو بس) انسان اور کائنات کا علم ہے،
اس کے علاوہ کچھ نہیں

فرہنگ

•تا: تاکہ _•ز صدّیقانِ ایں اُمّت: اِس اُمّت کے صدّیقوں میں سے (ز=از=سے+صدّیقاں=صدّیق کی جمع، بہت سچّے، تصدیق کرنے والے، اُمّتِ مسلمہ میں سب سے بلند مرتبہ حضرات، اصطلاح میں صدّیق رسول اللہ صلیّ اللہ علیہ وسلّم کے نائبِ مطلق کو کہتے. ہیں+ایں=اِس+اُمّت)__ شوی: تو ہو جائے (شدن=ہونا)__•بہرِ دیں: دین کے لیے (بہر=لیے، واسطے+دیں)__
•جہد: کوشش، محنت __
•استحقاق: حق داری، حق __
•نیست: نہیں ہے __•جُز بعلمِ انفس و آفاق: انسان اور کائنات کے علم کے سوا (جُز=علاوہ+بہ=کے+علم+=انفس: نفس کی جمع، انسانی نفس مع اپنے ظاہر و باطن کے+و=اور+آفاق=اُفق کی جمع، کائنات مع اپنے ظاہر و باطن کے)__

گفت حکمت را خدا خیرِ کثیر
هر کجا ایں خیر را بینی بگیر

سیّد(ص) کُل، صاحبِ اُمّ الکتاب
پردگیہا بر ضمیرش بے حجاب

ترجمہ

حکمت کو خُدا نے خیرِ کثیر فرمایا
یہ دولت جہاں بھی نظر آئے حاصل کر لے
کُل کے سردار(ص)، صاحبِ(ص) اُمّ الکتاب
جن(ص) کے قلب پر چھُپی ہوئی چیزیں آشکار

فرہنگ

•گفت: اُس نے کہا (گفتن=کہنا)__
•حکمت: انسان اور کائنات کی حقیقت کا علم، دانش __
•را: کو __•خیرِ کثیر: بہت بھاری بھلائی (خیر=نیکی،بھلائی، دولت+کثیر)__•ہرکجا: جہاں کہیں__•بینی:تو دیکھے (دیدن=دیکھنا)__•بگیر: تو حاصل کرلے(گرفتن=حاصل کرنا، پکڑنا)__
•سیّد کل(ص): کُل کے سردار(سیّد=سردار+کُل=تمام،ساری کائنات، ہر ہر عالم)__•اُمّ الکتاب: قرآن شریف، لوحِ محفوظ __•پردگیہا: پردگی کی جمع، چھپی ہوئی چیزیں، غیبی اُمور__•برضمیرش: اُن(ص) کے دل پر (بر=پر+ضمیر=دل+ش=اُس کا)__•بے حجاب: بے پردہ، ظاہر)__

گرچہ عینِ ذات را بے پردہ دید
رَبِّ زِدنی از زبان او(ص) چکید

علمِ اشیا علّم الاسما ستے
ہم عصا و ہم یدِ بیضا ستے

ترجمہ

گو کہ اُنھوں(ص) نے خاص ذات باری تعالیٰ کو
بغیر کسی آڑ کے دیکھا
(پھر بھی) اُن(ص) کی زبانِ مبارک سے
ربِّ زدنی علما ھی نکلا
اشیاء کا علم ھی علمُ الاسماء ھے
یہ عصا بھی ھے اور یدِ بیضا بھی

فرہنگ

•عین: غیر کی ضد، نفسِ شے__
•ذات: ذاتِ باری تعالیٰ __ •دید: اُس نے دیکھا (دیدن=دیکھنا)__
•ربِّ زدنی: اللہ تعالی نے رسول اللہ صلیَّ اللہ علیہ وسلم کو یہ دُعا:تعلیم فرمائی تھی: "و قل ربِّ زدنی علما"=کہہ دیجیے اے میرے رب مجھے باعتبار علم اضافہ بڑہا) ۲۰/۱۱۲
•چکید: ٹپکا (چکیدن=ٹپکنا[از زبانِ کسے چکیدن=زبان سے نکلنا])_
•علمِ اشیاء: اشیاء کا علم، کائنات کا علم، سائنس(علم+اشیاء=شے کی جمع، چیزیں)__•علّم الاسماستے: علّم الاسماء ھے (علّم الاسماء=اشارہ آیۂ قرآنی کی طرف: "وعَلَّمَ آدمَ الاَسما ء کلّہا" [۲:۳۱] "اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو تمام اشیاء کے نام سکھا دیے"+است=ھے+ے=یاے تاکید)__•ھم: بھی_•عصا: لاٹھی، یہاں حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا عصا مُراد ھے__
•یدِبیضا: روشن اور سفید ہاتھ، حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا ہاتھ جسے وہ بغل میں دبا کر نکالتے تو سورج کی طرح روشن نظر آتا تھا (ید=ہاتھ+بیضا=سفید، روشن)__

علمِ اشیا داد مغرب را فروغ
حکمتِ او ماست می بندد ز دوغ

جانِ مارا لذّتِ احساس نیست
خاکِ ره جُز ریزۂ الماس نیست

فرہنگ

•داد : اُس نے دیا (دادن=دینا) ــــ •را : کو ــــ •فروغ : ترقّی ،عروج ، روشنی ــــ •حکمتِ او : اس کی حکمت (حکمت=دانائی ، سائنس+او=اُس کی) ــــ •ماست : پنیر ، دہی ــــ •می بندد : وہ جماتی ہے (بستن=جمانا) ــــ ز=از : سے ــــ •دوغ :چھاچھ ــــ •جانِ ما : ہماری جان (جان+ما=ہماری) ــــ •را : کو ، کے لیے ــــ •خاکِ رہ : راستے کی مٹّی (خاک+رہ=راہ+راستہ) ــــ •جُز : سوائے ــــ •ریزۂ الماس : ہیرے کی کنی (ریزہ=کنی ، چھوٹا ٹکڑا+الماس=ہیرا) ــــ

ترجمہ

علمِ اشیاء نے مغرب کو فروغ بخشا
اس کی حکمت چھاچھ سے پنیر جماتی ہے
ہماری جان (اِس) احساس کی لذّت سے
محروم ہے
راستوں میں بچھی ہوئی خاک ،خاک نہیں ہے
مگر ہیروں کے ریزے

علم و دولت نظمِ کارِ ملّت است
غلم و دولت اعتبارِ ملّت است

آں یکے از سینۂ احرار گیر
واں دگر از سینۂ کہسار گیر

فرہنگ

•نظم: بندوبست، اہتمام _•کار: کام، معاملات، کاروبار.
•یکے: ایک
•احرار: حُرکی جمع، آزاد لوگ، آزاد قومیں __•گیر: تو حاصل کر (گرفتن=حاصل کرنا)__
•واں: اور وہ (و=اور+آں=وہ)__
•دگر: دوسرا__

ترجمہ

ملّت کے معاملات علم اور دولت ہی سے ٹھیک رہتے ہیں
علم اور دولت ملّت کی ساکھ ہے
ایک کو آزاد قوموں کے سینے سے حاصل کر
اور دوسری پہاڑوں کی چھاتی سے

دشنه زن در پیکرِ ایں کائنات
در شکم دارد گہر چوں سومنات

لعلِ ناب اندر بدخشانِ تو ہست
برقِ سینا در قہستانِ تو ہست

ترجمہ

اِس کائنات کے پیکر میں خنجر اُتار
سومنات کی طرح یہ بھی اپنے پیٹ میں
خزانہ رکھتی ہے
تیرے بدخشان میں لعلِ ناب ہے
تیرے پہاڑوں میں برقِ سینا

فرہنگ

•دشنہ: خنجر—•زن: تومار(دشنہ زدن=خنجر مارنا، گھونپنا)—•در پیکرِ ایں کائنات: اِس کائنات کے جسم میں (در=میں+ایں=اِس+کائنات)—•دارد: وہ رکھتی ہے (داشتن=رکھنا)—•گہر: کوئی قیمتی پتھر، موتی —•چوں: مانند، جیسے —•سومنات: ایک مشہور بُت جس کے نام پر گجرات(کاٹھیاواڑ) میں ایک بہت بڑا مندر قائم تھا جسے سلطان محمود غزنوی نے ڈھا دیا—

•لعلِ ناب: کھرا یاقوت(لعل=یاقوت +ناب=کھرا، خالص)—•اندر بدخشانِ تو:تیرے بدخشاں میں(اندر+بدخشاں =افغانستان کا ایک علاقہ جہاں کے یاقوت کسی زمانے میں بہت مشہور تھے+تو=تیرا)—•ہست: موجود ہے—

•برقِ سینا: کوہِ طور کی بجلی،(برق =بجلی،تجلّی+سینا=طور سینا،شام کا ایک پہاڑجہاں حضرت موسیٰ علیہ السّلام پر حق تعالیٰ کی ذاتی تجلّی ہوئی تھی(یہاں برقِ سینا سے علمِ حقیقی مُراد ہے اور لعلِ ناب سے دولتِ ظاہری)—•قہستان: کوہستان، جہاں پہاڑ ہی پہاڑ ہوں، خراساں کا ایک شہر —

کشورِ محکم اساسے بایدت؟
دیدۂ مردم شناسے بایدت

اے بسا آدم که ابلیسی کند
اے بسا شیطاں که ادریسی کند

ترجمہ

تجھے ایک محکم اساس سلطنت درکار ہے ؟
(تو پھر) تجھے آدمی کو پرکھنے والی نظر چاہیے
کتنے ہی آدمی ہیں جو (اندر اندر)
ابلیسی میں مصروف ہیں
کتنے ہی ابلیس ہیں کہ ادریس کا سوانگ
رچا رکھّا ہے

فرہنگ

•کشورِ محکم اساسے: مضبوط بنیادوں پر اُستوار ایک سلطنت (کشور= ملک ، سلطنت+محکم= مضبوط+اساس=بنیاد+ے=ایک ، عظیم)__•بایدت :تجھے چاہیے (باید=چاہیے[بایستن=چاہنا ، درکار ہونا]+ت=تجھے)__•دیدۂ مردم شناسے: آدمی کو پہچاننے والی آنکھ (دیدہ=آنکھ+مردم=آنکھ[یہاں "دیدہ" کے حوالے سے ایک رعایت یہ بھی ہے کہ مردم آنکھ کی پتلی کو بھی کہتے ہیں]+شناس=پہچاننے والی[شناختن=پہچاننا]+ے=یاے تاکید)__
•اے بسا: بے شمار، کتنے ہی (اے="بس" یا "بسا" سے پہلے آنے تو مفہوم میں وسعت اور شدّت پیداکرتا ہے+بسا=بہت)__•آدم: آدمی __•ابلیسی: ابلیس کی سی حرکت _•کند: وہ کرتا ہے (کردن=کرنا)__•ادریسی: حضرت ادریس علیہ السّلام کی صفت یعنی تعلیم و تدریس، حضرت ادریس علیہ السّلام ایسا کام __
•رنگِ او: اُس کا رنگ

رنگِ او نیرنگ و بودِ او نمود
اندرونِ او چو داغِ لاله دود

پاکباز و کعبتینِ او دغل
ریمن و غدر و نفاقِ اندر بغل

فرہنگ

ڈھنگ (رنگ=رنگ ڈھنگ، چمک دمک، طور طریقہ+او=اُس کا)ـــ •نیرنگ: دھوکا، نظر بندیـــ •بودِ او: اُس کا وجود (بود=وجود، ہستی [بودن=ہونا]+او)ـــ •نمود: دکھاوا ـــ •اندرونِ او: اس کا باطن (اندرون=بہیتر، باطن+او)ـــ •چو: مانند، جیسے ـــ •دود: دھواں، سیاہی ـــ •پاکباز: پارسا، پرہیزگارـــ •و: مگر •کعبتین: کعب کا تثنیہ، جواریوں کے دو پانسے، دو چھکّے •دغل: فریب، کھوٹ ـــ •ریمن: مکّار، دغاباز، خبیث، شیطان ـــ •غدر: بے وفائی، مکر، فریب ـــ •نفاق: دوغلاپن، بُغض ـــ •بغل: پہلو، مُراد دل ـــ

ترجمہ

اس کا رنگ ڈھنگ دھوکا اور ظاہر دکھاوا
اس کا بھیتر لالے کے داغ کی طرح دُھواں دُھواں
(بظاہر) پاکباز مگر اس کے دونوں پانسے کھوٹے
دل میں فریب اور دوغلا پن رکھنے والا مکّار

در نگر اے خسروِ صاحب نظر
نیست هر سنگے کَه می تابد گهر

مُرشدِ رومی حکیمِ پاک زاد
سرِّ مرگ و زندگی بر ما کشاد

ترجمه

اے صاحب نظر بادشاہ اچھّی طرح بُوجھ لے
ہر چمکنے والا پتھّر ہیرا نیں ہے
مُرشد رومی ربّانی علم رکھنے والا پاک طینت
اُس نے ہم پر زندگی اور موت کا بھید کھولا

فرہنگ

•در نگر: غور سے دیکھ(در نگریدن=درنگریستن=نظر میں رکھنا ، ہوشیار رہنا ، گہرائی میں جاکر دیکھنا)__•خسروِ صاحب نظر: دانا و بینا
بادشاہ(خسرو=بادشاہ+صاحب=رکھنے والا+نظر=نگاہ ، عقل)__•ہر سنگے: ہر وہ
پتّھر(ہر+سنگ+ے=وہ)__•کہ: جو
_•می تابد: چمکتا ہے
(تابیدن=چمکنا)__
•مرشد: رہنمانی کرنے والا__
•رومی: مولانا جلال الدّین بلخی رومی _•حکیم: حکمت رکھنے والا ، عارف ، دانشمند_•پاک زاد: پاک طینت __•سرِّ مرگ و زندگی: موت اور زندگی کا بھید(سرّ:بھید ، اصل ،
حقیقت+مرگ=موت+و=اور+زندگی)__
•بر ما: ہم پر(بر=پر+ما=ہم)__
•کشاد: اُس نے
کھولا(کشادن=کھولنا)__

"هر هلاک اُمَت پیشیں که بود
زانکه برجندل گماں بُردند عود"
(رومی)

سروری در دینِ ما خدمتگری است
عدلِ فاروقی و فقرِ حیدری است

فرهنگ

•ہلاک: ہلاکت ـــ•اُمَت پیشیں: اگلی اُمَت، گذشتہ قوم(اُمَت=کسی رسول کو ماننے والی قوم+پیشیں=اگلی، پہلے زمانوں کی)ـــ•بود: ہونی (بودن=ہونا)ـــ •زانکہ: اس وجہ سے کہ، اس لیے کہ، کیونکہ ـــ•جندل: پتّھر ـ •گماں بردند: اُنھوں نے گماں رکھّا، خیال کیا(گماں بردن=گمان رکھنا یا کرنا)ـــ•عود: ایک قسم کی خوشبو دار لکڑی جسے جلانے سے خوشبو پھیلتی ھے ـــ •سروری: سرداری، بادشاھی ـ. •در دینِ ما: ھمارے دین میں(در=میں+دین+ما=ھمارا)ـــ •خدمتگری: خدمت گاری ـــ •عدل: انصاف، ہرچیز کو اُس کے مقام پر رکھنا ـــ•فقر: درویشی، دُنیا سے بے رغبتی ـــ

ترجمہ

" اگلی اُمتّوں پر جو بھی ہلاکت آئی اس وجہ سے آئی کہ اُنھوں نے پتھّر کو عود سمجھ لیا تھا "

ھمارے دین میں سرداری خدمتگاری ھے
فاروقی عدل اور حیدری فقر ھے

در هجومِ کار هاے ملک و دیں
با دلِ خود یک نفس خلوت گُزیں

هر که یک دم در کمینِ خود نشست
هیچ نخچیر از کمندِ اُو نجست

ترجمہ

دین اور سلطنت کے کاموں کے ہجوم میں
پل بھر کو اپنے دل کے ساتھ تنہائی اختیار کیا کر
جو بھی ایک پل اپنی گھات میں بیٹھا
اُس کے پھندے سے کوئی شکار بچ کر نہیں نکلا

فرہنگ

•بادلِ خود : اپنے دل کے ساتھ (با=ساتھ+دل+خود=اپنا)__
•یک نفس : ایک پل ، ایک دم (یک+نفس=پل ،دم)__•خلوت : تنہائی__•گزُین: تو اختیار کر (گزُیدن=اختیار کرنا)__
•ہرکہ: جو کوئی ، جو بھی (ہر+کہ=جو)_•یک دم: ایک پل (یک+دم=پل)__ در کمینِ خود : اپنی گھات میں (در=میں+کمین=گھات+خود)__
•نشست: وہ بیٹھا (نشستن=بیٹھنا)__•ہیچ: کوئی __•نخچیر: شکار__•از کمندِ او: اُس کے پھندے سے (از=سے+کمند=پھندا+او=اُس کا)__•نجست :نہیں چھوٹا (جستن=چھوٹنا ، نکلنا ، رہائی پانا ، کودنا)_

در قبائے خسروی درویش زی
دیدہ بیدار و خدا اندیش زی

قائدِ ملّت شہنشاہِ مُراد
تیغِ اَو را برق و تندر خانہ زاد

فرہنگ

•درقبائے خسروی: شاہی قبا میں(در=میں+قبا+خسروی=شاہی)__ •درویش زی: درویش بن کر جی(درویش=یہاں مفہوم ہے درویشانہ+زی=زندگی کر، جی[زیستن=جینا])__•دیدۂ بیدار: ہوشیار، کُھلی آنکھوں کے ساتھ __•خدا اندیش: خدا سے ڈرنے والا، خوفِ خدا کے ساتھ(خدا+اندیش=اندیشندہ=ڈرنے والا، فکر کرنے والا[اندیشیدن=سوچنا، ڈرنا])__ •شہنشاہِ مراد: سلطان مراد اوّل، عثمانی سلطنت کا نامور بادشاہ __ •تندر: بجلی کَی کڑک، بادلوں کی گرج __•خانہ زاد: موروثی خادم، گھر کا نوکر،خونڈی بچہ__

ترجمہ

شاہی قبا میں درویش بن کر زندگی کر
دیدہ بیداری اور خدا خوفی کے ساتھ جی
ملّت کا رہنما سلطان مُراد
بجلی کی کڑک اور بادلوں کی گرج جس کی تلوار
کے خانہ زاد

هم فقیرے هم شهِ گردوں فرے
اردشیرے با روانِ بوزرے

غرق بودش در زره بالا و دوش
درمیانِ سینه دل موئینه پوش

ترجمه

فقیر بھی اور آسمان ایسی عظمت والا بادشاہ بھی
گویا ابوذر (رضہ) کی روح رکھنے والا اردشیر
وہ سر سے پاؤں تک زرہ میں ڈوبا رہتا تھا
لیکن اس کے سینے میں ایک دل تھا
صوف میں ملبوس

فرہنگ

هم: بھی — •شہ گردوں فرے: آسمان ایسی بلندی اور شان و شوکت رکھنے والا بادشاہ
آسمان+ فر=
(شه=شاه=بادشاه+گردوں= بلندی ،شان و شوکت+ے = یاے عظمت ، بہت بڑا)_ •اردشیرے: اردشیر بابکاں ، ساسانی سلطنت کا بانی _ ایران کا ایک زبردست بادشاہ + ے = کوئی_ •با:ساتھ_
•روانِ بوزرے:حضرت ابوزر غفاری رضی اللہ عنہ کی روح
(روان= روح+ بوزر= حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ جن کا فقر اور درویشی ضرب المثل
هے+ے= یاے عظمت _

آں مسلماناں که میری کرده اند
در شهنشاهی فقیری کرده اند

در امارت فقر را افزوده اند
مثلِ سلماں(رض) در مدائن بوده اند

فرهنگ

•مسلماناں: مسلمان کی جمع _•میری: حکمرانی_•کرده اند: اُنھوں نے کی ھے (کردن=کرنا)_•امارت: امیری، ریاست _•را: کو _•افزوده اند: اُنھوں نے بڑھایا ھے(افزودن=اضافہ کرنا)_•مثلِ سلمان: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی طرح(مثل=طرح+سلماں=حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ممتاز صحابی جو مدائن کے گورنر بھی رہے)_•مدائن: عراق کا ایک قدیم شہر_•بوده اند: وہ رہے ہیں(بودن=رہنا)_

ترجمه

وہ مسلمان جنھوں نے حکمرانی کی ھے
اُنھوں نے بادشاھی میں فقیری کی ھے
اُنھوں نے حکمرانی میں فقر کو پروان چڑھایا
مدائن میں سلمانِ فارسی(رض) کی طرح رھے

حکمرانے بود و سامانے نداشت
دستِ او جُز تیغ و قرآنے نداشت

ہر کہ عشقِ مصطفیٰ(ص) سامانِ اوست
بحر و بر در گوشۂ دامان اوست

فرہنگ

•سامانے: کوئی ساز و سامان (سامان+ے=کوئی)_•نداشت: وہ نہیں رکھتا تھا (داشتن=رکھنا)_•دستِ او: اُس کا ہاتھ (دست=ہاتھ+او=اُس کا)_•جُز: سوائے _•قرآنے: قرآنِ مجید (قرآن+ے=یاے تمجید)_•سامان اوست: اُس کا سرمایہ ہے (سامان=سرمایہ، دولت+اُو=اُس کا+است=ہے)_•گوشۂ داماں: دامن کا کونا (گوشہ=کونا، سرا+داماں)_

ترجمہ

وہ حاکم تھے مگر مال اسباب نہ رکھتے تھے
اُن کے پاس بس تلوار تھی اور قرآن
جس کی پونجی عشقِ رسول صلیٰ اللہ علیہ وسلّم ہے
سمندر اور دھرتی اُس کے دامن کے کونے
میں سما جاتے ہیں

سوزِ صدّیق(رض) و علی(رض) از حق طلب
ذرّۂ عشق نبی(ص) از حق طلب

زانکه ملّت را حیات از عشقِ اوست
برگ و سازِ کائنات از عشقِ اوست

فرهنگ

•حق: الله تعالیٰ _•طلب: تو مانگ (طلبیدن=مانگنا)_
•زانکه: کیونکه، اس لیے که_
•را: کی_•برگ و ساز: ساز و سامان (برگ=سامان+و=اور+ ساز=اسباب)_

ترجمه

الله سے صدّیق(رض) اور علی(رض) کا سوز مانگ
عشقِ نبی صلی الله علیه وسلّم کا ایک ذرّہ مانگ
کیونکه ملّت کی بقا اُن صلیّ الله علیه وسلّم
کے عشق سے هے
کائنات کی کُل پونجی اُن صلیّ الله علیه وسلّم
کی محبت هی تو هے

جلوۂ بے پردۂ او وا نمود
جوہرِ پنہاں کہ بود اندر وجود

روح را جُز عشقِ اُو آرام نیست
عشقِ او روزیست کو را شام نیست

فرہنگ

•جلوۂ بے پردۂ او: اُس کا بے پردہ جلوہ(جلوہ+بے پردہ+او=اُس کا)_•وانمود: اُس نے ظاہر کردیا(وانمودن=ظاہر کرنا، کھول دینا)_•جوہرِ پنہاں: چُھپا ہوا جوہر(جوہر=اَصلیت، گُن، حقیقت+پنہاں=پوشیدہ)_•کہ: جو_•بود: تھا_
را: کو، کے لیے_•جُز: سوائے_•روزیست: وہ دن ہے (روز+ے=وہ+است=ہے)_•کو را: جسے، جس کے لیے (کہ ر=اس+را=کو، کے لیے)_

ترجمہ

وجود کا چھُپا ہوا جوہرُ آپ صلیَ اللہ علیہ وسلَم
کے ظہور سے آشکار ہو گیا
آپ صلیَ اللہ علیہ وسلَم کے عشق کے علاوہ روح
کو کہیں چین نہیں ہے
اُن صلیَ اللہ علیہ وسلَم کا عشق وہ دن ہے
جسے شام نہیں ہے

خیز و اندر گردش آور جامِ عشق
در قهستاں تازہ کن پیغامِ عشق

فرہنگ

•خیز: تو اُٹھ(خیزیدن=اُٹھنا ، کھڑا ہونا)_•اندر: میں _•آور: تو لا (آوردن=لانا)_• جامِ عشق: عشق کا جام(جام=شراب کا پیالہ ، پیالہ+عشق)_•تازہ کن: تازہ کر(تازہ کردن=تازہ کرنا ، دُہرانا)_

ترجمہ

اُٹھ اور عشق کے پیالے کو گردش میں لا
کوہستان میں عشق کا پیغام تازہ کر

لاله طور

رباعی نمبر - ۱

شہیدِ نازِ او بزمِ وجود است
نیاز اندر نہادِ ہست و بود است

نمی بینی کہ از مہرِ فلک تاب
بہ سیمائے سحر داغِ سجود است

ترجمہ

کائنات اُس کی کبریائی پر نثار ہے
بندگی تمام موجودات کی سرشت میں ہے
(کیا) تو نہیں دیکھتا کہ آسمان کو چمکانے والا سورج
صبح کے ماتھے پر سجدے کا نشان ہے

فرہنگ

•شہید نازِ او:اس کی کبریائی پر نثار (شہید: نثار, خدا کی راہ میں جان دینے والا+ ناز:بڑائی ،کبریائی+ او:اُس کی)_•بزم وجود: ہستی کی انجمن یعنی کائنات ، کُل موجودات •است: ہے_•نیاز: عاجزی ،بندگی _•اندر: میں_•نہاد: خلقت ،سرشت ، فطرت_•ہست و بود: ہستی ، موجودی یعنی تمام موجودات_•نمی بینی: تو نہیں دیکھتا (کیا)_•از: سے_•مہر فلک تاب: آسمان کو روشن کرنے والا سورج (مہر: سورج+فلک: آسمان + تاب: روشن کرنے والا [تابیدن : روشن کرنا]_•بہ سیمائے سحر: صبح کی پیشانی پر (بہ: پر+ سیما: پیشانی+ سحر: صبح)_•داغِ سجود: سجدے کا نشان ،محراب سجود: سجدے)_

رباعی نمبر -۲

دلِ من روشن از سوزِ درون است
جہان بین چشمِ من از اشکِ خون است

ز رمزِ زندگی بیگانه تر باد
کسے کو عشق را گوید جنون است

ترجمہ

میرا دل باطن کی آنچ سے روشن ہے
میری آنکھ خون کے آنسوؤں (کی اوٹ) سے
دُنیا دیکھتی ہے
خدا کرے زندگی کے بھید سے اور بھی بے خبر رہے
وہ شخص جو عشق کو پاگل پن کہتا ہے

فرہنگ

•دلِ من: میرا دل (دل+من: میرا)_•سوزِ دروں: باطن کی حرارت (سوز: حرارت، آنچ+دروں: اندر،باطن)_•جہان بیں: دُنیا دیکھنے والی، آنکھ (جہان+ بیں: بندہ: دیکھنے والی [دیدن:دیکھنا]_ جہاں بیں، آنکھ کو بھی کہتے ہیں، اس مصرعے میں چشمِ من کے ساتھ اس کے استعمال سے ایک شعری حُسن پیدا ہو گیا ہے)_•اشک خون: خون کے آنسو (اشک: آنسو+ خون)_•رمزِ زندگی: زندگی کا بھید (رمز: بھید+ زندگی)_•بیگانہ تر: اور بھی بے خبر، پہلے سے بھی بڑھ کر انجان(بیگانہ: بے خبر، انجان+ تر: اور زیادہ)_•باد: رہے، خدا کرے کہ رہے (بودن: رہنا)_•کسے: وہ شخص (کس:شخص+ ے:وہ)_•کو: کہ جو، جو(کہ+ او: وہ)_•را: کو_•گوید: وہ کہتا ہے (گفتن: کہنا)_•جنون: دیوانگی، پاگل پن_

رباعی نمبر - ۳

بباغان باد فروردین دهد عشق
براغان غنچه چون پروین دهد عشق

شعاعِ مهرِ او قلزم شگاف است
بماهی دیدهٔ ره بین دهد عشق

ترجمه

عشق باغوں کو بہار کی ہوا دیتا ہے
عشق جنگلوں کو ستاروں کے گچھے
ایسی کلیاں بخشتا ہے
اُس کے سورج کی کرن سمندر چیرنے والی ہے
عشق مچھلی کو راستہ دیکھنے والی آنکھ عطا کرتا ہے

فرہنگ

•بباغاں: باغوں کو(به: کو+باغاں: باغ کی جمع)_•بادِ فرور دیں: بہار کی ہوا(باد: ہوا+ فروردیں: ایرانی شمسی سال کا پہلا مہینہ، آغازِ بہار)_•دهد: وہ دیتا ہے(دادن: دینا)_•براغان: جنگلوں کو (به: کو+ راغاں: راغ کی جمع،جنگل)_•چون: جیسے_•پروین: ثریا، چھ یا سات ستاروں کی لڑی، عقدِ ثریا_• شعاعِ مہرِاو : اُس کے سورج کی کرن (شعاع: کرن+ مہر: سورج+ او: اُس کے)_•قلزم شگاف: سمندر میں شگاف ڈالنے والی(قلزم: سمندر+شگاف: شگافندہ: شگاف ڈالنے والی [شگافتن: شگاف ڈالنا، چیرنا]_•بماهی: مچھلی کو (به: + ماهی: مچھلی)_•دیدهٔ ره بیں : راستا دیکھنے والی آنکھ (دیده+ ره: راه+بیں: بیننده: دیکھنے والی [دیدن: دیکھنا])

رباعی نمبر -٤

عقاباں را بہاے کم نہد عشق
تدرواں را ببازاں سر دھد عشق

نگہ دارد دلِ ما خویشتن را
و لیکن از کمینش بر جھد عشق

ترجمہ

عشق عقابوں کا مول گھٹا دیتا ھے
عشق چکوروں کو بازوں پر شرف دیتا ھے
ھمارا دل خود کو سینت کر رکھتا ھے
لیکن عشق اسی کی گھات سے جست لگاتا ھے

فرھنگ

•عقاباں: عقاب کی جمع۔ •را کی، کے لیے۔ •بہاے کم: کم قیمت ،تھوڑا مول، معمولی حیثیت (بہا: قیمت ،حیثیت+ کم)۔ •نھد: وہ رکھتا ھے، مقرّر کرتا ھے (نھادن: رکھنا)۔ •تدرواں: تدرو کی جمع ،چکور۔ •را: کو۔ •سر دھد: فوقیت دیتا ھے، شرف بخشتا ھے(سردادن: بڑائی عطا کرنا، فوقیت دینا)۔ •نگہ دارد: وہ نگہبانی کرتا ھے (نگہ داشتن: نگھبانی کرنا، حفاظت کرنا)۔ •دلِ ما: ھمارا دل (دل+ما: ھمارا)۔ •خویشتن: اپنا آپ۔ •ولیکن: مگر ،لیکن۔ • ازکمینش: اس کی گھات سے (از: سے+کمین: گھات ،شکاری کا مچان+ ش: اُس کی)۔ •برجھد: وہ جھپٹتا ھے، جست لگاتا ھے(برجستن: جست لگانا ،جھپٹنا)

رباعی نمبر - ۵

به برگِ لاله رنگ آمیزی عِشق
بجانِ ما بلا انگیزی عشق

اگر این خاکداں را واشگافی
درونش بنگری خونریزیِ عشق

ترجمہ

لالے کی پنکھڑیوں میں عشق کی رنگ آمیزی
ہماری جانوں میں عشق کی بلا انگیزی
اگر تو اس زمین کو چیرے
تو اس کے بھیتر عشق کی خونریزی دیکھ لے گا

فرہنگ

•(به: میں ،پر_ •برگِ لاله: گلِ لاله کی پنکھڑی (برگ: پتی، پنکھڑی+ لاله)_ •رنگ آمیزی: مختلف رنگوں کو باهم ملانا، نقّاشی، نیرنگ سازی (رنگ آمیختن: کئی رنگوں کو ملا کر ایک کر دینا، حیله گری، نیرنگ سازی)_ •بجانِ ما: هماری روح میں (به: میں+ جان+ ما: هماری)_ •بلا انگیزی: فتنه کھڑا کرنا، مصیبت برپا کرنا (بلا+ انگیختن: کھڑا کرنا ،اُبھارنا)_ •ایں: اس_ •خاکدان: دُنیا ،زمین_ •را: کو_ •واشگافی: تو چاک کرے، تو شق کرے (واشگافتن: چیرنا ،شق کرنا، شگاف ڈالنا)_ •درونش: اس کے بھیتر، اس کے اندر (دروں: اندر ،بھیتر+ ش: اس کے)_ •بنگری: تو دیکھے گا، تو دیکھے (نگریستن: دیکھنا)_

رباعی نمبر - ٦

نه هر کس از محبّت مایه دار است
نه با هر کس محبّت سازگار است

بروید لاله با داغِ جگر تاب
دلِ لعلِ بدخشاں بے شرار است

ترجمه

هر آدمی محبّت کی دولت نیں رکھتا
نه محبّت هر کسی کو موافق آتی هے
لاله جگر چمکانے والا داغ لیے اُگتا هے
لعلِ بدخشاں کے دل میں کوئی شراره نیں هے

فرهنگ

•هر کس: هر شخص، هر کوئی۔
•از: سے۔ •مایه دار: دولت مند (مایه: دولت+دار: بمعنی دارنده، رکھنے والا [داشتن: رکھنا])۔
•بروید: اُگتا هے (رُستن: اُگنا)۔
•با: ساتھ ،مع۔ •داغِ جگر تاب: جگر کو چمکانے والا داغ (داغ+جگر+تاب: روشن کرنے والا [تابیدن: روشن کرنا])۔ بے شرار: بے سوز، چنگاری کے بغیر، ٹھنڈا (بے+ شرار: چنگاری)۔

رباعی نمبر - ۷

دریں گلشن پریشاں مثلِ بویم
نمی دانم چه می خواهم چه جویم

برآید آرزو یا بر نیاید
شهیدِ سوز و سازِ آرزویم

فرهنگ

•دریں گلشن: اس گلشن میں(در:میں+ ایں: اِس+ گلشن)_ •پریشاں:آوارہ ،سرگرداں_ •مثلِ بویم: میں خوشبو کی طرح ہوں (مثل: طرح+ بو:خوشبو+یم: ام: میں ہوں)_ •نمی دانم: میں نہیں جانتا (دانستن: جاننا)_ •چه: کیا_ •می خواهم: میں چاہتا ہوں(خواستن: چاہنا)_ •جویم: میں ڈھونڈتا ہوں (جُستن: ڈھونڈنا)_ •برآید: برآئے، پورا ہو (برآمدن: بر آنا ، (کسی خواہش کا پورا ہونا)_ •برنیاید: بر نہ آئے_

ترجمہ

میں اِس گلشن میں خوشبو کی طرح سرگرداں ہوں
نہیں جانتا کیا چاہتا ہوں کیا ڈھونڈتا ہوں
آرزو بر آئے یا نہ آئے
میں تو بس آرزو کے سوز و ساز کا مارا ہوا ہوں

رباعی نمبر - ۸

جهان مُشتِ گل و دل حاصلِ اوست
همیں یک قَطرۂ خوں مشکلِ اوست

نگاہِ ما دو بیں اُفتاد ورنہ
جهانِ هر کسے اندر دلِ اوست

فرهنگ

مُشت گل : مٹھی بھر مٹی (مشت: مُٹھی+گل: مٹی، گارا)۔ •حاصلِ اوست: اس کا حاصل ھے (حاصل: پھل، فصل+ او: اُس کا+ است: ھے)۔ •نگاہِ ما: ھماری نظر (نگاہ+ما: ھماری)۔ •دوبیں: بھینگی، ایک کا دو دیکھنے والی دو+ بیں: بیننده: دیکھنے والی [دیدن: دیکھنا])۔ •اُفتاد: ھو گئی (اُفتادن: واقع ھونا ،ھو جانا)۔ •جهان هر کسے : ھر شخص کی دنیا (جهان+هر+کسے: کوئی شخص)۔

ترجمه

دُنیا مُٹھی بھر مٹّی ھے اور دل اس کا حاصل
یی ایک بوند لھو اس کی مشکل ھے
ھماری نظر ایک کا دو دیکھنے والی ھو گئی ورنہ
ھر آدمی کی دُنیا اُس کے دل میں ھے

رباعی نمبر - ۹

سحر می گفت بلبل باغباں را
دریں گِل جُز نہالِ غم نگیرد

بہ پیری می رسد خارِ بیاباں
ولے گل چون جواں گردد بمیرد

فرہنگ

•می گفت: وہ کہہ رہی تھی (گفتن کہنا)۔ •را:سے۔ •دریں گل : اس مٹی میں (در: میں+ ایں: اِس+ گل: مٹی)۔ •جُز: سوائے۔ •نہالِ غم: غم کا پودا (نہال: پودا+غم)۔ •نگیرد: وہ نہیں جمتا، جڑ نہیں پکڑتا (گرفتن: جمنا، [پودے کا] جڑ پکڑنا)۔ •بہ پیری: بڑھاپے تک (بہ:تک+پیری)۔ •می رسد: پہنچ جاتا ہے(رسیدن: پہنچنا)۔ ولے: لیکن۔ •چوں: جب،جونہی۔ •گردد: ہوتا ہے(گردیدن:گشتن: ہونا)۔ •بمیرد:: وہ مر جاتا ہے (مردن: مرنا)۔

ترجمہ

صبحدم بلبل باغباں سے کہہ رہی تھی
اِس مٹّی میں بس غم کا پودا جمتا ہے
بیابان کا کانٹا بڑھاپے تک پہنچ جاتا ہے
لیکن پھول جوان ہوتے ہی مر جاتا ہے

رباعی نمبر - ۱۰

جهانِ ما که نابود است بودش
زیاں توام همی زاید بسودش

کهن را نو کن و طرحِ دگر ریز
دلِ ما بر نتابد دیر و زودش

ترجمه

هماری دُنیا جس کی هستی نیستی هے
نقصان یہاں کے فائدے کا همزاد هے
پُرانے کو نیا کر اور دوسری بنیاد ڈال
همارا دل اس کے اب اور تب کو گوارا نیں کرتا

فرهنگ

•جهانِ ما: هماری دُنیا (جهاں+ ما :هماری)_ •نابود: عدم ،معدوم_ •بودش: اس کا وجود (بود: وجود [بودن: هونا]+ ش: اش: اس کا)_ • زیاں: نقصان_ •توام: جڑواں ،همزاد_ •همی زاید: می زاید: پیدا هوتا هے، جنم لیتا هے (زادن: زائیدن: پیدا هونا)_ •بسودش: اس کے فائدے کے ساتھ (به: ساتھ+ سود=فائده ،نفع+ش: اش: اس کا)_ • کهن: پُرانا_ •را: کو •نو: نیا_ •کُن: تو کر (کردن :کرنا)_ •طرحِ دگر: دوسری بنیاد (طرح :بنیاد+ دگر: دیگر ،دوسری)_ •ریز: تو ڈال (ریختن: ڈالنا)_ •برنتابد: برداشت نیں کرتا (برتابیدن: برتافتن: برداشت کرنا ، قبول کرنا)_ •دیر و زودش: اس کی دیر اور جلدی (دیر+و: اور+زود :جلد ،جلدی+ش)

رباعی نمبر - ۱۱

نوائے عشق را ساز است آدم
کشاید راز و خود راز است آدم

جهاں او آفرید ایں خوبتر ساخت
مگر با ایزد انباز است آدم

فرهنگ

•نوائے عشق: عشق کا نغمه (نوا:نغمه+عشق)_ •را: کا، کے لیے_ •کشاید: وه کھولتا هے (کشودن:کھولنا)_ •آفرید: اُس نے خلق کیا، پیدا کیا (آفریدن: خلق کرنا، پیدا کرنا)_ •ساخت: اس نے بنایا (ساختن: بنانا) •مگر: شاید،گویا_ •با ایزد: خدا کے ساتھ (با: ساتھ+ایزد:خدا)_ انباز: هم کار_

ترجمه

عشق کے نغمے کے لیے آدمی ساز هے
آدمی بهید کھولتا هے مگر خود راز هے
اُس نے دُنیا پیدا کی اور اِس نے اُسے خوب تر بنایا
شاید آدمی خدا کا هم کار هے

رباعی نمبر - ۱۲

نه من انجام و نے آغاز جویم
همه رازم جهانِ راز جویم

گر از روے حقیقت پرده گیرند
همان بوک و مگر را باز جویم

ترجمه

نه میں انجام کھوجتا ہوں نہ آغاز
میں خود تمام کا تمام رازِ ہوں اور
جہانِ راز کو ڈھونڈتا ہوں
اگر حقیقت کے چہرے سے پردہ اُٹھا دیں (تو بھی)
میں اُسی تمنّا کو پھر سے تلاش کروں گا

فرہنگ

•جویم: میں ڈھونڈتا ہوں (جُستن: ڈھونڈنا)۔ همه : کُل،سارا۔ •رازم: میں راز ہوں(راز+م: ہوں)۔ •جهانِ راز: رازوں کی دُنیا،عالمِ اسرار، جہاں چیزیں پوری طرح ظاہر نہ ہوں۔ •از: سے۔ •روے حقیقت: حقیقت کا چہرہ (رو:چہرہ+ حقیقت)۔ •پرده گیرند: نقاب اُٹھا دیں (پرده گرفتن: پردہ اُٹھانا)۔ •همان: وہی (هم+آں)۔ •بوک و مگر: کاشکے ایسا ہو جانے،شاید،لیت و لعل: ٹال مٹول، تمنّا (بوک: بَود که کا مُخفف، کاش، کاشکے+ و : اور+ مگر:شاید)۔ •را: کو۔ •باز جویم: پھر سے ڈھونڈوں گا (باز: پھر، دوبارہ + جویم: ڈھونڈوں گا)۔

رباعی نمبر - ۱۳

دلا نارائیِ پروانه تا کے
نگیری شیوۂ مردانه تا کے

یکے خود را بسوزِ خویشتن سوز
طوافِ آتشِ بیگانه تا کے

فرہنگ

•دلا: اے دل_ •نارائی: بے عقلی، نادانی_ •تاکے: کب تک (تا: تک+کے:کب)_ •نگیری: تو نہیں اختیار کرے گا (گرفتن: اختیار کرنا ،اخذ کرنا)_ •شیوۂ مردانہ: جواں مردوں کا طور طریقہ (شیوہ: چلن ،طور طریقہ+مردانہ:مردوں کا)_ •یکے: کبھی، ایک بار_ •بسوزِ خویشتن: اپنی آنچ میں(بہ: :میں+سوز:حرارت ،آنچ+ خویشتن:اپنی)_ •سوز: تو جلا (سوختن:جلانا)_ •طوافِ آتشِ بیگانہ: غیر کی آگ کا طَواف،

ترجمہ

اے دل! پروانے کی سی نادانی کب تک؟
تو کب تک مردوں کا چلن اختیار نہیں کرے گا؟
کبھی خود کو اپنی آگ میں جلا
دوسروں کے شعلے کا طواف کب تک؟

رباعی نمبر - ١٤

تنے پیدا کن از مشتِ غبارے
تنے محکم تر از سنگینِ حصارے

درون او دلِ درد آشنائے
چو جوے در کنارِ کوہسارے

ترجمہ

اِس مٹھّی بھر خاک سے ایک پیکر ایجاد کر
چٹّانی قلعے سے زیادہ مضبوط پیکر
اُس میں درد سے مانوس ایک دل
جیسے کسی پہاڑ کے آغوش میں ایک ندی

فرہنگ

دوسروں کی آگ پر منڈلانا (طواف+ آتش:آگ+ بیگانہ:غیر، اجنبی)۔
•تنے: ایک بدن (تن: بدن، قالب+ ے:ایک)۔ •پیداکن: پیدا کر (پیدا کردن: پیدا کرنا،ظاہر کرنا)۔ •ز: از:سے۔ •مشت غبارے: ایک مٹھی خاک(مشت: مٹھّی+ غبار+ے:ایک)۔
•محکم تر: زیادہ مضبوط (محکم:مضبوط،پکا+ تر: زیادہ)۔
•سنگیں: پتھر کا بنا ہوا۔
•حصارے: ایک قلعہ (حصار : قلعہ +ے:ایک) ۔ •درونِ او: اُس کے اندر(درون : اندر+ او: اُس کے)۔
•دلِ درد آشنائے: دکھ کو سمجھنے اور جاننے والا دل، غم سے مانوس ایک دل(دل+درد+آشنا+ے= ایک)۔
• چو: جیسے۔ • جوے: ایک ندی (جو:ندی+ے:ایک)۔ • درکنارِ کہسارے: کسی پہاڑ کے آغوش میں (در:میں +کنار: آغوش + کہسار: پہاڑ+ے:کسی)۔

رباعی نمبر - ۱۵

ز آب و گل خدا خوش پیکرے ساخت
جهانے از ارم زیبا ترے ساخت

ولے ساقی بآن آتش که دارد
ز خاکِ من جهانِ دیگرے ساخت

ترجمه

خدا نے مٹّی اور پانی سے کیا حسین پیکر تراشا
جنّت سے زیادہ خوشنما دُنیا بنائی
لیکن ساقی نے اپنے پاس کی آگ سے
میری خاک سے ایک اور ھی عالم تعمیر کیا

فرهنگ

• ز :از،سے_ • آب و گل : پانی اور مٹّی ،مایۂ تخلیق (آب+و:اور+گل :مٹّی)_ • خوش : خوب ،اچّھا ،حسین_ • پیکرے : ایک پیکر(پیکر:بدن ،صورت+ے :ایک)_ •ساخت: اُس نے بنایا(ساختن: بنانا)_ •جهانے: ایک دُنیا (جهان+ ے:ایک)_ ارم: جنت_ • زیبا ترے: کیں زیادہ خوب صورت (زیبا: خوش نما ،خوب صورت+ تر: زیادہ +ے:یاے تحسین ،کیں)_ •ولے: لیکن_ •ساقی: شراب تقسیم کرنے والا ،پانی پلانے والا، صوفیه کی اصطلاح میں فیض رساں، حقیقی معرفت اور محبّت عطا کرنے والا_ •بآں آتش: اُس آگ سے (به: سے+آں: اُس+آتش :آگ)_ •که: جو_ •دارد: وہ رکھتا ھے(داشتن: رکھنا)_ •جهانِ دیگرے: ایک دوسرا عالم، ایک اور ہی دُنیا (جهان+ دیگر:دوسرا ،اور+ے:ایک)_

رباعی نمبر - ۱۶

به یزدان روزِ محشر برهمن گفت
فروغِ زندگی تابِ شرر بود

ولیکن گر نرنجی با تو گویم
صنم از آدمی پاینده تر بود

ترجمہ

قیامت کے دن برہمن خدا سے بولا
زندگی کی چھوٹ (گویا) چنگاری کی چمک تھی
لیکن اگر ناراض نہ ہو تو تجھ سے کہہ دوں
(دُنیا میں) بُت آدمی سے زیادہ پائندہ تھا

فرہنگ

•به: سے_ •یزداں: خدا_ •روزِ محشر: قیامت کے روز (روز:دن+ محشر:قیامت)_ •برهمن: پنڈت، ہندوؤں کا مذہبی پیشوا، بت پرست_ •گفت: وہ بولا، اُس نے کہا (گفتن:بولنا، کہنا)_ •فروغِ زندگی: زندگی کی روشنی، زندگی کی مُدت (فروغ:نور، روشنی، پرتو، پھلنا پھولنا + زندگی)_ •تابِ شرر: چنگاری کی چمک (تاب:چمک + شرر: چنگاری)_ •بود: تھی_•نرنجی: تو بُرا نہ مانے، تو ناراض نہ ہو_ (رنجیدن: آزردہ ہونا، ناراض ہونا)_ •با: سے، کو_ •گویم:کہوں_ (گفتن: کہنا)_ •صنم:بُت_ •از:سے_ •پاینده تر: زیادہ قائم و دائم، زیادہ زندگی پانے والا (پائنده: قائم و دائم، باقی، محکم_ •تر: زیادہ)_ •بود:تھا_

رباعی نمبر - ۱۷

گذشتی تیز گام اے اخترِ صبح
مگر از خوابِ ما بیزار رفتی

من از نا آگہی گم کردہ راہم
تو بیدار آمدی بیدار رفتی

ترجمہ

اے صُبح کے ستارے تو تیزی سے گزر گیا
شاید ہماری غفلت سے بیزار گیا
میں نے بے خبری کی وجہ سے راستہ گم کر دیا
تو چوکس آیا اور چوکس گیا

فرہنگ

•گذشتی:تو گزرا۔ (گذشتن:گزرنا ،گزر جانا)۔ •تیز گام: تیز رفتار۔ (تیز+گام=قدم) •اخترِ صُبح: صُبح کا ستارہ (اختر:ستارہ+صُبح)۔ •خوابِ ما: ہماری نیند ،ہماری غفلت(خواب: نیند+ما:ہم)۔ •رفتی: تو گیا (رفتن:جانا)۔ •من: میں۔ •نا آگہی: غفلت ،بے خبری (نا:بے+آگہی: واقفیت ،جاننا ،خبر رکھنا)۔ •گم کردہ راہم: راستہ کھو چکا ہوں، راہ بھولا ہوا ہوں۔ (گم+کردہ: کیا ہوا [کردن: کرنا] + راہ:راستہ+ ام:ہوں [گم کردہ راہ: راستہ بھٹک جانے والا])۔ •بیدار :جاگا ہوا ،ہوشیار ،باخبر ،چوکس۔ •آمدی: تو آیا۔ (آمدن:آنا) •رفتی:تُو گیا۔ (رفتن:جانا)

رباعی نمبر - ۱۸

تھی از های و ھو میخانه بودے
گِل ما از شرر بیگانه بودے

نبودے عشق و ایں ھنگامۂ عشق
اگر دل چون خرد فرزانه بودے

فرھنگ

•تہی:خالی۔ •ھاے و ہو: شور و غوغا ، رونق۔ •بودے: ہوتا۔ (بودن :ہونا)۔ •گِل ما : ہماری مٹی۔ (گل :مٹی ،گارا ،خَمیر+ما : ہم ، ہماری)۔ •شرر: چنگاری(زندگی کی حرارت اور چمک)۔ •نه بودے: نہ ہوتا (نه:نیں+بودے :ہوتا)۔ •چون : جیسے ،مانند۔ •خرد : عقل (جزوی عقل)۔ •فرزانه: سمجھدار ،عقلمند ،مصلحت اندیش۔

ترجمه

میخانہ ہاھو سے خالی ہوتا
ہماری مٹّی چنگاری (کی چمک) سے بیگانہ رہتی
عشق ہوتا اور نہ عشق کا یہ ہنگامہ
اگر دل ، عقل کی طرح سمجھ بُوجھ والا ہوتا

رباعی نمبر - ۱۹

ترا اے تازہ پرواز آفریدند
سراپا لذّتِ بال آزمائی

ہوس ما را گراں پرواز دارد
تو از ذوقِ پریدن پر کشائی

ترجمہ

اے تازہ پرواز پرندے تُجھے خدا نے بنایا
سر سے پاؤں تک اُڑان کی لذّت
ہوس نے ہمارے پنکھ بوجھل کر رکھّے ہیں
تُو اُڑان کی مستی میں پر کھولتا ہے

فرہنگ

•ترا: تجھے(تو+را:کو)۔ • تازہ پرواز: تازہ تازہ اُڑنے والا،پروں کو پورا کھولکے اُڑنے والا، پُرجوش پرندہ۔• آفریدند: اُنھوں نے خلق کیا،خدا نے بنایا(آفریدن:خلق کرنا،عدم سے وجود میں لانا)۔ •لذّت بال آزمائی: اُڑان کی لذت(لذّت: مزہ+بال: پنکھ+آزمائی :آزمانا،تجربہ کرنا[آزمودن= آزمانا، کسی چیز کا عملی تجربہ کرنا])
•ہوس : لالچ، طمع۔ •مارا: ہمیں، ہم کو(ما:ہم+را:کو)۔ •گراں پرواز: وُہ پرندہ جس کے لیے اُڑنا مشکل ہو جائے، جسے اُڑنا دُوبھر ہو جائے۔ •دارد: رکھتی ہے۔ (داشتن=رکھنا)۔ •ذوق پریدن: اُڑنے کی مستی، پرواز کی لذّت (ذوق: مستی، نشاط، لذّت+ پریدن: اُڑنا)۔ •پر کشائی: تو پر کھولتا ہے، تو اُڑتا ہے(پر کشودن: پر کھولنا،اُڑنے کی تیاری کرنا)

رباعی نمبر -۲۰

چه لذّت یارب اندر هست و بود است
دلِ هر ذرّه در جوشِ نمود است

شگافد شاخ را چون غنچۂ گل
تبسّم ریز از ذوقِ وجود است

ترجمہ

یارب ہونے اور ہو جانے میں کیسی لذّت ہے
ہر ذرّے کا دل اپنا آپ ظاہر کرنے
کے لیے بے تاب ہے
کلی جب شاخ کو پھاڑتی ہے
وجود کی مستی میں مسکراہٹ چھٹکاتی ہے

فرہنگ

•چہ :کیا ،کیسی_ •هست و بود : وجودِ ممکن ،وجودِ مخلوقی [ایسا وجود جو مستقل نہ ہو] (هست: ہو جانا ،موجود ، هستی [هستن: ہونا ، وجود رکھنا]+ بود= وجود[بودن=ہونا ، موجود ہونا])_ •جوشِ نمود: اظہار کا ولولہ، ظہور کا اشتیاق ، اپنا آپ ظاہر کرنے کا جذبہ (جوش :جوش ،جذبہ ،ولولہ ، اشتیاق+ نمود: ظاہر ہونا ، ظہور)_ •شگافد: چیرتا ہے_ (شگافتن: شگاف کرنا ، سوراخ کرنا)_ •چوں: جب _ •غُنچۂ گُل: پھول کی کلی(غنچه: کلی+گل : گلاب کا پھول)_ •تبسّم ریز: مسکراهٹ بکھیرنے والا ، مسکراهٹ چھٹکانے والا (تبسّم: مسکراهٹ + ریز: بمعنی ریزنده ،بکھیرنے والا (ریختن: بکھیرنا ، پھیلانا)_ •ذوقِ وجود= وجود کی مستی، وجود کی لذّت_

رباعی نمبر - ۲۱

شنیدم در عدم پروانه می گفت
دمے از زندگی تاب و تبم بخش

پریشاں کن سحر خاکسترم را
ولیکن سوز و سازِ یک شبم بخش

فرہنگ

•شنیدم: میں نے سُنا (شنیدن= سننا)_•عدم: وجود کی ضد، نیستی_•می گفت: وہ کہہ رہا تھا (گفتن=کہنا)_•دمے: ایک پل، ایک لمحہ، ایک سانس (دم=+ے= ایک)_•تاب و تبم بخش: مجھے تپش اور تڑپ عطا کر (تاب=گرمی، چمک+ تب= تڑپ، گرمی+ بخش=عطاکر [بخشیدن=عطا کرنا])_•پریشان کن: بکھیر دے، ہوا میں اڑا دے •خاکسترم: میری راکھ (خاکستر= راکھ+م= میری)_•را: کو_
(پریشان کردن: بکھیرنا)

ترجمہ

میں نے عدم میں پروانے کو یہ کہتے سُنا
مجھے زندگی (بھر) میں سے ایک پل کی تپش
اور تڑپ بخش دے
سویرے میری راکھ بکھیر دے
لیکن مجھے ایک رات کا سوز و ساز عطا فرما دے

رباعی نمبر - ۲۲

مسلماناں مرا حرفے است در دل
که روشن تر زجانِ جبرئیل است

نهانش دارم از آزر نهاداں
که ایں سرّے ز اسرارِ خلیل است

ترجمہ

مسلمانو! میرے دل میں ایک بھید ھے
جو جبریل کی روح سے زیادہ روشن ھے
میں اسے آزر کی سرشت رکھنے والوں سے
چھُپا کر رکھتا ھوں
کیونکہ یہ خلیل ا للہ کے رازوں میں سے ایک
راز ھے

فرھنگ

•مسلماناں: اے مسلمانو!_•مرا: میرے پاس، میرے تئیں، (من=میں+را=تئیں،پاس،)_•حرفے: ایک حرف، ایک بات، ایک راز(حرف=بات، راز+ے=ایک)_•جانِ جبرئیل: جبرئیل کی روح، جبرئیل کی ذات(جانِ=روح، نفس+جبرئیل)_•نہانش دارم:میں اُسے پوشیدہ رکھتا ہوں(نہاں= پوشیدہ + ش= اُسے+ دارم=میں رکھتا ہوں [داشتن = رکھنا])_•آزر نہاداں: آزر کی سرشت رکھنے والے(آزر=حضرت ابراھیم علیہ السّلام کے بت پرست باپ کا نام، اگر اس لفظ کو ذال سے لکھا جائے تو اس کے معنی ہوں گے: آگ _ اور آذر نہاداں کا مطلب ہوگا: آگ سے بنے ہوئے+نہاد= سرشت، فطرت، خمیر)_•ایں: یہ _•سرّے: ایک راز(سرّ= راز+ے= ایک)_•ز: از کا مخفّف، سے _•اسرارِ خلیل: حضرت ابراھیم خلیل اللہ کے راز(اسرار=سرّ کی جمع+خلیل=خلیل اللہ، حضرت ابراھیم کا قرآنی لقب)_

رباعی نمبر - ۲۳

به کویش ره سپاری اے دل، اے دل!
مرا تنہا گذاری اے دل، اے دل!

دما دم آرزوہا آفرینی
مگر کارے نداری اے دل، اے دل!

ترجمہ

اے دل اے دل تو اُس کی گلی میں پھرتا رہتا ہے
تو نے مجھے اکیلا چھوڑ رکھا ہے اے دل اے دل
دما دم آرزوئیں گھڑتا رہتا ہے
اے دل اے دل! تجھے شاید اور کوئی کام نہیں ہے

فرہنگ

•به: میں_•کویش: اُس کی گلی (کو=گلی+اش=اُس کی)_•ره سپاری: تو راستہ طے کرتا ہے، تو روانہ ہوتا ہے(ره سپردن=راستہ طے کرنا، چلنا)_•مرا: مجھے(من=مجھ+را=کو)_•گذاری: تو چھوڑتا ہے (گذاردن = گذاشتن = چھوڑنا)_•دمادم: دمبدم، مسلسل_•آرزوہا: آرزو کی جمع_•آفرینی: تو پیداکرتا ہے (آفریدن=پیدا کرنا).•مگر: شاید_•کارے نداری: تو کوئی کام نہیں رکھتا (کار+ے=کوئی+نداری=تو نہیں رکھتا|کار داشتن=کام رکھنا، مشغولیت)_

رباعی نمبر - ٣٤

رهے در سینۂ انجم کشائی
ولے از خویشتن نا آشنائی

یکے بر خود کشا چوں دانه چشمے
که از زیرِ زمیں نخلے بر آئی

ترجمه

تو ستاروں کے سینے میں راسته کھولتا هے
لیکن اپنے آپ سے بے خبر
دانے کی طرح کبھی خود پر آنکھ کھول
که تو زمین کے نیچے سے پیڑ (بن کے) باهر آئے

فرهنگ

•رہے: راستہ (رہ = راہ +ے=زائد)_•کشائی: تو کھولتا هے (کشادن=کھولنا)_•ولے: لیکن_
•از: سے.•خویشتن: اپنا آپ، خود_•ناآشنائی: تو انجان هے، تو بے خبر هے(ناآشنا+ای=توهے)
•یکے: اک بار، کبھی، ذرا_
•برخود: اپنے آپ پر، خود پر(بر= پر+خود)_•کُشا: کھول(کشادن= کھولنا).•چوں: مانند، جیسے.
•چشمے: آنکھ(چشم+ے=زائد)_
•نخلے: ایک پودا، پیڑ (نخل= پودا+ے=یاے تحسین وتعظیم)_
•برآئی: تو باہر آئے، تو ظاہر ہو جائے (بر=اوپر+آئی=آئے _ برآمدن=اوپر آنا، باہر آنا، ظاہر ہونا)_

رباعی نمبر - ۲۵

سحر در شاخسارِ بوستانے
چه خوش می گفت مُرغِ نغمه خوانے

بر آور هر چه اندر سینه داری
سرودے، نالۂ، آهے، فغانے

ترجمه

صبح باغ کے (ایک) جھُنڈ میں
ایک چہچہانے والا پرنده کیا خوب کہه رها تها
تیرے سینے میں جو کچھ هے باهر لے آ
نغمه، ناله، آه، فریاد

فرهنگ

•در شاخسارِ بوستانے: باغ کے ایک جھُنڈ میں(در= میں + شاخسار= پیڑوں کا جھنڈ + بوستان=باغ+ے=ایک)_•چه: کیا، کتنا_•خوش: اچھّا_•می گفت: کہتا تھا، کہه رہا تھا_•مرغ نغمه خوانے: ایک گانے والا پرنده، چہچہانے والا پرنده (مرغ = پرنده + نغمه=اچھی آواز، گانا+خواں=گانے والا، پڑھنے والا[خواندن=پڑھنا، گانا]+ے=ایک •برآور: نکال، باہر نکال(برآوردن=نکالنا، باہر نکالنا)_•برچه: جو کچھ، سب کچھ •داری: تو رکھتا هے (داشتن= رکھنا)_•سرودے:نغمه، گیت (سرود+ے=یاے تنکیر، کوئی)_•نالۂ: فریاد_•فغانے: رونا، فریاد کرنا، دہائی(فغاں:فریاد کرنا، دہائی+ے=کوئی)_

رباعی نمبر - ٢٦

ترا یک نکتۂ سر بستہ گویم
اگر درسِ حیات از من بگیری

بمیری گر بہ تن جانے نداری
وگر جانے بہ تن داری نمیری

فرہنگ

•ترا: تجھے، تجھ سے (تو+را=سے، کو)_•نکتۂ سربستہ: چُھپا ہوا راز، پوشیدہ بات (نکتہ=راز، باریک بات + سربستہ=چھپا ہوا)_•گویم: کہوں، بتاؤں (گفتن=کہنا، بولنا)_•بگیری: تو لے (گرفتن=سیکھنا، اخذ کرنا، سمجھنا)_•بمیری: تو مر جائے گا (مُردن=مرنا)_•بہ: میں_•جانے: جان، روح یعنی خودی (جان +ے= یاے تخصیص)_•وگر: اور اگر (و=اور+گر=اگر)_

ترجمہ

میں تُجھ سے ایک راز کی بات کہوں
اگر تو زندگی کا سبق مجھ سے لے
اگر تو بدن میں روح نیں رکھتا تو مر جائے گا
اور اگر بدن میں روح رکھتا ھے تو نیں مرے گا

رباعی نمبر - ۲۷

بهل افسانهٔ آن پا چراغے
حدیثِ سوزِ او آزارِ گوش است

من آں پروانه را پروانه دانم
که جانش سخت کوش و شعله نوش است

ترجمه

چھوڑ اُس پتنگے کی داستان
اُس کے جلنے کا بیان سماعت پر عذاب ھے
میں تو اُس پروانے کو پروانہ سمجھتا ہوں
کہ جس کی جان سخت کوش اور شعلہ نوش

فرہنگ

•بہل: چھوڑ، چھوڑ دے(هلیدن=چھوڑنا)_•افسانهٔ آں پاچراغے: اُس پروانے کی داستان (افسانہ=کہانی ،داستان+آں= وہ ،اُس+ پاچراغ=پروانہ)_•حدیثِ سوز او: اُس کے جلنے کا بیان، اُس کے جلنے کا قصّہ (حدیث = بات ،بیان، قصّہ + سوز= جلن [سوختن=جلنا]+او)_•آزارِ گوش: کان پر گراں، سماعت کا عذاب (آزار=رنج ،آفت، عذاب، اذیّت+گوش=کان، سماعت)_•را: کو _•دانم: سمجھتا ہوں، جانتا ہوں (دانستن=جاننا، سمجھنا)_ •جانش: اُس کی جان (جان + ش = اُسکی)_•سخت کوش: سخت جان، محنتی_•شعله نوش: آگ پی جانے والا یعنی آگ پر غالب آجانے والا_

رباعی نمبر - ۲۸

ترا از خویشتن بیگانه سازد
من آں آبِ طربناکے ندارم

ببازارم مجو دیگر متاعے
چو گل جُز سینۂ چاکے ندارم

ترجمہ

(جو) تجھے خود سے بیگانہ بنا دے
میں وہ شراب نیں رکھتا
میرے بازار میں (کوئی) اور مال مت ڈھونڈ
میں پھول کی طرح پھٹے ہوئے سینے کے علاوہ
کچھ نیں رکھتا

فرہنگ

•ترا: تجھے، تجھکو ـ
•خویشتن: اپنا آپ ـ•بیگانہ: بے خبر، غیر ـ•سازد: بناتا ھے، بنادے (ساختن=بنانا) ـ•آبِ طربناکے: شراب، مست کردینے والا
پانی (آب=پانی+طرب ناک=مستی رکھنے والا) ـ•ندارم: میں نیں رکھتا (داشتن=رکھنا) ـ•ببازارم: میرے بازار میں (بہ=میں+بازارم=میرا بازار) ـ•مجو: نہ ڈھونڈ، مت تلاش کر (م= مت+جو= ڈھونڈ [جُستن= ڈھونڈنا]) ـ•دیگر: دوسرا، کوئی اور ـ•متاع: سرمایہ، پونجی ـ•چو: جیسے، مانند ـ•جز: سوائے، علاوہ ـ
•سینۂ چاکے: ایک ٹکڑے ٹکڑے سینہ، پھٹی ہوئی چھاتی (سینہ+چاک=پھٹا ہوا+ے=ایک) ـ

رباعی نمبر - ۲۹

زیاں بینی ز سیرِ بوستانم
اگر جانت شہیدِ جستجو نیست

نمایم آنچہ ہست اندر رگ گل
بہارِ من طلسمِ رنگ و بو نیست

ترجمہ

تو میرے باغ کی سیر سے گھاٹا دیکھے گا
اگر تیری جان کھوج کی ماری ہوئی نیں ہے
میں دکھاتا ہوں جو کچھ پھول کی رگوں میں چھپا ہے
میری بہار خوشبو اور رنگ کا دھوکا نیں ہے

فرہنگ

•زیاں: نقصان، گھاٹا_•بینی: دیکھے گا(دیدن= دیکھنا)_•ز:از: سے _
•سیربوستانم: میرے باغ کی سیر (سیر + بوستان=باغ+م=میرا)_
•شہیدِ جستجو: کھوج کی ماری، حقیقت تک پہنچنے کی شدید تڑپ رکھنے والی(شہید=مقتول، کشتہ+جستجو=تلاش،کھوج)_
•نمایم: میں ظاہر کرتا ہوں، میں دکھاتا ہوں(نمودن=ظاہر کرنا، دکھانا)_•آنچہ: جو کچھ، وہ سب کچھ _•ہست: ہے_•رگِ گل: پھول کی رگ(رگ+گل=پھول)_
•بہارِ من: میری بہار (بہار+ من= میری)_•طلسمِ رنگ و بو: رنگ اور خوشبو کا دھوکا (طلسم= نظربندی، دھوکا+رنگ و بو=رنگ اور خوشبو)_

رباعی نمبر - ۳۰

بروں از ورطۂ بود و عدم شو
فزوں تر زیں جہانِ کیف و کم شو

خودی تعمیر کن در پیکرِ خویش
چو ابراہیم معمارِ حرم شو

ترجمہ

ہونے اور نہ ہونے کے بھنور سے نکل جا
کیسے اور کتنے کی (اِس) دُنیا سے بلند ہو جا
اپنے تن میں خودی تعمیر کر
ابراہیم کی طرح کعبے کا معمار بن جا

فرہنگ

•ورطۂ بود و عدم:
ہونے اور نہ ہونے کا بھنور، وجود اور عدم کا کنواں، ہستی اور نیستی کا گرداب (ورطہ=بھنور، کنواں+بود=وجود، ہستی [بودن=ہونا]+و=اور+عدم=نیستی، وجود کی ضد)_•شو: ہوجا (شدن =ہونا)_•فزوں تر: نسبتاً زیادہ، زیادہ بڑھا ہوا (افزودن=بڑھنا)_
•زیں: اس سے (از=سے+ایں=یہ، اِس)_•جہانِ کیف وکم: حالت اور مقدار کی دنیا، کیفیت اور کمیّت کا جہان، کیسے اور کتنے کی دُنیا یعنی مادّی عالم (جہان= دنیا+ کیف = حالت، کیسا، کوالٹی + و= اور+ کم=مقدار،کتنا، کوانٹٹی)_
•پیکرِ خویش: اپنا جسم، اپنا تن (پیکر= بدن، جسم+خویش=اپنا)_

رباعی نمبر - ۳۱

ز مُرغانِ چمن نا آشنایم
بشاخِ آشیاں تنہا سرایم

اگر نازک دلی از من کراں گیر
کہ خونم می تراود از نوایم

فرہنگ

•ز:از: سے_•مُرغانِ چمن: باغ کے پرندوں، باغ کے پرندے (مُرغاں= مُرغ کی جمع، پرندے + باغ)_•ناآشنایم: ناواقف ہوں، انجان ہوں_•بشاخِ آشیاں: آشیانے کی شاخ پر، گھونسلے کی ٹہنی پر(بہ=پر+شاخ=ٹہنی+آشیاں=گھونسلا، گھر)_•سرایم: گاتا ہوں (سرائیدن=گانا)_ •نازک دلی: تو تھوڑے دل کا ہے، تو ڈرپوک ہے(نازک دل+ی=توہے)_•کراں گیر: کنارہ کرلے، الگ ہوجا(کراں گرفتن=کنارہ کر لینا، الگ ہوجانا)_

ترجمہ

میں چمن کے پرندوں سے نا آشنا ہوں
آشیانے کی شاخ پر اکیلا گاتا ہوں
اگر تو چھوٹے دل کا ہے (تو) مجھ سے کنارہ
کر لے
کہ میری آواز سے میرا لہو ٹپکتا ہے

رباعی نمبر - ۳۲

جهاں یارب چه خوش هنگامه دارد
همه را مستِ یک پیمانه کردی

نگه را با نگه آمیز دادی
دل از دل جاں ز جاں بیگانه کردی

ترجمه

یا رب یه دُنیا کیا خُوب هنگامه رکھتی هے
تو نے سب کو ایک هی پیالے سے مست کر دیا
نظر کو نظر سے میل بخشا
دل کو دل سے، جان کو جان سے بے سُدھ کر
دیا

فرهنگ

•چه: کیا ، کیسا_•خوش: خوب ، اچّھا_•دارد: رکھتا هے (داشتن=رکھنا)_• همه: سب _
•را: کو_•کردی: تونے کردیا (کردن=کرنا)_•آمیز دادی: تو نے ملا دیا (آمیزدادن=دوچیزوں کو باهم ملا دینا)_

رباعی نمبر - ۳۳

سکندر با خضر خوش نکتۂ گفت
شریکِ سوز و سازِ بحر و بر شو

تو ایں جنگ از کنارِ عرصہ بینی
بمیر اندر نبرد و زندہ تر شو

فرہنگ

•با: سے •خوش: اچھا، خوب_•نکتۂ: ایک رمز، راز، پوشیدہ بات (نکتہ+ے=ایک)_ •گفت: اُس نے کہا (گفتن=کہنا)_ •شو: ہو جا_(شدن=ہونا)_•کنارِ عرصہ: میدان کا کنارہ (کنار=کنارہ+ عرصہ=میدان)_•بینی: دیکھتا ہے (دیدن=دیکھنا)_•بمیر: مرجا (مُردن=مرنا)_ نبرد: معرکہ، جنگ

ترجمہ

سکندر نے خضر سے اچھی بات کی
دُنیا کی کشمکش اور دکھ سکھ میں شریک ہو جا
تو یہ جنگ میدان کے کنارے سے دیکھتا ہے
معرکے میں مر جا اور زندہ تر ہو جا

رباعی نمبر - ٣٤

سریرِ کیقباد ، اکلیلِ جم خاک
کلیسا و بُتستان و حرم خاک

و لیکن من ندانم گوهرم چیست
نگاهم بر تر از گردوں تنم خاک

ترجمہ

کیقباد کا تخت ، جمشید کا تاج مٹی
گرجا اور مندر اور کعبہ مٹی
مگر میں نیں جانتا میری اصل کیا ھے
میرا تخیّل آسمان سے اونچا ، میرا بدن مٹی

فرہنگ

•سریرِ کیقباد : کیقباد کا تخت (سریر=تخت+کیقباد=قدیم ایران کے کیانی بادشاہوں میں پہلا بادشاہ)_•اکلیلِ جم : جمشید کا تاج (اکلیل=تاج+جم=جمشید بادشاہ)_•کلیسا : گرجا_•بتستان : بتخانہ _•حرم : کعبہ _•ولیکن : لیکن_•من ندانم : میں نیں جانتا (دانستن=جاننا)_•گوہرم : میرا جوہر ، میری اصل (گوہر=اصل ، جوہر+م=میرا)_•چیست : کیا ھے (چہ=کیا+است=ھے)_•نگاھم : میری نگاہ ، میرا تخیّل (نگاہ=نظر ، تخیّل+م=میرا)_•برتر : اونچا_•گردوں : آسمان_•تنم : میراجسم (تن+م=میرا)_

رباعی نمبر - ۳۵

اگر در مشتِ خاکِ تو نهادند
دلِ صد پارۂ خونَنابه بارے

ز ابرِ نو بهاراں گریه آموز
که از اشکِ تو روید لاله زارے

ترجمه

اگر خدا نے تیرے بدن میں رکھّا ھے
خون کے آنسو برسانے والا ٹکڑے ٹکڑے دل
بہار کی گھٹا سے رونا سیکھ
کہ تیرے اشکوں سے لالے کا باغ اُگے

فرہنگ

•مشتِ خاکِ تو:
تیری مُشت خاک ، تیرا بدن (مُشت = مُٹھی+خاک+تو=تیری)_•نہادند : انھوں نے رکھّا ھے یعنی خدا نے رکھّا ھے (نہادن=رکھنا)_•خوننابہ بارے: خون کے آنسو برسانے والا(خون+ناب ،نابہ:خالص+بار=برسانے والا+ے=ایک[باریدن=برسانا])_
•گریہ: رونا (گریستن=رونا)_
•آموز: سیکھ (آموختن=سیکھنا)_
•روید : اُگے (رُستن=روئیدن= اُگنا)_•لالہ زارے: لالے کا ایک باغ ، وہ زمین جو گلِ لالہ کی کاشت کے لیے مخصوص ہو۔

رباعی نمبر - ۳۶

دمادم نقشهاے تازه ریزد
بیک صورت قرارِ زندگی نیست

اگر امروزِ تو تصویرِ دوش است
بخاکِ تو شرارِ زندگی نیست

ترجمه

هر پل نئی نئی صورتیں ڈھالتی ہے
(کسی) ایک صورت پر زندگی کا ٹھہراؤ نہیں
تیرا آج اگر (فقط) کل کی تصویر ہے
(تو) تیری مٹّی میں زندگی کی چنگاری نہیں ہے

فرهنگ

•دمادم: دمبدم، ہر پل، مسلسل_•نقشهاے تازه: نئی صورتیں، نئی شکلیں _•ریزد: ڈھالتی ہے(ریختن=ڈھالنا)_•بیک صورت: ایک صورت پر(بہ= پر+ یک= اک+ صورت)_•قرارِ زندگی: زندگی کا ٹھہراؤ(قرار= سکون، قیام، ٹھہراؤ+ زندگی)_•امروزِ تو: تیرا آج (امروز=آج+تو=تیرا)_•تصویر دوش: کل کی تصویر (تصویر+ دوش= گزرا ہو کل)_•بخاکِ تو: تیری مٹّی میں(بہ= میں+ خاک= مٹّی+تو=تیری)_•شرارِ زندگی: زندگی کی چنگاری (شرار= چنگاری+ زندگی)_

رباعی نمبر - ۳۷

چو ذوقِ نغمه ام در جلوت آرد
قیامت افگنم در محفل خویش

چو می خواهم دمے خلوت بگیرم
جهاں را گم کنم اندر دلِ خویش

ترجمه

نغمه سرائی کا ذوق جب مجھے مجلس میں لے آتا ھے
میں اپنی محفل میں قیامت اُٹھا دیتا ھوں
جس گھڑی چاھتا ھوں که پل بھر کو تنہائی پکڑوں
تو میں دُنیا کو اپنے دل میں گم کر لیتا ھوں

فرھنگ

•چو: جب_
•ذوقِ نغمہ ام: نغمے کا ذوق مجھے(ذوق=لذّت ، مستی+ نغمہ= گانا+ام=مجھے)_•جلوت : مجلس_
•آرد : لاتا ھے(آوردن=لانا) .
•افگنم: اُٹھاتا ہوں(افگندن=ڈالنا ، اُٹھانا)_•محفلِ خویش: اپنی محفل(محفل+خویش=اپنی)_•می خواھم: میں چاھتا ہوں (خواستن=چاھنا)_•دمے: پل بھر کو ، ذرا_•خلوت: تنہائی_
•بگیرم: پکڑوں ، اختیار کروں(گرفتن=پکڑنا ، اختیار کرنا)_ را: کو_•کنم: کر لیتا ہوں(کردن=کرنا)_

رباعی نمبر - ۳۸

چه می پُرسی میانِ سینه دل چیست
خرد چوں سوز پیدا کرد دل شد

دل از ذوقِ تپش دل بود لیکن
چو یک دم از تپش افتاد گل شد

ترجمہ

تو پوچھتا ھے کہ سینے میں دل کیا ھے
عقل نے جب سوز پیدا کر لیا، دل ھو گئی
دل حرارت کی لذّت سے دل تھا لیکن
جو دم بھر (کو بھی) حرارت سے دور ھوا، مٹی
ھو گیا

فرھنگ

•چہ: کیا_•می پُرسی: تو پوچھتا ھے(پُرسیدن=پوچھنا)_•میانِ سینہ: سینے کے بیچ(میان=بیچ+سینہ)_•چیست: کیا ھے؟(چہ=کیا+است=ھے)_ خرد: عقل_•چوں: جب_•سوز: تڑپ، حرارت، گرمی_•کرد: کیا، کرلیا(کردن=کرنا)_•شد: ہوگئی (شدن=ہونا، ہوجانا).•ذوقِ تپش: تپش کی لذّت، حرارت کی مستی(ذوق=لذّت، مستی+تپش).•بود: تھا(بودن=ہونا)_ چو: جونہی، جب_•یک دم: ایک پل، ایک لمحہ_•اُفتاد: گرا، دور ہوا (اُفتادن=گرنا، معزول ہونا)_•گل: مٹّی_

رباعی نمبر - ۳۹

خرد گفت او بچشم اندر نگنجد
نگاهِ شوق در اُمید و بیم است

نمیگردد کهن افسانۂ طور
که در هر دل تمنّاے کلیم است

ترجمہ

عقل بولی وہ آنکھ میں نیں سما سکتا
عشق کی نظر آس اور دھڑکے میں ہے
طور کا قصّہ (کبھی) پُرانا نیں ہوتا
کیونکہ ہر دل میں موسیٰ کی سی آرزو ہے

فرہنگ

•خرد : عقل ، جزوی عقل_•گفت : بولی ، کہا (گفتن=بولنا ، کہنا)_•او: وہ_ •بچشم اندر: آنکھ میں ، آنکھ کے اندر(بہ=کے+چشم=آنکھ+اندر=میں ، اندر)_•نگنجد : نیں سماتا (گنجیدن=سمانا)_•اُمّید و بیم: اُمید اور خوف ، آس اور دھڑکا (اُمّید=آس+و=اور+بیم=خوف ، اندیشہ ، دھڑکا)_•نمیگردد : نیں ہوتا (گشتن=گردیدن=پھرنا ، ہونا)_ •کہن : پُرانا_•افسانۂ طُور: طور کا قصّہ(افسانہ=قصّہ ، کہانی=طور=کوہِ طور)_•تمنّاے کلیم: موسیٰ کلیم اللہ کی آرزو ، موسیٰ کی تمنّا (تمنّا+کلیم=حضرت موسیٰ)_

رباعی نمبر - ۴۰

کنشت و مسجد و بتخانه و دیر
جُز ایں مشتِ گلے پیدا نکردی

ز حکمِ غیر نتواں جُز بدل رست
تو اے غافل دلے پیدا نکردی

ترجمہ

آتشکدہ اور مسجد اور مندر اور گرجا
تو نے بس یہ مٹھّی بھر گارا پیدا کیا
دل کے علاوہ کوئی غیر کی غلامی سے
نجات نہیں دلا سکتا
او بے خبر تو نے دل (ھی) پیدا نہیں کیا

فرہنگ

•کنشت: آتشکدہ، پارسیوں کا عبادت خانہ ـ•دیر: گرجا ـ•جُز: علاوہ، سوائے ـ•مُشتِ گلے: مٹھّی بھر مٹّی (مُشتِ گل+ے=یائے تحقیر)ـ •نکردی: تو نے نہیں کیا (کردن= کرنا)ـ•حکمِ غیر: غیر کا حکم، غیر کا فرمان، غیر کی حکومت یعنی بندوں کی غُلامی (غیر=غیراللہ، دوسرا+حُکم=فرمان، حکومت)ـ •نتواں رست: چھوٹا نہیں جاسکتا (توانستن=سکنا+رَستن=چھوٹنا، رہائی پانا)ـ•جُز بدل: دل کے علاوہ، دل کے بغیر (جز=سوائے، علاوہ+بہ=کے+دل)ـ

رباعی نمبر -۴۱

نہ پیوستم دریں بستانسرا دل
ز بندِ این و آں آزادہ رفتم

چو بادِ صبح گردیدم دمے چند
گلاں را آب و رنگے دادہ رفتم

ترجمہ

میں نے اس باغ میں دل نہیں لگایا
میں اِس بکھیڑے سے آزاد گیا
صبح کی ہوا کی طرح پل دو پل گھوما پھرا
پھولوں کو تر و تازگی دے کر چل دیا

فرہنگ

•نہ پیوستم: میں نے نہیں جوڑا، میں نے نہیں لگایا (پیوستن=جوڑنا، ملانا)_•دریں بستانسرا: اِس باغ میں (در=میں+ایں=یہ، اِس+بستانسرا =باغ)_•بندِ این و آں: این و آں کی قید، دُنیا کی قید، گورکھ دھندا، اِدھر اُدھر کے بکھیڑے (بند= قید+این=یہ، اِس+و=اور+آں=وہ اُس [این و آں = گورکھ دھندا، بکھیڑا])_•رفتم: میں گیا، میں چلا (رفتن=جانا، چلنا)_•چو: جیسے، مانند_•بادِ صبح: صبح کی ہوا (باد= ہوا+صبح)_•گردیدم: میں گھوما پھرا (گردیدن=پھرنا، سیر کرنا)_ •دمے چند: کچھ پل، پل دو پل (دمے=سانس، پل+چند=کچھ)_•گلاں :گُل کی جمع _•را: کو _•آب و رنگے: ترو تازگی (آب=پانی، رونق، چمک، تراوٹ+و=اور+رنگ=رنگ، جان، تازگی+ے=زائد)_•دادہ: دے کر (دادن=دینا)_

رباعی نمبر -۴۲

بخود باز آورد رندِ کهن را
مےِ برنا که من در جام کردم

من ایں مے چون مغانِ دورِ پیشیں
زچشمِ مستِ ساقی وام کردم

ترجمہ

پرانے مست کو اپنے آپ میں لوٹا لاتی ھے
وہ نئی شراب جو میں نے پیالے میں بھری ھے
اگلے وقتوں کے شراب سازوں کی طرح
میں نے یہ شراب
ساقی کی متوالی آنکھوں سے مستعار لی ھے

فرھنگ

•بخود : اپنے : آپ میں(بہ=میں+ خود=اپناآپ)_•باز آورد : دوبارہ لاتا ھے ، واپس لاتا ھے(باز=دوبارہ ، پھر+آورد=لاتا ھے[آوردن=لانا])_ •رندِ کہن: پرانا مست ، پُرانا شرابی (رند=مجذوب ، لا اُبالی ، مست ، شرابی+کہن=پرانا)_•را : کو_•مےِ برنا :نئی شراب ، جوان شراب (مے=شراب+برنا=جوان) .•کہ : جو_•جام: شراب کاپیالہ_•کردم: میں نے کیا(کردن=کرنا)_•چوں : مانند ، جیسے_•مغانِ دورِ پیشیں: اگلے وقتوں کے شراب بنانے والے ، گزرے ہوئے زمانے کے شراب بنانے والے (مغاں=مُغ کی جمع ،شراب بنانے والے+دَور=زمانہ ،وقت+پیشیں=اگلا ، گزرا ہوا)_•ز:از: سے_•چشمِ مست ساقی: ساقی کی مست آنکھ (چشم= آنکھ+مست+ساقی=شراب پلانے والا محبوب)_•وام: اُدھار ، قرض_

رباعی نمبر -۴۳

سفالم را مےِ او جامِ جم کرد
درونِ قطرہ ام پوشیدہ یم کرد

خرد اندر سرم بتخانۂ ریخت
خلیلِ عشق دیرم را حرم کرد

ترجمہ

اُس کی شراب نے میرے ٹھیکرے کو
جمشید کا پیالہ بنا دیا
میرے قطرے میں دریا چھُپا دیا
عقل نے میرے سر میں بتخانہ ڈھالا تھا
عشق کے ابراھیم نے میرے بتخانے کو کعبہ بنا دیا

فرہنگ

•سفالم: میرا مٹّی کا پیالہ، میرا ٹھیکرا، میراکاسہ(سفال=ٹھیکرا، مٹّی کا کوزہ+م=میرا)_•مےِ او: اُس کی شراب(مے=شراب+او=اُس)_•جام جم: جمشید کاپیالہ جس میں وہ دُنیا بھر کے واقعات و حالات دیکھتا تھا(جام=شراب پینے کا پیالہ،+جم=جمشید بادشاہ)_•کرد: اُس نے کیا(کردن=کرنا)_•درونِ قطرہ ام: میرے قطرے کے اندر، میری بوند کے اندر(درون=اندر،میں+قطرہ+ام=میرا)_•پوشیدہ: چھُپا ہوا(پوشیدن=چھُپانا، ڈھانپنا)_•یم: دریا_•خرد: عقل، جزوی عقل_•سرم: میراسر(سر+م=میرا)_•بتخانۂ: ایک بتخانہ(بتخانہ+ء=ے=ایک)_•ریخت اُس نے ڈھالا(ریختن=ڈھالنا،بکھیرنا)_•خلیلِ عشق: عشق کا ابراھیم(خلیل=ابراھیم (ع) خلیل اللہ+عشق)_•دیرم: میرا مندر، میرا بتخانہ(دَیر=بتخانہ+م=میرا)_•حرم: کعبہ_

رباعی نمبر -٤٤

خرد زنجیریِ امروز و دوش است
پرستارِ بتانِ چشم و گوش است

صنم در آستیں پوشیدہ دارد
برھمن زادۂ زُنّار پوش است

ترجمہ

عقل آج اور کل میں جکڑی ہوئی ہے
آنکھ اور کان کے بتوں کو پوجنے والی ہے
آستین میں بت چھپائے رکھتی ہے
جنیؤ باندھنے والی برھمن زادی ہے

فرہنگ

•خرد : جزوی عقل۔ • زنجیری امروز و دوش : کل اور آج کی قیدی ، حال اور ماضی میں جکڑی ہوئی ، (زنجیری=قیدی+امروز=آج ، حال+و=اور+دوش=گزرا ہوا کل ، ماضی)۔•پرستارِ بتانِ چشم و گوش : آنکھ اور کان کے بتوں کو پوجنے والی ، ظاہری حواس کی اطاعت کرنے والی (پرستار=کنیز ، بندہ ، پوجنے والا+بتاں=بُت کی جمع+چشم=آنکھ+و=اور+گوش=کان)۔ •دارد : رکھتی ہے (داشتن=رکھنا)۔ •برھمن زادۂ زنّار پوش : جنئیو باندھنے والا برھمن بچہ (برھمن زادہ=برھمن کا بچّہ+زُنّار=جنئیو ، وہ دھاگا جسے برھمن گلے اور کمر میں آڑا کرکے ڈالتے ہیں+پوش= پوشندہ ، پہننے والا ، ڈالنے والا ، باندھنے والا)۔

رباعی نمبر -۴۵

خرد اندر سر ِ هر کس نہادند
تنم چوں دیگراں از خاک و خون است

ولے ایں راز کس جُز من نداند
ضمیرِ خاک و خونم بے چگون است

ترجمہ

عقل تو ہر شخص کے سر میں رکھّی گئی
دوسروں کی طرح میرا بدن (بھی) مٹّی اور
خون سے بنا ہے
لیکن میرے علاوہ کوئی یہ راز نہیں جانتا
(کہ) میری مٹّی اور خون کا بھیتر بے رنگ
اور بے مثل ہے

فرہنگ

•اندر سرِ ہرکس: ہر شخص کے سر میں، ہر آدمی کے سر میں (اندر=میں+سر+ہر+کس=آدمی)۔
•نہادند: خدانے رکھی(نہادن=رکھنا)۔
•تنم: میرا بدن(تن+م=میرا)۔
•چوں: جیسے، طرح۔•دیگراں: دیگر کی جمع، دوسرے۔•کس: کونی۔•جُز من: میرے سوا(جُز=علاوہ+من=میرے)۔•نداند: نہیں جانتا(دانستن=جاننا)۔•ضمیرِ خاک و خونم: میری مٹّی اور خون کا جوہر، میرے خمیر کی اصل، میرا باطن(ضمیر=دل، اصل،باطن+خاک=مٹّی+و=اور+خونم=میرا خون)۔•بے چگوں: بے مثل، بے کیف، یکتا (بے=بلا،بے+چگوں=کیفیت، حالت)۔

رباعی نمبر -٤٦

گدائے جلوہ رفتی برسرِ طور
کہ جانِ تو ز خود نامحرمے ہست

قدم در جستجوے آدمی زن
خدا ہم در تلاشِ آدمے ہست

ترجمہ

تو دیدار کا منگتا بن کر طور پر گیا
کیونکہ تو خود اپنے آپ سے انجان ہے
آدمی کی کھوج میں قدم بڑھا
خدا بھی کسی آدمی کی تلاش میں ہے

فرہنگ

•گدائے جلوہ: دیدار کا منگتا(گدا= فقیر، منگتا+جلوہ= دیدار)_•رفتی: تو گیا، تو چلا (رفتن=جانا، چلنا)_ •برسرِ طور: طور پر_•کہ: کیونکہ •جانِ تو: تیری جان، تیرادل، تیری روح(جان+تو)_•ز:از، سے_ •نامحرمے: ناواقف، انجان، بے خبر(نامحرم+ے=زائد)_•قدم زن: قدم رکھ، پاؤں بڑھا(قدم زدن=قدم رکھنا، چلنا)_•در تلاشِ آدمے: کسی آدمی کی تلاش میں(در+تلاش+آدم=آدمی+ے=کسی)_

رباعی نمبر -٤٧

بگو جبریل را از من پیامے
مرا آں پیکرِ نوری ندادند

ولے تاب و تبِ ما خاکیاں بیں
بنوری ذوقِ مہجوری ندادند

ترجمہ

جبریل سے میرا ایک پیغام کہہ دو
مجھے وہ نوری پیکر نہیں بخشا گیا
لیکن ہم خاکیوں کی تپش اور تڑپ دیکھ
(اللہ نے) فرشتے کو جُدائی کی لذّت عطا نہیں کی

فرہنگ

•بگو: تو کہہ دے(گفتن=کہنا)_•از من= میرا، میری طرف سے_
•پیامے: ایک پیغام(پیام+ے=ایک)_
•مرا: مجھے _•پیکرِ نوری: نوری بدن،نوری پیکر(پیکر=بدن+نوری= نور کا بنا ہوا)_•ندادند: اُنھوں نے نہیں دیا،خدا نے نہیں بخشا(دادن= دینا)_• تاب و تبِ ما خاکیاں: ہم مٹّی سے بنے ہوؤں کی تپش اور تڑپ، ہم خاکیوں کی تپش اور تڑپ(تاب=روشنی،سکت، تپش،+ و=اور+تب=گرمی، سوز، تڑپ+ما =ہم+خاکیاں=خاکی کی جمع، مٹّی کے بنے ہوئے، خاک سے بنائے گئے)
•بیں: تو دیکھ(دیدن=دیکھنا)_
•بنوری: نور سے بنے ہوئے کو، فرشتے کو(بہ=کو+نوری=نور سے بنا ہوا، فرشتہ)_•ذوق مہجوری: جُدائی کی لذّت،(ذوق=لذّت+ مہجوری=جدائی)_

رباعی نمبر -۴۸

همای علم تا اُفتد بدامت
یقیں کم کن، گرفتارِ شکے باش

عمل خواهی، یقیں را پختہ ترکن
یکے جوی و یکے بین و یکے باش

ترجمہ

تاکہ علم کا ہما تیرے جال میں آ پھنسے
یقین کم کر، شک میں گرفتار رہ
عمل چاہتا ہے؟ یقین کو اور پکّا کر
ایک ڈھونڈ اور ایک دیکھ اور ایک ہو جا

فرہنگ

•ہمای علم: •علم کا ہُما(ہما=اک خیالی پرندہ جس کے بارے میں مشہور ہے کہ جس شخص پر اس کا سایہ پڑ جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے+علم)_•تا: تاکہ_•اُفتد: وہ گرے،آ پھنسے(اُفتادن=گرنا،پھنسنا) •بدامت: تیرے جال میں(بہ=میں+دام=جال+ت=تیرے)_•باش: تو رہ (بودن=رہنا، ہونا)_•خواهی: تو چاہتا ہے(خواستن=چاہنا، خواہش کرنا)_•را: کو_•پختہ تر: اور زیادہ پکّا، مزید پختہ_•یکے: ایک_•جوی: تو ڈھونڈ(جستن=ڈھونڈنا)_•بین: تو دیکھ(دیدن=دیکھنا)_

رباعی نمبر - ٤٩

خرد بر چهرۂ تو پردها بافت
نگاهے تشنۂ دیدار دارم

در افتد هر زماں اندیشه با شوق
چه آشوب افگنی در جانِ زارم

فرهنگ

•خرد: جزوی عقل۔•بر چہرۂ تو: تیرے چہرے پر(بر=پر+چہرہ+تو)۔ •پردها: پردہ کی جمع، پردے۔ •بافت: اُس نے بُنا(بافتن=کپڑا بُننا) •تشنۂ دیدار: دیدار کی پیاسی (تشنہ=پیاسی+دیدار)۔•دارم: رکھتا ہوں(داشتن=رکھنا)۔•در افتد: جھگڑتا ہے، اُلجھتا ہے (درافتادن= لڑنا جھگڑنا، بحث کرنا)۔•زمان: وقت، گھڑی۔••اندیشہ: فکر، عقل۔•با: سے، کے ساتھ ۔•چہ: کیا، کیسا۔•آشوب: فتنہ، فساد۔ •افگنی: تو ڈالتا ہے(افگندن= ڈالنا)۔•درجانِ زارم: میری کمزور، عاجز جان میں(در+جان+زارم=میری ضعیف کمزور)۔

ترجمہ

عقل نے تیرے چہرے پر پردے بُن دیے
دیدار کی پیاسی ایک نظر رکھتا ہوں
عقل ہر گھڑی شوق سے اُلجھتی رہتی ہے
تو نے میری گری پڑی کمزور جان میں
کیسا فتنہ ڈال رکھا ہے

رباعی نمبر -۵۰

دلت می لرزد از اندیشۂ مرگ
ز بِیمش زرد مانند زریری

بخود باز آ خودی را پختہ تر گیر
اگر گیری، پس از مُردن نمیری

ترجمہ

تیرا دل موت کے خوف سے لرزتا رہتا ہے
اُس کے ڈر سے تو ہلدی کی طرح پیلا (پڑ گیا) ہے
اپنے آپ میں لوٹ آ، خودی کو اور پختہ کر
تو اگر (یہ) کر لے تو مرنے کے بعد بھی نیں مرے گا

فرہنگ

•دلت: تیرا دل_•می لرزد: لرزتا ہے، کانپتا ہے(لرزیدن=کانپنا، لرزنا)_•از: سے _•اندیشۂ مرگ: موت کا خوف، موت کا کھٹکا (اندیشہ=ڈر، خوف، فکر+مرگ= موت)_•ز: از، سے _•بیمش: اُس کا خوف(بیم=خوف+ش=اُس کا)_ •مانند زریری: تو ہلدی کی طرح ہے (مانند=طرح، جیسے+زریر=ایک زرد رنگ کی گھاس، مجازاً ہلدی+ ای=تو ہے)_•بخود: اپنے آپ میں (بہ=میں+خود=اپنا آپ)_•باز آ: لوٹ آ، پلٹ آ (باز=پھر، دوبارہ+ آ)_•را: کو_•پختہ تر: اور پکّا، اور پختہ _•گیر: کر، بنا (گرفتن= پکڑنا، بنانا، کرنا)_•پس: بعد، پیچھے_•مُردن: مرنا_•نمیری: تو نیں مرے گا (مردن=مرنا)_

رباعی نمبر - ۵۱

ز پیوندِ تن و جانم چه پُرسی
بدامِ چند و چون در می نیایم

دم آشفته ام در پیچ و تابم
چو از آغوشِ نے خیزم نوایم

ترجمہ

میرے جسم اور روح کے جوڑ کا کیا پوچھنا
میں کتنے اور کیسے کے جال میں نیں پھنستا
بکھری ہوئی سانس ہوں، اُلجھتی بل کھاتی
بانسری کے آغوش سے نکلتے ہی میں نغمہ ہوں

فرہنگ

•پیوندِ تن و جانم:
میرے جسم اور جان کا پیوند (پیوند +تن+و=اور+جان+م=میری)_•چہ:
کیا_•پُرسی: تو پوچھتا ہے (پُرسیدن =پوچھنا)_•بدامِ چند و چون: کتنے اور کیسے کے جال میں، مقدار اور حالت، کے جال میں (بہ=میں+دام= جال+چند=کتنا، مقدار+و=اور+ چون=کیسا، کیفیت، حالت)_
•درمی نیایم: میں نیں آتا ہوں (درآمدن=داخل ہونا، آنا)_•دم آشفتہ ام: بکھری ہوئی سانس ہوں (دَم=سانس، پھونک+آشفتہ= بکھری ہوئی، پریشان+ام=ہوں)_
•درپیچ وتابم: پیچ و تاب میں ہوں (در=میں+پیچ=بل، خم، اُلجھن+و=اور+تاب=مروڑ، کھولن، رنج و محنت+م=ام=ہوں)_•چو: جب، جونی _•از: سے_•آغوش نے: بانسری کی آغوش (آغوش+ نے=بانسری)_•خیزم: اُٹھتا ہوں، (خاستن=اُٹھنا، نکلنا، ظاہر ہونا)_
•نوایم: نغمہ ہوں (نوا=آواز=نغمہ+ ام=ہوں)_

رباعی نمبر -۵۲

مرا فرمود پیرِ نکته دانے
هر امروز تو از فردا پیام است

دل از خوبانِ بے پروا نگهدار
حریمش جز باو دادن حرام است

ترجمه

ایک گیانی نے مجھ سے فرمایا
تیرا هر آج تیرے آنے والے کل کا سندیسا هے
حسینوں سے دل کی حفاظت کر
اُس کا گھر اُس کے علاوہ (کسی اور کو) دینا حرام هے

فرهنگ

•مرا: مجھے، مجھ سے(من=مجھ، میں+را=کو، سے)_•فرمود: اُس نے فرمایا (فرمودن=فرمانا)_•پیرِ نکته دانے: ایک دانا بزرگ، باریک باتیں سمجھنے والا اُستاد(پیر=بزرگ، مرشد+نکته داں=باریک بات جاننے والا، دانا+ے=یاے عظمت)_•امروزِ تو: تیرا آج(امروز=آج+تو=تیرا)_•فردا: آنے والا کل، مستقبل_•خوبانِ بے پروا: خوباں=خوب کے جمع، حسین+بے پروا= بے فکرے لاأبالی، شوخ)_•نگهدار: حفاظت کر، نظر رکھ(نگهداشتن= نگاه رکھنا، حفاظت کرنا)_•حریمش: اُس کاگھر(حریم=گھر+ش=اُس کا)_•جُز باو: اُس کے سوا(جز=سوا، علاوه+بہ=کے+اُو=اُس)_• دادن: دینا_

رباعی نمبر -۵۳

ز رازی معنیِ قرآں چه پُرسی
ضمیرِ ما بآ آیاتش دلیل است

خرد آتش فروزد ، دل بسوزد
همیں تفسیرِ نمرود و خلیل است

ترجمه

تو قرآن کے معنی رازی سے کیا پوچھتا ھے
(خود) ھمارا دل اُس کی آیتوں پر دلیل ھے
عقل آگ بھڑکاتی ھے ، دل جلتا ھے
یہی نمرود اور ابراھیم (سے متعلّق آیات)
کی تفسیر ھے

فرھنگ

ز: از، سے _•رازی: امام فخرالدین رازی (رح) مشہور مفسّر_ •ضمیر ما: ھمارا دل(ضمیر=دل+ ما=ھمارا)_•بہ آیاتش: اُس کی آیتوں پر(بہ=پر+آیات+ش=اس کی)_•دلیل: ثبوت ، راہ نما ، حجّت_•فروزد: جلاتی ھے ، بھڑکاتی ھے (افروختن=روشن کرنا ،بھڑکانا)_ •بسوزد: جلتا ھے ، سلگتا ھے (سوختن=جلنا)_•ھمیں: یہی_ •تفسیرِنمرود و خلیل است: نمرود اور خلیلِ اللہ سے متعلّق آیات کی تفسیر(تفسیر=کھولنا ، قرآن شریف کی تشریح+نمرود=حضرت ابراھیم کے زمانے کا ایک ظالم بادشاہ+خلیل =حضرت ابراھیم)_

رباعی نمبر -٥٤

من از بود و نبودِ خود خموشم
اگر گویم که هستم خود پرستم

و لیکن ایں نوائے سادۂ کیست
کسے در سینه میگوید که هستم

ترجمه

میں اپنے ہونے اور نہ ہونے کے بارے میں چُپ ہوں
اگر کہوں کہ ہوں (تو گویا)میں خود پرست ہوں
لیکن یہ صاف (اور واضح) آواز کیسی ہے
کونی (میرے) سینے میں کہتا ہے کہ میں ہوں

فرہنگ

•من: میں _•از: سے، کے بارے میں•بود و نبودِ خود: اپنا ہونا اور نہ ہونا، اپنی ہستی اور نیستی(بود =وجود، ہستی[بودن=ہونا]+و=اور+ نبود=نیستی، نہ ہونا+خود=اپنا)_ •خموشم: میں چُپ ہوں(خموش= خاموش+م=میں ہوں)_•گویم: میں کہوں(گفتن=کہنا،بولنا)_•هستم: میں ہوں، میں موجود ہوں_ (هستن= ہونا،موجود ہونا)_•خود پرستم: خود پرست ہوں، مغرور ہوں(خودپرست=خود کو پوجنے والا، مغرور+م=میں ہوں)_ •ولیکن: لیکن_•ایں: یہ_•نوائے سادۂ کیست: صاف آواز کیسی ہے، یہ بے بناوٹ آواز کس کی ہے(ایں= یہ+نوا=آواز+سادہ+کیست=[کہ =کیا+ است=ہے]کیسی ہے، کس کی ہے) •کسے: کونی_•میگوید: کہتا ہے(گفتن=کہنا)_

رباعی نمبر -۵۵

ز من با شاعرِ رنگیں بیاں گوے
چه سود از سوز اگر چوں لاله سوزی

نه خود را میگدازی ز آتشِ خویش
نه شامِ دردمندے بر فروزی

ترجمه

میری طرف سے رنگا رنگ شعر کہنے والے سے کہنا
(اس) جلنے سے کیا فائدہ اگر تو لالے
کی طرح جلتا رہے
نہ اپنی آگ سے خود کو پگھلاتا ہے
نہ کسی دکھیارے کی شام اُجالتا ہے

فرہنگ

•ز من: از من: میری طرف سے (ز=طرف سے+ من=میری)_•با: سے، کو_•شاعرِ رنگیں بیاں: خوبصورت انداز کا شاعر، رنگارنگ شعر کہنے والا، خوش کلام شاعر •گوے: کہہ، کہو (گفتن= کہنا)_•سود: فائدہ_•سوز: جلن، تپش_•چوں: جوں_ •سوزی: تو جلے(سوختن= جلنا)_ •خود را: خود کو(خود+را:کو)_ •میگدازی: تو پگھلاتا ہے(گداختن =پگھلانا)_•زآتشِ خویش: اپنی آگ سے(ز:از: سے+آتش+خویش=اپنی) •شامِ درد مندے: کسی دکھیارے کی شام، کسی دکھی کی شام(شام_ دردمند=دکھیارا، دکھی، غمزدہ+ے= کوئی، کسی)_•برفروزی: تو روشن کرتا ہے، تو اُجالتا ہے(برفروختن= روشن کرنا)_

•ز خوب و زشتِ تو: تیرے بھلے

رباعی نمبر -۵۶

زخوب و زشتِ تو نا آشنایم
عیارش کردہ اَی‌سود و زیاں را

دریں محفل ز من تنہا ترے نیست
بچشمِ دیگرے بینم جہاں را

ترجمہ

میں تیرے بُرے بھلے سے انجان ہوں
تو نے فائدے اور نقصان کو کسوٹی بنا رکھّا ہے
اِس جمگھٹ میں مجھ سے بڑھ کے اکیلا کوئی نہیں
مَیں دُنیا کو دوسرے کی آنکھ سے دیکھتا ہوں

فرہنگ

بُرے سے (ز=از=سے+خوب=بھلا، اچھّا+و+زشت=بُرا)_•ناآشنایم: میں انجان ہوں (ناآشنا+ام=ہوں)_•عیارش: اُس کامعیار، اُس کی کسوٹی، اس کی پرکھ (عیار=کسوٹی+ش=اس کی)_•کردۂ: تونے کیا ہوا ہے، تونے بنا رکھّا ہے (کردن=کرنا)_•سود و زیاں: فائدہ اور نقصان، نفع اور گھاٹا (سود=نفع، فائدہ+و=اور+زیاں=نقصان، گھاٹا)_•دریں محفل: اس محفل میں (در=میں+ایں=اس+محفل)_••تنہا ترے: کوئی زیادہ اکیلا (تنہا+تر=زیادہ+ے=کوئی)_•بچشمِ دیگرے دوسرے کی آنکھ سے (بہ=سے، ساتھ+چشم=آنکھ+دیگر=دوسرا+ے=کوئی، کسی)_•بینم: میں دیکھتا ہوں (دیدن=دیکھنا)_

•شیخِ حرم: دینی پیشوا (شیخ=

رباعی نمبر -۵۷

تو اے شیخِ حرم شاید ندانی
جهانِ عشق را هم محشرے هست

گناه و نامه و میزاں ندارد
نه اورا مسلمے نے کافرے هست

ترجمه

اے شیخِ حرم شاید تو نہیں جانتا
عشق کی دُنیا کے لیے بھی جزا کا ایک دن ھے
(جو) گناہ (اور ثواب) اور نامۂ اعمال اور
میزان نہیں رکھتا
اُس (دن) کے تئیں کوئی مسلمان ھے نہ کافر

فرهنگ

بزرگ ، پیر ، اُستاد+حرم=کعبہ)_
•ند'نی: تو نہیں جانتا(دانستن= جاننا)_•را: کے لیے_•هم: بھی_
•محشرے: ایک خاص روز جزاء ، یومِ حساب(محشر=روزِ جزاء+ے= ایک خاص)_•هست: ھے_•نامہ: نامۂ اعمال_•میزان: ترازو جس پر قیامت کے دن اعمال تولے جائیں گے_•ندارد: نہیں رکھتا(داشتن= رکھنا)_•او را: اُس کے لیے(او=وہ، اُس+را=کے لیے)_•مسلمے: کوئی مسلمان(مسلم+ے=کوئی)_•کافرے: کوئی کافر_

•چو: جب ، جونی_•تاب: چمک

رباعی نمبر -۵۸

چو تاب از خود بگیرد قطرۂ آب
میانِ صد گهر یک دانه گردد

به بزمِ همنوایاں آنچناں زی
که گلشن بر تو خلوت خانه گردد

ترجمہ

پانی کی بوند جب اپنے آپ سے چمک پکڑتی ہے
سو موتیوں کے بیچ بے مثال ہو جاتی ہے
ہم نواؤں کے جمگھٹ میں اِس ڈھب سے زندگی کر
کہ باغ تیرے لیے گوشۂ تنہائی ہو جائے

فرہنگ

(تابیدن=چمکنا)_•بگیرد: لیتا ہے، حاصل کرتاہے(گرفتن=پکڑنا،پالینا، اخذ کرنا)_•میانِ صد گہر: سو موتیوں کے بیچ(میاں=بیچ+صد=سو، بہت سے+گہر=موتی)_•یک دانہ: اپنی طرح کا ایک ہی، بے مثال (یک=ایک+دانہ)_•گردد: ہو جاتا ہے (گشتن=گردیدن=پھر جانا، ہوجانا)_•به: میں_•بزمِ همنوایاں: دوستوں کی محفل، ساتھیوں ساجھیوں کاجمگھٹ(بزم=محفل+ همنوایاں=ایک آواز والے، رفیق، ساتھی ساجھی)_•آنچناں: اس طرح_•زی: جی، زندہ رہ، زندگی کر(زیستن=جینا)_•برتو: تجھ پر، تیرے لیے(بر=پر، لیے+تو=تجھ)_ خلوت خانہ: تنہائی کی جگہ، گوشۂ تنہائی(خلوت=تنہائی+خانہ=گھر)_

•من: میں_•دانشوراں: دانش ور

رباعی نمبر -۵۹

من اے دانشوراں در پیچ و تابم
خرد را فہمِ ایں معنی محال است

چساں در مشتِ خاکے تن زند دل
کہ دل دشتِ غزالانِ خیال است

ترجمہ

اے عقلمندو میں سخت اُلجھن میں ہوں
عقل کے لیے یہ حقیقت بوجھنی ناممکن ہے
مُٹھی بھر مٹّی میں دل کیسے ٹھہر جاتا ہے
کہ دل تو خیال کے ہرنوں کا جنگل ہے

فرہنگ

کی جمع، عقلمندو، جاننے والو، دانا لوگو_•در پیچ و تابم: اُلجھن میں ہوں، مشکل میں ہوں(در=میں +پیچ=گرہ، اُلجھن+و=اور+تاب= دشواری+ام=ہوں)_•خرد: عقل_ •را: کے لیے_•فہم ایں معنی: اس معنی کو سمجھنا، اِس حقیقت کو جاننا، یہ راز بوجھنا(فہم=سمجھ [فہمیدن=سمجھنا]+این= اِس+ معنی=حقیقت، مفہوم، رازَ)_ •محال: ناممکن_•چساں: کس طرح(چہ=کس+ساں=طرح)_•مشتِ خاکے:ایک مٹھی بھر مٹّی (مشت= مٹھی+خاک=مٹی+ے=ایک)_•تن زند: ساکت ہو جاتا ہے، ٹھہر جاتا ہے(تن زدن=خاموش ہوجانا، آرام کرنا)_•دشتِ غزالانِ خیال: خیال کے ہرنوں کا جنگل(دشت=جنگل+ غزالان=غزال کی جمع، ہرن+خیال= تصوّر، تخیّل)_

•میآرا: مت سجا، مت لگا(آراستن=

رباعی نمبر -۶۰

میارا بزم بر ساحل که آنجا
نوائے زندگانی نرم خیز است

بدریا غلط و با موجش درآویز
حیاتِ جاوداں اندر ستیز است

ترجمہ

کنارے پر سبھا مت جما کہ وہاں
زندگی کا نغمہ دھیمے دھیمے اُٹھان پکڑتا ہے
دریا میں لوٹ لگا اور اس کی موجوں کو للکار
ہمیشہ کی زندگی جنگ و پیکار میں ہے

فرہنگ

سجانا)_•بزم: محفل_•بر: پر_
•آنجا: اُس جگہ، وہاں(آں=اُس+
جا=جگہ)_•نوائے زندگانی: زندگی
کی آواز، زندگی کا نغمہ(نوا=آواز،
نغمہ، راگ+زندگانی=زندگی)_•نرم
خیز: آہستگی سے، دھیرے دھیرے
اُٹھنے والا، دھیمے سُروں والا(نرم=
نازک، لطیف، آہستہ، دھیما+خیز=
پانی کی لہر، بمعنی خیزندہ=اُٹھنے
والا[خیزیدن=اُٹھنا، کھڑا ہونا])_
•بدریا: دریا میں(بہ=میں+دریا)_
•غلط: لوٹ لگا، فنِ موسیقی کی
ایک اصطلاح(غلطیدن=لوٹنا)_•با
موجش: اس کی موج سے، اس کی
موج کے ساتھ(با=کے ساتھ+موجش=
اس کی موج)_•درآویز: جنگ کر،
لٹک جا(در آویختن=لٹکنا، جنگ
کرنا)_•حیاتِ جاوداں: ہمیشہ کی
زندگی(حیات=زندگی+جاوداں=ہمیشہ
دائمی)_•ستیز: جنگ، لڑائی
(ستیزیدن=جنگ کرنا، لڑنا)_

رباعی نمبر - ۶۱

سراپا معنیِ سر بستہ ام من
نگاہِ حرف بافاں برنتابم

نہ مختارم تواں گفتن نہ مجبور
کہ خاکِ زندہ ام در انقلابم

ترجمہ

میں سر سے پاؤں تک چھُپی ہوئی حقیقت ہوں
حرف بُننے والوں کی نگاہ برداشت نہیں کرتا
مجھے مختار کہا جا سکتا ہے نہ مجبور
کہ میں (تو) جیتی جاگتی مٹّی ہوں (اور مسلسل)
انقلاب میں ہوں

فرہنگ

•سراپا: سر سے پاؤں تک، اوّل سے آخر تک، پورے کا پورا_•معنیِ سربستہ ام: پوشیدہ معنی ہوں، چُھپی ہوئی حقیقت ہوں (معنی=مطلب، حقیقت+سربستہ=بندھا ہوا، پوشیدہ)_•نگاہِ حرف بافاں: حرف بننے والوں کی نگاہ، تُک بندوں کی نظر(نگاہ+حرف بافاں=حرف بُننے والے، ہر چیز کو بیان کرنے کی کوشش کرنے والے، تُک بند)_•برنتابم: نہیں برداشت کرتا ہوں، نہیں قبول کرتا ہوں(برتافتن=برداشت کرنا، قبول کرنا)_•مختارم: مجھے مختار_ (مختار+م=مجھے)_•تواں گفتن: کہا جاسکتا ہے(توانستن=سکنا+گفتن=کہنا)_•خاکِ زندہ ام: زندہ خاک ہوں، جیتی جاگتی مٹّی ہوں(خاک+زندہ+ام=ہوں)_•در انقلابم: انقلاب میں ہوں، اُلٹ پلٹ میں ہوں(در= میں+انقلاب= تبدیلی، اُلٹ پلٹ+ام= ہوں)_

رباعی نمبر - ۶۲

مگو از مدّعاے زندگانی
ترا برشیوه هاے او نگه نیست

من از ذوقِ سفر آنگونه مستم
که منزل پیشِ من جز سنگِ ره نیست

ترجمه

زندگی کے مقصد کے بارے میں زبان مت کھول
اس کی اداؤں پر تیری نظر نیں ھے
میں سفر کی لذّت سے اتنا مست ھوں
که میرے آگے منزل راستے کا پتھّر ھے اور کچھ نیں

فرهنگ

•مگو: مت کہہ، نہ بیان کر(م=نہ+ گو=کہہ[گفتن=کہنا])_•از: کے بارے میں_•مدعاے زندگانی: زندگی کا مقصد ، (مدّعا=مقصد ، مُراد ، مطلب+زندگانی=زندگی)_ •ترا: تجھے_•برشیوه هاے او: اُس کی اداؤں پر(بر=پر++شیوه ها= شیوه کی جمع، ادائیں، اطوار+ او=اس کی)_•ذوقِ سفر: سفر کی لذّت(ذوق=لذّت ، مستی+سفر)_ •آنگونه: اتنا ، ایسا ، اس قدر، •مستم: مست ہوں (مست+م=میں ہوں)_•پیشِ من: میرے سامنے(پیش=سامنے+من= میرے)_•جُز: سوائے، علاوه_•سنگِ ره: راستے کا پتھر(سنگ=پتّھر+ره= راه ،راسته)_

رباعی نمبر - ٦٣

اگر کردی نگہ بر پارۂ سنگ
ز فیضِ آرزوے تو گہر شد

بزر خود را مسنج اے بندۂ زر
کہ زر از گوشۂ چشمِ تو زر شد

ترجمہ

اگر تو پتھر کے ٹکڑے پر نظر کرتا
تیری آرزو کے فیض سے ہیرا بن جاتا
او دولت کے بندے خود کو سونے سے مت تول
کہ سونا تو تیرے التفات سے زرہو گیا

فرہنگ

•کردی: تو کرتا (کردن=کرنا)_•بر پارۂ سنگ: پتھر کے ٹکڑے پر (بر=پر+پارہ=ٹکڑا+سنگ)_•ز فیضِ آرزوے تو: تیری آرزو کے فیض سے (ز=از=سے+فیض=بخشش، عطا+آرزو+تو=تیری)_•گہر: ہیرا، قیمتی پتھر_•شد: ہوجاتا (شدن=ہونا)_•بزر: سونے میں، دولت سے (بہ=کے ساتھ، میں+زر=سونا، دولت)_•خودرا: خود کو (خود+را=کو)_•مسنج: مت تول (سنجیدن=تولنا، وزن کرنا)_•اے بندۂ زر: اے دولت کے غلام (اے+بندہ=پجاری غلام+زر=سونا، دولت)_•از گوشۂ چشم تو: تیرے التفات سے، تیری توجہ سے (گوشۂ چشم کردن=التفات کرنا)_•شد: ہوگیا، ہوا (شدن=ہونا)_

رباعی نمبر - ٦٤

وفا ناآشنا بیگانه خو بود
نگاهش بیقرار از جستجو بود

چو دید او را پرید از سینهٔ من
ندانستم که دست آموزِ او بود

ترجمہ

وفا سے انجان، سب سے الگ تھلگ رہنے والا تھا
اس کی نظر (کسی کی) تلاش میں بے چین رہتی تھی
اُسے دیکھتے ھی میرے سینے سے اُڑ گیا
میں نہیں جانتا تھا کہ (دل) اس کا سدھایا ھوا تھا

فرہنگ

•وفا ناآشنا: وفا سے انجان، دوستی سے بے خبر_•بیگانہ خو: نامانوس، جس کی فطرت میں محبّت اور اپنایت نہ ہو(بیگانہ=غیر، اجنبی+خو=عادت ،طبیعت، فطرت) •بود: تھا_•نگاھش: اُس کی نظر (نگاہ+ش=اس کی)_•چو: جونی، جیسے ہی، جب_•دید: اُس نے دیکھا(دیدن=دیکھنا)_•اورا: اُس کو(او=اُس+را=کو)_•پرید: وہ اُڑا، اُڑ گیا(پریدن=اُڑنا، جدا ہونا)_•از سینهٔ من: میرے سینے سے(از=سے+ سینہ+من=میرے)_•ندانستم: میں نہیں جانتا تھا(دانستن=جاننا)_ •دست آموزِ او: اس کا سدھایا ہوا (دست آموز= سدھایا ہوا[پرندہ]+او=اُس کا)_

رباعی نمبر - ٦٥

مپرس از عشق و از نیرنگیِ عشق
بهر رنگے که خواهی سر برآرد

درونِ سینه بیش از نقطۂ نیست
چو آید بر زباں پایاں ندارد

ترجمه

عشق اور عشق کی جادوگری کا مت پوچھ
جس رنگ میں چاهے ظهور کرے
(یه) سینے کے اندر ایک نقطے سے زیاده نہیں هے
زبان پر آتے هی بے انت

فرهنگ

•مپرس: مت پوچھ(پرسیدن= پوچھنا)_•از: کا، کے بارے میں_ •نیرنگی عشق: عشق کی جادو گری، عشق کے عجائبات، عشق کے کرشمے(نیرنگی=عجائبات، جادوگری+عشق)_•بر رنگے: ہر رنگ میں، بر صورت میں، جس بھی رنگ میں(بہ= میں+بر+رنگ+ے=زائد)_•خواهی: تو چاہے(خواستن=چاهنا)_ •سربرآرد: وہ سرنکالے، ظاہر ہو(سر برآوردن=سرنکالنا، ظاہر ہونا)_•درونِ سینہ: سینے کے اندر(درون=اندر+سینہ)_:

رباعی نمبر - ٦٦

مشو اے غنچۂ نورستہ دلگیر
ازیں بستاں سرا دیگر چہ خواہی

لبِ جوَ،بزمِ گل، مُرغِ چمن سیر
صبا، شبنم، نوائے صبحگاہی

ترجمہ

اے تازہ تازہ اُگے ہوئے غُنچے اُداس مت ہو
تو اس باغ سے اور کیا چاہتا ہے
نہر کا کنارہ، پھولوں کا جھُرمٹ، چمن میں
اُڑتے پھرتے پرندے
پروائی، شبنم، صبحدم کی چہکار

فرہنگ

•مشو: نہ ہو(شدن=ہونا)_•اے غنچۂ نورُستہ: اے نئے نئے اُگنے والے غنچے، اے تازہ تازہ اُگی ہوئی کلی(غنچہ= اَن کھلا پھول، کلی+ نورُستہ=نیا نیا اُگنے والا، تازہ تازہ اُگا ہوا[رُستن=اُگنا])_•دلگیر: اُداس، غمگین_•ازیں بستاں سرا: اس باغ سے(از=سے+ایں=اِس+ بستانسرا=باغ)_•دیگر: اور، مزید_ •چہ خواہی: تو کیا چاہتا ہے (خواستن=چاہنا، مانگنا)_•لبِ جو: نہر کا کنارہ(لب=کنارہ+جو=نہر)_ •بزمِ گل: پھولوں کی محفل، پھولوں کا جمگھٹ(بزم=محفل+گل= پھول)_•مرغِ چمن سیر: باغ میں اُڑتے پھرنے والا پرندہ، چمن میں گھومنے پھرنے والے پرندے(مُرغ= پرندہ+چمن سیر=باغ میں گھومنے پھرنے والا)_•صبا: پُروائی، رات کے پچھلے پہر کی ہوا، بہار کی ہوا_ •نوائے صبحگاہی: صبحدم کا نغمہ، صبح سویرے کی چہچہاہٹ(نوا=نغمہ+ صبح+گاہ=وقت)_

رباعی نمبر - ٦٧

مرا روزے گلِ افسردۂ گفت
نمودِ ما چو پروازِ شرار است

دلم بر محنتِ نقش آفریں سوخت
که نقشِ کلکِ او ناپایدار است

ترجمہ

ایک دن مجھ سے ایک مرجھایا ہوا پھول بولا
ہماری ہستی (تو بس) چنگاری کی اُڑان ایسی ہے
میرا دل صورت گر کی محنت پر جل گیا
کہ اس کے قلم سے نکلی ہوئی تصویر (کتنی)
نا پایدار ہے

فرہنگ

•گلِ افسردۂ: ایک مُرجھایا ہوا پھول (گل=پھول+افسردہ=اُداس، مُرجھایا ہوا+ۂ=ے=ایک)_•گفت: وہ بولا (گفتن=کہنا، بولنا)_•نمود ما: ہمارا ظاہر ہونا، ہمارا ظہور، ہماری ہستی (نمود=ظاہر ہونا، ہستی+ما=ہماری)_•پروازِ شرار: چنگاری کا اڑنا، چنگاری کی اُڑان (پرواز+شرار=چنگاری)_•دلم: میرا دل (دل+م=میرا)_•محنتِ نقش آفریں: صورت بنانے والے کی محنت (محنت=محنت، مشقت، دکھ+نقش=صورت، چھاپ+آفریں=بمعنی آفرینندہ، پیداکرنے والا [آفریدن=پیدا کرنا])_•سوخت: جلا، جل گیا (سوختن=جلنا)_•نقشِ کلکِ او: اُس کے قلم کی بنائی ہوئی تصویر (نقش=تصویر، صورت+کلک=قلم+و=اُس کی)_

رباعی نمبر - ۶۸

جهانِ ما که پایانے ندارد
چو ماهی در یمِ ایّام غرق است

یکے بر دل نظر وا کن که بینی
یمِ ایّام در یک جام غرق است

فرهنگ

•جهانِ ما: هماری دُنیا(جهان=دُنیا+ ما=هماری)_•پایانے: کوئی حد، کوئی آخر، کوئی انجام_•ندارد: نہیں رکھتی هے(داشتن=رکھنا)_
•یمِ ایام: زمانے کا سمندر (یم=دریا، سمندر+ یام=یوم کی جمع، زمانہ)_•یکے: ایک بار، کبھی_•نظر واکن: آنکھ کھول، نظر ڈال(نظر واکردن=آنکھ کھولنا)_•که:تاکہ_•بینی: تو دیکھ لے (دیدن=دیکھنا)_

ترجمه

هماری دُنیا که کوئی اور چھور نہیں رکھتی
مچھلی کی طرح زمانے کے سمندر میں ڈُوبی هوئی هے
کبھی دل پر نظر ڈال تاکه تو دیکھ لے
زمانے کا سمندر ایک پیالے میں غرق هے

رباعی نمبر - ۶۹

بمرغانِ چمن همداستانم
زبانِ غنچه های بے زبانم

چو میرم با صبا خاکم بیامیز
که جز طوفِ گلاں کارے ندانم

ترجمہ

میں باغ کے پرندوں کا ہم نوا ہوں
گونگی کلیوں کی زبان ہوں
جب مروں (تو) میری مٹی بہار کی ہوا میں ملا دینا
کہ میں پھولوں کا طواف کرنے کے علاوہ کوئی
کام نہیں جانتا

فرہنگ

بمرغانِ چمن: باغ کے پرندوں کے ساتھ، باغ کے پرندوں کا (بہ=کا، کے ساتھ + مُرغاں=پرندے + چمن)۔ •همداستانم: همراز ہوں، ہم نوا ہوں، ساتھی ہوں۔ •زبانِ غنچہ ہاے بے زبانم: میں بے زبان کلیوں کی زبان ہوں (زبان + غنچہ ہا=غنچہ کی جمع، کلیاں + بے زباں=گونگی + ام=ہوں)۔ •میرم: میں مروں (مُردن=مرنا)۔ •خاکم: میری مٹی۔ •بیامیز: ملا دے (آمیختن=آمیزیدن=گوندھنا، ملانا)۔ •جُز: سوائے۔ •طوف گلاں: پھولوں کا طواف، پھولوں کے گرد پھرنا (طوف=طواف، کسی چیز کے گرد پھرنا + گلاں=گل کی جمع، پھول)۔ •کارے: کوئی کام (کار + ے=کوئی)۔ •ندانم: میں نہیں جانتا (دانستن=جاننا)۔

رباعی نمبر - ۷۰

نماید آنچه هست ایں وادیِ گل؟
درونِ لالۂ آتش بجاں چیست؟

بچشمِ ما چمن یک موجِ رنگ است
که می داند بچشمِ بلبلاں چیست؟

ترجمہ

یہ پھولوں بھری گھاٹی (حقیقت میں) جیسی ہے
(کیا ویسی ہی) دکھائی دیتی ہے؟
جی میں آگ چھپائے ہوئے لالے کے بھیتر کیا ہے؟
ہماری آنکھوں میں باغ (تو بس) رنگ کی ایک لہر ہے
کون جانتا ہے (کہ یہ) بلبل کی نظر میں کیا ہے؟

فرہنگ

•نماید: دکھائی دیتا ہے، نظر آتا ہے(نمودن=دکھائی دینا، نظر آنا)_•آنچہ: جو کچھ_•وادیِ گل: پھولوں کی وادی، پھولوں بھری گھاٹی(وادی=جنگل، گھاٹی+ گل= پھول)_•درونِ لالۂ آتش بجاں: جی میں آگ لیے ہونے لالے کے بھیتر(درون=اندر، باطن+لالہ+ آتش=آگ+بہ=میں+جاں=روح، جان)_•چیست: کیا ہے(چہ=کیا+ است=ہے)_•بچشمِ ما: ہماری آنکھ میں، ہماری نظر میں(بہ=میں+ چشم=آنکھ، نظر+ما=ہماری)_•کہ: کون_•می داند: جانتا ہے(دانستن= جاننا، سمجھنا)_•بچشمِ بلبلاں: بلبلوں کی نظر میں(بہ=میں+ چشم=آنکھ، نظر+بلبلاں=بلبل کی جمع)_

رباعی نمبر - ۷۱

تو خورشیدی و من سیّارۂ تو
سراپا نورم از نظّارۂ تو

ز آغوشِ تو دورم نا تمامم
تو قرآنی و من سیپارۂ تو

فرہنگ

•تو خورشیدی :تو سورج ہے (تو+ خورشید=سورج+ی=تو ہے)۔
•سیّارۂ تو: تیرا سیّارہ(سیّارہ= گردش کرنے والا ستارہ+تو=تیرا)۔
•نورم: نور ہوں، روشنی ہوں(نور+ م=میں ہوں)۔•دورم: دور ہوں۔•نا تمامم: نامکمّل ہوں، ادھورا ہوں۔
•تو قرآنی: تو قرآن ہے(تو+قرآن+ ی=استی=تو ہے)۔

ترجمہ

تو سورج ہے اور میں تیرا سیّارہ
تیرے دیدار سے سراپا نور ہوں
تیرے آغوش سے دور ہوں، ادھورا ہوں
تو قرآن ہے اور میں تیرا سپارہ

رباعی نمبر - ۷۲

خیالِ او درونِ دیده خوشتر
غمش افزوده جاں کاهیده خوشتر

مرا صاحبدلے این نکته آموخت
ز منزل جادۂ پیچیده خوشتر

ترجمہ

اُس کا تصوّر آنکھوں بیچ اچھا
اُس کا غم بڑھا ہوا (اور اپنی) جان گھٹی ہوئی اچھی
ایک دل والے نے مجھے یہ بھید سکھایا
اُلجھا ہوا راستہ منزل سے اچھا

فرہنگ

•خیالِ او: اُس کا خیال، اُس کا تصوّر(خیال=تصوّر+او=اُس کا)_ •درونِ دیده: آنکھ کے اندر، آنکھ میں(درون=بھیتر، اندر+دیده= آنکھ، آنکھ کا ڈھیلا)_•خوشتر: زیادہ اچھا_ •غمش: اُس کا غم (غم+ش=اُس کا). •افزوده: بڑھا ہوا (افزودن=بڑھنا)_•کاهیده: گھٹی ہوئی(کاهیدن=گھٹنا، دُبلا ہونا)_ •مرا: مجھے_•صاحبدلے: اک دل والا، ایک گیانی(صاحب=دوست، یار، والا+دل+ے=ایک، یاے تعظیم)_•نکته: بھید، چھپی ہوئی بات_•آموخت: اُس نے سکھایا (آموختن=سکھانا، تعلیم کرنا)_ •جادۂ پیچیده: اُلجھا ہوا راستہ، دشوار راستہ(جاده=راستہ، ڈگر+ پیچیده=اُلجھا ہوا، دشوار)_

رباعی نمبر - ۷۳

دماغم کافرِ زنّار دار است
بتاں را بندہ و پروردگار است

دلم را بیں کہ نالد از غمِ عشق
ترا با دین و آئینم چہ کار است

فرہنگ

•دماغم: میرا دماغ ،
میری عقل(دماغ+م=میرا)_•کافرِ زنّار دار: جنیئو رکھنے والا کافر یعنی پکّا کافر(کافر+زنّار=جنیئو+ دار= دارندہ ، رکھنے والا[داشتن= رکھنا])_• بتاں: بُت کی جمع_•را: کا_ •نالد: روتا ھے ،
فریاد کرتا ھے(نالیدن=رونا ، فریاد کرنا)_•ترا: تجھے_
•آئینم: میرا مذہب (آئین= طریقہ ، مذہب+م= میرا)_

ترجمہ

میرا دماغ جنیؤ ڈالنے والا کافر ھے
بتوں کا پجاری ھے اور پالنہار بھی
میرے دل کو دیکھ جو عشق کے بخشے
ھوئے غم سے روتا ھے
تجھے میرے دین و مذہب سے کیا کام ھے

رباعی نمبر - ٧٤

صنوبر بندۂ آزادۂ او
فروغِ روے گل از بادۂ او

حریمش آفتاب و ماہ و انجم
دلِ آدم درِ نکشادۂ او

ترجمہ

صنوبر اُس کا آزاد کیا ہوا ایک غلام
پھول کے چہرے کی چمک دمک اُس کی شراب دین
سورج اور چاند اور ستارے اُس کا گھر
آدمی کا دل اُس کا اَن کھُلا دروازہ

فرہنگ

•صنوبر: سرو_•بندۂ آزادۂ او: اُس کا آزاد کیا ہوا غلام(بندہ=غلام+ آزادہ=آزاد کیا ہوا+او=اُس کا)_ •فروغِ روے گل: پھول کے چہرے کی چمک دمک(فروغ=چمک، روشنی، رونق+رو=چہرہ، منہ+ گل)_•بادۂ او: اُس کی شراب (بادہ=شراب+او=اُس کی)_ •حریمش: اُس کاگھر(حریم=گھر+ ش=اُس کا)_•دلِ آدم: آدمی کا دل(دل+آدم=مراد آدمی)_•در نکشادۂ او: اُس کا اَن کھلا دروازہ، اُس کا بند دروازہ(در=دروازہ+ نکشادہ=اَن کُھلا، بند+او=اُس کا)_

رباعی نمبر - ۷۵

ز انجم تا به انجم صد جهاں بود
خرد هر جا که پر زد آسماں بود

ولیکن چوں بخود نگریستم من
کرانِ بیکراں در من نهاں بود

ترجمہ

ستاروں سے ستاروں تک سینکڑوں جہان تھے
جہان جہان عقل نے پرواز کی آسمان تھا
لیکن جب میں نے اپنے آپ میں جھانکا
ایک بے انت دشا مجھ میں چھُپی تھی

فرہنگ

•ز انجم تا بہ انجم: ستاروں سے ستاروں تک (ز=سے+انجم=نجم کی جمع، ستارے+تا بہ=تک+انجم)۔ •پر زد: اُڑی (پر زدن=اُڑنا، پرواز کرنا)۔ •بخود نگریستم من: میں نے اپنے آپ میں نگاہ کی، میں نے اپنے اندر دیکھا (بہ=میں+خود+نگریستم من=میں نے دیکھا [نگریستن=دیکھنا])۔ •کرانِ بیکراں: بے انت دشا، لامحدود سمت (کراں=کنارہ، گوشہ، سمت، دشا+بیکراں=بے حد، لامحدود، جس کا کوئی کنارہ نہ ہو)۔

رباعی نمبر - ۷۶

بپاے خود مزن زنجیرِ تقدیر
تہِ ایں گنبدِ گرداں رہے ہست

اگر باور نداری خیز و دریاب
کہ چوں پا وا کنی جولانگہے ہست

ترجمہ

اپنے پیروں میں تقدیر کی بیڑی مت ڈال
اس آسمان کے نیچے ایک راستہ ہے
اگر تو نہیں مانتا تو اُٹھ اور (خود) دیکھ لے
پاؤں کھولتے ہی بھاگ دوڑ کا ایک میدان ہے

فرہنگ

•بپاے خود: اپنے پیروں میں، اپنے پاؤں میں(بہ=میں+پائے=پیر+ خود=اپنے)_ مزن: مت ڈال(زدن= ڈالنا)_•تہ ایں گنبدِ گرداں: اِس گھومنے والے گنبد کے نیچے، اِس آسمان کے نیچے(تہ=نیچے+گنبد+ گرداں=گھومنے والا(گنبدِ گرداں= آسمان))_•رہے: ایک راستہ(رہ= راستہ+ے=ایک)_•باور نداری: تو نہیں مانتا، تو یقین نہیں کرتا(باور داشتن=یقین کرنا)_•خیز: اُٹھ (خاستن=اُٹھنا)_•دریاب: پالے، دیکھ لے(دریافتن=پانا، تجربہ کرنا، سمجھنا وغیرہ)_
•پا وا کنی: تو پاؤں کھولے، تو چلنے کو تیار ہو(پا وا کردن= پاؤں کھولنا)_•جولانگہے: گھڑدوڑ کا ایک میدان،بھاگ دوڑ کا ایک میدان (جولاں=دوڑنا، گھوڑا دوڑنا، چکّر لگانا+گہ=جگہ[جولاں گاہ=گھڑ دوڑ کامیدان]+ے=ایک ، یاے تعظیم)_

رباعی نمبر - ۷۷

دلِ من در طلسمِ خود اسیر است
جهاں از پرتوِ او تاب گیر است

مپرس از صبح و شامم ز آفتابے
که پیشِ روزگارِ من پریر است

ترجمه

میرا دل آپ اپنے جادو میں گرفتار ھے
کائنات اُس کی چھوٹ سے روشن ھے
میرے صبح و شام کے بارے میں سورج سے مت پوچھ
که (وہ تو) میرے آج کے سامنے پرسوں (کی بات) ھے

فرهنگ

•طلسمِ خود: اپنا جادو(طلسم= جادو، ٹونا، اچنبھے میں ڈالنے والی بات+خود=اپنا)_•پرتوِ او: اُس کا عکس، اُس کا نور(پرتو=عکس، روشنی، چھوٹ+او=اُس کا)_•تاب گیر: روشنی لینے والا، روشن(تاب گرفتن=روشنی لینا، کسی چیز سے روشن ہو جانا)_•مپرس: مت پوچھ (پرسیدن=پوچھنا)_
•ز:از: سے_
•آفتابے: سورج (آفتاب+ے=یاے تحقیر)_•پیشِ روزگارِ من: میرے زمانے کے سامنے(پیش=سامنے، آگے، مقابلے میں+روزگار=ایّام، زمانہ+من=میرے)_•پریر: گزرا ہوا پرسوں_

رباعی نمبر - ۷۸

نوا در سازِ جاں از زخمۂ تو
چساں در جانی و از جاں برونی؟

چراغم با تو سوزم بے تو میرم
تو اے بیچونِ من بے من چگونی

ترجمہ

روح کے ساز میں آواز تیری مضراب سے (ھے)
کون ڈھب سے تو جان میں ھے اور جان سے باھر بھی
میں چراغ ھوں تیرے حضور جلتا ھوں
تجھ بن بجھ جاتا ھوں
اے میرے بے مثال تو میرے بغیر کیسا ھے؟

فرھنگ

•زخمۂ تو: تیری مضراب(زخمہ=ساز بجانے والا آلہ، مضراب، چوب+تو=تیرا)۔•چساں: کس طرح(چہ=کس+ساں=طرح)۔•در جانی: تو جان میں ھے(در+جان+ای=توھے)۔•برونی: تو باہر ھے۔•چراغم: میں چراغ ہوں۔•باتو: تیرے ساتھ(با=ساتھ+تو=تیرے)۔•سوزم: جلتاہوں(سوختن=جلنا)۔•بے تو: تیرے بنا، تیرے بن(بے=بغیر، بنا+تو=تیرے)۔•میرم: مرتا ہوں، بجھ جاتا ہوں(مُردن=مرنا۔[چراغِ مُردہ=بجھا ہوا چراغ])۔•بیچونِ من: میرے بے مثال، بے نظیر، یکتا۔[میرے خدا](بے چوں=بے مثال، بے نظیر، بے ھمتا+من)•بے من: میرے بغیر۔•چگونی: تو کس طرح ھے، تو کیسا ھے(چگوں =کیسا+ای=تو ھے)۔

رباعی نمبر - ۷۹

نفس آشفته موجے از یمِ اوست
نے ما نغمۂ ما از دمِ اوست

لبِ جوے ابد چوں سبزہ رستیم
رگِ ما ریشۂ ما از نمِ اوست

ترجمہ

(ہماری) سانس اُس کے سمندر کی ایک
بے قرار موج ہے
ہماری بانسری ہمارا نغمہ اُسی کے دم سے ہے
ہم ابد کی نہر کے کنارے سبزے کی طرح اُگے
ہماری نشوونما اُسی کی سینچ سے ہے

فرہنگ

•نفس: سانس_•آشفتہ موجے: ایک بے چین موج، ایک بکھری ہوئی لہر(آشفتہ=پریشان، مضطرب، بے چین، بکھری ہوئی+موجے=ایک لہر)_•ازیمِ اوست: اُس کے سمندر سے ہے، اُس کے دریا کی ہے(از=سے+یم=دریا، سمندر+او=اُس+ست=است=ہے)_•نے ما: ہماری بانسری (نے=بانسری+ما=ہماری)_•از دمِ اوست: اُس کی پھونک سے ہے(از=سے+دم=پھونک، سانس+او=اُس کی+ست=است=ہے)_•لبِ جوے ابد: ابد کی ندی کے کنارے(لب=کنارہ+جو=ندی، نہر+ابد=ہمیشگی جس کا خاتمہ نہ ہو(مستقبل کی سمت لا انتہا)_
•رُستیم: ہم اُگے(رُستن=اُگنا)_•رگِ ما: ہماری رگ، ہماری نس(رگ=نس، ڈورا+ما=ہماری)_
•ریشۂ ما: ہماری جڑ، ہماری اصل(ریشۂ=جڑ، اصل، تار+ما=ہماری)_•از نمِ اوست: اُس کی نمی سے ہے، اُس کی سینچ سے ہے (از=سے+نم=نمی، بوند، تراوٹ+او=اُس کی+ست=است=ہے)_

رباعی نمبر - ۸۰

ترا دردِ یکی در سینه پیچید
جہانِ رنگ و بو را آفریدی

دگر از عشقِ بے باکم چہ رنجی
کہ خود ایں ہای و ہو را آفریدی

ترجمہ

اکیلے پن کا دکھ تیرے سینے میں منڈ کرایا
(تو) تو نے (اس) بھری پرُی دُنیا کو پیدا کیا
میرے منچلے عشق سے پھر کیوں خفا ہوتا ہے
کہ تو نے آپ اس کھپ کو پیدا کیا

فرہنگ

•تُرا: تیرے تئیں:_•درد یکی: اکیلے پن کا دکھ، تنہائی کی پھوک (درد+یکی=اکیلا پن، تنہائی)_•پیچید :لپٹا (پیچیدن=لپٹنا، بل کھانا وغیرہ)_•جہانِ رنگ و بو: رنگ اور بو کی دُنیا، بھری پری دُنیا (جہاں=دُنیا+رنگ+و=اور+بو[رنگ و بو=رونق، شان و شوکت، چم خم])_•آفریدی: تو نے خلق کیا، پیدا کیا، بنایا (آفریدن= خلق کرنا، پیدا کرنا)_•دگر: اور، پھر_•عشقِ بے باکم: میرا من چلا عشق، میرا بے پروا عشق (عشق+بے باک=بے پروا، نڈر، گستاخ، من چلا+م=میرا)_•چہ رنجی: تو کیا خفا ہوتا ہے، تو کیوں ناراض ہوتا ہے (چہ=کیا، کیوں+رنجی=تو ناراض ہوتا ہے، تو خفا ہوتا ہے[رنجیدن= خفا ہونا])_•بای وہو: شور و غل، ہاہو، نالہ و فریاد، شور شرابا

رباعی نمبر - ۸۱

کرا جوئی، چرا در پیچ و تابی
که او پید است تو زیرِ نقابی

تلاشِ او کنی جز خود نه بینی
تلاشِ خود کنی جز او نیابی

ترجمه

کسے ڈھونڈتا ھے تو کس لیے پیچ و تاب میں ھے
که وہ (تو) ظاھر ھے (البتّہ) تو پردے میں ھے
اُس کی کھوج لگائے گا (تو) اپنے سوا نہ دیکھے گا
اپنی تلاش کرے گا (تو) اُس کے علاوہ نہ پائے گا

فرھنگ

•کرا: کسے، کس کو (کہ=کون، کس+را=کو)_• جوئی: تو ڈھونڈتا ھے (جُستن=ڈھونڈنا)_ •چرا: کس لیے، کیوں (چہ=کیا، کس+را=لیے)_ •در پیچ و تابی: پیچ وتاب میں ھے (در=میں+پیچ و تاب+ای=تو ھے)_•پیداست: ظاہر ھے (پیدا=ظاہر+ست=است: ھے)_•تو زیرِ نقابی: تو نقاب میں ھے، تو پردے میں ھے (تو+زیر=نیچے+نقاب+ی=تو ھے)_•کنی: تو کرے گا (کردن=کرنا)_•جُز: علاوہ، سوائے_ •نہ بینی: تو نہ دیکھے گا (دیدن=دیکھنا)_•نیابی: نہیں پائے گا (یافتن=پانا)_

رباعی نمبر - ۸۲

تو اے کودک منش خود را ادب کن
مسلماں زادۂ؟ ترکِ نسب کن

برنگِ احمر و خون و رگ و پوست
عرب نازد اگر ترکِ عرب کن

ترجمہ

اے کودک مزاج اپنا احترام کر
تو مسلمان زادہ ہے؟ حسب نسب (کا چکّر) چھوڑ
سُرخ رنگت اور ذات پات اور چمڑی پر
اگر عرب (بھی) گھمنڈ کرے تو عرب کو چھوڑ دے

فرہنگ

•کودک منش: بچّوں جیسی طبیعت /عادت/مزاج والا(کودک=بچہ+منش= مزاج، عادت، طبیعت)_•خودرا: خود کا، اپنا(خود+را=کا)_•کن: کر(کردن=کرنا)_•مسلمان زادۂ: تو مسلمان کا بچّہ ہے، تو مسلمان کابیٹا ہے(مسلماں+زادہ=بچہ،بیٹا+ ای=تو ہے)
•ترکِ نسب: خاندان اورنسل [پرستی] کا ترک(ترک=چھوڑنا+ نسب=شجرہ، خاندان، نسل)_ •برنگِ احمر: سُرخ رنگ پر(بـ=پر+ رنگ+اَحمر=سُرخ)_•نازد: فخر کرے، اکڑے(نازیدن=فخر کرنا، ناز کرنا)_•ترکِ عرب کن: عرب کو چھوڑ دے۔

رباعی نمبر - ۸۳

نہ افغانیم و نے ترک و تتاریم
چمن زادیم و از یک شاخساریم

تمیزِ رنگ و بو بر ما حرام است
کہ ما پروردۂ یک نو بہاریم

ترجمہ

ہم نہ افغان ہیں نہ تُرک اور تاتاری
ہم تو چمن کی آل ہیں اور ایک ہی شاخ سے ہیں
رنگ اور بو کی تفریق ہم پر حرام ہے
کیونکہ ہم ایک ہی بہار کے پالے ہوئے ہیں

فرہنگ

•نے: نہ ـ•افغانیم: ہم افغان ہیں (افغان+ایم=ہم ہیں)ـ•تتاریم: ہم تاتاری ہیں ـ•چمن زادیم: ہم چمن زادے ہیں (چمن=باغ+زاد=جنے+ایم=ہم ہیں)
•از یک شاخساریم: ہم پیڑوں کے ایک ہی جھنڈ سے ہیں، ہم ایک شاخ سے ہیں (از=سے+یک=ایک+شاخسار=پیڑوں کا جھنڈ، باغ+ایم=ہم ہیں)ـ•تمیزِ رنگ و بو: رنگ اور بو کا امتیاز/ تفریق (تمیز=تفریق، امتیاز+رنگ+و=اور+بو)ـ•بر ما: ہم پر (بر=پر+ما=ہم)ـ•کہ: کیونکہ ـ•پروردۂ یک نو بہاریم: ہم ایک ہی بہار کے پالے ہوئے ہیں (پروردہ= پالے ہوئے [پروردن=پرورش کرنا]+یک=ایک+نوبہار+ایم=ہم ہیں)ـ

رباعی نمبر - ۸٤

نہاں در سینۂ ما عالمے ہست
بخاکِ ما دلے، در دل غمے ہست

ازاں صہبا کہ جانِ ما بر افروخت
ہنوز اندر سبوے ما نمے ہست

ترجمہ

ایک دُنیا ہمارے سینے میں چھُپی ہوئی ہے
ہماری مٹّی میں ایک دل ہے (اور) دل
میں ایک غم
جس نے ہماری روح میں آگ لگا دی اُس شراب کی
ایک بوند ابھی ہماری صُراحی میں موجود ہے

فرہنگ

•نہاں: چھُپا ہوا، پوشیدہ۔•در سینۂ ما: ہمارے سینے میں(در=میں+سینہ+ما=ہمارے)۔•عالمے: ایک دُنیا (عالم+ے=ایک ، یاے تعظیم)۔•بخاکِ ما: ہماری مٹّی میں[ہمارے بدن میں](بہ= میں+خاک=مٹّی، بدن+ما=ہماری)۔•بر افروخت: اُس نے جلائی، روشن کی(برافروختن= روشن کرنا، سلگانا، جلانا)۔
•ہنوز: ابھی۔•اندر سبوے ما: ہماری صراحی میں(اندر=میں+سبو=مٹکا، شراب کی صراحی+ما=ہماری)۔•نمے: ایک بوند، ایک قطرہ(نم=بوند، نمی+ے= ایک)۔

رباعی نمبر - ۸۵

دلِ من! اے دلِ من! اے دلِ من!
یمِ من، کشتیِ من، ساحلِ من!

چو شبنم برسرِ خاکم چکیدی؟
ویا چوں غنچہ رُستی از گلِ من؟

فرہنگ

•برسرِ خاکم: میری مٹّی پر(بر=پر+سر+خاک+م=میری)۔
•چکیدی: تو ٹپکا(چکیدن=ٹپکنا)۔
•ویا: یا ،یا پھر۔
•رُستی: تو اُگا(رستن=اُگنا)۔•گلِ من: میری مٹّی(گل=مٹّی+من=میری)۔

ترجمہ

میرے دل، اے میرے دل اے میرے دل،
اے میرے سمندر، میری کشتی میرے ساحل
تو شبنم کی طرح میری خاک پر ٹپکا
یا کلی کی طرح میری مٹّی سے اُگا؟

رباعی نمبر - ۸۶

چه گویم نکتهٔ زشت و نکو چیست
زباں لرزد که معنی پیچدار است

برون از شاخ بینی خار و گل را
درونِ او نه گل پیدا نه خار است

ترجمه

خیر و شر کا بھید کیا ھے؟ میں کیا بتاؤں
زبان لرزتی ھے کیونکہ (یہ) مضمون سخت مشکل ھے
تو کانٹے اور پھول کو شاخ سے باھر دیکھتا ھے
اس کے بھیتر نہ پھول اُپجتا ھے نہ کانٹا

فرھنگ

•چہ گویم: میں کیابتاؤں، میں کیا کہوں (چہ=کیا+گویم=میں کہوں، بتاؤں، [گفتن=کہنا، بولنا])_•نکتهٔ زشت ونکو: نیکی اور بدی کا بھید (نکتہ=بھید+زشت=بد، شر+و=اور+ نکو=خوب، اچھا، خیر
•لرزد: کانپتی ھے، لرزتی ھے (لرزیدن= کانپنا، لرزنا)_•پیچدار: مشکل، دقیق (پیچ=گرہ، اُلجھن، مشکل+ دار=دارندہ، رکھنے والی)_•برون: باہر_•بینی: تو دیکھتا ھے (دیدن= دیکھنا)_•درونِ او: اُس کے اندر، اُس کے بھیتر، (درون= اندر، بھیتر، باطن+او= اُس کا)_

رباعی نمبر - ۸۷

کسے کو دردِ پنہانے ندارد
تنے دارد ولے جانے ندارد

اگر جانے ھوس داری طلب کن
تب و تابے که پایانے ندارد

فرھنگ

•کسے: وہ آدمی، وہ شخص (کس= شخص+ے =وہ)_ (کـ+او)_

•بوس داری: تو تمنّا رکھتا ھے(بوس داشتن=تمنّا رکھنا)_•طلب کن: مانگ (طلب کردن=طلب کرنا)_

•تب و تابے: وہ سوز و گداز، تپش اور تڑپ (تب=تپش، گرمی، حرارت+تاب=روشنی، چمک، تڑپ)_

ترجمہ

وہ شخص جو چھُپا ھوا دُکھ نہیں رکھتا
بدن تو رکھتا ھے لیکن روح نہیں رکھتا
اگر تو روح کی تمنّا رکھتا ھے (تو خدا سے) مانگ
وہ تپش اور تڑپ جس کا کوئی انت نہیں

رباعی نمبر - ۸۸

چه پُرسی از کجایم چیستم من
بخود پیچیده ام تا زیستم من

دریں دریا چو موجِ بیقرارم
اگر برخود نه پیچم نیستم من

ترجمہ

تو کیا پوچھتا ھے (کہ) میں کہاں سے ھوں کیا ھوں
جب تک زندہ ھوں اپنے آپ میں اُلجھا ھوا ھوں
سمندر میں بے چین موج کی طرح ھوں
اگر خود سے نہ لپٹا رھوں تو فنا ھو جاؤں

فرھنگ

•چہ پُرسی: تو کیا پوچھتا ھے (چہ=کیا+پُرسی=تو پوچھتا ھے [پُرسیدن=پوچھنا])_•از کجایم: میں کہاں سے ہوں (از=سے+کجا=کہاں+ام=ہوں)_•چیستم من: کیا ہوں میں_ (چہ=کیا+استم=میں ہوں+من=میں)_•بخود پیچیدہ ام: اپنے آپ سے اُلجھا ہوا ہوں (بخود=اپنے آپ سے، خود میں+پیچیدہ=اُلجھا ہوا+ام=ہوں [پیچیدن=لپٹنا، اُلجھنا])_•تا: جب تک_•زیستم من: زندہ ہوں میں (زیستن=جینا، زندگی کرنا)_•دریں دریا: اِس سمندر میں (در=میں+ایں=اس+دریا=سمندر)_

•برخود نپیچم: اپنے آپ میں نہ اُلجھوں
(برخود پیچیدن=خود میں اُلجھنا، بل کھانا، دکھ میں ہونا، کشٹ اُٹھانا)_•نیستم من: نہیں ہوں میں_

رباعی نمبر - ۸۹

بچندیں جلوہ در زیرِ نقابی
نگاہِ شوقِ مارا برنتابی

دَوی در خونِ ما چوں مستیِ مے
ولے بیگانہ خوئی، دیریابی

ترجمہ

اتنی (بھرپور) رونمائی کے باوجود تو نقاب کی اوٹ میں ہے
ہماری ارمان بھری نظر کو قبول نہیں کرتا
شراب کی مستی کی طرح ہمارے لہو میں دوڑتا ہے
لیکن (پھر) بھی تُو بے نیاز ہے (اور) دیریاب

فرہنگ

•بچندیں جلوہ: اِس قدر ظاہر ہونے کے باوجود ، اتنی تجلّیات کے ہوتے ہوئے(بہ=میں ، باوجود ، ہوتے ہوئے+چندیں=اتنے ، اس قدر+ جلوہ=نور ، تجلیّ ، نظّارہ ، ظہور)_ •در زیرِ نقابی: تو نقاب کی اوٹ میں ہے ، تو پردے میں ہے(در زیر=نیچے ، تلے ، اوٹ میں ، آڑ میں+نقاب+ی=تو ہے)_•برنتابی: تو برداشت نہیں کرتا ، تو قبول نہیں کرتا (برتافتن=قبول کرنا ، برداشت کرنا ،•دوی: تو دوڑتا ہے (دویدن= دوڑنا)_•بیگانہ خوئی تو بیگانہ خو ہے ،بیگانگی تیری عادت ہے ،تو بے نیاز ہے (بیگانہ=غیر ،نامانوس+خو=عادت ، طبیعت ، فطرت+ی=تو ہے)_ •دیریابی: تو دیر سے ملنے والا ہے، تو مشکل سے پایا جانے والا ہے(دیر+یاب=پایا جانے والا ، حاصل ہونے والا+ی= تو ہے

رباعی نمبر - ۹۰

دل از منزل تهی کن پا بره دار
نگه را پاک مثلِ مهر و مه دار

متاعِ عقل و دیں بادیگراں بخش
غمِ عشق ار بدست اُفتدنگه دار

ترجمه

دل کو منزل سے خالی کر، قدم بڑھائے جا
نگاہ کو سورج اور چاند کی طرح پاک رکھ
عقل اور دین کی پونجی دوسروں کو بخش دے
عشق کا غم ہاتھ آئے تو سینت کر رکھ

فرہنگ

•تی کن: خالی کر(تی کردن=خالی کرنا)_•پا بره دار: تو چلتا ره(پا بره داشتن=چلتے رہنا)_•دار: تو رکھ(داشتن =رکھنا)_•متاعِ عقل و دیں: عقل اور دین کی پونجی(متاع=پونجی، دولت+عقل+و=اور+دیں)_•با دیگراں: دوسروں کو(با=کو+ دیگراں=دیگر کی جمع، دوسرے)_ •بخش: تو بخش دے(بخشیدن= بخشنا)_•ار: اگر_•بدست اُفتد: ہاتھ لگے، ہاتھ آئے، حاصل ہو (بدست افتادن=ہاتھ آنا، حاصل ہونا)_•نگه دار: حفاظت کر(نگه داشتن=دیکھ بھال کرنا، حفاظت کرنا

رباعی نمبر - ۹۱

بیا اے عشق، اے رمزِ دلِ ما
بیا اے کشتِ ما، اے حاصلِ ما

کہن گشتند ایں خاکی نہاداں
دگر آدم بِناکن از گلِ ما

فرہنگ

•بیا: آ، تو آ(آمدن=آنا)_•رمزِ دلِ ما: ہمارے دل کا راز، ہمارے دل کا بھید(رمز=راز،بھید+دل+ما= ہمارے)_•کشتِ ما:ہماری کھیتی (کشت=کھیتی+ما=ہماری)_•حاصل ما: ہماری فصل(حاصل=فصل+ما= ہماری)_•کہن: پُرانا_•گشتند: ہوگئے(گشتن=ہونا)_•خاکی نہاداں: خاکی نہاد کی جمع،جن کا خمیر مٹّی سے اُٹھایا گیا ہو یعنی آدمی، •بناکن: تعمیر کر، بنا(بنا کردن= تعمیر کرنا، بنیاد ڈالنا، آغاز کرنا). •گلِ ما: ہماری مٹّی(گل= مٹّی+ما=ہماری)_

ترجمہ

آ اے عشق اے ہمارے دل کے بھید
اے ہماری کھیتی اے ہماری فصل آجا
یہ ماٹی کے پتلے پُرانے ہو گئے
ہماری مٹّی سے دوسرا آدم بنا کر

رباعی نمبر - ۹۲

سخن درد و غم آرد ، درد و غم بِه
مرا ایں ناله هاے دمبدم بِه

سکندر را ز عیشِ من خبر نیست
نواے دلکشے از ملکِ جم به

فرهنگ

•سخن: شعر، کلام۔•آرد: لاتا هے، پیدا کرتا ہے(آوردن=لانا، پیدا کرنا)۔•بہ: اچھا۔•مرا: مجھے، میرے لیے۔•نالہ ہاے دمبدم: ہر دم کی فریادیں، ہر پل کے نالے(نالہ ہا=نالے کی جمع، رونا، آہ و زاری + دمبدم=پل پل، بردم، مسلسل)۔
•سکندر: سکندرِ مقدونی۔

ترجمه

شعر (اگر) درد و غم پیدا کرتا هے تو
درد و غم اچھا
میرے لیے یه هر دم کے بین اچھے
سکندر کو میرے عیش سے آگاهی نیں هے
دل کو کھینچنے والا ایک نغمه جمشید کی
سلطنت سے اچھا

رباعی نمبر - ۹۳

نه من بر مرکبِ ختلی سوارم
نه از وابستگانِ شهریارم

مرا اے همنشیں دولت همیں بس
چو کاوم سینه را لعلے بر آرم

ترجمه

نه میں ختلانی گھوڑے پر سوار ہوں
نه (کسی) بادشاہ کے درباریوں میں سے ہوں
اے دوست میرے لیے یہی دولت کافی (ہے)
جب سینے کو کریدوں، یاقوت نکالوں

فرہنگ

•مرکبِ ختلی: ختلانی گھوڑا(مرکب= سواری، گھوڑا+ختلی=ختلانی، ختل یاختلان سے منسوب جو بدخشاں کے نواح میں ایک علاقہ ہے جہاں کے گھوڑے بہت مشہور ہیں)۔
•سوارم: میں سوار ہوں(سوار+ م=میں ہوں)۔•نہ از وابستگانِ شہریارم: نہ میں بادشاہ کے مصاحبوں اور درباریوں میں سے ہوں(نہ+از=سے+وابستگاں=وابستہ کی جمع، درباری، مصاحب +شہریار=بادشاہ+م=ہوں)۔
•ہمیں: یہی،
•بس: بہت، کافی۔
•کاوم: میں کریدوں(کاویدن= کھودنا، تلاش کرنا، جدّوجہد کرنا)۔•لعلے: کوئی یاقوت، لعل (العل+ے=ایک،کوئی)۔•برآرم: نکالوں، باہر لاؤں(برآوردن=باہر لانا، نکالنا، باہر نکالنا)۔

رباعی نمبر - ٩٤

کمالِ زندگی خواهی؟ بیاموز
کشادن چشم و جز بر خود نه بستن

فرو بردن جهاں را چوں دمِ آب
طلسمِ زیر و بالا در شکستن

ترجمه

تو زندگی کی تکمیل چاهتا هے تو سیکھ
آنکھ کھولنا اور اپنے علاوہ (کسی اور) پر نہ جمانا
دُنیا کو پانی کے گھونٹ کی طرح اُتار لینا
(اور اسکی) پستی اور بلندی کا طلسم توڑنا

فرهنگ

•کمالِ زندگی: زندگی کی تکمیل، زندگی کا پورا پن(کمال=پورا پن، تکمیل، انتہا+زندگی)_•خواهی: تو چاهتا هے(خواستن=چاهنا، مانگنا، آرزو کرنا)_•بیاموز: سیکھ(آموختن=سیکھنا)_•کشادن: کھولنا_•جز برخود نہ بستن: اپنے علاوہ کسی پر نہ موندنا، جمانا(جز=سوائے، علاوہ+بر=پر، اوپر+خود+نہ+بستن=بند کرنا، موندنا، جوڑنا، پیوند کرنا، باندھنا[چشم برخود بستن=بس خود کو دیکھنا])_•فرو بردن: نگلنا، گھونٹ بھرنا، گلے سے نیچے اُتارنا_•دمِ آب: پانی کا گھونٹ_•طلسم زیر و بالا: پستی اور بلندی کا جادو، اونچ نیچ کا طلسم(طلسم=جادو، نظر بندی+زیر=نیچے، کمتر، پست+و=اور+بالا=اونچا،اوپر، بلند)_
•درشکستن: توڑنا_

رباعی نمبر - ۹۵

تو میگوئی که آدم خاک زاد است
اسیرِ عالمِ کون و فساد است

ولے فطرت ز اعجازے که دارد
بناے بحر بر جویش نهاد است

ترجمه

تو کہتا ھے کہ انسان خاک زاد ھے
اِس بنتی بگڑتی دُنیا میں گرفتار ھے
لَیکن فطرت نے اپنے خاص مُعجزے سے
سمندر کی بنیاد اسی کی ندی پر رکھّی ھے

فرھنگ

•اسیرِ عالمِ کون و فساد است: دُنیا میں گرفتار ھے(اسیر=قیدی، گرفتار+عالمِ کون و فساد=دُنیا، عالمِ طبیعت، بنتی بگڑتی دُنیا، جہانِ ممکنات [عالم=دُنیا، کائنات+کون=وجود، ھستی، ہونا، عدم سے وجود میں آنا+و=اور+فساد=تباہ ہونا، مٹ جانا، بگڑنا، صورت بدل جانا، وجود کا معدوم ہونا]+است=ھے)_•اعجازے: معجزہ، (اعجاز=معجزہ+ے=یاے تعظیم)_
•دارد: رکھتی ھے (داشتن=رکھنا)_
•بناے بحر: سمندر کی بنیاد (بناء =بنیاد+بحر=سمندر)_•جویش: اس کی ندی(جو=ندی+ش=اس کی)_
•نہاد است: رکّھی ھے(نہادن=رکھنا)_

رباعی نمبر - ۹۶

دلِ بے باک را ضرغام، رنگ است
دلِ ترسندہ را آہو پلنگ است

اگر بیمے نداری بحر صحراست
اگر ترسی بھر موجش نہنگ است

ترجمہ

نڈر دل کے لیے شیر (بھی) بھیڑ ہے
ڈرپوک دل کو ہرن (بھی) چیتا ہے
اگر تو دھڑکا نیں رکھتا (تو) سمندر چَٹیل میدان ہے
اگر تو ڈرا (تو) اسکی ہر موج میں مگر مچھ ہے

فرہنگ

دلِ بے باک: بے خوف دل(دل+بے باک=بہادر،دلیر، نڈر، بے دھڑک)_•را: کو، کے لیے_•ضرغام: شیر_•رنگ: بھیڑ_•دلِ ترسندہ: خوفزدہ، ڈرپوک دل(دل+ترسندہ=خوف زدہ، ڈرا ہوا[ترسیدن=ڈرنا])_•پلنگ: چیتا_•بیمے:کوئی خوف، ڈر، دھڑکا (بیم=ڈر+ے= کوئی)_•نداری: تو نیں رکھتا، تو نہ رکھے(داشتن=رکھنا)_•ترسی: تو ڈرتا ہے_•بہر موجش: اس کی ہر موج میں(بہ=میں+ہر+موج+ش=اس کی)_•نہنگ: مگر مچھ _

رباعی نمبر - ۹۷

ندانم باده ام یا ساغرم من
گهُر در دامنم یا گوهرم من

چناں بینم چو بر دل دیده بندم
که جانم دیگر است و دیگرم من

فرهنگ

•گہر در دامنم: دامن میں موتی رکھتا ہوں(گہر=گوہر، موتی+در=میں+دامن+م=ہوں)۔
•چناں: ایسا۔
•بینم: دیکھتاہوں(دیدن=دیکھنا)
•چو: جب۔•بردل دیدہ بندم: دل پر آنکھیں گاڑتا ہوں(بر=پر+دل+ بندم=بند کرتا ہوں، گاڑتا ہوں [دیدہ بستن=کسی چیز پر آنکھیں گاڑنا)۔

ترجمه

میں نیں جانتا (که) میں شراب ہوں یا پیالہ
دامن میں موتی رکھتا ہوں یا (خود) موتی ہُوں
جب دل پر آنکھیں گاڑتا ہوں (تو کچھ) یوں دیکھتا ہوں
که میری روح اور ہے میں اور

رباعی نمبر - ۹۸

تو گوئی طائرِ ما زیرِ دام است
پریدن بر پر و بالش حرام است

ز تن برجستہ تر شد معنیِ جاں
فسانِ خنجرِ ما از نیام است

ترجمہ

تو کہتا ھے ھمارا پرندہ جال میں پھنسا ھوا ھے
اُڑان اُس کے پروں پر حرام ھے
بدن سے روح کا مضمون اور بھی چست ھو گیا
ھمارے خنجر کی سان نیام سے ھے

فرھنگ

•زیرِ دام: جال میں پھنسا ہوا(زیر=نیچے+دام=جال)_•پریدن: اُڑنا_•بر پر و بالش: اس کے پروں پر(بر=پر+پر=پر+و=اور+بال=پنکھ ، پرندوں کا بازو+ش=اس کے)_•برجستہ تر: اور بھی چست ، ٹھیک ، موزوں (برجستہ=چُست ، ٹھیک ، موزوں+تر=زیادہ ، اور بھی)_•معنیِ جاں: جان کا معنی ، روحِ مضمون(معنی=مفہوم ، مطلب ، حقیقت+جاں=جان ، روح)_•فسانِ خنجرِ ما :ھمارے خنجر کی سان(فسان=سان+خنجر+ما=ھمارے)_

رباعی نمبر - ۹۹

چساں زاید تمنّا در دلِ ما؟
چساں سوزد چراغِ منزلِ ما؟

بچشمِ ما که می بیند؟ چه بیند؟
چساں گنجید دل اندر گلِ ما؟

فرہنگ

•چساں :کیسے، کس طرح۔
•زاید : پیدا ہوتی ہے(زادن= پیدا ہونا)۔•در دلِ ما : ہمارے دل میں (در=اندر، میں+دل+ما=ہمارے)۔
•سوزد : جلتا ہے (سوختن=جلن)۔
•بچشمِ ما : ہماری آنکھ سے(بہ= سے+چشم=آنکھ+ما=ہماری)۔•کہ: کون۔•می بیند : دیکھتا ہے(دیدن= دیکھنا)۔•چہ: کیا۔•گنجید : سمایا (گنجیدن=سمانا)۔•اندر گلِ ما : ہماری مٹّی میں(اندر=میں، اندر+ گل=مٹّی، گارا+ما=ہماری)۔

ترجمہ

ہمارے دل میں آرزو کیسے پیدا ہوتی ہے
ہماری منزل کا چراغ کس طرح جلتا ہے
ہماری آنکھ میں سے کون دیکھتا رہتا ہے؟ کیا دیکھتا ہے؟
دل ہماری مٹّی میں کس ڈھب سے سمایا

رباعی نمبر - ۱۰۰

چو در جنّت خرامیدم پس از مرگ
بچشمم ایں زمین و آسماں بود

شکے با جانِ حیرانم در آویخت
جہاں بود آں کہ تصویرِ جہاں بود

فرہنگ

•خرامیدم: میں ٹہلا، میں نے سیر کی(خرامیدن=ٹہلنا، چلنا، سیر کرنا)_•پس: بعد_•بچشمم: میری آنکھ میں(بہ=میں+چشم=آنکھ+م=میری)_•بود: تھا_•شکے: ایک شبہ، ایک شک(شک+ے=ایک)_•درجانِ حیرانم: میری حیرت زدہ جان/روح میں(در=میں، اندر+جان=جان، روح+حیراں=بکّا بکّا، دنگ، حیرت زدہ+م=میری)_•درآویخت: لٹک گیا، معلّق ہوگیا(درآویختن: لٹکنا)_

ترجمہ

مرنے کے بعد جب میں جنّت میں گھوما پھرا
میری آنکھوں میں یہ زمین اور آسمان تھا
ایک شک میری حیران روح میں معلّق ہو گیا
وہ دُنیا تھی کہ دُنیا کی تصویر

رباعی نمبر - ۱۰۱

جهانِ ما که جُز انگارۂ نیست
اسیرِ انقلابِ صبح و شام است

ز سوهانِ قضا هموار گردد
هنوز ایں پیکرِ گل نا تمام است

فرهنگ

•انگارۂ: ادھورا نقش (انگاریدن=تصویر بنانا، نقش بنانا، خیال کرنا)۔ •سوهانِ قضا: تقدیر کی ریتی(سوهان=ریتی+قضا=تقدیر، حکمِ الہی) •هموار: ایک سا، برابر، صاف۔ •گردد: ہوگا (گشتن=ہوجانا)۔ •هنوز: اب تک، ابھی۔ •پیکرِ گل: مٹّی کا مجسّمہ (پیکر=شکل، جسم، بُت، مجسمہ+گل=مٹّی، گارا).

ترجمہ

ہماری دُنیا جو ایک ادھورے نقش کے سوا (کچھ بھی) نہیں
صبح شام کی اُلٹ پلٹ میں گرفتار ہے
تقدیر کی ریتی سے ہموار ہو گا
یہ مٹّی کا پیکر ابھی ادھورا ہے

رباعی نمبر -۱۰۲

چساں اے آفتاب آسماں گرد
بایں دوری بچشمِ من در آئی؟

بخاکی واصل و از خاکداں دور
تو اے مژگاں گسل آخر کجائی؟

ترجمہ

اے آسمان کی سیر کرنے والے سورج۔کس طرح
تو اتنی دوری کے باوجود میری آنکھوں پر روشن ھے
دھرتی والوں سے ملا ھوا اور دھرتی سے دور
اے آنکھیں چندھیا دینے والے تو آخر کہاں ھے

فرھنگ

•چساں: کیسے، کس طرح۔ •اے آفتابِ آسماں گرد: اے آسمان کی سیر کرنے والے
سورج(اے+آفتاب=سورج+آسماں گرد=آسمان میں پھرنے والا، آسمان کی سیر کرنے والا[گردیدن=پھرنا،سیر کرنا])۔
•بایں دوری: اتنی دوری کے باوجود (باایں=اس کے باوجود، اس کے ساتھ+دوری)۔ •بچشمِ من درآئی: تو میری آنکھ پر ظاھر ھوتا ھے(بچشم درآمدن=نظر آنا، آنکھوں پر ظاھر ھونا، آنکھوں میں آنا)۔
•بخاکی: مٹّی کے بنے ہوئے سے، خاکی کے ساتھ(به=سے، کے ساتھ+خاکی=مٹّی کا بنا ہوا، آدمی)۔ •واصل: ملا ہوا، ملنے والا(وصل=ملنا، ملاپ)۔ •و: مگر۔
•خاکداں: زمین، دُنیا۔ •اے مژگاں گسل:آنکھیں چندھیا دینے والے، (مژگاں=پلک+گسل=توڑنے والا[گسیختن/گسلیدن=توڑنا])۔
•کجائی: تو کہاں ھے۔

رباعی نمبر - ۱۰۳

تراش از تیشۂ خود جادۂ خویش
براہِ دیگراں رفتن عذاب است

گر از دست تو کارِ نادر آید
گناھے ہم اَگر باشد ثواب است

ترجمہ

اپنے تیشے سے اپنی ذگر آپ تراش
دوسروں کے راستے پر چلنا عذاب ھے
اگر تیرے ھاتھوں کوئی انوکھا کام ھو جائے
وہ گناہ بھی ھو (تو) ثواب ھے

فرہنگ

•تراش: کاٹ، چھیل (تراشیدن=چھیلنا، کاٹنا، تراشنا)۔ •از تیشۂ خود: اپنے کلہاڑے سے (از=سے+تیشہ=بسولا، کلہاڑا+خود=اپنا)۔ • جادۂ خویش: اپنا راستہ، اپنی ڈگر (جادہ=راستہ، ڈگر+خویش=اپنا)۔ •براہِ دیگراں: دوسروں کے راستے پر (بہ=پہ+راہ=راستہ+دیگراں=دیگر کی جمع:دوسرے)۔ •رفتن: چلنا۔ •از دستِ تو: تیرے ہاتھ سے، تیرے ہاتھوں (از=سے+دست=ہاتھ+تو، تیرے)۔ •کارِ نادر آید: انوکھا کام ہو جائے (کار=کام+نادر=عجیب، انوکھا+آید= ہوجائے [آمدن=آنا، ہوجانا وغیرہ])۔ •ہم: بھی۔ •باشد: ہو (بودن=ہونا)۔

رباعی نمبر - ۱۰۴

بمنزل رهروِ دل در نسازد
بآب و آتش و گل در نسازد

نه پنداری که در تن آرمید است
که این دریا بساحل در نسازد

ترجمه

دل کا مُسافر منزل سے میل نہیں رکھتا
پانی اور آگ اور مٹّی سے موافقت نہیں کرتا
یہ مت سمجھ کہ (یہ) بدن میں سُستا رہا ہے
یہ دریا ، کنارے سے پیوند نہیں رکھتا

فرہنگ

•بمنزل: منزل سے(به=سے+منزل)_
•رهروِ دل: دل کا مسافر(رهرو=راستہ چلنے والا، مسافر+دل)_ •در نسازد: موافقت نہیں کرتا(درساختن=موافقت کرنا، میل رکھنا، راضی ہونا یا رہنا)_
•نه پنداری: تو یہ مت سمجھنا(پنداشتن=خیال کرنا، گمان کرنا)_ •آرمید است: آرام کر رہا ہے، سستا رہا ہے(آرمیدن=آرام کرنا، سستانا)_

رباعی نمبر - ۱۰۵

بیا با شاهد فطرت نظر باز
چرا در گوشۂ خلوت گزینی

ترا حق داد چشم پاک بینے
که از نورش نگاهے آفرینی

ترجمه

آ شاهد فطرت سے آنکھیں چار کر
تو کس لیے ایک گوشے میں اکیلا پڑا ہوا ہے
تجھے اللہ نے پاک بیں آنکھ عطا کی
کہ تو اُس کے نور سے نظر پیدا کرے

فرہنگ

•با شاهد
فطرت: شاهدِ فطرت کے ساتھ، حسین فطرت سے(با= کے ساتھ، سے+شاهد=حاضر، حسین، محبوب+فطرت=فطرت، کائنات)۔
•نظر باز: آنکھیں لڑا، آنکھیں چار کر، مشاهده کر(نظر باختن با ----- = کا مشاهده کرنا، دیکھنا)۔
•چرا: کس لیے۔ •در گوشۂ: ایک گوشے
میں(در=میں+گوشه+ء=ے=ایک)۔
•خلوت گزینی: تو خلوت گزیں ہے(خلوت گزیدن=تنہائی اختیار کرنا)۔ •حق داد:
اللہ نے عطا
کی(حق=اللہ+داد=بخشا، عطا کیا[دادن=دینا])۔ •چشم پاک
بینے: پاک بیں آنکھ(چشم=آنکھ+پاک بیں=پاک نظر رکھنے
والی/والا، دوسروں میں صرف اچھائی اور خوبی دیکھنے والی)۔
•از نورش: اُس کے نور
سے(از=سے+نور=روشنی+ش=اُس کے)۔ آفرینی: تو پیدا
کرے(آفریدن=پیدا کرنا)۔

رباعی نمبر - ۱۰۶

میانِ آب و گل خلوت گزیدم
ز افلاطون و فارابی بریدم

نکردم از کسے دریوزۂ چشم
جہاں را جز بچشمِ خود ندیدم

ترجمہ

پانی اور مٹّی کے بیچ میں نے تنہائی اختیار کی
افلاطون اور فارابی سے کنارہ کیا
میں نے کسی سے بھیک میں نگاہ نہیں مانگی
دُنیا کو بس اپنی آنکھوں سے دیکھا

فرہنگ

•میانِ آب و گل: پانی اور مٹّی کے بیچ (میان=بیچ، درمیان+آب=پانی+و=اور+گل=مٹّی)۔ •خلوت گزیدم: میں نے تنہائی اختیار کی(خلوت=تنہائی+گزیدم=میں نے اختیار کی، چُنی[گزیدن=اختیار کرنا، انتخاب کرنا])۔ •بریدم: میں نے کنارہ کیا(بریدن=کٹنا، الگ ہونا، کنارہ کرنا)۔ •نکردم از کسے دریوزۂ چشم: میں نے کسی سے آنکھوں کی بھیک نہیں مانگی، میں نے کسی نظر کا سوال نہیں کیا(نکردم=میں نے نہیں کیا+از=سے+کسے=کسی+دریوزۂ چشم=آنکھوں کی بھیک[دریوزہ=بھیک، سوال+چشم=آنکھ، نظر][دریوزہ کردن=سوال کرنا، بھیک مانگنا])۔ •جز بچشمِ خود: اپنی آنکھوں کے علاوہ[جُز=سوا، علاوہ+بہ=سے+چشم+خود=اپنی)۔

رباعی نمبر - ۱۰۷

ز آغازِ خودی کس را خبر نیست
خودی در حلقۂ شام و سحر نیست

ز خضر ایں نکتۂ نادر شنیدم
که بحر از موجِ خود دیرینه تر نیست

فرهنگ

•ز آغازِ خودی: خودی کی ابتداء کی، خودی کے آغاز کے بارے میں(ز=از: کی، کے بارے میں+آغاز+خودی)_
•نکتۂ نادر:
عجیب/انوکھی بات(نکته=چھپی ہونی باریک بات ، راز+نادر=عجیب ، انوکھی)_ •شنیدم: میں نے سنا(شنیدن=سننا)_ •موجِ خود: اپنی موج(موج+خود)_ •دیرینه تر: زیادہ پُرانا(دیرینه=پُرانا ، قدیم+تر=زیادہ)_

ترجمہ

خودی کی ابتدا کے بارے میں کسی کو خبر نیں
خودی صبح و شام کے گھیرے میں نیں ھے
میں نے خضر سے یہ عجیب بات سُنی
کہ سمندر اپنی موج سے زیادہ پُرانا نیں

رباعی نمبر - ۱۰۸

دلا رمزِ حیات از غنچه دریاب
حقیقت در مجازش بے حجاب است

زخاکِ تیره می روید و لیکن
نگاهش بر شعاعِ آفتاب است

فرہنگ

•دلا: اے دل۔
•دریاب: سمجھ، جان، حاصل کر(دریافتن=پانا، سمجھنا، جاننا، تحقیق کرنا)۔ •مجازش: اس کی تمثیل، مجاز، اعتبار(مجاز= تمثیل، اعتبار، غیر حقیقی+ش=اُس کا)۔
•خاک تیرہ: اندھیری مٹّی(خاک=مٹی+تیرہ=اندھیری)
•میروید: اُگتا ہے(رُستن=اُگنا)۔
•ولیکن: لیکن۔

ترجمہ

اے دل زندگی کا بھید غنچے سے سیکھ
اس کے مجاز میں حقیقت بے پردہ ہے
اندھیری مٹّی سے اُگتا ہے لیکن
اس کی نظر سورج کی کرن پر ہے

رباعی نمبر - ۱۰۹

فروغِ او به بزمِ باغ و راغ است
گل از صهبائے او روشن ایاغ است

شبِ کس در جهاں تاریک نگذاشت
که در هر دل ز داغِ او چراغ است

ترجمه

باغ اور صحرا کی محفل میں اُس کی روشنی ھے
اُس کی شراب سے پھول (جیسے) جگمگاتا ھوا پیالہ ھے
دُنیا میں کسی کی رات تاریک نہیں چھوڑی
کہ اُس کے (بخشے ھوئے) داغ سے ھر دل میں
چراغ (روشن) ھے

فرھنگ

•فروغِ او: اُس کی روشنی، چمک دمک (فروغ=روشنی +او=اُس کی)_ •ببزمِ باغ و راغ: باغ اور صحرا کی محفل میں (به=میں+بزم=محفل+باغ+و=اور+ راغ=صحرا، جنگل)_ •صہبائے او: اُس کی شراب (صہبا=شراب، سُرخ شراب+او=اُس کی)_•روشن ایاغ: روشن پیالہ (روشن= +ایاغ=شراب کا پیالہ)_
•شبِ کس : کسی کی رات (شب=رات+کس=کسی)_
•نگذاشت: نہ چھوڑی (گذاشتن=چھوڑنا) •ز داغِ او: اُس کے داغ سے (ز=از: سے+داغ= دل میں کسی کی محبّت کا مستقل ہو جانا+او=اُس کا)_

رباعی نمبر - ۱۱۰

ز خاکِ نرگستاں غُنچۂ رست
که خوابَ از چشمِ او شبنم فروشست

خودی از بیخودی آمد پدیدار
جهاں دریافت آخر آنچه می جُست

ترجمه

نرگس باغ کی مٹّی سے ایک ایسی کلی اُگی
که شبنم نے اُس کی آنکھوں سے نیند دھوئی
خودی بے خودی سے طلوع ہوئی
دُنیا جو کچھ ڈھونڈتی تھی آخر پا لیا

فرهنگ

•خاک نرگستاں: نرگس کے باغ کی مٹّی(خاک+نرگستاں=نرگس کا باغ، نرگس اُگنے کی جگه)۔
• رُست: اگا(رُستن=اُگنا)۔
•فروشست: دھو ڈالی(فروشُستن=دھونا،
•آمد پدیدار: ظاہر ہوئی(پدیدار آمدن=ظاہر ہونا)
•دریافت: اُس نے پایا(دریافتن=پانا)۔ •آنچه: جو کچھ۔ •می جُست:ڈھونڈتی تھی(جُستن=ڈھونڈنا)۔

رباعی نمبر - ۱۱۱

جهاں کز خود ندارد دستگاهے
بکوے آرزو می جُست راهے

زآغوشِ عدم دُزدیده بگریخت
گرفت اندر دلِ آدم پناهے

ترجمه

دُنیا جو خود سے (موجود ہونے کی) سکت نہیں رکھتی
کوے آرزو میں راستہ ڈھونڈ رہی تھی
عدم کے آغوش سے چوری چھپے سٹک گئی
(اور) آدم کے دل میں پناہ لے لی

فرہنگ

•دستگاهے : کوئی قدرت ، قوّت ، صلاحیت
•بکوے آرزو: آرزو کی گلی میں (به=میں+کو=گلی+آرزو=تمنّا ، حسرت)_ •می جُست: ڈھونڈتی تھی (جُستن=ڈھونڈنا)_ •زاهے : کوئی راستہ (راه+ے=کوئی) •ز آغوش عِدم : نیستی/عدم کے آغوش سے (ز=سے+آغوش+عدم=نیستی ، کچھ بھی نہ ہونا ، وجود کی ضد)_ •دُزدیده: چوری چھپے (دُزدیدن=چُرانا) •بگریخت : بھاگی ، فرار ہوئی (گریختن=بھاگنا ، فراربونا)_ •گرفت: اُس نے پکڑی ، حاصل کی (گرفتن=پکڑنا ، پانا ، حاصل کرنا)_ •اندر دلِ آدم: آدم کے دل میں (اندر=میں+دل+آدم)_

رباعی نمبر - ۱۱۲

دلِ من رازدانِ جسم و جان است
نه پنداری اجل بر من گران است

چه غم گر یک جهاں گم شد ز چشمم
هنوز اندر ضمیرم صد جهان است

ترجمه

میرا دل جسم اور روح کا رازداں ھے
تو یہ گمان مت کر (کہ) موت مجھ پر بھاری ھے
اگر میری آنکھ سے ایک جہان اوجھل ھو گیا تو کیا غم
ابھی میرے دل میں سیکڑوں عالم ھیں

فرهنگ

•نه پنداری: تو مت سمجھ ، مت سمجھنا (پنداشتن=سمجھنا ، گمان کرنا)_ •گراں: بھاری ، ناگوار_
•اندر ضمیرم :میرے دل میں (اندر=میں+ضمیر=دل+م=میرے)

رباعی نمبر - ۱۱۳

گلِ رعنا چو من در مشکلے هست
گرفتارِ طلسمِ محفلے هست

زبانِ برگِ او گویا نکردند
ولے در سینۂ چاکش دلے هست

ترجمه

(یه) خوشنما پھول (بھی) میری طرح مشکل میں ھے
(اِس) سبھا کے جادو میں گرفتار ھے
خدا نے اِس کی پنکھڑی کو گویائی نہیں دی
لیکن اِس کے چاک چاک سینے میں ایک دل ھے

فرهنگ

•گل رعنا: خوشنما پھول(گل=گلاب، پھول+رعنا=خوشنما(گلِ رعنا=ایک پھول کا نام))۔ •چومن: میری طرح(چو=جیسے، جوں+من=میں)۔ •درمشکلے: ایک بھاری مشکل میں (در=میں+مشکل+ے=بھاری)۔ •هست: ھے۔ •گرفتار طلسم محفلے: ایک محفل کے جادو میں گرفتار(گرفتار+طلسم=جادو+محفل+ے =ایک)۔ •زبانِ برگ او: اُس کی پنکھڑی کی زبان(زبان+برگ=پتّی، پنکھڑی+او=اُسکی)۔ •گویا: بولنے والی۔ •نکردند: اُنھوں نے نہیں کیا، خدا نے نہیں کیا(کردن=کرنا)۔ •ولے: لیکن۔ •درسینۂ چاکش :اس کے چاک چاک سینے میں(در=میں+سینه+چاک=پھٹا ہوا، چرا ہوا+ش=اُس کے)۔ •دلے: ایک دل(دل+ے=ایک)

رباعی نمبر - ١١٤

مزاجِ لالۂ خود رو شناسم
بشاخ اندر گلاں را بو شناسم

ازاں دارد مرا سرغِ چمن دوست
مقامِ نغمه هاے او شناسم

ترجمه

آپ ھی آپ اُگنے والے لالے کا مزاج جانتا ھوں
میں ٹہنی کے بیچ پھولوں کی بُو لے لیتا ھوں
چمن کا پرندہ مجھے اس لیے دوست رکھتا ھے
(کہ) میں اُس کے نغموں کی لے پہچانتا ھوں

فرھنگ

•مزاجِ لالۂ خودرو: آپ ہی آپ اُگنے والے لالے کا مزاج۔(مزاج=طبیعت عادت+لاله+خودرُو=آپ ہی آپ اُگنے والا، خود بخود اُگا ہوا)۔ شناسم: پہچانتا ہوں۔ (شناختن=پہچاننا، جاننا)۔ •بشاخ اندر: شاخ کے اندر،ٹہنی کے بیچ(به=کے+شاخ=ٹہنی+اندر=میں، بیچ)۔ •بوشناسم: سونگھ لیتا ہوں(بوشناسی=سونگھ لینا، سونگھنے کی تیز حس) •ازاں: اس لیے۔ •دارد: رکھتا ھے(داشتن=رکھنا)۔ •مقامِ نغمه ہاے او: اُس کے نغموں کا مقام، اُس کے گیتوں کی لے(مقام= موسیقی کی ایک اصطلاح: لے،گت، +نغمه ها=نغمه کی جمع+او=اُس کے)

رباعی نمبر - ۱۱۵

جہاں یک نغمہ زارِ آرزوے
بم و زیرش ز تارِ آرزوے

بچشمم ہر چہ ہست و بود و باشد
دمے از روزگارِ آرزوے

ترجمہ

دُنیا آرزو کا ایک گیت جھرنا
رزو کے تار سے اِس کا اُتار چڑھاؤ
یری نظر میں ہر گذشتہ اور موجودہ اور آئندہ
منّا کے زمانے کا ایک پل (ہے)

فرہنگ

•یک نغمہ زارِ آرزوے: آرزو کا ایک گیت جھرنا (یک=ایک+نغمہ زار=گیت جھرنا، ایسی جگہ جو نغموں سے بھری ہوئی ہو، جہاں نغمے پھوٹتے ہوں+آرزو+ے=زاند)۔ •بم و زیرش: اس کا اُتار چڑھاؤ (بم=اونچا سُر+و=اور+زیر=نیچا، دھیما سُر+ش=اُس کا)۔: •بچشمم: میری آنکھ میں (بہ=میں+چشم=آنکھ+م=میری)۔ •برچہ: جو کچھ۔
•ہست: ہے، موجود ہے۔
•بود: تھا، موجود تھا (بودن=ہونا)۔
•باشد: ہوگا (بودن=ہونا)۔
•دمے: ایک پل، ایک لمحہ۔
•از روزگارِ آرزوے: تمنّا کے زمانے کا۔ (از=سے، کا +روزگار=زمانہ، جگ+آرزو+ے)

رباعی نمبر - ۱۱۶

دلِ من بے قرارِ آرزوے
درونِ سینۂ من ھاے و ھوے

سخن اے ھمنشیں از من چہ خواھی
کہ من با خویش دارم گفتگوے

ترجمہ

میرا دل آرزو (کی شدّت) سے بے قرار
میرے سینے بیچ ھو حق
اے ھمنشیں تو مجھ سے کلام کی کیا توقّع رکھتا ھے
کہ میں تو اپنے آپ سے گفتگو میں مشغول ھوں

فرھنگ

•بے قرارِ آرزوے: ایک آرزو(کی وجہ) سے بے چین(بے قرار=بیاکل، بے چین+آرزو+ے=ایک۔ •درونِ سینۂ من: میرے سینے کے اندر۔ (درون= اندر، بھیتر+سینہ+من=میرے)۔ •ھاے و ھوے: ھوحق، ہا ہو، ھنگامہ، شورشرابا، نالہ و فریاد۔ •سخن: بات، کلام، گفتگو۔ •ازمن: مجھ سے(از=سے+من= مجھ)۔• چہ خواھی: کیا چاھتا ھے (چہ=کیا+خواہی=تو چاھتا ھے [خواستن=چاھنا، طلب کرنا، خواہش کرنا])۔ •باخویش: اپنے ساتھ، اپنے آپ سے(با=ساتھ، سے+خویش=خود، اپنا آپ)۔ •دارم: میں رکھتا ہوں، مشغول ہوں(داشتن=رکھنا، مشغول ہونا)

رباعی نمبر - ۱۱۷

دوامِ ما ز سوزِ ناتمام است
چو ماهی جز تپش بر ما حرام است

مجو ساحل که در آغوشِ ساحل
تپیدِ یک دم و مرگِ دوام است

فرہنگ

•دوامِ ما: ہماری ہمیشگی (دوام=ہمیشگی، ٹھہراؤ، ثبات+ما=ہماری)۔ •سوز نا تمام: ادھوری تپش (سوز=تپش، جلن+ناتمام=نا مکمّل، ادھوری)۔ •چومابی: مچھلی کی طرح (چو=جیسے، مانند، جوں+مابی=مچھلی)۔ •جُز: سوائے، علاوہ۔ •تپش: گرمی، تڑپ۔ •مجو: مت ڈھونڈ، مت تلاش کر (جُستن=ڈھونڈنا)۔ •تپیدِ یک دم: ایک پل کی تڑپ (تپید=تڑپ [تپیدن=تڑپنا]+یک+دم=سانس، پل)۔ •مرگِ دوام: ہمیشہ کی موت (مرگ=موت+دوام=ہمیشہ)

ترجمہ

ہمارا دوام سوزِ ناتمام سے ہے
مچھلی کی طرح ہم پر تڑپ کے علاوہ (ہر چیز) حرام ہے
کنارہ مت ڈھونڈ کہ کنارے کی آغوش میں
پل بھر کی تڑپ پھڑک ہے اور (پھر) ہمیشہ کی موت

رباعی نمبر - ۱۱۸

مرنج از برهمن اے واعظ شهر
گر از ما سجدۂ پیش بتاں خواست

خدائے ما که خود صورت گری کرد
بتے را سجدۂ از قدسیاں خواست

ترجمه

اے واعظ شہر برهمن سے خفا مت هو
اگر اُس نے هم سے بتوں کے آگے ماتھا ٹیکنے
کی خواهش کی
همارا رب که (جس نے) خود صورت گری کی
(اُس نے بھی) فرشتوں سے ایک بُت کو سجده طلب کیا

فرهنگ

•مرنج: نه بگڑ، خفا مت هو(رنجیدن=دکھی هونا، ناراض هونا)_ •سجدۂ: ایک سجده_ (سجده+ء=ے=ایک)_ •پیشِ بتاں: بتوں کے آگے(پیش=سامنے، آگے+ بتاں=بُت کی جمع)_ •خواست: اُس نے چاہا، طلب کیا(خواستن=طلب کرنا، خواہش کرنا)_ •صورت گری کرد: اُس نے صورت گری کی(صورت گری کردن=صورت بنانا)_ •ازقدسیاں: فرشتوں سے(از=سے+قدسیاں=قدسی کی جمع، فرشتے)

رباعی نمبر - ۱۱۹

حکیماں گرچہ صد پیکر شکستند
مقیمِ سومنات بود و ہستند

چساں افرشتہ و یزداں بگیرند
ہنوز آدم بفتراکے نہ بستند

ترجمہ

اگرچہ فلسفیوں نے سیکڑوں بُت توڑے
(پھر بھی وہ) ہست و بود کے سومنات
میں پڑے ہوئے ہیں
فرشتے اور خدا کو کس طرح گرفت میں لائیں
اُنھوں نے ابھی آدمی ہی کو فتراک میں نہیں باندھا

فرہنگ

حکیماں: حکیم کی جمع، فلسفی۔ •شکستند: اُنھوں نے توڑے (شکستن=توڑنا)۔ •مقیم سومنات بود و ہستند: عارضی موجودات کے سومنات میں رہتے ہیں۔ ظاہری دُنیا میں رکے ہوئے ہیں (مقیم=رکنے والا، ٹھہرنے والا، رہنے والا + سومنات +بود=تھا+و=اور+ہست= ہے+اند=وہ ہیں (ہست و بود=عالم ممکنات) [بودن=ہونا+ہستن=موجود ہونا]۔)۔ •چساں: کسطرح۔ کیسے۔ •افرشتہ: فرشتہ۔ •یزداں: خدا۔ •بگیرند: وہ پکڑیں سمجھیں، (گرفتن=پکڑنا، سمجھنا، بوجھنا)۔ •ہنوز: اب تک۔ •آدم: آدمی۔ •بفترا کے: شکار بند میں (بہ=میں+فتراک=زین کے ساتھ لگے ہوئے تسمے یا چمڑے کے پٹے جو شکار کو باندھنے کے کام آتے ہیں، شکار بند+ے=زائد)۔ •نہ بستند: انھوں نے نہیں باندھا۔ (بستن= باندھنا)

رباعی نمبر - ۱۲۰

جهانها روید از مُشتِ گلِ من
بیا سرمایه گیر از حاصلِ من

غلط کر دی رہِ سر منزلِ دوست
دمے گم شو بصحرائے دلِ من

ترجمہ

میری مشت خاک سے کائنات اُگتی ھے
آ میری کھیتی سے فصل انبار کر
تو نے دوست کی منزل کا راستہ گم کر دیا
پل بھر کو میرے دل کے صحرا میں کھو جا

فرہنگ

•جهانها: جهان کی جمع، دُنیائیں، کائنات ،•روید: اُگتاھے(رُستن=اُگنا) •ازمشتِ گلِ من: میری مٹھی بھر مٹی سے(از=سے+مُشت=مُٹھی+گل=مٹی+من=میری)۔ •سرمایه: دولت، متاع ،•گیر: پکڑ، حاصل کر(گرفتن=پکڑنا ، حاصل کرنا)۔ •از حاصلِ من: میری کھیتی سے، میری فصل سے(از=سے+حاصل=کھیتی، باغ، فصل)۔ •غلط کردی: تونے کھودی ،. گم کردی(غلط کردن= کھو دینا ، گم کردینا)۔ •رہ سرِ منزلِ دوست: دوست کی منزل کا راستہ(رہ=راہ، راستہ+سرمنزل=مقام، منزل+دوست)۔ •دمے: پل بھر۔ •گم شو: کھو جا، گمُ ہو جا۔ •بصحرائے دل من: میرے دل کے صحرا میں(به=میں+ صحرا+دل+من=میرے)

رباعی نمبر - ۱۲۱

هزاراں سال با فطرت نشستم
باو پیوستم و از خود گسستم

ولیکن سرگزشتم این دو حرف است
تراشیدم ، پرستیدم ، شکستم

ترجمہ

میں ہزاروں برس فطرت کے ساتھ رہا
اُس میں پیوست اور خود سے جُدا
لیکن میرا ماجرا بس اتنا سا ہے
میں نے تراشا ، میں نے پوجا ، میں نے توڑا

فرہنگ

•بافطرت :کائنات کے ساتھ (با=ساتھ ، همراه+فطرت=کائنات)_ •نشستم: میں بیٹھا ، میں رہا_ (نشستن=بیٹھنا ، رهنا)_ •باو: اُس کے ساتھ (به=ساتھ+او=اُس کے)_ •پیوستم: میں مل گیا ، جڑ گیا (پیوستن=مل جانا ، جُڑ جانا)_ •ازخود: اپنے آپ سے (از=سے+خود)_ •گسستم: میں جُدا ہو گیا ، دور ہو گیا ، ٹوٹ گیا (گسستن=ٹوٹنا ، جُدا ہو جانا ، دور ہو جانا)_ •ولیکن: لیکن •سرگزشتم: میرا ماجرا_ •این دوحرف است: یہ دوحرف ہیں ، بس اتنا سا ہے (این=دو+حرف+است=ہے)_ •تراشیدم :میں نے پوجا (پرستیدن=پوُجنا)_ •شکستم: میں نے توڑا (شکستن=توڑنا)

رباعی نمبر - ۱۲۲

به پهنای ازل پر می کشودم
ز بندِ آب و گل بیگانه بودم

بچشمِ تو بهاے من بلند است
که آوردی ببازارِ وجودم

ترجمه

میں ازل کے پھیلاؤ میں پر کھولتا تھا
مٹی اور پانی کی قید سے انجان تھا
تیری نظر میں میرا مول اونچا ھے
اسی لیے تو مجھے وجود کے بازار میں لایا

فرهنگ

•به پهناے ازل: ازل کے پھیلاؤ میں(به=میں+پهنا=فراخ، کشادہ، چوڑا[پهنائی=پھیلاؤ]+ازل=ایسی ہمیشگی جس سے پہلے کچھ نہ ہو، ما قبلِ زمان)_ •پر می کشودم:میں پر کھولتا تھا، میں اُڑتا تھا(پر+می کشودم=میں کھولتا تھا[کشودن=کھولنا])_ •زبندآب و گل: پانی اور مٹی کی قید سے(ز=سے+بند=قید+آب=پانی+و=+گل=مٹی)_
•بهاے من: میرا مول(بها=قیمت، مول+من=میرا)_
•آوردی: تولایا_
(آوردن=لانا)_ •ببازارِ وجودم: مجھے وجود کے بازار میں(به=میں+بازار+وجود+م=مجھے)

رباعی نمبر -۱۲۳

درونم جلوۂ افکار ایں چیست!
برونِ من همه اسرار ایں چیست!

بفرما اے حکیمِ نکته پرداز
بدن آسوده جاں سیّار ایں چیست!

ترجمه

میرے اندر افکار کی روشنی! یه کیا هے؟
میرے باهر سب کا سب راز! یه کیا هے؟
اے نکته پرداز فلسفی (یه تو) فرما
بدن ساکن (اور) روح سیلانی! یه کیا هے؟

فرهنگ

•درونم: میرے اندر، میرے باطن میں(دروں=اندر، باطن+م=میرے)۔ •جلوۂ افکار: افکار کا جلوه(جلوه+افکار=فکر کی جمع، خیال، گیان دھیان)۔ •این چیست: یه کیا هے(این=یه+چه=کیا+است=هے)۔ •برونِ من: میرے باہر(بروں=باہر+من=میرے)۔ •همه: تمام، سب کا سب۔ •اسرار: سرّ کی جمع، راز، بھید۔ •بفرما: تو فرما(فرمودن=فرمانا)۔ •حکیمِ نکته پرداز: بات کی ته تک پہنچنے والا) فلسفی •آسوده: ٹھہرا ہوا، ساکت(آسودن=سونا، سستانا، آرام پانا وغیره)۔ •سیّار: سیر کرنے والی، گھومنے والی، گردش کرنے والی۔

رباعی نمبر - ١٢٤

بخود نازم گدائے بے نیازم
تپم، سوزم، گدازم، نَے نوازم

ترا از نغمه در آتش نشاندم
سکندر فطرتم آئینه سازم

ترجمه

میں بے نیاز فقیر ہوں خود پر نازاں
تڑپتا ہوں، جلتا ہوں، پگھلتا ہوں، مُرلی بجاتا ہوں
(اور اس کی) لے سے تجھے آگ میں جھونک دیا
میں فطرت کا سکندر ہوں (تجھے) آئینہ بناتا ہوں

فرہنگ

•بخودنازم: میں خود پر فخر کرتا ہوں(به=پر+خود+نازم=میں ناز کرتا ہوں[نازیدن=نازکرنا]_ •گدائے بے نیازم: بے نیاز فقیر ہوں(گدا=فقیر+بے نیاز=آزاد، بے پروا، بے تمنّا+م=ہوں)_ •تپم:تڑپتا ہوں(تپیدن=تڑپنا)_ •سوزم: جلتا ہوں(سوختن=جلنا)_ •گدازم: پگھلتا ہوں(گداختن=پگھلنا•_ •نے نوازم: مرُلی بجاتا ہوں (نے=بانسری، مُرلی+نواز= نوازندہ، بجانے والا[نے نواختن=بانسری بجانا]•ترا: تجھے(تو+را=کو)_ •درآتش نشاندم: میں نے آگ میں جھونک دیا، میں نے بے قرار رکھا(درآتش نشاندن=آگ میں جھونک دینا، بے قرار رکھنا)_ •سکندرفطرتم: میں سکندر جیسی فطرت رکھتا ہوں_ •آئینه سازم:آئینہ بناتا ہوں_ (ساختن=بنانا)_

•آگاہی: تو واقف ہے(آگاہ+ی=تو ہے)_ •ازکیف و کم خویش: اپنی

رباعی نمبر - ۱۲۵

اگر آگاهی از کیف و کمِ خویش
یمے تعمیر کن از شبنمِ خویش

دلا دریوزۂ مهتاب تاکے
شبِ خود را برافروز از دمِ خویش

ترجمه

اگر تو اپنے کیف و کم سے واقف ھے
(تو) اپنی اوس سے دریا تعمیر کر
اے دل چاند کی گدائی کب تک
اپنی رات کو اپنے دم سے اُجال

فرهنگ

کیفیت اور کمیت
سے(از=سے+کیف=کیسا ، کیفیت ، حالت ، خاصیت+و=اور+کم=کتنا ، مقدار ، تعداد ، کمیت+خویش=اپنی)_ •یمے: ایک سمندر ، دریا(یم=سمندر+ے=ایک)_ •تعمیرکن:تعمیرکر ، بنا(تعمیر کردن=بنانا)_ •ازشبنمِ خویش: اپنی شبنم
سے(از=سے+شبنم=اوس+خویش=اپنی)_ •دلا: اے دل_ •دریوزۂ مهتاب: چاند کی گدائی(دریوزه=بھیک ، گدائی+مهتاب=چاند) •تاکے: کب تک(تا=تک+کے=کب)_ •شب خودرا: اپنی رات
کو(شب=رات+خود=اپنی+را=کو) •برافروز: روشن کر ، اُجال(برافروختن=روشن کرنا)_ •ازدمِ خویشِ: اپنے دم سے
(از=سے+دم=سانس ، پھونک ، جان ، طاقت+خویش=اپنے)_

رباعی نمبر -۱۲۶

چه غم داری، حیاتِ دل ز دم نیست
که دل در حلقۂ بود و عدم نیست

مخور اے کم نظر اندیشۂ مرگ
اگر دم رفت دل باقیست غم نیست

ترجمہ

تو غمگین کیوں ہے؟ دل کی زندگی سانس
(کی آمدورفت) سے نیں ہے
کیونکہ دل ہونے اور نہ ہونے کے گھیرے میں نیں ہے
اے غافل موت کا خوف مت کھا
سانس اگر کوچ کر گئی (تو) غم نیں دل (تو) باقی ہے

فرہنگ

•چہ غم داری: تو کیا غم رکھتا ہے(چہ=کیا+غم=غم، فکر+داری=تو
•ز دم نیست: سانس سے نیں ہے (ز=سے+دم=سانس+نیست=نیں ہے)۔ •در حلقۂ بود و عدم: ہستی اور نیستی کے حلقے میں(در=میں+حلقہ=گھیرا، دائرۂ بود=وجود، ہستی+و=اور=اثر+ عدم=نیستی، نہ ہونا)۔
•مخور: مت کھا(خوردن=کھانا)۔
•اے کم نظر: اے غافل، نادان، بے خبر(اے+کم نظر=غافل، عاقبت نا اندیش، نادان)۔
•رفت: وہ کوچ کرگیا(رفتن=جانا)۔

رباعی نمبر - ۱۲۷

تو اے دل تا نشینی در کنارم
ز تشریفِ شہاں خوشتر گلیمم

درون سینه ام باشی پس از مرگ؟
من از دستِ تو در اُمیَد و بیمم

ترجمه

اے دل تو جب تک میرے پہلو میں ہے
میری کملی بادشاہوں کی خلعت سے اچھی ہے
(کیا) تو موت کے بعد (بھی) میرے سینے میں رہے گا؟
میں تیرے ہاتھوں (اسی) اُمیدو بیم میں ہوں

فرہنگ

•تا: جب تک _ •نشینی: تو رہے گا (نشستن=رہنا ، مقیم ہونا)_
•درکنارم: میرے آغوش میں ، میری بغل میں (در=میں+کنار=آغوش ، بغل ، پہلو+م=میرے)_ •ز تشریف شہاں: بادشاہوں کی خلعت سے (ز=سے+تشریف=خلعت ، پوشاک جو بادشاہوں کی طرف سے انعام میں دی جائے+شہاں=شہ کی جمع ، بادشاہ)_ •خوشتر: زیادہ اچھی ، بہتر_ •گلیمم: میری کملی (گلیم =کملی ، کمبل+م=میری)_
•درُون سینه ام: میرے سینے میں (درون=اندر+سینہ+ام=میرے)_
•باشی: تو رہے گا (بودن=رہنا ، بسنا)_ •از دست تو: تیرے ہاتھوں (از=سے+دست=ہاتھ ، قدرت+تو=تیرے)_ •در اُمیَد و بیمم: اُمیَد اور بیم میں ہوں (در=میں+اُمید=توقّع ، آس ، بھروسا+و=اور+بیم=خوف ، اندیشہ ، ڈر+م=ہوں)_

رباعی نمبر -۱۲۸

ز من گو صوفیانِ با صفا را
خدا جویانِ معنی آشنا را

غلامِ همّت آں خود پرستم
که بانورِ خودی بیند خدا را

ترجمه

میری طرف سے پاک باطن صوفیوں سے کہنا
(یعنی) خدا کو ڈھونڈنے والے گیانیوں سے
میں (تو) اُس خود پرست کی همّت کا بنده هوں
جو خدا کو خودی کے نور سے دیکھتا هے

فرهنگ

•زمن: میری طرف سے(ز=طرف سے+من=میری)_ •گو: کہ (گفتن= کہنا)_•صوفیانِ با صفا را: پاک دل صوفیوں سے (صوفیاں= صوفی کی .جمع+باصفا=صفا رکھنے والے، پاک دل،سینہ صاف،روشن دل+را= کو،سے)_•خُدا جویانِ معنی آشنا را: خدا کو ڈھونڈنے والے گیانیوں سے(خداجویاں=خدا جو کی جمع، خدا کو ڈھونڈنے والے[جُستن= ڈھونڈنا]+معنی آشنا=عارف، گیانی، حقیقت جاننے والے[معنی=حقیقت +آشنا=واقف]+را=کو، سے)_
•غلامِ همّتِ آں خود پرستم: میں اُس خود پرست کی همّت کا غلام ہوں(غلام=چاکر، بنده+همت= حصولِ کمال کے لیے حق تعالیٰ کی طرف قلب کا متوجّہ ہو جانا اور تمام روحانی قویٰ کے ساتھ الله جلّ جلالہ کے قُرب کا ارادہ کرنا+ آن=اُس+خود پرست=آن والا، شانِ معبودیت کا اپنی خودی میں مشاہدہ کرکے حق تعالیٰ کی عبادت بجا لانے والا

رباعی نمبر - ۱۲۹

چو نرگس ایں چمن نادیدہ مگذر
چو بو در غنچۂ پیچیدہ مگذر

ترا حق دیدۂ روشن ترے داد
خرد بیدار و دل خوابیدہ مگذر

ترجمہ

نرگس کی طرح یہ چمن بِن دیکھے مت گزر
خوشبو کی طرح کسی کلی میں منڈکری مارے نہ سدھار
تجھے خدا نے ایک خوب روشن آنکھ بخشی ھے
بیدار عقل مگر خوابیدہ دل کے ساتھ مت گزر

فرھنگ

•چو نرگس: نرگس کی طرح (چو=جوں ، طرح+نرگس)۔
•ایں چمن نادیدہ مگذر: یہ چمن دیکھے بغیر مت گزر (ایں=یہ+چمن=باغ+نادیدہ=بن دیکھے ، بغیر دیکھے+مگذر=مت گزر(گذشتن=گزرنا))۔ •چو بو: خوشبو کی طرح(چو=طرح ، جوں+بو=خوشبو)۔ •در غنچۂ: کسی کلی میں(در=میں+غنچہ= کلی+ء=ے=کسی)۔ •پیچیدہ: لپٹا ہوا ، بل کھایا ہوا ، منڈکری مارے(پیچیدن=لپٹنا ، بل کھانا)۔
•خرد بیدار:جاگتی ہوئی عقل کے ساتھ(خرد =دُنیاوی عقل+بیدار= جاگتی ہوئی)۔ •و: مگر۔
•دل خوابیدہ: سوئے ہوئے دل کے ساتھ(دل+خوابیدہ=سویا ہوا ، غافل)

رباعی نمبر -۱۳۰

تراشیدم صنم بر صورت خویش
بشکل خود خدا را نقش بستم

مرا از خود بروں رفتن محال است
بهر رنگے که هستم خود پرستم

ترجمه

میں نے اپنی صورت پر بُت تراشا
خدا کو (بھی) اپنی شکل میں تصَور کیا
میرے لیے اپنے آپ سے باهر نکلنا ممکن نیں
میں جس رنگ میں بھی هوں خود پرست هوں

فرهنگ

تراشیدم: میں نے تراشا (تراشیدن=تراشنا)۔
•بر صورت خویش: اپنی صورت پر (بر=پر+صورت+خویش=اپنی)۔
•نقش بستم: میں نے تصور کیا، خیال باندها (نقش بستن=خیال باندهنا، تصور کرنا)۔ •رفتن: جانا۔
•بر رنگے: بر رنگ میں، جس بھی رنگ میں (بہ=میں+بر+رنگ=رنگ، ڈهنگ، طور، روپ+ے=یاے تاکید)۔
•هستم: میں هوں (هستن=هونا)۔
•خود پرستم: خود کو پوجنے والا هوں (خود پرست=اپنی پوجا کرنے والا

رباعی نمبر - ۱۳۱

به شبنم غنچۂ نو رُسته می گفت
نگاہِ ما چمن زاداں رسا نیست

دراں پہنا کہ صد خورشید دارد
تمیزِ پست و بالا ہست یا نیست؟

فرہنگ

•می گفت: کہتا تھا (گفتن=کہنا)۔ •نگاہ ما چمن زاداں: ہم چمن زادوں کی نگاہ (نگاہ=نظر+ ما=ہم+چمن‌زاداں=چمن میں پیدا ہونے والے[زادن=پیدا ہونا])۔ •رسا: پہنچ رکھنے والی، پہنچنہار۔ •درآں پہنا: اُس وسعت میں (در=میں+آں=اُس+پہنا=وسعت، فراخی، پھیلاؤ)۔ •دارد: رکھتا ہے (داشتن=رکھنا)۔

ترجمہ

تازہ تازہ کھلی ہوئی کلی شبنم سے کہتی تھی
ہم چمن زادوں کی نگاہ پہنچ نہیں رکھتی
اُس وسعت میں جو سیکڑوں سورج رکھتی ہے
پست و بلند کی تفریق ہے یا نہیں؟

رباعی نمبر -۱۳۲

زمیں را راز دانِ آسماں گیر
مکاں را شرحِ رمزِ لا مکاں گیر

پرد ہر ذرّہ سوے منزلِ دوست
نشانِ راہ از ریگِ رواں گیر

ترجمہ

زمین کو آسمان کا رازداں سمجھ
مکاں کو لامکاں کے بھید کی شرح جان
ہر ذرّہ منزلِ دوست کی طرف اُڑان میں ہے
اُڑتی ہوئی ریت سے راستے کا سُراغ لے

فرہنگ

•گیر: تو سمجھ (گرفتن=سمجھنا)۔ • مکان: کائنات ،دُنیا ، وہ امر یا شے جس پر دوسری شے قائم ہو، ہر وہ جگہ جہاں مادّی اوصاف پائے جائیں۔ •شرحِ رمزِ لامکاں: لامکاں کے بھید کی شرح (شرح+رمز= راز ،بھید+لامکاں=وہ مقام جس میں مکان کے اوصاف نہ پائے جائیں ، مکان سے ماوراء ، عالمِ جبروت ، عالمِ قدس ، عالمِ صفات الہٰ ،)۔ •پرد : اُڑتا ہے (پریدن=اُڑنا)۔ •نشانِ راہ: راستے کا سُراغ ، پتہ (نشان=سُراغ ، پتہ ، علامت+ راہ=راستہ)۔ •از ریگِ رواں: بہتی اُڑتی ہوئی ریت سے (از=سے+ریگ=ریت+رواں=اُڑتی ہوئی ، بہتی ہوئی)۔

رباعی نمبر -۱۳۳

ضمیرِ کُن فکاں غیر از تو کس نیست
نشانِ بے نشاں غیر از تو کس نیست

قدم بے باک تر نہ در رہِ زیست
بہ پہنائے جہاں غیر از تو کس نیست

ترجمہ

تخلیق کا بھید تیرے سوا کوئی نیں ہے
بے نشاں کا نشان تیرے علاوہ کوئی نیں ہے
زندگی کے راستے میں اور زیادہ بے جھجھک قدم رکھ
کائنات کی وسعت میں بس تو ہے اور کوئی نیں

فرہنگ

ضمیرِ کن فکاں: تخلیق کا راز(ضمیر= باطن ، راز+کن فکاں= ہوجا: پس ہو گیا ، تخلیق ، تمام موجودات[کن=ہوجا ، اللہ تعالی نے تمام موجودات کو اس کلمے سے پیدا فرمایا+فکاں=پس ہوگیا])۔ •غیر از تو:تیرے سوا ، تیرے علاوہ۔ •نشانِ بے نشاں: بے نشاں کا نشان ، بالکل چھپے ہوئے کا سُراغ(نشان=پتا ، سُراغ ، علامت+بے نشاں=جس کا کوئی پتہ اور سُراغ نیں ہو ، بالکل چھپا ہوا یعنی خدا جس کی طرف اشارہ نہ کیاجا سکے)۔ •قدم بے باک تر نہ: بالکل بے جھجک قدم رکھ(قدم+بے باک=بے جھجک ، بے خوف+تر=زیادہ ، خوب+نہ=رکھ(قدم نہادن= قدم رکھنا)۔

رباعی نمبر -۱۳٤

زمیں خاک درِ میخانۂ ما
فلک یک گردشِ پیمانۂ ما

حدیثِ سوز و سازِ ما دراز است
جہاں دیباچۂ افسانۂ ما

فرہنگ

•گردشِ پیمانۂ ما:ہمارے پیالے کا دور(گردش=چکّر، دور+پیمانہ= شراب کا پیالہ+ما=ہمارے)۔
•حدیثِ سوز و سازِ ما: ہماری تپش اور مستی کا بیان(حدیث= بات ،بیان +سوز=تپش ،جلن، فراق کی کیفیت و=اور+ساز=لگن، مستی، سامان، وصال کی کیفیت+ ما=ہماری)۔•دیباچۂ افسانۂ ما: ہماری سرگذشت کا ابتدائیہ(دیباچہ=کتاب کی تمہید + افسانہ +ما)۔

ترجمہ

زمین ہمارے میخانے کی چوکھٹ کی مٹّی
آسمان ہمارے پیالے کا ایک دور
ہماری تپش اور مستی کا بیان لمبا ہے
کائنات ہماری سرگزشت کی تمہد

رباعی نمبر -۱۳۵

سکندر رفت و شمشیر و علم رفت
خراجِ شهر و گنجِ کان و یم رفت

اُمم را از شهاں پاینده تر داں
نمی بینی که ایراں ماند و جم رفت؟

ترجمه

سکندر کوچ کر گیا اور تلوار اور عَلم گئے
سلطنت کا خراج اور زمین اور سمندر کا خزانه گیا
قومون کو بادشاهون سے پائنده تر جان
کیا تو نهیں دیکهتا که ایران ره گیا اور جمشید
رُخصت هو گیا

فرهنگ

•رفت: وُه گیا(رفتن=جانا)_ •علم: جهنڈا ، نشان_ •خراجِ شهر: سلطنت کا خراج(خراج+شهر=سلطنت ، مملکت)_ •گنجِ کان و یم: کان اور سمندر کا خزانه(گنج=خزانه ، دولت ، دفینه+کان=کان مجازاً زمین+و=اور+یم=دریا ، سمندر)_ •اُمم: امّت کی جمع ، قومیں_ •داں: تو جان ، سمجھ (دانستن=جاننا ، سمجھنا)_ •نمی بینی: کیا تو نهیں دیکهتا(دیدن=دیکهنا)_ •ماند: ره گیا(ماندن=رهنا ، بچ رهنا)_

رباعی نمبر -۱۳۶

ربودی دل ز چاکِ سینۂ من
بغارت بردۂ گنجینۂ من

متاعِ آرزویم با که دادی؟
چه کردی با غمِ دیرینۂ من؟

ترجمہ

میرے سینے کے چاک سے تو نے دل اُچک لیا
تو میرا خزانہ لوٹ میں لے گیا
میری آرزو کی پونجی تو نے کسے دے دی؟
کیا کیا تو نے میرے دیرینہ غم کا؟

فرہنگ

•ربودی: تو نے اُچک لیا، کھینچ لیا(ربودن=اُچک لینا، اپنی طرف کھینچنا)۔ •ز چاکِ سینۂ من: میرے سینے کے چاک سے(ز=از=سے+چاک=شگاف، چاک+سینہ+من=میرے)۔
•بغارت:لوٹ میں، یلغار میں(بہ=میں+غارت=لوٹ،یلغار)۔
•بردۂ: تو لے گیا(بردن=لے جانا، پکڑنا)۔ •گنجینۂ من: میرا خزانہ(گنجینہ=خزانہ، مال و متاع+من=میرا)۔ •متاعِ آرزویم: میری آرزو کی پونجی(متاع=پونجی، اثاثہ، جمع جتھا+آرزو+ام=میری)۔
•باکہ: کس کو، کسے (با=کو+کہ=کس، کون)۔
•دادی: تو نے دی(دادن=دینا)۔
•کردی: تو نے کیا(کردن=کرنا)
میرے پُرانے غم کے ساتھ(با=کا،کے ساتھ+غم+دیرینہ=پُرانا+من=میرے، میرا)۔

رباعی نمبر -۱۳۷

ز پیشِ من جهانِ رنگ و بو رفت
زمین و آسمان و چار سو رفت

تو رفتی اے دل از هنگامۂ او؟
ویا از خلوت آبادِ تو او رفت؟

فرهنگ

•ز پیش من:میرے سامنے سے (ز=از=سے+پیش=سامنے، آگے+من=میرے)۔ •جہانِ رنگ و بو: رنگ اور خوشبو کا عالم، حسّی دُنیا (جہان=دُنیا، کائنات+رنگ+و= اور+بو=خوشبو)۔
•رفت: گئی، اوجھل ہوگئی (رفتن=جانا، اوجھل ہوجانا)۔
•چار سو: چار کھونٹ، چار سمتیں (چار+سو=طرف، جہت، سمت)۔ •تو رفتی: تو گیا، تو نکل گیا (رفتن=جانا، کوچ کرجانا، رُخصت ہونا)۔ •ویا: یا، یا پھر۔

ترجمہ

یہ چم خم والی دُنیا میرے سامنے سے اوجھل ہو گئی
زمین و آسمان اور چاروں کھونٹ گم ہو گئے
اے دل۔ تو اُس کے میلے سے چلا آیا
یا وہ تیری بھری پُری خلوت سے نکل گیا

رباعی نمبر -۱۳۸

مرا از پردۂ ساز آگھی نیست
ولے دانم نواے زندگی چیست

سرودم آنچناں در شاخساراں
گل از مُرغِ چمن پُرسد کہ ایں کیست

ترجمہ

مجھے ساز کے آھنگ سے واقفیت نہیں ھے
لیکن میں جانتا ھوں زندگی کا نغمہ کیا ھے؟
میں نے پیڑوں کے جھُنڈ میں ایسے گیت الاپا
(کہ) پھول مُرغِ چمن سے پوچھتا ھے کہ یہ کون ھے؟

فرھنگ

•از پردۂ ساز: ساز کے سُر سے (از=سے+پردہ=ساز میں لگے پیتل کے بٹن وغیرہ جن سے مختلف سُر نکالے جاتے ھیں، سُر، سرگم، آھنگ+ساز=ستار وغیرہ)۔
• سرودم: میں نے گایا، (سرودن=گانا)۔
•آنچناں: اسطرح، ایسے۔ •در شاخساراں: شاخساروں میں (در=میں+شاخساراں=شاخسار کی جمع، درختوں کے جھنڈ)۔
•پُرسد: پوچھتا ھے (پُرسیدن=پوچھنا)۔ •کیست: کون ھے (کہ=کون+است=ھے)۔

رباعی نمبر -۱۳۹

نوا مستانه در محفل زدم من
شرارِ زندگی برگِل زدم من

دل از نورِ خرد کردم ضیا گیر
خرد را بر عیارِ دل زدم من

ترجمه

میں نے محفل میں مستانہ وار نغمہ چھیڑا
مٹّی (کے پتلوں) میں زندگی کی چنگاری پھونکی
عقل کے نور سے دل روشن کیا
(اور پھر) عقل کو دل کی کسوٹی پر رکھا

فرہنگ

•مستانہ:مستوں متوالوں کی طرح۔
•زدم من: میں نے چھیڑا، الاپا، گایا(زدن=نوازدن=گانا، گیت چھیڑنا)۔ •شرارِ زندگی: زندگی کی چنگاری(شرار=چنگاری+زندگی)۔
•زدم من: میں نے پھونکی(شرارزدن:چنگاری پھونکنا)۔
•از نورِ خرد: عقل کے نور سے، خرد کی روشنی سے (از=سے+نور+خرد=عقل)۔
•کردم: میں نے کیا(کردن=کرنا)۔
•ضیاء گیر: روشن، منور، روشنی اخذ کرنے والا(ضیاء=روشنی+گیر=گیرندہ=پکڑنے والا، اخذ کرنے والا(گرفتن=پکڑنا، اخذ کرنا))۔ •بر عیارِ دل زدم من: میں نے دل کی کسوٹی پر رکھا(بر=پر+عیار=کسوٹی+دل+زدم من=میں نے رکھا، پرکھا(بر عیارزدن=کسوٹی پررکھنا))۔

رباعی نمبر - ۱۴۰

عجم از نغمه هاے من جواں شد
ز سودایم متاعِ او گراں شد

هجومے بود رہ گم کردہ در دشت
ز آوازِ درایم کارواں شد

ترجمہ

عجم میرے نغموں سے جی اُٹھا
میرے جنوں سے اس کے مال کا مول اُونچا ہو گیا
بیابان میں راہ بھولا ہوا ایک ہجوم تھا
(جو) میرے جرس کی آواز سے قافلہ بن گیا

فرہنگ

•عجم: غیر عرب ممالک۔ •از نغمہ ہاے من: میرے نغموں سے(از=سے+ نغمہ ہا=نغمہ کی جمع+من=میرے). •زسودایم: میرے جنوں ،دیوانگی سے(ز=از=سے+سودا=جنوں دیوانگی+ام=میرے)۔ •متاعِ او: اُس کامال (متاع=اسبابِ تجارت+او=اُس کا)۔ •گراں: مہنگا، قیمتی، اہم۔ •هجومے: ایک بھیڑ(هجوم+ے=ایک)۔ •رہ گم کردہ: راستا بھولا ہوا، راہ سے بھٹکا ہوا •ز آوازِ درایم: میرے جرس کی آواز سے(ز=از=سے+ آواز+درا=گھنٹی، جرس+ام=میرے)۔

رباعی نمبر - ۱۴۱

عجم از نغمه ام آتش بجان است
صدائے من درائے کاروان است

حُدی را تیز تر خوانم چو عرفی
که ره خوابیده و محمل گران است

ترجمه

میرے نغمے نے عجم کی روح میں آگ بھڑکا رکھّی ھے
میری آواز قافلے کی گھنٹی ھے
میں عرفی کی طرح حُدی کو اور تیز گاتا ھوں
که راستہ لمبا (اور سنسان) ھے اور کجاوہ بھاری

فرھنگ

از نغمہ ام: میرے نغمے سے(از=سے+نغمہ +ام=میرے)۔ •آتش بجاں: بے قرار، پُرجوش، سوزِ دل رکھنے والا، مجازاً زندہ اور بیدار(آتش=آگ+بہ=میں، بیچ+جاں= روح، دل)۔• حدی: اونٹوں کی رفتار تیز کرنے کے لیے عرب ساربانوں کا گانا اور آوازیں نکالنا۔
•خوانم: پڑھتا ہوں (خواندن=پڑھنا،گانا)۔
•عرفی: عرفی شیرازی مغل عہد کا مشہور جوانا مرگ شاعر جس کے اس شعر کا اقبال نے اس قطعے میں حوالہ دیا ھے:
حُدی را تیز تر می خواں چو محمل را گراں بینی
نوا را تلخ تر می زن چو ذوقِ نغمہ کم یابی
•خوابیدہ: سویا ہوا(راہ خفتہ یا راہ خوابیدہ= بہت لمبا اور اُکتا دینے والا راستا)۔ •محمل: کجاوہ، اونٹ کا ہودہ۔

رباعی نمبر - ۱۴۲

زجانِ بے قرار آتش کشادم
دلے در سینۂ مشرق نہادم

گِلِ او شعلہ زار از نالۂ من
چو برق اندر نہادِ او فتادم

ترجمہ

(اپنی) بے قرار روح سے آگ لگا دی
میں نے مشرق کے سینے میں دل رکھ دیا
اس کا قالب میری آہِ گرم سے شعلہ زار
میں اس کے بھیتر بجلی کی طرح لپکا

فرہنگ

•آتش کشادم: میں نے آگ لگا دی (آتش کشادن=آگ لگا دینا)۔
•نہادم: میں نے رکھا (نہادن=رکھنا)۔
•شعلہ زار: وہ جگہ جہاں آگ ہی آگ ہو (شعلہ+زار=وہ مقام جہاں کوئی چیز کثرت سے پائی جائے جیسے گلزار، سمن زار وغیرہ)۔
•اندر نہادِ او: اس کی سرشت میں (اندر=میں+نہاد=سرشت، خمیر+او=اُسکی)۔ •فتادم: میں گرا، میں نازل ہوا (فتادن=اُفتادن=گرنا، نازل ہونا)

رباعی نمبر - ۱۴۳

مرا مثلِ نسیم آواره کردند
دلم مانندِ گل صد پاره کردند

نگاهم را که پیدا هم نه بیند
شهیدِ لذّتِ نظاره کردند

فرهنگ

پیدا: ظاہر، آشکارا، واضح۔ •هم: بھی۔ •نہ بیند: نہیں دیکھتی ہے(دیدن=دیکھنا)۔ •شہید لذّتِ نظّارہ: نظارے کی لذّت کا مارا ہوا (شہید=مارا ہوا، عاشق، دیکھنے والا+لذّت+نظّارہ=دیدار، مشاہدہ، سیر)۔

ترجمہ

(خُدا نے) مجھے ہوا کی طرح سرگرداں رکھا
میرا دل پھول کی طرح سو ٹکڑے کیا
میری نگاہ کو جو(عالم) ظاہر بھی نہیں دیکھ سکتی
(حقیقت کے) دیدار کا جاں دادہ بنایا

رباعی نمبر - ۱۴۴

خرد کرپاس را زرّینه سازد
کمالش سنگ را آئینه سازد

نوائے شاعرے جادو نگارے
ز نیشِ زندگی نوشینه سازد

فرهنگ

•کرپاس: کرباس، ثاث، روئی سے بنا ہوا کپڑا۔ •زرّینہ: زر بفت، کمخواب۔ •سازد: بناتی ھے (ساختن=بنانا)۔ •جادو نگارے: جس کے کلام میں جادو کا سا اثر ہو، فصیح[نگاریدن=نگاشتن=لکھنا، تصویر بنانا])۔ •ز نیشِ زندگی: زندگی کی تلخی سے(ز=از=سے+ نیش=ڈنک، تلخی، زہر+زندگی)۔ • نوشینہ: شیریں، شہد، تریاق۔

ترجمہ

عقل ثاث کو کمخواب بناتی ھے
اس کا ھنر پتھر کو آئینہ کر دیتا ھے
کسی جادو نگار شاعر کا نغمہ
زندگی کی تلخی سے شہد بناتا ھے

رباعی نمبر - ۱۴۵

ز شاخِ آرزو برخوردہ ام من
به رازِ زندگی پے بُردہ ام من

بترس از باغباں اے ناوک انداز
که پیغامِ بہارِ آوردہ ام من

ترجمہ

میں آرزو کی شاخ سے پیوست ہوں
زندگی کے بھید سے خوب واقف ہوں میں
اے تیر چلانے والے! باغبان سے ڈر
کہ میں بہار کا پیغام لایا ہوں

فرہنگ

•برخوردہ ام من: میں ملا ہوا ہوں، پیوست ہوں، جُڑا ہوا ہوں (برخوردہ=ملا ہوا، پیوست [برخوردن=ملنا، باہم [یک ہونا]+ام=ہوں+من=میں)۔
•پے بُردہ ام من: آگاہ ہوں میں (پے بردہ=آگاہ، واقف، جاننے والا، کھوج لگالینے والا[پے بردن=آگاہ ہونا، کھوج لگا لینا]+ام=ہوں+من=میں)۔ •بترس: تو ڈر، خوف کر(ترسیدن=ڈرنا)۔
•ناوک انداز: تیرانداز، تیر چلانے والا(ناوک=تیر+انداز=اندازندہ، چلانے والا، پھینکنے والا[انداختن=پھینکنا]۔ •آوردہ ام من: میں لایا ہوں (آوردن=لانا)۔

رباعی نمبر - ۱۴۶

خیالم کو گل از فردوس چیند
چو مضمونِ غریبے آفریند

دلم در سینه می لرزد چو برگے
که بر وے قطرۂ شبنم نشیند

ترجمہ

میرا تخیّل جو جنّت سے پھول چُنتا ھے
جب کوئی انوکھی بات گھڑتا ھے
میرا دل سینے میں (اس) پنکھڑی کی طرح لرزنے لگتا ھے
جس پر اوس کی بوند پڑی ھو

فرھنگ

•کو: کہ جو، جو (کہ +او= جو)۔
•چیند: چنتا ھے (چیدن=چننا)۔
•مضمون غریبے: کوئی انوکھا مضمون (مضمون=مطلب، بات، نکتہ+غریب= نادر، انوکھا+ے=کوئی)۔
•آفریند: پیدا کرتا ھے، گھڑتا ھے (آفریدن= پیدا کرنا)۔
•می لرزد: لرزتا ھے، کانپ جاتا ھے (لرزیدن=کانپنا، لرزنا)۔
•برگے: کوئی پتّی، پنکھڑی (برگ+ے= کوئی، ایک)۔ •بروے: اُس پر (بر= پر+وے=اُس)۔
•نشیند: پڑ جائے، پڑی ہو (نشستن=پڑنا)۔

رباعی نمبر - ۱۴۷

عجم بحریست ناپیدا کنارے
که در وے گوهرِ الماس رنگ است

ولیکن من نه رانم کشتیِ خویش
بدریاے که موجش بے نهنگ است

ترجمه

عجم ایک سمندر هے بے کنار
که جس میں هیرے ایسے موتی هیں
مگر میں اپنی کشتی نیں کهیتا
ایسے سمندر میں که جس کی موج بے نهنگ هے

فرهنگ

•عجم: غیر عرب ممالک ، ایران۔
•بحریست: ایک سمندر هے (بحر=سمندر+ے=ایک+ست=هے)۔
•ناپیدا کنارے: جس کا کناره نه دکهائی دے ، بیکراں (نا=نیں+پیدا=ظاہر+کنار=+ے=یاے عظمت)۔
• دروے: اُس میں (در=میں+وے=اُس)۔ •گوہرِ الماس رنگ: هیرے ایسی چمک دمک والا موتی (گوہر=موتی+الماس=هیرا+رنگ=رنگت ، آب ، مانند ، چمک دمک)۔
•من نرانم: میں نیں چلاتا ، میں نیں کهیتا (راندن=چلانا ، کهینا)۔
•کشتیِ خویش: اپنی کشتی (کشتی+خویش=اپنی)۔
•بدریاے: اُس سمندر میں ، ایسے سمندر میں (بہ=میں+دریا=سمندر+ے=اُس ، ایسے۔
•موجش: اس کی لہر ، اس کی موج (موج=لہر+ش=اُس کی)۔
•بے نهنگ: مگر مچھ سے خالی (بے=بغیر+نهنگ=مگر مچھ ، گھڑیال)۔

رباعی نمبر - ۱۴۸

مگو کارِ جهاں نا اُستوار است
هر آنِ ما ابد را پرده دار است

بگیر امروز را محکم که فردا
هنوز اندر ضمیرِ روزگار است

ترجمہ

مت کہہ کہ کائنات کا نظام بودا ھے
ھمارا ھر پل ابد کا راز دار ھے
آج کو مضبوط پکڑ کہ کل
ابھی زمانے کے باطن میں ھے

فرھنگ

•مگو: مت کہہ(گفتن=کہنا ، بولنا)۔ •کارِ جہاں: کائنات کا نظام(کار= بنیاد ، نظام ، کام+جہاں=دُنیا ، کائنات) . •نا اُستوار: ناپائدار ، کمزور ، غیر مستقل۔ •ہرآنِ ما: ھمارا ہر لمحہ(ہر+ آن=پل ، لمحہ+ما=ھمارا)۔ • ابد : ھمیشگی جس کی کوئی انتہا نہ ہو۔ •را: کا •پردہ دار: راز دار ، دربان۔ •بگیر: پکڑ(گرفتن=پکڑنا)۔ •امروز: آج ، حال۔ •فردا : مستقبل ، آنے والا کل۔ •ھنوز: ابھی۔ •ضمیر روزگار: زمانے کا باطن(ضمیر=دل ، باطن+روزگار=زمانہ ، وقت ، عہد)۔

رباعی نمبر - ۱۴۹

رمیدی از خداوندانِ افرنگ
ولے بر گور و گنبد سجده پاشی

به لالائی چناں عادت گرفتی
ز سنگِ راہ مولائے تراشی

ترجمہ

تو فرنگی آقاؤں سے بھاگا
لیکن مزاروں اور مقبروں پر سجدے چھڑکتا پھرتا ہے
تجھے غلامی کی ایسی لت پڑی
(کہ) تو راستے کے پتھر سے (اپنا) مولا تراشتا ہے

فرہنگ

•رمیدی: تو بھاگا (رمیدن=بھاگنا، ڈر کے یا وحشت کر کے بھاگنا جیسے ہرن شکاری یا کسی درندے کو دیکھ کے بھاگتا ہے)۔ •از خداوندانِ افرنگ: فرنگی آقاؤں سے (از=سے+خداوندان=خداوند کی جمع، مالک، آقا+افرنگ:=یورپ، برطانیہ)۔ •ولے: لیکن۔
•گنبد: قبہ مُراد مقبرہ۔
•سجدہ پاشی: تو سجدے بکھیرتا ہے، تو ماتھا ٹیکتا پھرتا ہے (سجدہ+پاشی=تو چھڑکتا ہے، چھٹکتا ہے، گراتا ہے [پاشیدن=چھڑکنا، بکھیرنا، چھڑکنا])۔ •بہ لالائی: غلامی میں، غلامی کی (بہ=کی، میں+لالائی=غلامی، چاپلوسی، چاکری)۔ •عادت گرفتی: تونے عادت ڈال لی (عادت گرفتن= عادت پکڑنا، عادت ڈالنا)۔

رباعی نمبر - ۱۵۰

قبائے زندگانی چاک تا کے
چو موراں آشیاں در خاک تا کے

به پرواز آ و شاهینی بیاموز
تلاشِ دانه در خاشاک تا کے

ترجمہ

زندگانی کی قبا دھجی دھجی کب تک
چیونٹیوں کی طرح مٹی میں گھر کب تک
اُڑان کی اُمنگ پیدا کر اور شاهینی سیکھ
خس و خاشاک میں رزق کی تلاش کب تک

فرہنگ

•موراں: مور کی جمع، چیونٹیاں۔
•بہ پرواز آ: اڑ، پرواز کی طرف آ، اُڑنے کی اُمنگ پیدا کر(بہ= کی طرف+پرواز=اُڑان+آ[آمدن=آنا])۔
•شاهینی بیاموز: شاهینی سیکھ(شاهینی=شاهین ایسے اوصاف، عقاب ایسی خصلت+بیاموز=توسیکھ[آموختن= سیکھنا])۔ •تلاشِ دانہ: رزق کی تلاش(تلاش+دانہ=رزق، دانہ)۔
•خاشاک: کوڑا کرکٹ، گھاس پھوس

•میانِ لالہ و گل: لالہ و گل کے بیچ(میاں=بیچ،

رباعی نمبر - ۱۵۱

میانِ لاله و گل آشیاں گیر
ز مُرغِ نغمه خواں درسِ فغاں گیر

اگر از ناتوانی گشتۂ پیر
نصیبے از شبابِ ایں جهاں گیر

ترجمه

لاله و گل کے بیچ آشیانه بنا
چہچہاتے پرندے سے فغاں کا درس لے
اگر تو ناتوانی سے پیر هو چکا هے
تو اِس دُنیا کے شباب سے بہره یاب هو

فرهنگ

درمیان+لالے+و=اور+گل=گلاب کا پھول)۔ •آشیاں گیر: گھر کر، آشیانہ بنا(آشیاں گرفتن= آشیانہ بنانا). •ز مرغ نغمہ خواں:گانے والے پرندے سے، چہچہاتے پرندے سے(ز=از=سے+مُرغ=پرندہ،طائر+نغمہ خواں=گانے والا، چہچہانے والا)۔ •درسِ فغاں گیر: فغاں کا سبق لے(درس=سبق+فغاں=فریاد ، نالے ، باطنی احوال و کیفیات کا اظہار+گیر=لے)۔ •گشتۂ: تو ہو چکا هے (گشتن= ہونا ، ہو جانا). •نصیبے: حصّہ ، بہرہ(نصیب=حصّہ+ے=کوئی)۔ •از شبابِ ایں جہاں: اِس دُنیا کی جوانی سے(از=سے+شباب=جوانی ، جوبن+ایں=اِس ، یہ+جہاں=دُنیا)۔ •گیر: لے ، حاصل کر(گرفتن=لینا ، حاصل کرنا)۔

رباعی نمبر - ۱۵۲

بجانِ من که جاں نقشِ تن انگیخت
هوائے جلوه ایں گُل را دو رو کرد

هزاراں شیوه دارد جانِ بیتاب
بدن گردد چو با یک شیوه خو کرد

ترجمه

قسم هے میری جان کی که جان نے بدن کا نقش اُبھارا
جلوه گری کی ہوس نے اس پھول کو دو رو کر دیا
بیتاب روح ہزاروں حالتیں رکھتی هے
جونی کسی ایک حالت کی عادی ہوئی، بدن بن گئی

فرهنگ

•بجانِ من: میری جان کی قسم (ب=حرف سوگند+جان+من=میری)۔ •نقشِ تن انگیخت: اُس نے بدن کا نقش اُبھارا (نقش=صورت، خاکہ+تن انگیخت=اُس نے اُبھارا [نقش انگیختن=نقش اُبھارنا، صورت دینا])۔ •ہوائے جلوه: اظہار کی ہوس (ہوا=ہوس+جلوه=اظہار، نمود)۔ •دورو: گل دورو، ایک قسم کا پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے۔ •کرد: اُس نے کیا (کردن=کرنا)۔ •شیوه: حالت، وضع، طرزِ زیست، انداز۔ •دارد: وہ رکھتا ہے (داشتن=رکھنا)۔ •گردد: وہ ہو جاتا ہے (گردیدن = پلٹ جانا، ایک حالت سے دوسری حالت میں چلے جانا)۔ •بایک شیوه خو کرد: وہ ایک ہی انداز کا عادی ہو گیا ہے (با=ساتھ، کا+یک=ایک+شیوه+خوکرد=وہ عادی ہوگیا، مانوس ہو گیا [خوکردن=عادی ہو جانا، مانوس ہوجانا])۔ •بگوشم: میرے کان

رباعی نمبر - ۱۵۳

بگوشم آمد از خاکِ مزارے
که در زیرِ زمیں هم می تواں زیست

نفس دارد ولیکن جاں ندارد
کسے کو بر مُرادِ دیگراں زیست

ترجمه

ایک قبر سے میرے کان میں (یه صدا) آئی
زمین کے نیچے بھی زیست کی جا سکتی هے
سانس (تو) چلتی هے لیکن روح نیں رکھتا
وه شخص جس نے دوسروں کی مرضی پر زندگی کی

فرهنگ

میں (بہ=میں+گوش=کان+م=میرے)۔
•آمد: آنی (آمدن=آنا)۔ •از خاکِ مزارے: ایک قبر سے (خاکِ مزار=قبر [خاک=مٹی+مزار=زیارت گاہ، کسی بزرگ کا مقبرہ])۔
•می تواں زیست: زندہ رہا جا سکتا هے، زیست کی جاسکتی هے۔
•کسے: وہ شخص۔ •کو: جو (کہ+او=وہ)۔ •برمرادِ دیگراں: دوسروں کی مرضی پر (بر=پر+مراد=خوابش، مرضی)۔
•زیست: وہ جیا، زندہ رہا (زیستن=جینا)۔

رباعی نمبر - ١٥٤

مشو نومید ازیں مشتِ غبارے
پریشاں جلوۂ، نا پایدارے

چو فطرت می تراشد پیکرے را
تمامش می کند در روزگارے

ترجمہ

اِس مشتِ خاک (آدمی) سے مایوس نہ ہو
پراگندہ صورت، سخت ناپائدار
جب فطرت کوئی پیکر تراشتی ہے
(تو) اُسے (نہ جانے کتنے) زمانوں میں مکمل کرتی ہے

فرہنگ

•مشو: نہ ہو(شدن=ہونا)۔ •نومید: ناأمید، مایوس۔ •زمشت غبارے: اِس مٹھی بھر مٹی یعنی آدمی سے(از=سے+ایں=اس+مشت=مٹھی+غبار=مٹی، دھول)۔ •پریشاں جلوۂ: ذرا دیر کی نمود والا، کسی ایک صورت پہ نہ ٹکنے والا، متغیّر(پریشاں=بکھرا ہوا، پراگندہ، منتشر+جلوہ=نمود، دکھاوا+ء=ے=سخت)۔ •چو: جب۔ •فطرت: قدرت۔ •می تراشد: تراشتی ہے(تراشیدن= تراشنا)۔ •پیکرے: کوئی پیکر، پُتلا، جسم۔ •را: کو۔ •تمامش می کند: اُسے مکمل کرتی ہے(تمام=ختم، مکمل، پورا+ش=اُسے+می کند=کرتی ہے[کردن=کرنا])۔ •در روزگارے: ایک زمانے میں، زمانوں بعد، صدیور میں(در=میں،اندر+روزگار=زمانہ+ے= ایک، بہت طویل)۔

رباعی نمبر - ۱۵۵

جہانِ رنگ و بو فہمیدنی ہست
دریں وادی بسے گل چیدنی ہست

ولے چشم از درونِ خود نہ بندی
کہ در جانِ تو چیزے دیدنی ہست

فرہنگ

•فہمیدنی: سمجھنے کے لائق (فہمیدن=سمجھنا)۔ •ہست: ہے۔ •دریں وادی: اِس وادی میں (در=میں+ایں=اِس+وادی)۔ •بسے: بہت سے، اکثر۔ •چیدنی: چُنے جانے کے قابل (چیدن=چُننا)۔ •ولے: لیکن۔ •ازدرونِ خود: اپنے باطن کی طرف سے (از=سے+درون=اندر، بھیتر، باطن+خود=اپنے)۔ •نہ بندی: تم نہ موندنا، مت بند کرنا (بستن=بند کرنا، موندنا)۔ •دیدنی: دیکھنے والا، لائقِ مشاہدہ (دیدن=دیکھنا)۔

ترجمہ

یہ جہانِ رنگ و بو سمجھنے کے لائق ہے
اِس وادی میں بہت سارے پھول چننے کے قابل ہیں
لیکن تم اپنے باطن سے آنکھ بند نہ کرنا
کہ تمہاری روح میں ایک چیز ہے دیکھنے والی

رباعی نمبر -۱۵۶

تو می گوئی که من هستم خدا نیست
جهانِ آب و گل را انتها نیست

هنوز ایں راز بر من ناکشود است
که چشمم آنچه بیند هست یا نیست

فرهنگ

•تو میگوئی: تو کہتا ہے(گفتن=بولنا ، کہنا). •من هستم: میں موجود ہوں(هستن=ہونا •جہانِ آب و گل: مٹی اور پانی کی دُنیا ، کائنات ، مادّی دُنیا(جہاں=دُنیا ، عالم ، کائنات+آب=پانی+و=اور+گل=مٹّی[آب و گل=مایۂ تخلیق ، مادّہ])۔ •ناکشود است: ان کُھلا ہے ، نیں کُھلا[کشودن=کُھلنا ، کھولنا)۔ •آنچہ:جو کچھ۔ •بیند: دیکھتی ہے(دیدن=دیکھنا)۔

ترجمه

تو کہتا ہے کہ میں ہوں ، خدا نیں ہے
کائنات کی (کوئی) انتہا نیں ہے
(اور) مجھ پر یہ راز اب تک نہیں کھُلا
کہ میری آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے وہ موجود
(بھی) ہے یا نہیں

رباعی نمبر - ۱۵۷

بساطم خالی از مُرغِ کباب است
نه در جامم مِے آئینه تاب است

غزالِ من خورد برگِ گیاهے
ولے خونِ دلِ او مشکِ ناب است

ترجمہ

میرا دسترخوان مُرغِ مسلّم سے خالی ہے
نہ میرے پیالے میں شیشہ جگمگانے والی شراب ہے
میرا ہرن گھاس کی پتیاں کھاتا ہے
لیکن اِس کا خونِ دل مشکِ ناب ہے

فرہنگ

•بساطم: میرا دستر خوان (بساط=دستر خوان+م=میرا)۔ •مُرغِ کباب: بھونا ہوا مُرغ، مُرغِ مسلّم۔ •در جامم: میرے جام میں (در=میں+جام=پیالہ، شراب کا پیالہ+م=میرے)۔ •مَے آئینہ تاب: شیشے کو چمکانے والی شراب (مے=شراب+آئینہ=شیشہ+تاب=بمعنی تابندہ=چمکانے والی، روشن کرنے والی [تابیدن=چمکانا])۔ •غزالِ من: میرا ہرن (غزال=ہرن+من=میرا)۔ •خورد: کھاتا ہے (خوردن=کھانا)۔ •برگِ گیاہے: گھاس کی پتّی (برگ=پتّی+گیاہ=گھاس)۔ •مشکِ ناب: خالص مشک (مُشک=کستوری+ناب=خالص)۔

رباعی نمبر -۱۵۸

رگِ مسلم ز سوزِ من تپید است
ز چشمش اشکِ بیتابم چکید است

هنوز از محشرِ جانم نداند
جهاں را با نگاہِ من ندید است

فرہنگ

• تپیداست:
تڑپی ہے (تپیدہ است=تڑپی ہے [تپیدن=تڑپنا])۔
• چکید است:
ٹپکا ہے (چکیدن=ٹپکنا)۔

ترجمہ

میرے سوز نے مسلمان کی نس نس میں آگ بھر دی ہے
اس کی آنکھوں سے میرے بے تاب آنسو ٹپکے ہیں
(یہ) ابھی میری روح میں برپا قیامت سے انجان ہے
اِس نے دُنیا کو میری آنکھ سے نہیں دیکھا

رباعی نمبر - ۱۵۹

بحرف اندر نگیری لامکاں را
درونِ خود نگر ایں نکتہ پیداست

بہ تن جاں آنچناں دارد نشیمن
کہ نتواں گفت اینجا نیست آنجاست

ترجمہ

تو لا مکاں کو لفظوں میں نہیں سمو سکتا
اپنے بھیتر جھانک (جہاں) یہ بھید ظاہر ہے
روح بدن میں اس طرح سمائی ہوئی ہے
کہ (یہ) نہیں کہا جا سکتا وہاں ہے، یہاں نہیں

فرہنگ

•بحرف اندر: حرف کے اندر، لفظوں میں، گفتگو میں(بہ=کے+حرف=حرف، گفتگو، لفظ+اندر)۔ •نگیری: تو نہیں پکڑ سکتا، تو نہیں سمو سکتا(گرفتن=پکڑنا، سمونا، سمجھنا)۔ •لامکاں: مادّے اور زمانے سے ماوراء مقام، عالمِ جبروت، عالمِ صفات۔ •نگر: دیکھ(انگریستن =دیکھنا، نگاہ کرنا)۔
•بہ تن:تن میں، جسم کے اندر(بہ=میں، بیچ+تن)۔ •آنچناں: اس طرح۔ •نتواں گفت: نہیں کہا جا سکتا)۔

رباعی نمبر -۱۶۰

بھر دِل عشق رنگِ تازہ برکرد
گھے با سنگ گہ با شیشہ سر کرد

ترا از خود ربود و چشم تر داد
مرا باخویشتن نزدیک تر کرد

ترجمہ

عشق نے ہر دل سے نیا رنگ نکالا
کبھی پتھَر کبھی شیشے کے ساتھ بسر کی
تجھے خود سے جُدا کیا اور رُلایا
مجھے اپنے آپ سے اور قریب کیا

فرہنگ

•برکرد: نکالا، روشن کیا(برکردن=نکالنا، روشن کرنا)۔ •گہے: کبھی۔ •سرکرد: اُس نے بسر کی(سرکردن=بسر کرنا، موافقت کرنا)۔
•ربود: چھینا، اُچک لیا(ربودن=اُچک لینا، کوئی چیز لے اُڑنا)۔
•داد: اُس نے دی(دادن=دیا)۔
•مرا: مجھے(من+را=کو)۔
•باخویشتن: اپنے آپ سے(با=سے، ساتھ+خویشتن=اپنا آپ، خود)۔

رباعی نمبر - ۱۶۱

هنوز از بندِ آب و گل نه رستی
تو گوئی رومی و افغانیم من

من اوّل آدمِ بے رنگ و بویم
ازاں پس هندی و تورانیم من

ترجمه

ابھی مٹّی اور پانی کی قید سے نیں چھوٹا
تو کہتا ھے میں رومی اور افغانی ھوں
میں پہلے صرف اور صرف آدمی ھوں
اس کے بعد ھندی اور تورانی ھوں

فرھنگ

•از بندِ آب وگل:
مٹّی اور پانی کی قید
سے(از=سے+بند=بندھن،
قید + آب= پانی + و
=اور+گل=مٹی[آب
و گل= مادّہ ،جسمانیت])۔
•نرستی: تو نیں
چھوٹا(رستن=چھوٹنا، رہا ہونا)۔
•تو گوئی: تو کہتا ھے(گفتن=بولنا،
کہنا)۔ •آدمِ بے رنگ و بویم: بے
رنگ و بو آدمی ہوں، صرف آدمی
ہوں(آدم=آدمی، انسان+بے=بغیر،
بنا+رنگ+و=اور+بو[آدم بے رنگ و
بو=وہ آدمی جو کسی خاص نسل
اور وطن میں محدود نہ ہو])۔
•ازاں پس: اس کے
بعد(از=سے+آں=اُس+پس=پیچھے،
بعد)۔

رباعی نمبر - ۱۶۲

مرا ذوقِ سخن خوں در جگر کرد
غبارِ راہ را مشت شرر کرد

بگفتارِ محبّت لب کشودم
بیاں ایں راز را پوشیدہ تر کرد

ترجمہ

سخن کی مستی نے میرے دل میں لہو دوڑا دیا
راستے کی دھول کو چنگاریوں کا جھکّڑ بنا دیا
میں نے محبّت پر گفتگو کرنے کے لیے لب کھولے
اظہار نے اس راز کو اور پوشیدہ کر دیا

فرہنگ

•ذوقِ سخن: سخن کی مستی (ذوق=لطف، لذّت، مستی+سخن=گفتگو، شعر).
•خوں در جگر: جگر میں خون رکھنے والا، عشق سے بھرا ہوا دل رکھنے والا، عاشق (خوں+در=میں+جگر=دل، جگر)۔ •کرد: اُس نے کیا (کردن=کرنا)۔
•بگفتارِ محبّت: محبّت کے بیان میں (بہ=میں+گفتار=گفتگو، بیان+محبت)۔ •لب کشودم: میں نے لب کھولے، زبان کھولی، (لب کشودن=لب کھولنا)۔

رباعی نمبر -۱۶۳

گریز آخر ز عقلِ ذوفنوں کرد
دلِ خود کام را از عشق خوں کرد

ز اقبالِ فلک پیما چه پُرسی
حکیمِ نکته دانِ ما جنوں کرد

ترجمه

آخر عیّار عقل سے پیچھا چھڑایا
دل کو عشق سے لہو کیا
آسمان کی سیر کرنے والے اقبال کا کیا پوچھتا ھے
ھمارا سیانا فلسفی مجنوں ھو گیا

فرھنگ

•زعقلِ ذوفنوں: بہت سے فن جاننے والی عقل(عقل=خرد، جزوی عقل+ذوفنوں=ہرفن مولا، مکّار، چالباز، فریبی، عیّار)۔
•کرد: اُس نے کیا(کردن=کرنا)۔
•دلِ خود کام: خود غرض دل(دل+خود کام=خود غرض، خود سر، مغرور)۔ •ز اقبال فلک پیما: آسمانوں کی سیر کرنے والے اقبال کے بارے میں،آسمان ناپنے والے اقبال کا(ز=از=کا، کے متعلّق+اقبال+فلک=آسمان+پیما=ناپنے والا[پیمودن=ناپنا، طے کرنا]۔فلک پیما=آسمان کی سیر کرنے والا، بلند خیال)۔ •پُرسی: تو پوچھتا ھے(پُرسیدن=پوچھنا)۔ •حکیم نکتہ دانِ ما: ھمارا عقلمند فلسفی (حکیم=فلسفی، صاحبِ حکمت+نکتہ=بھید، باریکی، دور کی بات+ داں=داننده، جاننے والا[دانستن=جاننا]ما=ھمارا)۔
•جنوں کرد: اُس نے پاگل پن کیا، وہ دیوانہ ہو گیا(جنون کردن=دیوانہ ہونا، اردو میں جنوں کرنا بھی مستعمل ھے
ع کیا جنوں کر گیا شعور سے وہ(میر)۔

افکار

گل نخستیں

هنوز هم نفسے در چمن نمی بینم
بهار میرسد و من گلِ نخستینم

به آبجو نگرم خویش را نظاره کنم
بایں بهانه مگر روے دیگرے بینم

ترجمه

پہلا پھول

میں اس باغ میں ابھی اپنا کوئی ساتھی نہیں دیکھتا
بہار آرہی ہے اور میں پہلا پھول ہوں،
ندی مین جھانکتا ہوں، اپنا ہی نظارہ کرتا ہوں
شاید اسی بہانے کسی اور کی صورت دیکھ لوں

فرہنگ

•هنوز:ابھی،تا حال_•هم نفسے: کوئی همدم(هم نفس=ساتھی،دوست، همدم+ے=کوئی)_•نمی بینم:میں نہیں دیکھتا،میں نہیں دیکھ رہا ہوں (دیدن=دیکھنا)_•می رسد:پہنچ رہی ہے،آرہی ہے (رسیدن=پہنچنا)_ گلِ نحستینم:میں پہلا پھول، ہوں(من=میں+گل+نخستین=•من پہلا+ام=ہوں)_•بہ آبجو:ندی میں (بہ=میں+آبجو=ندی،نہر)_ •نگرم:دیکھتا ہوں (انگریستن= دیکھنا)_•خویش:اپنا آپ،خود •را:کا،کو_•نظاره کنم:نظارہ کرتا ہوں،دیکھتا ہوں (نظاره کردن= دیکھنا)_•بایں بہانه:اس بہانے سے، اسی بہانے (به=سے+ایں=اس+ بہانه)_• مگر:شاید_•روے دیگرے:کسی اور کا چہرہ،کسی دوسرے کی شکل (رو=چہرہ+دیگر = دوسرا+ے=کوئی)_•بینم: دیکھوں (دیدن=دیکھنا)_

بخامۂ که خطِ زندگی رقم زده است
نوشته اند پیامے به برگِ رنگینم

دلم به دوش و نگاهم به عبرتِ امروز
شهید جلوۂ فردا و تازه آئینم

ترجمه

جس سے زندگی کا فرمان رقم ہوا ہے اُسی قلم سے
میری رنگین پنکھڑیوں پر ایک پیغام تحریر کیا گیا ہے
میرا دل ماضی میں اور میری نظر آج سے عبرت
لینے میں مصروف
میں مستقبل کو دیکھنے والا اور نئی روش رکھتا ہوں

فرہنگ

•بخامۂ:اُس قلم سے (به=سے+خامه=قلم+ءِ=ے=اُس ،وہ)_•که:جو_•خطِ زندگی:زندگی کا نقش ،زندگی کا فرمان(خط=نقش ،فرمان+زندگی)_•رقم زده است:لکھا گیا ہے (رقم زدن=درج کرنا ،لکھنا)_•نوشته اند: اُنھوں نے(کارکنانِ قضا و قدر)نے لکھا ہے (نوشتن=لکھنا)_•پیامے:ایک پیغام (پیام+ے=ایک)_•به برگِ رنگینم :میری رنگین پنکھڑی پر(به=پر+برگ= پنکھڑی+رنگین+ام=میری)_•دلم:میرا دل (دل+م=میرا)_•به دوش:ماضی میں (به=میں+دوش=ماضی)_•نگاهم:میری نگاہ (نگاه+م=میری)_•به عبرتِ امروز:آج سے عبرت لینے میں (به=میں+عبرت+امروز=آج ،حال)_•شهید جلوۂ فردا:مستقبل کا جلوہ دیکھنے والا، مستقبل کا عاشق(شهید=دیکھنے والا، جان نثار عاشق+جلوه+فردا=کل، مستقبل)_•تازه آئینم:میں نئی روش اور انداز والا ہوں(تازه+آئین=روش ،انداز ،طریقه+ام=میں ہوں)_ :

ز تیرہ خاک دمیدم، قبائے گل بستم
وگرنہ اخترِ واماندۂ ز پروینم

ترجمہ

میں تاریک مٹّی سے پھوٹا (اور) پھول کا لبادہ اوڑھ لیا
وگرنہ میں تو ثریا کا ایک ستارہ ہوں جو پیچھے رہ گیا

فرہنگ

مٹّی (تیرہ =•ز:از،سے_•تیرہ خاک: اندھیری مٹّی،سیاہ تاریک،سیاہ+خاک)_•دمیدم: میں پھوٹا،میں اُگا (دمیدن=پھوٹنا، کِھلنا،اُگنا)_•قبائے گل بستم:میں نے پھول کی قبا اوڑھی (قبا=پوشاک+ گل+بستم=میں نے باندھی،اوڑھی [قبابستن=قبا اوڑھنا،قبا باندھنا])_ •اخترِ واماندۂ ز پروینم:ثریّا سے بچھڑا ہوا ایک ستارہ ہوں (اختر= ستارہ+واماندہ=پیچھے رہ جانے والا، بچھڑا ہوا[واماندن:پیچھے رہ جانا]+ ءِ=ے=ایک+ز=از،سے،کا+ پروین=ثریّا،ستاروں کا جُھرمٹ+ م=ہُوں)_

دعا

اے که از خمخانۂ فطرت بجام ریختی
ز آتشِ صهبائے من بگداز مینائے مرا

عشق را سرمایه ساز از گرمیِ فریادِ من
شعلۂ بیباک گرداں خاکِ سینائے مرا

ترجمه

دعا

اے که تو نے فطرت کے میخانے سے میرا پیاله بھرا
میری شراب کی آگ سے میرا شیشه پگھلا دے
میری فریاد کی گرمی کو عشق کا سرمایه کر
میری سینائے وجود کی مٹّی کو بھڑکتا شعله بنا دے

فرهنگ

•اے که:اے تو که _•از خمخانۂ فطرت :فطرت کے میخانے سے (از=سے+خمخانہ=شراب خانہ+فطرت=ہر موجود کی اصلیت ،حقیقت)_
•ریختی:تو نے انڈیلا (ریختن=اُنڈیلنا)_•ز آتشِ صهبائے من:میری شراب کی آگ سے (ز=سے+آتش=آگ+صهبا=شراب+من=میری)_
•بگداز:تو پگھلا دے (گداختن=پگھلانا)_ •مینائے مرا:میرا شیشه، میری صراحی کو (مینا=شیشه، شراب کی صراحی+مرا=میری)_
•ساز:تو بنا دے (ساختن=بنانا)_
•شعلۂ بے باک:بے ترس شعله، زبردست لپٹ (شعلہ+بیباک=بے ترس کسی کو نه بخشنے والا)_
•گرداں:تو کر دے (گرداندن=گردانیدن=کرنا ،ایک حالت سے دوسری حالت میں لے جانا)_•خاکِ سینائے میرا:میری وادی سینا کی مٹّی کو (خاک+سینا=وه وادی جہاں کوهِ طور واقع ہے+من=میری+را=کو)_

چوں بمیرم از غبارِ من چراغِ لاله ساز
تازه کن داغِ مرا، سوزاں بصحرائے مرا

ترجمه

جب مروں میری خاک سے گلِ لاله کا چراغ بنا
میرا داغ پھر سے تازه کر۔ میرے صحرا میں جلتا هوا

فرهنگ

•چوں :جب _•بمیرم :میں : مروں (مُردن=مرنا)_•از غبارِ من : میری مٹّی سے (از=سے+غبار+من= میرے)_•چراغ لاله :گلِ لالہ کا چراغ ،چراغ ایسا گلِ لالہ _ •تازه کن :تازه کر،دوباره ظاہر کر (تازه کردن= نیا کرنا ،ظاہر کرنا ،تجدید کرنا)_•داغِ مرا :میرے داغ کو، میرا داغ (داغ+من=میرے+را= کو)_•سوزاں :جلتا ہوا (سوختن= سوزیدن=جلنا)_•بصحرائے مرا : میرے صحرا میں (بہ=میں+صحرا+ مرا=میرے)_

هلال عید

نتواں ز چشمِ شوق رمید اے هلالِ عید
از صد نگه براهِ تو دامے نهاده اند

برخود نظر کشا ز تهی دامنی مرنج
در سینهٔ تو ماهِ تمامے نهاده اند

ترجمه

هلال عید

اے هلالِ عید! چاهنے والوں کی آنکھ سے نہیں بھاگا جاسکتا
تیرے راستے میں سینکڑوں نگاهوں کا جال بچھا هوا هے
خود پر آنکھ کھول، اپنے خالی دامن پر مت کُڑھ
تیرے سینے میں پورا چاند رکھ دیا گیا هے

فرهنگ

•نتواں ز چشمِ شوق رمید : چاہت بھری آنکھ سے بھاگا نہیں جا سکتا (نه=نہیں+تواں=توانستن = سکنا+ز=سے+چشم+شوق+ رمید=رمیدن=وحشت کرکے بھاگنا)_ از صد نگه:سینکڑوں نگاہوں سے، سینکڑوں نظروں کا (از=سے،کا+ صد=سینکڑوں+نگه=نگاه)_•براهِ تو:تیرے راستے میں (به=میں+راه + تو=تیری)_•دامے:بڑا جال (دام =جال+ے=بڑا،ایک)_•نهاده اند : انہوں نے ڈالا ہوا هے(نهادن=ڈالنا، رکھنا)_•بر خود نظر کشا:خود پر آنکھ کھول،خود کو دیکھ (بر خود نظر کشادن=خود کو دیکھنا،اپنی طرف توجّه کرنا)_•تهی دامنی: دامن خالی ہونا_•مرنج:تو مت کڑھ،تو غم نه کر (رنجیدن=دکھی ہونا)_•در سینهٔ تو:تیرے سینے میں (در=میں+سینه+تو= تیرے)_•ماهِ تمامے:ایک پورا چاند (ماه=چاند+تمام=پورا،کامل+ے = ایک)_•نهاده اند:خدا نے رکھا هے _

تسخیر فطرت

(۱) میلادِ آدم

نعرہ زد عشق کہ خونیں جگرے پیدا شد
حُسن لرزید کہ صاحب نظرے پیدا شد

فطرت آشفقت کہ از خاکِ جہانِ مجبور
خود گرے ،خود شکنے ،خود نگرے پیدا شد

ترجمہ

(۱) میلاد آدم

عشق نے نعرہ لگایا کہ جگر کو خون کرنے والا
عاشق پیدا ہو گیا
حُسن لرز اُٹھا کہ ایک صاحب نظر آگیا
فطرت گھبرائی کہ جبر کی ماری دُنیا کی خاک سے
خود کو بنانےخود کو توڑنے خود کو جاننے والا پیدا ہوگیا

فرہنگ

•خونیں جگرے:جگر لہو کرنے والا ایکشخص ،لہو لہو دل رکھنے والا، عاشق (خونیں=خون آلودہ ،خون سے بھرابوا+جگر+ے=ایک [خونیں جگر= خونیں دل=اپنے دل کو لہو کرنے والا، عاشق])_ •صاحب نظرے: نظر رکھنے والا ایک شخص ،حقیقت شناس ،حُسنِ حقیقی کو دیکھنے کی صلاحیت اور سکت رکھنے والا عاشق_ •فطرت آشفت:فطرت گھبرائی (فطرت = آفرینش ،اشیاء کی حقیقت ،تخلیق ، کائنات+آشفت=گھبرائی ،جھنجلائی [آشفتن=گھبرانا ،جھنجلانا])_ •خود گرے:اپنی تعمیر و تشکیل آپ کرنے والا ،خود کو بنانے والا (خود گر=خود کو بنانے والا+ے=یاے تعظیمی)_•خود شکنے:خود کو مسمار کرنے والا ،ایک خود شکن _ •خود نگرے:خود کو دیکھنے والا، خود شناس (خود نگر+ے=یاے تعظیمی)_

خبرے رفت ز گردوں به شبستانِ ازل
حذر اے پردگیاں پردہ درے پیدا شد

آرزو بے خبر از خویش بآغوشِ حیات
چشم وا کرد و جهانِ دگرے پیدا شد

ترجمہ

آسمان سے ازل کی خلوت گاہ میں خبر گئی
اے پردہ نشینو! ہوشیار، پردہ اُٹھانے والا آگیا
آرزو زندگی کے آغوش میں اپنی سُدھ بُدھ بھولی ہوئی تھی
اُس نے آنکھ کھولی اور ایک اور ہی عالم پیدا ہو گیا

فرہنگ

•خبرے رفت:خبر گئی (خبر+ے=ایک خاص ،بڑی+رفت = گئی [رفتن=جانا])_•زگردوں: آسمان سے (ز=از ،سے+گردوں= آسمان)_•به شبستانِ ازل:ازل کی خلوت گاہ میں (به=میں ،تک+ شبستان=رات کرنے کی جگہ، خوابگاہ ،گوشۂ خلوت+ ازل=ہر اوّل کا اوّل، ماضی کی طرف وجود کی ہمیشگی، زمانے سے پہلے کی حالت)_•حذر: ہوشیار ،خبردار،
•پردگیاں :پردگی کی جمع ،چُھپے ہونے ،پردے میں رہنے والے _•پرده درے :پردہ اُٹھا دینے والا _•آرزو: تمنّا ،کسی ایک ہی حالت پر اکتفاء نہ کرنے کا تقاضا _ :
•چشم واکرد :اُس نے آنکھ کھولی، وہ بیدار ہوئی ،وہ ہوش میں آئی (چشم واکردن=آنکھ کھولنا ،بیدار ہونا ،ہوشیار ہونا)

زندگی گفت که در خاک تپیدم همه عمر
تا ازیں گنبدِ دیرینہ درے پیدا شد

فرہنگ

•زندگی گفت :زندگی نے کہا (زندگی+گفت=بولی [گفتن=کہنا ،بولنا])_•تپیدم : میں تڑپی (تپیدن=تڑپنا)_•همه عمر:ساری عمر (همه=ساری ،تمام+ عمر)_•تا :تب ،تب کہیں جاکر _ •ازیں گنبد دیرینه:اس پُرانے گنفد سے(از=سے+ایں=اس+گنبد+ دیرینه=پُرانا)_•درے :ایک دروازه (در+ے=ایک)_•پیدا شد : وه پیدا ہوا ،ظاہر ہوا _

ترجمه

زندگی بولی که میں تمام عمر خاک میں تڑپی
تب کہیں اس پُرانے گنبد سے ایک دروازه نکلا

(۲) انکارِ ابلیس

نوریِ ناداں نیم سجدہ بآدم برم!
او بہ نہاد است خاک، من بہ نژاد آذرم!

می تپد از سوزِ من خونِ رگِ کائنات
من بہ دوِ صرصرم، من بہ غوِتندرم

ترجمہ

(۲) انکارِ ابلیس

میں نادان فرشتہ نیں کہ آدم کو سجدہ کروں
وہ اصلاً خاک ھے اور میں آگ
میری حرارت سے کائنات کی رگوں میں لہو
جوش پکڑتا ھے
آندھی کے تُند جھکّڑوں کے پیچھے میں ھوں، بجلی کی
کڑک بادلوں کی گرج کے پیچھے میں ھوں

فرہنگ

•نوریِ ناداں:نا سمجھ فرشتہ (نوری=نور کا بنا ہوا، فرشتہ+ناداں)_•نیم:نیں ہوں (نے=نیں+ام=ہوں)_•سجدہ بآدم برم:آدم کو سجدہ کروں (سجدہ بردن=سجدہ کرنا)_•او: وہ _•بہ:میں،کے اعتبار سے_ •نہاد:خلقت،خمیر _•نژاد :اصل،جوہر _ آذرم:میں آگ ہوں (آعر=آگ+ام=میں ہوں)_•می تپد:گرم ہوتا ھے،رواں ہوتا ھے (تپیدن=گرم ہونا،حرکت کرنا)_ •از سوزِ من:میری حرارت سے (از=سے+سوز=حرارت+من=میری)_ •من بہ دوِ صرصرم:آندھی کی تیز رفتار کے پیچھے میں ہوں (من=میں + بہ=میں،اندر+دو=دوڑ،تیز رفتار [دویدن=دوڑنا]+صرصر= آندھی،جھکڑ+م=ہوں)_•من بہ غوِ تندرم:بجلی کی کڑک میں میں ہوں،بادلوں کی گرج کے پیچھے میں ہوں (من+بہ+غو=گرج،کڑک+ تندر=رعد،بجلی کی کڑک،بادل کی گرج+م=ہوں)_

رابطۂ سالمات ، ضابطۂ اُمہَات
سوزم و سازے دھم ، آتشِ مینا گرم

ساختۂ خویش را ،در شکنم ریز ریز
تا ز غبارِ کہن پیکر نو آورم

ترجمہ

سالمات کے درمیان تال میل (مجھ سے ہے) عناصر میں
کارفرما قانون (میری بدولت ہے)
جلاتا ہوں اور بناتا ہوں ، میں آگ ہوں شیشہ ڈھالنے والی
اپنے ہی بنائے ہوئے کو ریزہ ریزہ کر دیتا ہوں
تاکہ پُرانی مٹّی سے نیا پیکر تراشوں

فرہنگ

•رابطۂ سالمات :ذرّاتِ مادّی کی ہم آہنگی ،ایٹموں کے بیچ باہمی تال میل (رابطہ+سالمات= سالمہ کی جمع ،ذرّاتِ مادّی جنہیں مزیدتقسیم نہ کیا جاسکے ،ایٹم)_•ضابطۂ اُمہَات :عناصر میں کارفرما قانون (ضابطہ+اُمہَات=چار عناصر)_
•سوزم :جلاتا ہوں (سوختن=جلانا)_
•و:مگر _•سازے دھم :بناتا ہوں ،سنوارتا ہوں (سازدادن=بنانا ، ایجاد کرنا ،کام سنوارنا)_ آتشِ مینا گرم :میں شیشہ ڈھالنے والی آگ ہوں (آتش+مینا=شراب کی صراحی ، شیشہ+گر=بنانے والا+م=ہوں)_
•ساختۂ خویش را :اپنے بنائے ہوئے کو (ساختہ=بنایا ہوا [ساختن=بنانا] +خویش=اپنا+را=کو)_
•در شکنم ریزریز: ریزہ ریزہ توڑ دیتا ہوں ،توڑ کے ریزہ ریزہ کر دیتا ہوں (در شکنم=توڑدیتا ہوں [در شکستن = توڑنا پھوڑنا]+ریزریز=ریزہ ریزہ)_
•آورم :بناؤں ،پیدا کروں (آوردن = بنانا ،پیدا کرنا ،ایجاد کرنا)_

از زوِ من موجۂ چرخِ سکوں نا پذیر
نقش گرِ روزگار تاب و تبِ جوھرم

پیکرِ انجم ز تو، گردشِ انجم ز من
جاں بجھاں اندرم زندگیِ مضمرم

ترجمہ

کہیں ٹھہراؤ نہ پکڑنے والا آسمان میرے دریا کی ایک لہر
میرے جوھر کی تاب و تب زمانے کو صورت دیتی ھے
ستاروں کا پیکر تجھ سے، ستاروں کی گردش مجھ سے
کائنات کے اندر جان بن کر سمایا ھوا ھوں، میں ھر شے
میں چھُپی ھوئی زندگی ھوں

فرھنگ

•از زوِ من :میرے دریا کی(از=کی+ زو=دریا=من=میرا)_•چرخِ سکوں ناپذیر:سکون قبول نہ کرنے والا آسمان ،حرکت میں رھنے والا آسمان (چرخ=رھٹ ،مجازاً آسمان+سکوں= ٹھہراؤ+ناپذیر=ناپذیرندہ ،قبول نہ کرنے والا [پذیرفتن=قبول کرنا]_
•نقش گرِ روزگار:زمانے کو صورتِ دینے والا ،زمانے کے خطوط متعیّن کرنے والا (نقش گر=مصوّر ،نقّاش ، صورت بنانے والا+روزگار=زمانہ ،دُنیا)_•جاں بجھاں اندرم:میں دُنیا کے اندر جان ہوں ،میں کائنات میں روح (کی طرح)ہوں (جاں _ بہ= کے+جھاں+اندر+م=میں ہوں)_
•زندگیِ مضمرم:چھُپی ہوئی زندگی ہوں (زندگیِ+مضمر=پوشیدہ ،چھُپی ہوئی+م=میں ہوں)_

تو به بدن جاں دھی، شور بجاں من دھم
تو به سکوں ره زنی، من به تپش رهبرم

من ز تنک مایگاں گدیه نکردم سجود
قاهرِ بے دوزخم، داورِ بے محشرم

ترجمه

تو بدن کو جان دیتا ھے، میں جان کو ھلچل
اور مستی دیتا ھوں
تو سکون کی طرف بے راہ کرتا ھے، میں تڑپ اور
حرارت کی راہ بتاتا ھوں۔
میں ناداروں سے سجدوں کی گدائی نہیں کرتا
میں قاھر ھوں مگر بے دوزخ، میں داور ھوں مگر بے محشر

فرھنگ

تو به سکوں ره زنی:تو سکون کی طرف بھٹکاتا ھے،تو جمود کی طرف کھینچ کر بے راہ کرتا ھے(تو+به= کی طرف+سکوں=جمود،ٹھہرؤ+ ره زنی=راہ مارتا ھے، تو راستا کاٹتا ھے[راہ زدن=رہزنی کرنا، مسافروں کو لوٹنا])_•من به تپش رهبرم:میں تڑپ اور حرارت کی طرف رھنمائی کرتا ہوں،میں سوز و تپش کی راہ بتاتا ہوں (من+به+تپش+ رهبر+م=میں ہوں)_•تنک مایگاں:تنک مایه کی جمع،کم مایه، نادار،مفلس،جن کے پاس نه مال ہو نه طاقت نه علم _•گدیه نکردم سجود میں نے سجدوں کی گدائی نہیں کی گدیه نکردم=میں نے گدائی نہیں کی [گدیه کردن=بھیک مانگنا]+سجود= سجدہ کی جمع)_•داورِ بے محشرم: میں بلا محشر کے منصف ہوں،میں وہ عادل ہوں جسے قیامت کی حاجت نہیں (داور = انصاف کرنے والا،حاکم+بے+ محشر+م=ہوں)_

آدمِ خاکی نهاد دوں نظر و کم سواد
زاد در آغوشِ تو، پیر شود در برم

فرهنگ

•آدمِ خاکی نهاد :مٹّی سے پیدا ہونے والا آدمی (آدم+ خاکی نهاد=خاک زاد ،جس کا خمیر خاک سے اُٹھا ہو)_•دوں نظر:کم نظر،گھٹیا عقل رکھنے والا،پست مقاصد رکھنے والا _•کم سواد : جاهل ،نالائق _•زاد :وہ پیدا ہوا (زادن=پیدا ہونا)_•در آغوشِ تو :تیرے آغوش میں (در=میں+ آغوش+تو=تیرے)_•پیر شود : وہ بوڑھا ہوتا ھے (پیرشدن=بوڑھا ہونا)_•در برم:میری گود میں (در + بر=گود ،آغوش+م=میری)_

ترجمه

خاک زاد آدم، کم نظر اور جاهل
تیرے آغوش میں پیدا هوا (مگر) بوڑھا میری
گود میں هوتا ھے

(۳) اغوائے آدم

زندگیِ سوز و ساز، به ز سکونِ دوام
فاختہ شاہیں شود از تپشِ زیرِ دام

ہیچ نیاید ز تو غیرِ سجودِ نیاز
خیز چو سروِ بلند اے بعمل نرم گام

ترجمہ

(۳) اغوائے آدم

دکھ سکھ سے بھری ہوئی رواں دواں زندگی ہمیشہ
کے ٹھہراؤ سے بہتر ہے
جال میں تڑپنے پھڑکنے سے فاختہ بھی شاہین ہو جاتی ہے
تو بس سجدے ہی مارتا رہتا ہے
اے عمل میں پھسڈّی سروِ بلند کی طرح اُٹھ

فرہنگ

•زندگیِ سوز و ساز:دکھ سکھ کی زندگی (زندگی+سوز=حرارت ،جلن ، جدائی کی کیفیت+و=اور+ساز= راحت ،خوشی ،وصال کی کیفیت)_
•از تپشِ زیرِ دام:
جال میں پھڑکنے سے (از=سے+تپش = تڑپ ،پھڑک++زیر=نیچے ،تلے+دام= جال)_•ہیچ:کچھ _•نیاید ز تو:
تجھ سے نہیں ہوتا ،
تجھ سے صادر نہیں ہوتا
(نیاید=نہیں ہوتا [آمدن=ہونا + صادر ہونا]+ز تو=تجھ سے)_
•غیرِ سجودِ نیاز:بندگی کے سجدوں کے علاوہ
(غیر=علاوہ+سجود=سجدہ کی جمع ،سجدوں+نیاز=بندگی ، احتیاج)_

کوثر و تسنیم بُرد از تو نشاطِ عمل
گیر ز میناے تاک بادۂ آئینَہ فام

زشت و نکو زادۂ وہمِ خداوندِ تست
لذّتِ کردار گیر، گام بنہ، جوے کام

ترجمہ

کوثر و تسنیم نے تجھ سے عمل کی مستی چھین لی
انگور کی صُراحی سے آئینے کی طرح شفاف
شراب حاصل کر
نیکی اور بدی تیرے خداوند کے وہم کی پیداوار ہے
عمل کے مزے لوٹ ، قدم بڑھا ، اپنی مُراد پالے

فرہنگ

•کوثر:جنت کا ایک حوض _
•تسنیم:جنّت کی ایک نہر_
•بُرد :وہ لے گئی ،اُس نے چھین لی (بُردن=لے جانہ ،جُدا کرنا)_
•گیر :تو حاصل کر (گرفتن= پکڑنا ،حاصل کرنا)_•زمیناے تاک : انگور کی صُراحی سے (ز=از=سے+ مینا=شراب کی صراحی+تاک= انگور)_•بادۂ آئینہ فام:آئینے کی طرح شفّاف شراب (بادہ=شراب+ آئینہ+فام=کی طرح ،مانند)_
•زشت:شر _•نکو:خیز _•زادۂ وہمِ خداوندِ تست:تیرے خداوند کے وہم کی پیداوار ہے (زادہ=پیدا کیا ہوا [زادن=جننا ،پیدا کرنا ،پیدا ہونا]+وہم=خیال ،مفروضہ ،غیر موجود کو موجود سمجھنا+خداوند= مالک ،خدا+تو+ست=است=ہے)_
•لذّتِ کردار:عمل کی لذّت (لذّت +کردار=عمل_•گام بنہ:تو قدم رکھ (گام+قدم+بنہ= تو رکھ [گام نہادن=قدم رکھنا)_•جوے کام:تو مراد پالے (کام جُستن=مراد پانا ،مقصد کو پہنچنا)_

خیز که بنمایمت مملکت تازۂ
چشمِ جہاں بیں کشا، بہرِ تماشا خرام

قطرۂ بے مایۂ، گوہرِ تابندہ شو
از سرِ گردوں بیفت، گیر بدریا مقام

ترجمہ

اُٹھ کہ میں تجھے ایک نئی سلطنت دکھاؤں
دُنیا دیکھنے والی آنکھ کھول اور اس کے نظاروں میں سیر کر
تو (ابھی) ایک بے حقیقت قطرہ ہے، چمکتا ہوا موتی بن جا
آسمان پر سے اُتر، سمندر میں ٹھکانا پکڑ

فرہنگ

بنمایمت:میں تجھے دکھاؤں (بنمایم=میں دکھاؤں+ت=تجھے انمودن=دکھانا)_•چشم جہاں بین: دُنیا دیکھنے والی آنکھ (چشم=آنکھ+جہاں=دُنیا+بیں=بنیندہ دیکھنے والی)_•کشا:کھول (کشادن=کھولنا)_•بہرِ تماشا:سیر کے لیے (بہر=لیے،واسطے+تماشا=دیکھنا، سیر کرنا)_•خرام:تو ٹہل (خرامیدن=ٹہلنا)_•قطرۂ بے مایۂ: تو بے حقیقت قطرہ ہے (قطرہ+بے مایہ=بے مقدار،بے حقیقت، مفلس+ ای= تو ہے)_
•شو:تو ہو جا (شُدن=ہونا)_•از سرِ گردوں:آسمان پر سے (از=سے+سر=پر،کنارہ+گردوں=آسمان)_•بیفت:تو اُتر (اُفتادن=گرنا،دور ہونا)_•گیر: تو پکڑ (گرفتن=پکڑنا،حاصل کرنا)_
•بدریا:سمندر میں (بہ=میں+دریا=سمندر)_•مقام:ٹھکانا، گھر،منزل _

تیغ درخشندۂ، جانِ جهانے گِسل
جوهرِ خود را نما، آے بروں از نیام

بازوے شاهیں کشا خونِ تدرواں بریز
مرگ بود باز را زیستن اندر کُنام

ترجمه

تو چمکتی هوئی تلوار هے دُنیا کا جی دهلا دے
اپنا جوهر دکھا نیام سے باهر نکل آ
شاهین کی طرح بازو کهول چکوروں کا لهو بها
گهونسلے میں زیست کرنا باز کے لے موت هے

فرهنگ

•تیغِ درخشندۂ:تو چمکتی هوئی تلوار هے (تیغ=تلوار + درخشنده=چمکتی هونی،چمکنے والی [درخشیدن=چمکنا]+ای=تو بے)_ •جانِ جهانے:دُنیا کی جان (جان+ جهان=دُنیا+ے=زائد)_ گسل: تو توڑ (گسیختن=توڑنا)_•جوهرِ خود:اپنا جوهر (جوهر=اصلیت، تلوار کی آب و تاب+خود)_ کو _•نما:تو دکھا،تو ظاهر کر (نمودن=دکھانا)_•آے:تو آ،تو نکل (آمدن=آنا،هونا)_ •تدرواں:تدرو کی جمع،چکور_ •بریز:تو گرا،تو بها (ریختن=گرانا، بهانا)_•بود:هوتی هے (بودن= هونا)_•زیستن:زندگی کرنا،جینا _ •کنام گهونسلا، آشیانه _

تو نه شناسی هنوز شوق بمیرد ز وصل
چیست حیاتِ دوام؟ سوختنِ ناتمام

فرهنگ

•هنوز:ابھی ،ابھی تک _
•بمیرد :مر جاتا ہے (مردن= مرنا)
•چیست:کیا ھے (چہ=کیا
+ است=ھے)_•حیات دوام:
ھمیشہ کی زندگی(حیات=زندگی+
دوام=ھمیشگی)_•سوختنِ ناتمام:
اَدھورا جلنا (سوختن=جلنا+محبوب
کی جُدائی میں جلنا تڑپنا+ناتمام

ترجمہ

تو ابھی نہیں جانتا وصال سے شوق مُردہ ہو جاتا ھے
ھمیشہ کی زندگی کیا ھے؟ (ھجر کی آگ میں) جلتے رھنا

(۴) آدم از بهشت بیرون آمده میگوید

چه خوش‌است زندگی را همه سوز و ساز کردن
دلِ کوه و دشت و صحرا به دمے گداز کردن

ز قفس درے کشادن به فضاے گلستانے
رہِ آسماں نوردن به ستاره راز کردن

ترجمه

(۴) آدم جنّت سے نکل کر کہتا ھے

زندگی کو تمام سوز و ساز کرنا کتنا اچھّا ھے
پہاڑ اور میدان اور جنگل کا دل ایک ہو میں پگھلا دینا
گلستان کے بہار بھرے پھیلاؤ کی طرف قفس کا در کھولنا
آسمان کی راہ لینا ستاروں سے راز و نیاز کرنا

فرہنگ

•سوز:حرارت ،شوق ،رنج ، فراق کی کیفیت _•ساز:ملاپ ، راحت ،هم آهنگی ،وصال کی کیفیت _ کردن :کرنا _ •قفس :پنجرا ، قید خانه _•درے کوئی دروازه ، : ایک دروازه (در=دروازه+ے= ایک ،کوئی)_•کشادن :کهولنا _ •به فضاے گلستانے:گلستان کی فضا میں (به=میں+فضا= وسعت ،پهیلاؤ ،بهار ،ماحول+گلستانِ + ے=ایک ،بڑے)_•رہِ آسماں نوردن: آسمان کی طرف سفر کرنا ، آسمان کا راستا طے کرنا (راه نوردن=راسته طے کرنا)_•راز کردن: راز و نیاز کرنا ،دل کی بات محبوب سے کہنا

بگدازهاے پنهاں به نیاز هاے پیدا
نظرے ادا شناسے بحریمِ ناز کردن

گهے جُز یکی ندیدن به هجومِ لاله زارے
گهے خارِ نیش زن را ز گل امتیاز کردن

ترجمه

چھپے ہوئے گداز کے ساتھ ، کھلی ہوئی بندگی کے ساتھ
بے نیازی کی بارگاہ میں ایک ادا شناس نگاہ کرنا
کبھی باغ کے رنگا رنگ بھیڑ بھڑکے میں ایکتا دیکھنا
کبھی چُبھنے والے کانٹے کو پھول سے الگ جاننا

فرهنگ

•بگداز هاے پنہاں :چُھپی ہوئی رقتوں کے ساتھ (به=سے ،کے ساتھ+ گداز ہا=گداز کی جمع ،نرماہٹ ، ملائمت ،رقّت مجازاً آرزو ،چاہت وغیرہ+ پنہاں=پوشیدہ ،چھپا ہوا)_•به نیاز هاے پیدا :ظاہر اطاعتوں کے ساتھ (به= کے ساتھ+نیاز ہا=نیاز کی جمع ، احتیاج ،عاجزی ،راضی برضا ہونا ، بندگی ،اطاعت+پیدا=ظاہر)_•نظرے : ایک نگاہ (نظر+ے=ایک ،کوئی)_
•ادا شناسے :محبوب کی ادا پہچاننے والا (ادا=ناز ،شان ،محبوب کی کوئی بھی صفت+شناس=شناسندہ ، پہچاننے والا[شناختن=پہچاننا])_
•بحریمِ ناز :کبریائی کی بارگاہ میں (به=میں ،کی طرف+حریم=گھر کی چار دیواری ،مکان ،بارگاہ ،مقدس جگہ+ناز=بڑائی ،عظمت ،کبریائی ، محبوبیت)_•یکی :وحدت ، یکتائی _•ندیدن :نہ دیکھنا (نه+ دیدن=دیکھنا)_
•خار نیش زن :ڈنک مارنے والا کانٹا ، چُبھنے والا کانٹا (خار=کانٹا+نیش= ڈنک ،نوک+زن=مارنے والا [زدن=مارنا])_
•امتیاز کردن :فرق کرنا ،تمیز کرنا_

همه سوزِ ناتمامم، همه دردِ آرزویم
بگماں دھم یقیں را که شھیدِ جستجویم

فرھنگ

همه:سب کا سب _•سوزِ ناتمامم :ادھوری جلن ہوں (سوز=دکھ، جلن،تپش+ناتمام=جو ابھی پورا نہ ہوا ہو،ادھورا+م=میں ہوں)_ •درد آرزویم:آرزو کی کسک ہوں (آرزو+یم=ام=میں ہوں)_ •بگماں:گمان کو (به+گماں = گمان،شک)_•دھم:میں دیتا ہوں (دادن=دینا)_•شھیدِ جستجویم: میں کھوج کا مارا ہوا ہوں (شھید=مارا ہوا+جستجو= تلاش،کھوج،ڈھونڈ + یم=ام=ہوں)_

ترجمه

میں سارے کا سارا ایک ادھوری تپک ہوں، ایک ھوک ہوں
میں نے یقین کو گمان پر وار دیا کیونکہ میں
جستجو کا مارا ہوا ہوں

(۵) صبحِ قیامت (آدم در حضورِ باری)

اے کہ ز خورشیدِ تو کوکبِ جاں مُستنیر
از دلم افروختی شمعِ جہانِ ضریر

ریخت ہنر ہاے من بحر بیک ناے آب
تیشۂ من آورد از جگرِ خارہ شیر

ترجمہ

(۵) قیامت کی صبح
(آدم اللہ تعالی کے حضور میں)

اے باری تعالی تیرے سورج سے روح کا
ستارہ جگمگ جگمگ
میرے دل سے تو نے گھپ اندھیری دُنیا کا چراغ روشن کیا
میرے ہُنر نے دریا کو ایک نہر میں اُنڈیل دیا
میرا تیشہ پتھَر کے جگر سے دودھ نکال لایا

فرہنگ

•اے کہ:اے تو کہ،اے باری تعالی تو وہ ہے کہ _•ز خورشیدِ تو: تیرے سورج سے (ز=از = سے+خورشید=سورج+تو= تیرے)_•کوکبِ جاں:روح کا ستارہ (کوکب=ستارہ+جاں=روح،زندگی)_ •مستنیر:روشن،نور طلب کرنے والا،روشنی اخذ کرنے والا _•(از دلم: میرے دل سے (از=سے+دل+م= میرے)_•افروختی:تونے روشن کیا (افروختن=روشن کرنا،بھڑکانا)_ •شمعِ جہانِ ضریر:اندھیری دُنیا کا چراغ (شمع+جہاں=دُنیا+ضریر= اندھا،بیمار مجازاً اندھیرا)_•ریخت: اُس نے ڈالا،انڈیلا (ریختن=ڈالنا، انڈیلنا)_•ہنر ہاے من:میرے کمالات (ہنرہا=ہنر کی جمع،فن، جوہر،کمال+من=میرے)_•بحر: دریا _•بیک ناے آب:ایک نہر میں (بہ+ناے آب=آبنائے،نہر)_•آورد: لاتا ہے (آوردن=لانا)_•از جگرِ خارہ:پتھر کے جگر سے (از=سے+ جگر=کلیجہ،بیچ+خارہ=خارا= سخت پتھر)_

زهره گرفتارِ من، ماه پرستارِ من
عقلِ کلاں کارِ من بهرِ جهاں دارو گیر

من به زمیں در شدم، من بفلک برشدم
بستهٔ جادوے من ذرّه و مهرِ منیر

ترجمه

زهره میرا گرفتار، چاند میرا پرستار
بڑے بڑے معرکے مارنے والی میری عقل کائنات کی فاتح
میں زمین کی تہ میں اُترا میں مے آسمان پر سواری گانٹھی
ذرّے سے لے کر چمکتے ہوئے سورج تک سبھی میرے
جادو میں گرفتار

فرهنگ

•زهره :همارے نظام شمسی کا دوسرا ستاره ،وینس ،حُسن ،قدیم بابل کی ایک خوبصورت عورت جس پر باروت اور ماروت دو فرشتے عاشق ہو گئے تھے الله نے اُسے ستاره بنا کر تیسرے آسمان پر اُٹھا لیا _
•پرستارِ من :میرا غلام (پرستار =خادم ،غلام ،پجاری+من= میرا)_•عقلِ کلاں کارِ من :بڑے کام انجام دینے والی میری عقل (عقل +کلاں =بڑا ،بزرگ+کار=کام [کلاں کار= بڑے کام انجام دینے والا]+من=میری)-
•دارو گیر :معرکه ،پکڑدهکڑ ،هنگامه_
•در شدم :میں داخل ہوا (در شدن= داخل ہونا ،اندر جانا)_
•برشدم :میں اوپر چڑھا (برشدن=اوپر چڑھنا ،بلند ہونا)_
•بستهٔ جادوئے من :میرے جادو کا باندھا ہوا (بسته=باندھا هوا ،بندھا ہوا [بستن=باندھنا ،مطیع کرنا]+ جادو+من=میرے)_•مهرِ منیر: چمکتا ہوا سورج (مهر=سورج+منیر= روشنی دینے والا ،روشن)_

گرچه فسونش مرا بُرد ز راهِ صواب
از غلطم در گذر عُذرِ گناهم پذیر

رام نگردد جهاں تا نہ فسونش خوریم
جُز بہ کمند نیاز ناز نہ گردد اسیر

ترجمہ

گو کہ اُس (شیطان) کے جادو نے مجھے سیدھے راستے سے بھٹکا دیا
تو میری خطا بخش دے میرا عذرِ گناہ قبول کر لے
جب تک اس کا فریب نہ کھایا جائے دُنیا رام نہیں ہوتی
عاجزی کے پھندے کے بغیر حُسنِ مغرور قابو میں نہیں آتا

فرہنگ

•فسونش :اس کا جادو (فسوں=افسوں=جادو ،منتر، فریب+ش=اس کا ،شیطان کا)_
•بُرد :وہ لے گیا ،اُس نے بھٹکا دیا (بُردن=لے جانا)_•زراہِ صواب : سیدھے راستے سے(ز=از=سے +راہ= راستا+صواب=سیدھا ، ٹھیک)_•غلطم :میری غلطی (غلط=غلطی+م=میری)_
•درگذر:تو معاف کر دے (درگذشتن=نظر انداز کرنا ، معاف کرنا ،خطا بخش دینا)_
•پذیر:تو قبول فرما (پذیرفتن=قبول کرنا)_
•رام نگردد :رام نہیں ہوتا (رام گشتن=قابو میں آنا ،فرمانبردار ہو جانا ،رام ہونا)_•تا:جب تک _

تا شود از آہِ گرم ایں بتِ سنگیں گداز
بستنِ زُنّارِ او بود مرا نا گزیر

عقل بدام آورد فطرتِ چالاک را
اہرمنِ شعلہ زاد سجدہ کند خاک را

ترجمہ

کیونکہ یہ پتھریلا بُت آہ گرم سے پگھل جاتا ہے
(لہذا) میرے لیے اس کی زُنّار گلے میں ڈالنا ضروری تھا
عقل فطرتِ چالاک کو اپنے دام میں لے آتی ہے
(پھر) ناری شیطان خاک کو سجدہ کرتا ہے

فرہنگ

•شود :ہوجائے ،ہوتا ہے (شُدن = ہونا)_•بت سنگیں :پتھر کا بنا ہوا بُت (بت+سنگیں=پتّھر کا بنا ہوا ،سخت)_•گداز :نرم ،ملائم (گداختن=پگھلنا)_•بستنِ زنارِ او: اس کا جنیؤ ڈالنا یا باندھنا (بستن= باندھنا+زُنّار=جنیؤ+او=اس کا)_
•عقل بدام آورد :عقل دام میں لاتی ہے (عقل+بہ=میں+دام= جال+آورد =لاتی ہے [بدام آوردن= دام میں لانا ،پھانسنا])_
•اہرمن شعلہ زاد :آگ کی لپٹ سے پیدا ہونے والا شیطان (اہرمن=شیطان+شعلہ زاد= آگ سے پیدا ہونے والا [شعلہ=آگ کی لو ،بھڑک+زاد=پیدا ہونے والا ،جنا_ زادن= پیدا ہونا])_

بوئے گل

حورے بکنجِ گلشنِ جنّت تپید و گفت
مارا کسے ز آنسوے گردوں خبر نداد

ناید بفہمِ من سحر و شام و روز و شب
عقلم رُبود ایں کہ بگویند مُرد و زاد

ترجمہ

پھول کی خوشبو

جنت کے پھولوں بھرے چمن کے ایک گوشے میں ایک حور
تڑپ تڑپ کر کہتی تھی
ھمیں کسی نے آسمان کے اُس طرف کی خبر نہیں دی
میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ صبح شام اور دن رات کیا ھے
یہ سُن سُن کے میری تو عقل گم ھو گئی کہ فلاں مر
گیا اور فلاں پیدا ھوا

فرہنگ

•حورے :ایک حور (حور+ے: ایک ، کوئی)_•بکنج گلشنِ جنت: جنت کے چمن کے ایک گوشے میں (به :میں+کنج :گوشه ، کونا+گلشن+ جنت)_•تپید :وہ تڑپی (تپیدن: تڑپنا)_ •گفت :اُس نے کہا ، وہ بولی (گفتن :کہنا ، بولنا)_•ما :ہم _
•را :کو _•کسے :کوئی، کسی _
• ز آنسوے گردون :آسمان کے اُس طرف کی (ز :از :کی+آں :اُس+ سو :طرف+گردوں :آسمان)_
•خبرنداد :اُس نے خبر نہیں دی (خبردادن = خبر دینا)_•ناید :نہیں آتا (نه :نیں+آید :آتا [آمدن :آنا])_
•بفہم من :میری سمجھ میں (به: میں+فہم :سمجھ+من :میری)_
•عقلم :میری عقل (عقل+م :میری)_
•ربود :اس نے اُچک لیا (ربودن :اُچک لینا)_•ایں که :جو (ایں :یه+که : جو)_•بگویند :لوگ کہتے ہیں، کہا جاتا ہے (گفتن :کہنا)_•مُرد :وہ مر گیا (مُردن :مرنا)_•زاد :وہ پیدا ہوا (زادن :پیدا ہونا)_

گردید موجِ نکہت و از شاخِ گل دمید
پا اینچنیں بعالمِ فردا و دی نہاد

وا کرد چشم و غنچہ شُد و خندہ زد دمے
گل گشت و برگ برگ شُد و بر زمیں فتاد

ترجمہ

(اتنے میں) وہ خوشبو کی لہر میں ڈھل گئی اور گلاب کی ایک ٹہنی سے ظاہر ہوئی
یوں اُس نے ہر آن بدلتی ہوی دنیا میں قدم رکھا
اُس نے آنکھ کھولی اور کلی بن گئی اور دم بھر کو کھلکھلائی
پھول بنی اور پتّی پتّی ہوئی اور خاک
پر بکھر گئی

فرہنگ

•گردید :وہ ہو گئی (گردیدن :پھر جانا ، پلٹنا ، ہونا ، کایا بدل جانا)_:•از شاخِ گل دمید :گلاب کی ٹہنی سے پھوٹی (از :سے+شاخ+گل+دمید وہ پھوٹی ،وہ ظاہر ہوئی (دمیدن :اُگنا ، پھوٹنا))_•اینچنیں :اس طرح ،یوں ، اس ڈھب سے_•بعالمِ فرداودی :بدلتی ہوئی دُنیا میں (بہ :+عالم :جہان ،دنیا+ فردا :آنے والا دن ،کل ،مستقبل+و: اور+دی :گزرا ہوا کل (عالمِ فرداوعی : وہ عالم جہاں زمانہ اور تغیر پایا جائے ، عالمِ حادثات ،ہر آن بدلتی ہوئی دُنیا)_•نہاد اُس نے رکھا (نہادن: رکھنا ، دھرنا)_•واکرد چشم :اُس نے آنکھ کھولی (چشم وا کردن :آنکھ کھولنا) •خندہ زد :وہ ہنسی ،کھلکھلائی (خندہ زدن :ہنسنا)_•گل گشت :وہ پھول بن گئی (گل+گشت :وہ بن گئی (گشتن: پھر جانا ، کوئی دوسری چیز بن جانا))_•برگ برگ شد :وہ پتی پتی ہو گئی (برگ برگ :پتی پتی+وہ ہو گئی)_ •بر زمیں فتاد :زمیں پر گر گئی (بر زمین فتادن :زمیں پر گرنا)_

زاں نازنیں کہ بندز پایش کشادہ اند
آھے است یادگار کہ بُو نام دادہ اند

فرھنگ

•زاں نازنیں :اُس نازنین سے ، اُس نازنین کی +آن :اُس +نازنیں)_ کی (ز=از=سے ، •بند :بیڑی ، بندھن _•زپایش :اس کے پاؤں سے (ز=از=سے +پا=پاؤں+ اش=اس کے)_ •کشادہ اند :اُنھوں (قدرت)نے کھولا ھے (کشادن= کھولنا)_•آہے : ایک آہ (آہ+ے=ایک)- •یادگار :نشانی_•نام دادہ اند :اُنھوں نے نام دیا ھے ، نام رکھّا ھے (نام دادن=نام دینا ، نام رکھنا)_

ترجمہ

اُس نازنین سے کہ جس کے پاؤں کی بیڑی کھول دی گئی
ایک آہ یادگار رہ گئی جِسے خوشبو کا نام دیا گیا ھے

نوای وقت

خورشید به دامانم، انجم به گریبانم
درمن نگری هیچم، درخود نگری جانم

در شهر و بیابانم، در کاخ و شبستانم
من دردم و درمانم، من عیشِ فراوانم

ترجمہ

زمانے کا گیت

میرے دامن میں سورج، میرے گریبان میں ستارے
تو مجھے دیکھے تو میں کچھ بھی نہیں،
تو اپنے آپ میں جھانکے تو میں تیری جان ہوں
شہر اور بیابان میں ہوں، میں حُجرے اور ایوان میں ہوں
میں
میں دکھ ہوں اور سکھ کا دارو، میں سکھ کا انبار

فرہنگ

•خورشید· بدامانم :میں دامن میں سورج چھُپانے ہوئے ہوں، سورج میرے دامن میں ہے (خورشید=سورج+به= میں ،تلے+ دامان=دامن+م=ہوں ،میرے)_•انجم بگریبانم:میں گریبان میں ستارے لیے ہوئے ہوں، میرے گریبان میں ستارے ہیں (انجم=نجم کی جمع ،ستارے+ به=میں+گریبان+م= ہوں ،میرے)_
• در من نگری:تو مُجھے دیکھے (در کسے نگریستن=کسی کو دیکھنا)_
•هیچم:میں نا چیز،بے حقیقت ،کچھ نہیں ہوں(هیچ=کچھ نیں+م= ہوں)_
• در خود نگری:توخود کو دیکھے، تو خود کو دیکھے گا_•در کاخ میں و شبستانم:محل اور شبستان ہوں(در=میں+کاخ=محل ،قصر+و=اور +شبستان=بادشاہوں کی آرامگاہ ،سونے کی جگہ، رات کی عبادت کا حجرہ+ م=ہوں)_•من عیشِ فراوانم:میں عیش ہی ہوں، عیش فراواں ہوں (من=میں +عیش=آرام، راحت، سکھ+فراواں= زیادہ، بہت، بکثرت+م=ہوں)_

تسخیر فطرت

من تیغِ جهاں سوزم، من چشمۂ حیوانم

فرهنگ

•من تیغِ جہاں سوزم:
میں دنیا پھونکنے
والی تلوار ہوں (من+تیغ=تلوار+
جہاں=دُنیا+سوز=بمعنی سوزندہ،
جلانے والی، پھونکنے والی
[سوختن=سوزاندن:جلانا]
+م=ہوں)۔ •من چشمۂ حیوانم:
میں زندگی کا سوتا ہوں،
آبِ حیات ہوں (من+چشمہ:
پانی کا سوتا+حیواں:زندگی
+م:ہوں)۔

ترجمه

میں دُنیا پھونکنے والی تلوار ہوں، میں زندگی کا سوتا

چنگیزی و تیموری، مُشتے ز غبارِ من
هنگامۂ افرنگی یک جسته شرارِ من

انسان و جهانِ او از نقش و نگارِ من
خونِ جگرِ مرداں ،سامانِ بهارِ من

ترجمه

چنگیز کی آندھی اور تیمور کا جھکّڑ میرے اُڑائے ہوئے
غبار کیایک مٹھی
فرنگیوں کا ہنگامہ میرے الاؤ سے چُھوٹی ہوئی ایک چنگاری
انسان اور اس کا عالم میرے بنائے ہوئے بیل بوٹے
جواں مردوں کا خونِ جگر میری بہار کا سامان

فرہنگ

• چنگیزی:چنگیز خان کی صفات ، چنگیز کی یلغار _•تیموری تیمور کی صفات ،تیمور کے ہنگامے_ •مشتے:ایک مٹھی= (مُشت:مٹھی+ے =ایک)_•زغبارِ من:میرے غبار سے، میری گرد کی (ز=از=میں سے، کی + غبار+من=میرے)_•یک جسته شرارِ من:میری ایک چھوٹی ہوئی چنگاری (یک ایک+جسته=چھوٹی ہوئی [جستن=چھوٹنا ، کودنا]+شرار = چنگاری+من=میری)_•جہانِ او : اُس کی دنیا (جہان=دُنیا+او= اس کی)_•از نقش و نگارِ من: میرے نقش و نگار سے (از=سے+ نقش و نگار=بیل بوٹے کا کام، شکل و صورت+من=میرے)_

من آتشِ سوزانم، من روضۂ رضوانم

فرہنگ

• من آتشِ سوازنم:
میں بھڑکتی ہوئی آگ ہوں،
میں جلانے والی آگ ہوں (من=میں+
آتش=آگ+سوزاں=جلتی ہوئی،
بھڑکتی ہوئی، جلانے والی (سوختن=
سوزانیدن=جلنا، جلانا]+م=ہوں)
•من روضۂ رضوانم:میں رضوان کا
باغ ہوں، میں جنت ہوں
(روضہ=باغ+رضوان=جنت کا
داروغہ+م=ہوں)

ترجمہ

میں بھڑکی ہوئی آگ ہوں میں رضوان کا باغ

آسُودہ و سیّارم، ایں طرفہ تماشا بیں
در بادۂ امروزم، کیفیتِ فردا بیں

پنہاں بہ ضمیرِ من، صد عالمِ رعنا بیں
صد کوکبِ غلطاں بیں، صد گنبدِ خضرا بیں

ترجمہ

میں ساکن بھی ہوں اور گردش میں بھی، یہ انوکھا تماشا دیکھ
میری آج کی شراب میں آنے والے کل کی مستی دیکھ
میرے بھیتر چھُپے ہوئے سیکڑوں خوشنما عالم دیکھ
سیکڑوں چمکتے ہوئے ستارے سیکڑوں آسمان

فرہنگ

•آسودہ:ٹھہرا ہوا، رکا ہوا، ساکن • سیارم:گردش کرنے والا ہوں (سیّار=تیز چلنے والا، گردش کرنے والا+م=ہوں)_•طرفہ:نیا، انوکھا، عجیب _•بیں: تو دیکھ (دیدن=دیکھنا)_ •بادۂ امروزم:میری آج کی شراب (بادہ= شراب+امروز=آج+م=میری)_ • کیفیتِ فردا:آنے والے کل کا نشہ (کیفیّت=نشہ، سرور، مستی+فردا= آنے والا کل)_•بہ ضمیرِ من:میرے باطن میں، میرے دل میں (بہ=میں+ ضمیر=دل، باطن+من=میرے)_ •صد:سو، سینکڑوں _•عالمِ رعنا: خوشنما دُنیا (عالم=دُنیا+رعنا: خوشنما)_ •کوکبِ غلطاں:چمکتا ہوا ستارہ (کوکب=ستارہ+غلطاں= چمکتا ہوا [غلطیدن=چمکنا])_ •گنبدِ خضرا:سبز گنبد، آسمان (گنبد+خضرا=سبز)_

من کسوتِ انسانم، پیراهنِ یزدانم

فرهنگ

• من کسوتِ انسانم: میں انسان کا لباس ہوں (من+کسوت = پوشاک، لباس+انسان+م = ہوں)_• پیراهنِ یزدانم: یزداں کا کُرتہ ہوں (پیراهن=کُرتا، لباس، قمیص+یزداں=خدا+م=ہوں)_

ترجمہ

میں انسان کی پوشاک ہوں، میں خدا کا لباس

تقدیر فسونِ من، تدبیر فسونِ تو
تو عاشقِ لیلائے من، دشتِ جنونِ تو

چوں روحِ رواں پاکم، از چند و چگونِ تو
تو رازِ درونِ من، من رازِ درونِ تو

فرہنگ

•فسونِ من:میرا جادو (فسون= افسون=جادو، منتر+من=میرا)_
•روحِ رواں:آزاد روح، روحِ حیات، رواں دواں روح (روح+رواں=جاری، چلنے والی، بے قید، لطیف)_
•پاکم:میں پاک ہوں (پاک+م=میں ہوں)_•از چند و چگونِ تو:تیرے کتنے اور کیسے سے (از=سے+چند:کتنا، مقدار، کمیت + و=اور+چگون=کیسا، کیفیت= تو=تیرے)_•رازِ درونِ من:میرے باطن کا بھید (راز+درون=باطن، بھیتر، دل+من=میرے)_

ترجمہ

تقدیر میرا جادو، تدبیر تیرا ٹوٹکا
تو لیلی کا عاشق ھے، میں تیرے جنوں کا صحرا
میں زندہ اور آزاد روح کی طرح تیرے کیسے اور کتنے
کے بکھیڑوں سے پاک ھوں
تو میرے باطن کا راز ھے میں تیرے بھیتر کا بھید

از جانِ تو پیدایم ، درجانِ تو پنهانم

فرهنگ

• از جانِ تو:تیری جان سے (از=سے+جان = جان ، روح+تو=تیری)۔
•پیدایم : میں ظاہر ہوں (پیدا =ظاہر+ام=میں ہوں)۔
• در جانِ تو:تیری جان میں (در=میں+جان+تو)۔
•پنہانم:میں چھُپا ہوا ہوں (پنہاں=چھُپا ہوا ، پوشیدہ+م=میں ہوں)۔

ترجمہ

میں تیری جان سے ظاہر ہوں اور
تیری روح میں پوشیدہ

من رهرو و تو منزل، من مزرع و تو حاصل
تو سازِ صد اهنگےِ، تو گرمی اِیں محفل

آوارۂ آب و گلِ! دریاب مقامِ دل
گنجیدہ به جامی بیں ایں قلزمِ بی ساحل

ترجمہ

میں مسافر ہوں اور تو منزل، میں کھیتی ہوں اور تو فصل
تو بے شمار نغموں سے بھرا ہوا ساز ہے،
اِس محفل کی رنگا رنگی اور رونق تیرے ہی دم سے ہے
اے مٹّی اور پانی کے بیچ بھٹکنے والے! دل کا ٹھکانا بوجھ
ایک پیالے میں سمایا ہوا یہ بے کنار سمندر دیکھ

فرہنگ

•مزرع :کھیتی _ •حاصل :فصل _
•سازِ صد آہنگے :سو صداؤں والا ساز (ساز+صد=سو، سیکڑوں+آہنگ =الاپ، نغمہ، آواز+ے=ایک)_
•گرمیِ ایں محفل :اس محفل کی رونق (گرمی=رونق، جوش+ ایں=اس+محفل)_ •آوارۂ آب و گل :پانی اور مٹی میں سرگرداں (آوارہ=سرگرداں، بھٹکا ہوا، ادھر اُدھر مارا مارا پھرنے والا + آب=پانی+و=اور+گل=مٹّی، گارا [آب و گل=آدمی کا خمیر، مایۂ تخلیق، بدن، مادہ، مادی دُنیا])_
•دریاب :تو بوجھ، تو سمجھ، تو پالے (دریافتن=سمجھنا، پانا، تحقیق کرنا)_•گنجیدہ سمایا ہوا (گنجیدن=سمانا)_•به جامے: ایک پیالے میں (به=میں+ جام= پیالہ+ے=ایک)_ •ایں :یہ _
•قلزمِ بے ساحل :بے کنار سمندر (قلزم=سمندر +بے ساحل= بے کنار)_

از موجِ بلندِ تو سر بر زده طوفانم

فرهنگ

•از موجِ بلندِ تو:تیری اونچی لہر سے (از = سے+موج=لہر+ بلند=اونچی+تو = تیری)_•سر برزده:آشکار، سر نکالے ہوئے(سربرزدن = ظاہر ہونا، اچانک واقع ہونا، سر نکالنا)_

•طوفانم:طوفان ہوں (طوفان+م=ہوں)_

ترجمه

میں تیری ھی اونچی لہر سے برپا ھونے والا طوفان ھوں

فصل بہار

خیز کہ در کوہ و دشت خیمہ زد ابرِ بہار

مست ترنَم ہزار طوطی و درّاج و سار
بر طَفِ جوئبار کشتِ گل و لالہ زار
چشمِ تماشا بیار
خیز کہ در کوہ و دشت خیمہ زد ابرِ بہار

ترجمہ

بہار کا موسم

اُٹھ کہ بہار کی گھٹا نے پربت پربت جنگل جنگل خیمہ تانا
نغموں میں مگن بلبل طوطی اور تیتر اور مینا
نہر کے کنارے گلاب اور گلِ لالہ کی بھرمار
دیکھنے والی آنکھ لا

اُٹھ کہ بہار کی گھٹا نے پربت پربت جنگل جنگل خیمہ تانا

فرہنگ

•خیز اُٹھ (خاستن=خیزیدن= کھڑے ہونا ، اُٹھنا)_•خیمہ زد :اُس نے خیمہ لگایا (خیمہ زدن=خیمہ لگانا/گاڑنا ، پڑاؤ ڈالنا)_
•مستِ ترنم : گانے میں مگن (مست+ترنم=گانا ، گنگنانا)_•ہزار:بلبل _•درّاج: تیتر _ •سار:مینا _•برطرفِ جوئبار :نہر کے کنارے پر (بر =پر+طرف=کنارہ+ جوئبار=نہر، چھوٹی نہروں سے مل کر بنی ہوئی بڑی نہر)_
•کشتِ گل : پھلواری (کشت=کھیتی ، کیاری+ گل)_ •لالہ زار:گلِ لالہ کا کھیت_
•چشمِ تماشا :دیکھنے والی آنکھ (چشم=آنکھ+تماشا= دیدار=نظارہ)_
•بیار:تولا (آوردن=لانا)_

بادِ بہاراں وزید مُرغ نوا آفرید
لالہ گریباں درید حسن گلِ تازہ چید
عشق غمِ نو خرید
خیز کہ در باغ و راغ، قافلۂ گل رسید

فرہنگ

•وزید :چلی (وزیدن= ہوا کا چلنا، سنکنا)_•نوا آفرید : نغمہ ایجاد کیا، نغمہ پیدا کیا (آفریدن = پیدا کرنا)_ •گریبان درید :اُس نے گریبان پھاڑا (گریباں دریدن=گریبان چاک کرنا)_•چید=اُس نے توڑا، چُنا (چیدن=چننا، پلکنا)_•خرید : اُس نے مول لیا (خریدن=خریدنا، مول لینا)_•باغ و راغ :چمن اور بن (باغ+و+راغ=جنگل، سبزہ زار، وادی)_•قافلۂ گل رسید :پھولوں کا قافلہ پہنچ گیا (قافلہ+گل+رسید= وہ پہنچ گیا [رسیدن=پہنچنا])_

ترجمہ

بہار کی ہوا چلی پرندوں نے نغمے گھڑے
لالے نے گریبان پھاڑا حُسن نے تازہ پھول چُنا
عشق نے نیا غم مول لیا
اُٹھ کہ باغوں اور سبزہ زاروں میں پھولوں کا قافلہ آ پہنچا

بلبلگاں در صفیر، صلصلگاں در خروش
خونِ چمن گرم جوش ای که نشینی خموش
در شکن آئینِ هوش بادۂ معنی بنوش
نغمه سرا، گل بپوش
بلبلگاں در صفیر صلصلگاں در خروش

ترجمه

بلبلیں چہکار میں مگن، فاختائیں کوکوُ میں مست
چمن اپنے ھی لہو کی ترنگ میں ھے تو یوں گم صم بیٹھا ھے
عقل و ھوش کی بندش توڑ ڈال حقیقت کی شراب پی
تانیں اُڑا، خود کو پھولوں میں ڈھانپ لے
بلبلیں چہکار میں مگن، فاختائیں کوکوُ میں مست

فرھنگ

•بلبلگاں در صفیر:بلبلیں چہکار میں مگن (بلبلگاں=بلبل کی جمع+در= میں+صفیر=پرندوں کی آواز،چہکار)_ •صلصلگاں در خروش:فاختائیں، شور مچانے میں مشغول، فاختائیں شور مچاتے ہوئے (صلصلگاں=صلصل کی جمع، فاختائیں+در+خروش= شور، غل)_•گرم جوش:گرمایا ہوا_ •اے که:اے تو که _•نشینی: تو بیٹھا ھے(نشستن=بیٹھنا)- •درشکن:تو توڑ دے(درشکستن =توڑدینا)_•آئینِ ہوش:ہوش کا چلن (آئین=قانون، چلن، عادت، دستور+ہوش)_•بادۂ معنی: حقیقت کی شراب (بادہ=شراب+ معنی=باطن، اصلیت، حقیقت)_ •بنوش:پی (نوشیدن=پینا)_•نغمه سرا:نغمه سرائی کر (نغمه+سرا=تو گا [سرائیدن=سرودن=گانا])_•گل بپوش:پھولوں میں ملبوس ہو جا، پھولوں میں چھپ جا (گل=پھول + بپوش= تو پہن [پوشیدن=پہننا، چھپانا، ڈھانپنا] _

حجرہ نشینی گذار، گوشۂ صحرا گزُیں
بر لبِ جوئے نشیں آبِ رواں را ببیں
نرگسِ ناز آفریں لختِ دلِ فرودیں
بوسہ زنش بر جبیں
حجرہ نشینی گذار، گوشۂ صحرا گزیں

ترجمہ

اپنی کال کوٹھری سے باھر نکل، جنگل کا کونا پکڑ
ندی کے کنارے بیٹھ چلتے ھوئے پانی کو دیکھ
نازوں کی بنی نرگس بہار کے دل کا ٹکڑا
اُس کا ماتھا چوم
اپنی کال کوٹھری سے باھر نکل، جنگل کا کونا پکڑ

فرہنگ

• حجرہ نشینی :تنہائی، علیحدگی، سب کو چھوڑ کر کسی کوٹھری میں جا بیٹھنا _ •گذار:چھوڑ (گذاردن=گذاشتن=چھوڑنا ، ترک کرنا)_•گوشۂ صحرا گزیں:جنگل کا کونا پکڑ (گوشہ=کونا ، کھونٹ+صحرا = جنگل (گوشہ گزیدن=تنہائی اختیار کرنا ، کونا پکڑنا)_•برلبِ جوے: کسی ندی کے کنارے پر (بر=پر+لب = کنارہ+جو=ندی ، نہر+ے= کوئی، کسی)_ •نشیں :بیٹھ (نشستن= بیٹھنا)_•آبِ رواں :بہتا پانی، چلتا ہوا پانی (آب=پانی+رواں=چلتا ہوا ، جاری)_•را :کو •ببیں: دیکھ (دیدن=دیکھنا)_
• لختِ دلِ فرودیں :بہار کے دل کا ٹکڑا (لخت=ٹکڑا+دل+ فرودیں=فروردیں=پارسیوں کے سال کا پہلا مہینہ مجازاً بہار)_•بوسہ زنش: اسے چوم (بوسہ زدن=چومنا)_

دیدۂ معنی کشا ، اے ز عیاں بے خبر
لالہ کمر در کمر نیمۂ آتش بہ بر
میچکدش بر جگر شبنمِ اشک سحر
در شفق انجم نگر
دیدۂ معنی کشا ، اے ز عیاں بے خبر

فرہنگ

•دیدۂ معنی:دل کی آنکھ(دیدہ=آنکھ + معنی=حقیقت ، اصلیت ، باطن)_ •کشا:کھول (کشادن=کھولنا)_ •کمردرکمر:متصّل ، آپس میں ملے ہونے ، قریب قریب _•نیمۂ آتش:آگ کی صدری•بہ بر:برمیں(بہ=میں+بر= سینہ ، آدھا دھڑ ، تن)_•میچکدش: اُس پر ٹپک رہی ہے(می چکد=ٹپکتی ہے ، ٹپک رہی ہے+ش=اُس پر [چکیدن=ٹپکنا])_•نگر:دیکھ (نگریستن=دیکھنا ، نگاہ کرنا)_

ترجمہ

دل کی آنکھ کھول ، اے ظاہر سے انجان
قطار اندر قطار لالے کے پھول
شعلوں کی صدری بر میں ڈالے اُن کے جگر پر ٹپکتی ہوئی
صبح کے آنسو ایسی شبنم دیکھ (جیسے) شفق بیچ ستارے
دل کی آنکھ کھول ، اے ظاہر سے انجان

خاکِ چمن وانمود ، رازِ دلِ کائنات
بود و نبودِ صفات جلوہ گریہاے ذات
آنچہ تو دانی حیات آنچہ تو خوانی ممات
ہیچ ندارد ثبات
خاکِ چمن وا نمود ، رازِ دلِ کائنات

ترجمہ

چمن کی مٹی نے فاش کر دیا کائنات کے دل کا راز
صفات کی آنکھ مچولی ذات کی جلوہ پاشیاں
جسے تو زندگی جانتا ہے جسے تو موت سمجھ رہا ہے
کسی کو بھی ثبات نہیں
چمن کی مٹی نے فاش کر دیا کائنات کے دل کا راز

فرہنگ

•وانمود :اس نے ظاہر کیا (وانمودن = ظاہر کرنا ، دکھانا)_•بود و نبودِ صفات :صفات کا ظہور اور اخفاء (بود = ہونا ، ہستی، ظہور، حاضر ہونا+و = اور+نبود=نابود=نہ ہونا ، عدم ، خفاء ، تعطّل ، غیاب [بود و نبود=ہر موجود اور حاضر شے ، کسی چیز کا ایک بی آن میں ظاہر اور پوشیدہ ہونا]+ صفات=اللہ تعالی کی صفات ،صفت کی جمع)_•جلوہ گریہاے ذات :ذات باری تعالی کی تجلّیات (جلوہ گری ہا=جلوہ گری کی جمعِ ، ظاہر ہونا ،نمودار ہونا ، تجلّی فرمانا+ذات=اللہ تبارک و تعالی کی ذات پاک)_•آنچہ:جو کچھ ، جسے _ •تو دانی:تو سمجھتا ہے (دانستن=جاننا ، سمجھنا) .•تو خوانی:تو سمجھتا ہے ، تو کہتا ہے (خواندن=سمجھنا ، کہنا)_•ممات : موت _•ہیچ :کوئی _•ندارد : نہیں رکھتا (داشتن=رکھنا)_•ثبات : قیام ، قرار _

حیات جاوید

گماں مبر که بپایاں رسید کارِ مغاں
هزار بادۂ ناخورده در رگِ تاک است

چمن خوش است ولیکن چو غنچه نتواں زیست
قبائے زندگیش از دمِ صبا چاک است

ترجمه

همیشه کی زندگی

تو یہ گمان مت کر که مے سازی کا کام ختم هو گیا
(ابھی تو) کتنی هی اَن چکھی شرابیں انگور کی رگوں میں پوشیده هیں
چمن اچھا هے لیکن کلی کی طرح کیا جینا
اُس کی زندگی کی قبا صبا کے ایک جھونکے میں چاک هو جاتی هے

فرهنگ

•گماں مبر:تو یه گمان مت کر (گماں بردن=گمان کرنا)_
•بپایاں رسید :انجام کو پہنچ گیا (به=کو ،تک+پایاں=انجام ، انتہا+رسید=پہنچ گیا [رسیدن=پہنچنا])_
کارِ مغاں :شراب بنانے والوں کا کام (کار=کام+مغاں=مغ کی جمع ،شراب کشید کرنے والے)_•بادۂ نا خورده: ان چکھی شراب (باده=شراب +نا خورده=ان چکھی [خوردن= چکھنا ، پینا])_•رگِ تاک :انگور کی رگ (رگ+تاک=انگور کی بیل)_
•چمن خوش است:چمن اچھا هے (چمن+خوش=اچھا+است=هے)_
•چو غنچه:غنچے کی طرح (چو=طرح + غنچه)_•نتواں زیست:نہیں جیا جا سکتا (توانستن=سکنا+زیستن= جینا)_•قبائے زندگیش :اُس کی زندگی کی قبا (قبا=جامه+زندگی+ اش=اس کی)_•دمِ صبا :صبا کا جھونکا (دم+صبا=پُروا هوا ، هوا)_

فرهنگ

اگر ز رمزِ حیات آگهی، مجوے و مگیر
دلے که از خلشِ خارِ آرزو پاک است

بخود خزیده و محکم چو کوهساراں زی
چو خس مزی که هوا تیز و شعله بیباک است

•ز رمزِ حیات=زندگی کے بھید سے (ز=سے+رمز=بھید+حیات=زندگی)۔ •آگہی=تو واقف ہے، آگاہ ہے (آگاہ+ای=تو ہے)۔
•مجوے=مت ڈھونڈ (جُستن=ڈھونڈنا، کھوجنا، طلب کرنا)۔
•مگیر=مت قبول کر (گرفتن=پکڑنا، حاصل کرنا، قبول کرنا)۔
•دلے=وہ دل (دل+ے=وہ)۔
•از خلشِ خارِ آرزو=آرزو کے کانٹے کی کھٹک سے (از=سے+خلش=چبھن، کھٹک+خار=کانٹا+آرزو)۔
•پاک=خالی ۔•بخود=اپنے آپ میں (بہ=میں+خود=اپنا آپ)۔
•خزیدہ=سمٹا ہوا، چھپا ہوا (خزیدن=چھپنا، دُبکنا، اوٹ کرنا)۔
•محکم=مضبوط، اٹل ۔•چو=جیسے، طرح ۔•کوهساراں=کوهسار کی جمع، پہاڑ۔•زی=زندگی کر، جی (زیستن=جینا، زیست کرنا)۔•مزی=مت جی (زیستن=جینا)۔

ترجمہ

اگر تو ہستی کے بھید سے باخبر ہے تو مت کھوج اور نہ قبول کر
ایسا دل جو آرزو کے کانٹے کی کھٹک سے خالی ہے
پہاڑوں کی طرح زیست کر۔ اپنے آپ میں اکٹھا اور اٹل
سوکھی ہوئی گھاس ایسی زندگی مت گزار کیونکہ ہوا تیز ہے اور شعلہ بیباک

افکار انجم

۱

شنیدم کوکبے با کوکبے گفت
که در بحریم و پیدا ساحلے نیست

سفر اندر سرشت ما نهادند
ولے ایں کارواں را منزلے نیست

ترجمہ

ستاروں کے افکار

۱

میں نے ایک ستارے کو دوسرے سے یہ کہتے سُنا
کہ ہم سمندر میں ہیں اور کنارہ اوجھل ہے
خدا نے ہماری سرشت میں مسافرت رکھی
لیکن اس قافلے کی کوئی منزل نہیں ہے

فرہنگ

•شنیدم=میں نے سنا (شنیدن=سنں)_
•کوکبے=ایک ستارہ (کوکب=ستارہ+ے=ایک، کوئی)_•با=سے، کے ساتھ _•گفت=وہ کہتا تھا، بولا (گفتن=کہنا، بولنا)_
•دربحریم=ہم سمندر میں ہیں (در=میں، بیچ+بحر=سمندر+ایم=ہم ہیں)_•پیدا=ظاہر _
• ساحلے=کوئی کنارہ (ساحل=کنارہ+ے=کوئی)_•سرشت ما=ہماری خلقت (سرشت=خلقت، طبیعت+ما=ہماری)_
•نہادند=اُنھوں نے رکھا (نہادن=رکھنا)_•ولے=لیکن _•منزلے = کوئی منزل (منزل+ے=کوئی)_

۲

اگر انجم همانستے که بود است
از ایں دیرینه تابیها ، چه سود است

گرفتارِ کمندِ روزگاریم
خوشا آں کس که محرومِ وجود است

فرهنگ

•همانستے=ویسے هی ہیں _ •بود است=وہ رہا ہے (بودن=رہنا ، ہونا)_ •ازیں دیرینه تابی با=اس سدا کے چمکتے رہنے سے (از=سے +ایں=اس+دیرینه تابی=بت پُرانی جگمگاہٹ ، سدا کا چمکنا دمکنا+با=علامت جمع) •گرفتار کمندِ روزگاریم=ہم زمانے کے پھندے میں جکڑے ہوئے ہیں (گرفتار+کمند+روزگار=زمانه+ایم= ہم ہیں)_ •خوشا=اچھا ، خوش نصیب _ •آں کس=وہ شخص (آں = وہ+کس=شخص)_

ترجمه

۲

اگر ستارے جیسے تھے ویسے ھی ہیں
تو اِس سدا کی چمک دمک کا کیا حاصل ہے
ہم زمانے کی کمند میں جکڑے ہوئے ہیں
اچھا ہے وہ جو وجود سے محروم ہے

۳

کس ایں بارِ گراں را برنتابد
ز بود ما نبودِ جاوداں بہ

فضاے نیلگونم خوش نیاید
ز اوجش پستیِ آں خاکداں بہ

ترجمہ

۳

یہ بوجھ کوئی نہیں ڈھو سکتا
ہمارے ہونے سے ہمیشہ کا نہ ہونا اچھّا
مجھے یہ آسمانی فضا خوش نہیں آتی
اِس کی بلندی سے اُس دُنیا کی پستی اچھّی

فرہنگ

•کس=کونی _•بار گراں=بوجھ+گراں=بھاری) •را=کو _
•برنتابد=نہیں سہارتا، برداشت نہیں کرتا (برتافتن=قبول کرنا، برداشت کرنا)_•ز بود ما=ہمارے وجود سے (ز=از=سے +بود=وجود، ہستی [بودن=ہونا] + ما=ہمارا)_ •نبودِ جاوداں=ہمیشہ کا عدم (نبود=نابود=عدم، نیستی+جاوداں=ہمیشہ، دائم)
•بہ=اچھا _•فضاے نیلگونم=مجھے یہ آسمانی فضا (فضا=پھیلاؤ، وسعت+نیلگوں=نیلے رنگ کی، آسمانی+م=مجھے)_•خوش نیاید=پسند نہیں، راس نہیں آتی، اچھّی نہیں لگتی _ (خوش آمدن=پسند آنا، راس آنا، موافق آنا)_
• ز اوجش=اس کی بلندی سے (ز + اوج=بلندی+ش=اسکی)_
• پستیِ آں خاکداں=اُس دنیا کی پستی (پستی + آں=اُس+خاکداں = کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ، دُنیا)_

٤

خنک انساں که جانش بے قرار است
سوار راهوار روزگار است

قباے زندگی برقامتش راست
که او نو آفرین و تازه کار است

فرهنگ

•خنک=اچھا، کیا خوب، کیا کہنے _ •سوارِ راہوارِ روزگار= زمانے کے گھوڑے پر سوار (سوار+ راہوار=تیز رفتار گھوڑا+روزگار= زمانہ)_•باقامتش=اِس کے بدن پر (بر=پر+قامت=ڈیل، بدن+ ش=اسکے)_•راست=پوری، سیدھی، درُست _ •نوآفریں=نت ننی چیزیں پیدا کرنے والا (نو=نیا، تازہ+آفریں=بمعنی آفرینندہ= پیدا کرنے والا (آفریدن= پیدا کرنا)_ •تازہ کار=ننے ننے کام کرنے والا (تازہ=نیا+کار= کام کرنے والا)_

ترجمہ

۴

انسان کے کیا کہنے که جس کی جان کو
کہیں قرار نہیں ہے
وہ زمانے کے تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہے
زندگی کی قبا اُس کے بدن پر پوری
کیونکہ وہ نت ننئی چیزیں گھڑنے والا اور تازہ کار ہے

زندگی

شبے زار نالید ابرِ بہار
که این زندگی گریۂ پیہم است

در خشید برقِ سبک سیر و گفت
خطا کرده ای خندۂ یک دم است

فرہنگ

•شبے=ایک رات (شب=رات+ے=ایک)_•زار نالید=وہ رو رو کے پکارہ (زار نالیدن=رو رو کے پکارنا ، چلاّ کے رونا ، بلک بلک کے رونا)_
•درخشید=چمکی (درخشیدن=چمکنا)_ •برق سبک سیر=تیز رفتار بجلی (برق=بجلی+سبک سیر = تیز رفتار)_•خندۂ یکدم=ایک پل کی ہنسی (خندہ=ہنسی [خندیدن=ہنسنا ، قہقہہ لگانا]+یک = ایک+دم=پل)_

ترجمہ

زندگی

ایک رات بہار کی گھٹا رو رو کے پکاری
که یہ زندگی لگا تار رونا ہے
تیز رفتار بجلی چمکی اور بولی
تو نے غلط سمجھا یہ تو پل بھر کی ہنسی ہے

ندانم به گلشن که بُرد این خبر
سخنها میانِ گل و شبنم است

فرهنگ

•ندانم=میں نیں جانتا [دانستن=جاننا ، سمجنا)_ •به=میں ، کی طرف _•که = کون _•بُرد=لے گیا (بُردن= لے جانا)_•سخنها=سخن کی جمع ، باتیں ،بحث مباحثے _•میانِ گل و شبنم=پھول اور شبنم کے درمیان (میان=درمیان ، میں+گل = پھول ، گلاب کا پھول+و=اور شبنم=اوس)_

ترجمه

میں نیں جانتا یه خبر باغ میں کون لے گیا
پھول اور شبنم کے بیچ گفتگو چھڑی ہوئی ھے

محاوره علم و عشق

علم

نگاهم رازدارِ هفت و چار است
گرفتارِ کمندم روزگار است

جهاں بینم نه ایں سو باز کردند
مرا با آنسوے گردوں چه کار است

ترجمه

علم و عشق کا مکالمه

علم

میری نگاه زمین اور آسمان دونوں کی راز دار هے
زمانه میرے پھندے میں پھنسا ہوا هے
خداوند نے میری آنکھیں اِس رُخ په کھولیں
مجھے آسمان کے اُدھر سے کیا کام هے

فرهنگ

•نگاہم=میری نگاه (نگاه+م=میری)-•رازدارِ هفت و چار=ساتوں آسماَن اور چاروں عناصر کے بھیدَ جاننے والا، زمین اور آسمان دونوں کے اسرار سے واقف (رازدار+هفت=سات، یہاں مُراد هے سات آسمان+و=اور + چار=یہاں مُراد هے چار عناصر مٹی، آگ، ہوا اور پانی یعنی زمین) •گرفتار کمندم=میرے پھندے میں گرفتار (گرفتار=پھنسا ہوا، قیدی+کمند=پھندا+م=میرے) _•روزگار=زمانه _ •جہاں بینم= میری آنکھ (جہاں بیں=آنکھ+م= میری)_•به ایں سو=اس رُخ پر، اس طرف (به=پر، کو+ایں = اس+سو=طرف)_•باز کردند= اُنھوں نے کھولی (باز کردن = کھولنا)_•مرا=مجھے (من= مجھ+را=کو)_ • با=کے ساتھ، سے _•آنسوے گردوں=آسمان کی اُس طرف (آں=اُس+سو= سمت، جانب+گردوں=آسمان)_

چکد صد نغمه از سازے که دارم
به بازار افگنم رازے که دارم

فرهنگ

• چکد=ٹپکتا هے (چکیدن=ٹپکنا)_•سازے=وہ ساز (ساز+ے=وہ)_•دارم=میں رکھتا ہوں (داشتن=رکھنا)_•به=میں، بیچ _•افگنم=میں ڈال دیتا ہوں (افگندن=ڈالنا، زمین پر ٹپکنا)_
• رازے=وہ راز (راز+ے=وہ)_

ترجمه

میرے ساز سے سیکڑوں نغمے ٹپکتے ہیں
میں اپنا ہر راز بازار میں پھینک آتا ہوں

عشق

ز افسونِ تو دریا شعله زار است
هوا آتش گذار و زهر دارید است

چو با من یار بودی، نور بودی
بُریدی از من و نورِ تو نار است

فرهنگ

• ز افسونِ تو=تیرے جادو سے (ز = از=+ افسون=جادو، منتر، تو = تیرے)_•شعله زار=وہ جگہ جہاں آگ بی آگ ہو (شعله+زار=وہ مقام جہاں کوئی چیز کثرت سے پائی جائے)•آتش گذار=آگ چھوڑنے والی (آتش=آگ+گذار=بمعنی گذارنده، چھوڑنے والی، [گذاشتن= چھوڑنا])_•چو=جب _•بامن= میرے ساتھ (با=ساتھ+من= میرے)_•بریدی=تو جُدا ہوا (بُریدن=جُدا ہونا، الگ ہونا، تعلّق توڑنا)_•ازمن=مجھ سے _

ترجمه

عشق

تیرے شعبدے سے دریا شعله زار ھے
ہوا آگ چھوڑتی ھے اور زہریلی ھے
تو جب میرا دوست تھا، نور تھا
مجھ سے الگ ہوا تو اب تیرا نور بھی نار ھے

به خلوت خانۂ لاهوت زادی
و لیکن در نخِ شیطاں فتادی

ترجمه

تو نے خلوت خانۂ لاہوت میں جنم لیا
لیکن شیطان کے پھندے میں پھنس گیا

فرہنگ

•به خلوت خانۂ لاهوت =لاهوت کے خلوت خانے میں (به=میں+خلوت= تنہائی، علیحدگی، پوشیدگی+خانه = گھر [خلوت خانه=تنہائی اور پوشیدگی کا مکان]+لاہوت=مرتبۂ ذات، ذاتِ الٰہی کا عالم)_•زادی = تو پیدا ہوا (زادن=پیدا ہونا)_ •درنخِ شیطاں=شیطان کی رسی میں (در=میں+نخ=رسی+ شیطاں)_ •فتادی=تو پھنس گیا (فتادن=گرنا، پھنسنا)_

بیا ایں خاکداں را گلستاں ساز
جہانِ پیر را دیگر جواں ساز

بیا یک ذرّہ از دردِ دلم گیر
تہِ گردوں بہشتِ جاوداں ساز

ترجمہ

آ اِس خاکداں کو گلزار بنا دے
بوڑھی دُنیا کو پھر سے جوان کردے
آ میرے دردِ دل سے ایک ذرّہ حاصل کر
آسمان تلے ہمیشہ کی جنّت بنا کر

فرہنگ

•خاکداں = دُنیا، مٹّی اور کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ _•را=کو _ •گلستاں= باغ، پھلواری _•ساز=بنا (ساختن=بنانا)_ •دیگر=پھر، دوبارہ _•از دردِ دلم=میرے دل کے درد سے (از=سے=درد+ دل+م=میرے)_•گیر=تو حاصل کر (گرفتن=پکڑنا، حاصل کرنا)_ •تہ گردوں=آسمان تلے (تہ=نیچے، تلے+گردوں=آسمان)_ •بہشتِ جاوداں=دائمی جنّت (بہشت = جنّت+جاوداں=ہمیشہ)_

ز روزِ آفرینش همدم استیم
هماں یکَ نغمه را زیر و بم استیم

فرهنگ

•ز روزِ آفرینش=پیدائش کے دن سے (ز=از=سے+روز=دن+ آفرینش=پیدائش ، تخلیق)_•هماں=اُسی _•را=کا _ • زیروبم=اُتار چڑھاؤ (زیر=نیچا سُر ، دھیما سُر+و=اور+بم= اونچا سُر)_•استیم=هم ہیں _

ترجمه

هم ازل کے دن سے دم کے ساتھی رہے ہیں
هم ایک ہی نغمے کا اُتار چڑھاؤ ہیں

سرود انجم

هستیِ ما نظامِ ما
مستیِ ما خرامِ ما
گردشِ بے مقامِ ما
زندگیِ دوامِ ما
دورِ فلک بکامِ ما ، می نگریم و می رویم

ترجمہ

ستاروں کا گیت

ہماری ہستی ہماری نظام
ہماری مستی ہماری چال
ہماری بلا ٹھہراؤ گردش
ہماری دائمی زندگی
آسمان کی گردش ہماری آرزو سے سازگار ، ہم دیکھتے ہیں اور چلتے رہتے ہیں۔

فرہنگ

•خرامِ ما=ہماری چال (خرام= رفتار ، نرم چال [خرامیدن=ناز سے چلنا ، ٹہلنا]+ما=ہماری)۔
• گردشِ بے مقامِ ما=ہماری بلا ٹھہراؤ گردش ، ہماری مسلسل گردش (گردش=چکر ، پھیرا+بے=بلا ، بغیر+مقام=ٹھہراؤ ، منزل ، پڑاؤ+ ما=ہماری)۔•زندگی دوام ما : دائمی زندگی (زندگی+دوام+ما= ہماری)۔•دور فلک=آسمان کی گردش =گردش+فلک= آسمان)۔•بکامِ ما=ہماری مراد پر ، ہماری آرزو کے موافق (بہ=کے لئے+کام=آرزو ، مُراد+ما= ہماری)۔ [بکامِ کسے بودن=کسی کی آرزو کے موافق ہونا]•می نگریم = ہم دیکھتے رہتے ہیں ، ہم دیکھ رہے ہیں (نگریستن=دیکھنا)۔ •میرویم=ہم چل رہے ہیں ، ہم چلتے جاتے ہیں (رفتن=چلنا ، جانا ، گزرنا)۔

جلوه گہ شہود را
بتکدۂ نمود را
رزمِ نبود و بود را
کشمکشِ وجود را
عالمِ دیر و زود را می نگریم و می رویم

ترجمہ

شہود کی جلوہ گاہ کو
نمود کے بتکدے کو
ہستی اور نیستی کے معرکے کو
وجود کی کشمکش کو
حال اور آئندہ کے عالم کو ہم دیکھتے ہیں اور چلتے رہتے ہیں

فرہنگ

•جلوۂ گہ شہود=شہود کی جلوہ گاہ (جلوہ گہ=جلوؤں کی جگہ، دُنیا، مظاہر کا عالم+شہود = حاضر ہونا، دیکھنا، مشاہدہ کرنا ہر شے میں حق تعالی کا مشاہدہ کرنا)_ •بتکدۂ نمود=ظہور کا بت خانہ (بتکدۂ+نمود=ظہور، آشکار ہونا (نمودن=دیکھنا، دکھانا))_
•رزم نبود و بود=ہونے اور نہ ہونے کا معرکہ (رزم=معرکہ، لڑائی، جنگ + نبود=نہ ہونا،عدم، فناء+و = اور+بود=وجود، ہونا، ہستی (بودن=ہونا))_ •کشمکش وجود = وجود کی کھینچا تانی (کشمکش+ وجود=ہستی، موجود ہونا)_
• عالمِ دیر و زود=حال اور آئندہ کا عالم (عالم=دُنیا+دیر=بعد، آئندہ+و=اور+زود=جلد، فورا)_

گرمِ کارزار ها
خامیِ پخته کار ها
تاج و سریر و دارها
خواریِ شهریار ها
بازیِ روزگار ها می نگریم و می رویم

ترجمه

جنگوں کا گھمسان
پختہ کاروں کا بودا پن
تاج اور تخت اور سولیاں
بادشاہوں کی دربدری
زمانے کی چالیں ہم دیکھ رہے ہیں اور چلتے جاتے ہیں

فرہنگ

•گرمیِ کارزار ها=جنگوں کا ہنگامہ (گرمی=تیزی ، شدت ، ہنگامہ+کارزار=جنگ ، لڑائی ، معرکہ+ها=علامت جمع)_•خامیِ پختہ کار ها=پختہ کاروں کا بودا پن (خامی=کچّا پن ، نا تجربہ کاری + پختہ کار=تجربہ کار ، بوشیار+ ها=علامتِ جمع)_•سریر=تخت _ •داربا=سولیاں _•خواریِ شہریار ها : بادشاہوں کی زلت (خواری=زلّت ، دربدری+شہریار =بادشاہ+ها=علامتِ جمع)_

• بازیِ روزگار ها=زمانوں کے کھیل (بازی=کھیل ، چال+روزگار= زمانہ+ها=علامتِ جمع)_

خواجه ز سروری گذشت
بنده ز چاکری گذشت
زاری و قیصری گذشت
دورِ سکندری گذشت
شیوۂ بت گری گذشت، می نگریم و می رویم

ترجمہ

آقا، آقا نہ رہا
غلام غلامی سے نکل گیا
زار کی حکومت اور قیصر کی سلطنت ختم ہو گئی
سکندر کا زمانہ لد گیا
بت گری کا چلن بیت گیا، ہم دیکھ رہے ہیں اور چلتے جاتے ہیں

فرہنگ

•خواجه = سردار، آقا، مالک _•سروری= سرداری، بزرگی، بادشاہی .
• گذشت=وہ گزار (گذشتن= گزرنا، گزرجانا، چھوڑ دینا)_
• بنده=غلام، نوکر _•چاکری= غلامی، خدمت _•زاری=زار کی حکومت (زار=روس کے قدیم بادشاہوں کا لقب+ی=یائے نسبتی)_ •قیصری=قیصر کی سلطنت، بادشاہت (قیصر=شاہانِ روم کا لقب، سیزر+ی=یائے نسبتی)_•دورِ سکندری=سکندر کا زمانہ (دور=زمانہ، عروج+ سکندر=یونان کا مشہور بادشاہ+ ی=یائے نسبتی)_
•شیوۂ بت گری=بت بنانے کا چلن (شیوہ=چلن، ڈھنگ+ بت گری=بت بنانا)_

خاکِ خموش و در خروش
سستَ نهاد و سخت کوش
گاه بـه بزم نا و نوش
گاه جنازۂ بدوش
میر جهان و سُفته گوش، می نگریم و می رویم

ترجمه

ساکت مٹّی مگر پُر خروش
فطرت کا بودا لیکن سخت کوش بھی
کبھی راگ رنگ کی سبھا بیچ
کبھی کاندھے پر دھرا ایک جنازہ
دُنیا کا سردار مگر غلام، ہم دیکھ رہے ہیں اور چلتے رہتے ہیں

فرہنگ

•سست نہاد=فطرتاً کمزور، پیدائشی ڈھیلا ڈھالا، خلقتہً ضعیف (سست=کمزور، ڈھیلا، نرم، کاہل + نہاد= سرشت، خلقت، بنیاد)_• و=مگر _•سخت کوش=بہت کوشش کرنے والا، محنتی (سخت+ کوش=بمعنی کوشندہ=کوشش کرنے والا [کوشیدن=کوشش کرنا، جدوجہد کرنا])_•گاہ=کبھی _•به بزم ناونوش=راگ رنگ کی محفل میں (به=میں+بزم=محفل، سبھا + ناونوش=عیش و عشرت، راگ رنگ، شراب و نغمہ)_•جنازۂ= ایک جنازہ (جنازہ+ء=ے=ایک)_ _•بدوش=کاندھے پر (به=پر+ دوش=کاندھا)_•میرجہان=دُنیا کا سردار (میر=امیر، سردار+ جہاں=دُنیا)_•سُفته گوش= چھدے ہوئے کان والا، غلام (سفته= چھدا ہوا، پرویا ہوا، پرویا ہوا [سفتن=چھیدنا، پرونا]+گوش=کان)_

تو به طلسم چون و چند
عقلِ تو در کشاد و بند
مثلِ غزاله در کمند
زار و زبون و درد مند
ما به نشیمنِ بلند ، می نگریم و می رویم

فرهنگ

•به طلسم چون و چند= کیسے اور کتنے کے طلسم میں (به=میں+طلسم= نظر بندی ، دھوکا ، جادو+چون= کیسا ، کیفیت+و=اور+چند= کتنا ، مقدار)_•کشاد و بند= کھلنا اور بندھنا ، کھولنا اور باندھنا (کشاد [کشادن]=کھولنا ، رہا کرنا+ و=اور+بند [بستن]=باندھنا)_
• مثلِ غزاله=ہرنی کی طرح (مثل = طرح ، مانند+غزاله=ہرنی)_
• به نشیمنِ بلند=اونچے نشیمن سے (به=سے+نشیمن+بلند)_

ترجمه

تو کیسے اور کتنے کے طلسم میں (کھویا ہوا)
تیری عقل اُلجھاؤ سلجھاؤ میں (مگن)
پھندے میں آئی ہوئی ہرنی کی طرح
بے بس اور لاچار اور دکھی
ہم اونچے نشیمن میں سے دیکھتے رہتے ہیں اور گزرتے جاتے ہیں

پرده چرا؟ ظهور چیست؟
اصلِ ظلام و نور چیست؟
چشم و دل و شعور چیست؟
فطرتِ ناصبور چیست؟
نزد و دور چیست؟ می نگریم و می رویم

ترجمہ

چھپاؤ کس لیے؟ ظہور کیا ہے
تاریکی اور نور کی اصلیت کیا ہے
آنکھ اور دل اور شعور کیا ہے
بے کل فطرت کیا ہے
یہ سب نزدیک اور دور کیا ہے؟ ہم دیکھتے رہتے ہیں
اور چلتے جاتے ہیں

فرہنگ

• چرا=کیوں، کس لئے (چہ=کس+را=لئے)۔ • ظہور=ظاہر ہونا، نمائش، اظہار۔ • چیست=کیا ہے (چہ=کیا+است=ہے)۔
• اصلِ ظلام و نور=تاریکی اور روشنی کی حقیقت (اصل=بنیاد، حقیقت+ظلام=ظلمت کی جمع، تاریکیاں [ظَلام=اوّلِ شب کا اندھیرا]+و=اور+نور)۔
• فطرتِ ناصبور=بے صبری فطرت (فطرت+ناصبور=بے صبری، بے کل، مضطرب)۔

بیشِ تو نزدِ ما کمے
سالِ تو پیشِ ما دمے
اے بکنارِ تو دمے
ساختۂ به شبنمے
ما به تلاشِ عالمے، می نگریم و می رویم

ترجمه

تیرا زیادہ ہمارے نزدیک کم (ہے)
تیرا سال ہمارے آگے ایک پل
اے کہ تیرے بر میں ایک سمندر
تو نے فقط شبنم پر کفایت کر لی
ہم ایک نئی دُنیا کی کھوج میں،
دیکھتے رہتے ہیں اور چلتے جاتے ہیں

فرہنگ

• بیشِ تو=تیرا زیادہ (بیش=زیادہ+تو=تیرا)_
• نزدِ ما=ہمارے نزدیک (نزد=نزدیک+ما=ہمارے)_• کمے=کم (کم+ے=یائے زائد)_
• پیشِ ما=ہمارے سامنے / آگے (پیش=سامنے، آگے+ما=ہمارے)
• دمے=ایک دم (دم=پل+ے=ایک)_• نکنارِ تو=تیرے بر میں (به=میں+کنار=آغوش، بر تو=تیرا)_• یمے=ایک سمندر (یم=سمندر+ے=ایک)_
• ساختۂ به شبنمے=تو نے شبنم پر قناعت کر رکھی ہے (ساختۂ=ساختہ ی=تو نے موافقت کی ہے، تو نے کفایت کی ہے [ساختن=کفایت کرنا، موافقت کرنا]+به=سے، پر + شبنم+ے=یائے تحقیر)_
• به تلاشِ عالمے=کسی نئے عالم کی تلاش میں (به=میں+تلاش+عالم = دُنیا+ے=کسی)_

نسیم صبح

ز روے بحر و سرِ کوهسار می آیم
و لیک می نشناسم که از کجا خیزم

دهم به غمزده طائر پیامِ فصلِ بهار
تهِ نشیمنِ او سیمِ یاسمن ریزم

ترجمه

صبح کی ہوا

سمندر کے سینے اور پہاڑوں کی چوٹی پر سے آتی ہوں
لیکن نہیں جانتی کہ میں کہاں سے برپا ہوتی ہوں
میں اُداس پرندے کو بہار کی رُت کا پیغام دیتی ہوں
اُس کے آشیانے کے نیچے چنبیلی کی چاندی چھٹکاتی ہوں

فرہنگ

•ز روے بحر:سمندر کی سطح سے (ز=از=سے+رو=سطح، +بحر=سمندر) _•میں آیم: میں آتی ہوں (آمدن=آنا) _•ولیک: لیکن _•می نشناسم:میں نہیں جانتی (شناختن=جاننا، پہچاننا) _ •از کجا:کہاں سے (از=سے+ کجا=کہاں) _•خیزم:میں اُٹھتی ہوں (خاستن=خیزیدن=اُٹھنا، کھڑے ہونا) _•دهم:میں دیتی ہوں (دادن=دینا) _•به:کو _ •غمزده:غم کا مارا ہوا، دکھی، غمگین _•تهِ نشیمن او:اُس کے گھونسلے کے نیچے (ته=نیچے، تلے + نشیمن=گھونسلا، آشیانه+او= اُس کا) _•سیمِ یاسمن:چنبیلی کی چاندی (سیم=چاندی+یاسمن = چاندی) _•ریزم:میں بکھیرتی ہوں (ریختن=بکھیرنا، چھٹکانا) _

به سبزه غلطم و برشاخِ لاله می پیچم
که رنگ و بو ز مسامات او برانگیزم

خمیده تا نشود شاخِ او ز گردشِ من
به برگِ لاله و گل نرم نرمک آویزم

ترجمہ

سبزے پر لوٹتی ہوں اور گلِ لالہ کی شاخ پر لپٹتی ہوں
تاکہ اُس کے مسامات میں سے رنگ اور خوشبو کاڑھوں
کہیں میرے ہلکوروں سے اُس کی شاخ نہ لچک جائے
میں لالہ و گل کی پنکھڑیوں پر سج سج لہراتی ہوں

فرہنگ

•به:پر _•غلطم:میں لوٹتی ہوں (غلطیدن=لوٹنا) _•می پیچم: میں لپٹتی ہوں (پیچیدن= لپٹنا ، بل کھانا) _•که:تاکہ _ •ز مسامات او:اُس کے مسامات سے (ز = از=سے+مسامات= مسام کی جمع+او=اس کے) _ •بر انگیزم:میں اُبھاروں (برانگیختن=اُبھارنا) _•خمیده:خم کھایا ہوا ، جُھکا ہوا (خمیدن=جھکنا ، خم کھانا) _•تا : کہیں _•نشود :نہ ہو جائے (شدن=ہونا) _•به برگ لاله و گل : لالہ اور گلاب کی پنکھڑی پر (به= پر+برگ=پتّی ، پنکھڑی+لاله+ گل=گلاب کا پھول) _•نرم نرمک : آهسته آهسته _•آویزم:میں جھولتی ہوں (آویختن=لٹکنا ، جھولنا ، لہرانا) _

چو شاعرے زغمِ عشق در خزوش آید
نفس نفس به نوا هاے او در آمیزم

فرهنگ

•چو:جب _•شاعرے:کوئی شاعر (شاعر+ے=کوئی) _
•ز غمِ عشق:عشق کے غم سے (ز=از=سے+غم+عشق)_
•درخروش آید :فریاد کرتا هے (در خروش آمدن=ناله و فریاد کرنا [در=میں+خروش= ناله و فریاد+آید=وہ آتا ہے]) _
•به نواہاے او:اُس کے نغموں میں (به=میں +نواها=نوا کی جمع، نغمے+اُو=اُس کے) _•درآمیزم : میں مل جاتی ہوں_ (در آمیختن: شامل ہونا ، شریک ہونا ، کسی چیز میں رل مل جانا) _

ترجمه

غمِ عشق سے جب کوئی شاعر ناله بلند کرتا ہے
میں اُس کے نغموں میں سانس بن کے سما جاتی ہوں

پند باز بچه خویش

تو دانی که بازاں ز یک جوهر اند
دلِ شیر دارند و مشتِ پر اند

نکو شیوه و پخته تدبیر باش
جسور و غیور و کلاں گیر باش

ترجمه

باز کی نصیحت اپنے بچے کو

تو جانتا ہے کہ سارے باز ایک ہی جوہر سے ہیں
مشت پر ہیں مگر شیر کا دل رکھتے ہیں
نیک اطوار اور پختہ تدبیر بن
دلاور اور غیرت دار اور بڑے شکار پر جھپٹنے والا بن

فرہنگ

•تودانی:تو جانتا ہے (دانستن=جاننا ، سمجھنا)_
•بازاں:باز کی جمع _•ز یک جوہراند :ایک جوهر سے ہیں ، ایک اصل سے ہیں (ز=از=سے+یک = ایک+جوہر=حقیقت ، اصل+ اند=وا ہیں) _•دارند :وہ رکھتے ہیں (داشتن=رکھنا) _
•و مگر _•مشت پراند :مٹھی بھر پر ہیں (مشت=مٹھی+پر+اند= وہ ہیں) _•نکو شیوه:نیک چلن (نکو=نیک ، خوب ، اچھا+شیوه= چلن ، ڈھنگ ، طور طریق) _•پخته تدبیر:تدبیر میں پکّا (پخته=پکّا + تدبیر=سوچ بچار ، کوشش ، منصوبه) _•باش:تو رہ ، بن جا (باشیدن=رهنا اور بودن=ہونا) _
•جسور:دلیر ، بے باک ، دلاور _
•غیور:غیرت دار _•کلاں گیر: بڑوں کو پکڑنے والا ، بڑا شکار کرنے والا (کلاں=بڑا+گیر=بمعنی گیرنده=پکڑنے والا _ [گرفتن= پکڑنا ، شکار کرنا]) _

میامیز با کبک و تورنگ و سار
مگر یاں که داری هوائے شکار

چه قومے فرو مایۂ ترسناک
کند پاک منقارِ خود را بخاک

ترجمه

تیتر اور چکور اور مینا کے ساتھ مت گھل مل
مگر یہ کہ تو شکار کی خواہش رکھتا ہو
کیا تھڑ دلی فقنّی قوم ہے
اپنی منقار کو مٹّی سے پاک کرتی ہے

فرہنگ

•میامیز:تو مت گھل مل ، تو میل جول نہ رکھ (آمیزیدن=ملنا ، میل جول رکھنا ، گھلنا ملنا) _•با:کے ساتھ _ •کبک:چکور، تیتر _ •تورنگ:جنگلی مُرغِ _•سار:مینا_ •داری:تو رکھے، تو رکھتا ہو (داشتن=رکھنا) _•ہوائے شکار: شکار کی خواہش (ہوا=خواہش ، شوق+شکار) _•چه:کیا ، کیسی_•قومے:قوم (قوم+ے= یاے تحقیر) _•فرومایه:کمزور ، مفلس ، حقیر)_•ترسناک: خوفزدہ (ترسیدن=ڈرنا) _•کند: وہ کرتی ہے (کردن=کرنا) _ •منقارِ خود:اپنی چونچ (مفقار= چونچ+خود=اپنی) _•بخاک: مٹی کے ساتھ ، مٹّی سے (به=کے ساتھ ، خاک=مٹّی) _

شد آں باشه نخچیرِ نخچیرِ خویش
که گیرد ز صیدِ خود آئین و کیش

بسا شکره افتاده بر روے خاک
شد از صحبتِ دانه چیناں هلاک

ترجمه

وہ باشہ آپ اپنے شکار کا شکار ہو گیا
جو اپنے صید کے رنگ ڈھنگ اپنا لیتا ھے
کتنے ہی شکرے زمین پر گر کے
دانہ چگنے والوں کی صحبت سے ہلاک ہو گئے

فرہنگ

•شد :وہ ہوا ، وہ ہو گیا (شدن=ہونا) _•باشه :بازوں کی قسم سے ایک چھوٹا شکاری پرندہ _•نخچیرِ نخچیرِ خویش :اپنے شکار کا شکار (نخچیر = شکار، جال میں آیا ہوا شکار+ خویش=اپنا) _•گیرد :حاصل کرتا ھے (گرفتن=پکڑنا ، حاصل کرنا ، ماننا ، اخذ کرنا) _•ز صید خود :اپنے شکار سے (ز=از= سے+صید+شکار+خود=اپنے) _•آئین :قاعدہ ، قانون _•کیش = مذہب ، مسلک _•بسا :بہت ، کتنے ہی _•افتادہ :گر پڑا ، گر کے (اُفتادن=گرنا) _•از صحبت دانه چیناں :دانہ چننے والوں کی صحبت سے (از=سے+صحبت+ دانه چیناں=دانہ چیں کی جمع= دانہ چننے والے [چیدن=چننا]) _

نگه دار خود را و خورسند زی
دلیر و درشت و تنومندی زی

تن نرم و نازک به تیهو گزار
رگِ سخت چوں شاخِ آهو بیار

ترجمه

خود پر نگاہ رکھ اور خوش خوش زیست کر
دلیری اور درشتی اور شہزوری سے زندگی گزار
نرم و نازک بدن مولے کے لئے چھوڑ دے
ہرن کے سینگ کی طرح سخت اعصاب پیدا کر

فرہنگ

•نگه دار:تو نظر رکھ ، تو حفاظت کر (نگاه داشتن=حفاظت کرنا ، نگرانی کرنا ، نظر رکھنا) _
•خورسند :خوش ، هشّاش بشّاش _
•زی :تو زنده ره (زیستن=جینا) _
•درشت :سخت ، کھردرا ، تند _
•تنومند :شہزور ، قوی الجثّه _
•به:کے لیے _•تیهو:مموله ، بٹیر _•گذار:تو چھوڑ دے (گذاشتن=چھوڑ دینا) _•شاخِ آهو:ہرن کے سینگ (شاخ=سینگ + آہو=ہرن) _•بیار:تو لا ، تو پیدا کر (آوردن=لانا ، ظاہر کرنا ، پیدا کرنا) _

نصیبِ جہاں آنچہ از خرَمی است
ز سنگینی و محنت و پُردمی است

چہ خوش گفت فرزندِ خود را عقاب
کہ یک قطرہ خوں بہتر از لعل ناب

فرہنگ

نصیبِ جہاں :دُنیا کا مقسوم (نصیب=قسمت ، مقدَر ، حصّہ+جہاں) _•آنچہ :جو کچھ کہ _•ز :از ، میں سے _•خرمی : خوشی ، شادمانی _•ز :از ، کی وجہ سے _•سنگینی :محکمی ، مضبوطی _•محنت :مشقت ، سختی ، آزمائش _•پُردمی :دم خم ، شبزوری ، توانائی ، بہ جہَد •چہ :کیا _•خوش :اچھا خوب _•گفت :اس نے کہا (گفتن= کہنا ، بولنا) _•فرزند خود را : اپنے بیٹے سے (فرزند+خود+را= سے) _•لعلِ ناب :اچھوتا یاقوت (لعل=یاقوت+ناب=خالص ، صاف ، شفاف) _

ترجمہ

شادمانی کی قبیل سے جو کچھ کہ دُنیا کا مقدَر ہے
محکمی اور محنت اور پُردمی کی وجہ سے ہے
عقاب نے اپنے بیٹے سے کیا خوب کہا
کہ ایک بوند لہو اچھوتے یاقوت سے بہتر ہے

مجو انجمس مثل آهو و میش
بخلوت گرا چوں نیاگانِ خویش

چنیں یاد دارم ز بازان پیر
نشیمن بشاخِ درختے مگیر

ترجمه

ہرن اور بھیڑ کی طرح جھُنڈ مت ڈھونڈ
اپنے پُرکھوں کے مانند تنہائی کی طرف میلان رکھ
اسی لئے میں اپنے بزرگوں کی یہ نصیحت یاد رکھتا ہوں
کہ کسی درخت کی شاخ پر بسیرا نہ کر

فرہنگ

•مجو:تو مت ڈھونڈ (جُستن=ڈھونڈنا) _•مثل آهو و میش:ہرن اور بھیڑ کی طرح (مثل=طرح+آہو=ہرن+و= اور+میش=بھیڑ) _•بخلوت: خلوت کی طرف (به=کیطرف+ خلوت=تنہائی) _•گرا:تو رغبت رکھ (گرائیدن=رغبت رکھنا ، میل رکھنا) _•چوں نیاگانِ خویش: اپنے پُرکھوں کی طرح (چوں=طرح ، جوں +نیاگاں=نیا کی جمع ، اجداد ، گزرے ہوئے بزرگ+خویش = اپنے) _•چنیں:ایسا ، اس لئے _•یاد دارم:میں یاد رکھتا ہوں (یاد داشتن=یاد رکھنا) _ •زبازانِ پیر:پُرانے بازوں سے یعنی پُرانے بازوں کی نصیحت (ز=از= سے ، کی+بازاں=باز کی جمع+ پیر=پرانا ، بوڑھا ، بزرگ) _•بشاخِ درختے:کسی پیڑ کی شاخ پر (به= پر+شاخ+درخت+ے=کسی) _ •مگیر: تو مت بنا (گرفتن=کرنا،بنانا) _

کنامے نگیریم در باغ و کشت
که داریم در کوه و صحرا بهشت

ز روے زمیں دانه چیدن خطاست
که پهنائے گردوں خداداد ماست

فرهنگ

•کنامے:کوئی آشیانه (کنام = گھونسلا+ے=کوئی) _•نگیریم : هم نہیں بناتے (گرفتن=کرنا ، بنانا) _•کشت:کھیتی ، کھیت _ •که:کیونکه _•داریم:هم رکھتے ہیں (داشتن=رکھنا) _•در : میں _•کوه:پہاڑ _•صحرا : بیابان _•ز روے زمین:زمین کی سطح سے ، زمین پر سے (ز=از= سے+رو=سطح+زمین) _ دانه چیدن:دانه چگنا _•پهنائے گردوں:آسمان کی وسعت (پهنا= وسعت ، پھیلاؤ+گردوں=آسمان) _ •خداداد ما است:همیں خدا کی دی ہوئی هے ، همارے لئے خدا داد ہے

ترجمه

هم باغوں اور کھیتوں میں آشیانه نہیں بناتے
کیونکه هماری جنّت پہاڑوں اور بیابانوں میں ہے
زمین پر سے دانه چگنا غلط ہے
کیونکه خدا نے همیں آسمان کی وُسعت عطا کر رکھی ہے

نجیبے که پا بر زمیں سوده است
ز مُرغِ سرا سفله تر بوده است

پیِ شاهبازاں بساط است سنگ
که برسنگ رفتن کند تیز چنگ

ترجمه

و اصیل جو مٹّی پر پاؤں گھستا ھے
پالتو مُرغ سے بھی زیادہ نیچ ہو گیا ہے
پتھر شاھبازوں کے لئے غالیچہ ہے
که پتھر پر چلنا پنجوں کو تیز کرتا ہے

فرهنگ

•نجیبے :وہ اصیل (نجیب=اصیل + ے=وہ) _•سودہ است :اُس نے رگڑا ھے (سودن=گھسنا ، رگڑنا) •ز مرغِ سرا :پالتو مُرغ سے (ز=از=سے+مُرغ=سرا=گھر) _ •سفله تر :زیادہ کم ذات (سفله= نیچ ، کم اصل ، کم ذات+تر= نسبتہً زیادہ) _•بوده است :وہ ہو گیا ھے (بودن=ہونا) _•پنے= شاھبازاں :شاھبازوں کے لئے (پنے= لئے+شاھبازاں=شاھباز کی جمع)_ •بساط :فرش ، بچھونا _•که :کیونکه _•رفتن :چلنا _•کند = کرتا ھے (کردن=کرنا) _•تیز چنگ :تیز پنجوں والا (تیز+چنگ = پنجه ، چنگل) _

تو از زرد چشمانِ صحراستی
بگوهر چو سیمرغ والاستی

جوانے اصیلے که در روزِ جنگ
برد مردمک را ز چشمِ پلنگ

ترجمه

تو صحرا کے زرد چشموں میں سے ہے
تو سیمرغ کی طرح عالی نسب ہے
ایسا اصیل جوان جو جنگ کے دن
چیتے کی آنکھ سے پُتلی نکال لیتا ہے

فرہنگ

•تو از زرد چشمانِ صحرا ستی: تو بیابان کے زرد چشموں میں سے ہے (از=سے، میں سے+زرد چشماں=زرد چشم کی جمع، پیلی آنکھوں والے– صحرا=بیابان+است=ہے+ی = تو) _•بگوهر:نسب میں (به= میں+گوهر=اصل، نسب) _ •سیمرغ:سیمرغ، پرندوں کا بادشاہ، ایک خیالی پرندہ، عنقا _•والاستی : تو بزرگ / بلند ہے (والا=بلند، بزرگ+است=ہے+ی=تو) _ •جوانے اصیلے:ایسا اصیل جوان (جوان+ے=یائے اضافت / اشباع + اصیل=جس کا حسب نسب صحیح ہو، عالی نسب+ے=یائے تعظیمی) _•در روزِ جنگ:جنگ کے دن (در=میں+روز=دن+ جنگ) _•برد:وہ لے جاتا ہے (بردن=لینا، لے جانا) _•مردمک: آنکھ کی پُتلی _•چشم پلنگ: چیتے کی آنکھ (چشم=آنکھ+پلنگ = چیتا) _

به پروازِ تو سطوتِ نوریاں
به رگھاے تو حونِ کافوریاں

ته چرخِ گردندۂ کوز پشت
بخور آنچه گیری ز نرم و دُرشت

ترجمه

تیری اُڑان میں فرشتوں کی شان
تیری رگوں میں کافوریوں کا لہو
گھومتے ہوئے کبڑے آسمان کے تلے
نرم ہو یا دُرشت اپنا ہی شکار کیا ہوا کھا

فرہنگ

•به پروازِ تو:تیری اُڑان میں (به=میں+پرواز=اُڑان + تو=تیری) _•سطوتِ نوریاں: فرشتوں کی شان (سطوت=شان، کرّوفر، عظمت، وقار+نوریاں= نوری کی جمع یعنی فرشتے) _ •خون کافوریاں: کافوریوں کا لہو (خون+کافوریاں= کافوری کی جمع، باز کی قسم کا ایک سفید رنگ کمیاب شکاری پرنده) _•ته چرخِ گردندۂ کوز پشت:گھومنے والے کبڑے آسمان کے نیچے (ته=تلے، نیچے+چرخ= آسمان+گردنده=گھومنے والا [گردیدن=گھومنا، چکرانا] [چرخِ گردنده=آسمان]+کوزپشت=کوزه پشت، کبڑا) _•بخور:تو کھا (خوردن=کھانا) _•آنچه:جو کچھ که:وه سب کچھ جو _ •گیری:تو حاصل کرے، تو شکار کرے (گرفتن=پکڑنا، شکار کرنا)_

ز دستِ کسے طعمۂ خود مگیر
نکو باش و پندِ نکویاں پذیر

ترجمہ

اپنا نوالہ کسی کے ہاتھ سے نہ لے
نیک بن اور اچھوں کی نصیحت سُن

فرہنگ

•ز دستِ کسے:کسی کے ہاتھ سے (ز=از=سے+دست=ہاتھ+ کسے=کسی) _•طعمۂ خود :اپنا نوالا (طعمہ=لقمہ، نوالہ، روزی+ خود=اپنا) _•مگیر:تو نہ لے، تو نہ پکڑ (گرفتن=پکڑنا، لینا) _ •نکو:نیک، اچھا _•باش:تو بن، تو رہ (باشیدن=رہنا اور بودن = ہونا) _•پندِنکویاں:اچھوں کی نصیحت (پند=نصیحت+نکویاں= نکو کی جمع) _•پذیر:قبول کر (پذیرفتن=قبول کرنا) _

کرم کتابی

شنیدم شبے در کتب خانۂ من
به پروانه میگفت کرمِ کتابی

به اوراقِ سینا نشیمن گرفتم
بسے دیدم از نسخۂ فاریابی

ترجمہ

دیمک

میں نے ایک رات اپنے کتب خانے میں سُنا
دیمک پروانے سے کہہ رہی تھی
میں نے بو علی سینا کی پوتھیوں میں بسیرا کیا
فاریابی کی بہتیری کتابیں دیکھ ڈالیں

فرہنگ

•شنیدم : میں نے سُنا (شنیدن=سننا)_•شبے:ایک رات (شب=رات +ے = ایک) _•در کتب خانۂ من: میرے کتب خانے میں (در=میں+ کتب خانہ=لائبریری [کتب=کتاب کی جمع+خانہ=گھر]+من= میرے) _•به:سے _•میگفت: وہ کہہ رہا تھا، کہتا تھا (گفتن=کہنا) •کرمِ کتابی:کتاب کا کیڑا، دیمک _•به اوراقِ سینا:بو علی سینا کے اوراق میں (به=میں+ اوراق=ورق کی جمع مراد کتابیں+ سینا=ابو علی ابنِ عبداللہ ابنِ سینا، نامور مسلمان فلسفی) _ •نشیمن گرفتم:میں نے گھر بنایا _ •بسے:بہت _•دیدم:میں نے دیکھا (دیدن=دیکھنا) _•نسخۂ فاریابی کی کتاب (نسخه=کتاب، مسودّہ+فاریابی=ظہیر فاریابی مشہور فارسی شاعر یا ابو نصر محمّد الفارابی معروف مسلمان فسلفی) _

نفهمیده ام حکمتِ زندگی را
همان تیره روزم ز بے آفتابی

نکو گفت پروانۂ نیم سوزے
که این نکته را در کتابے نیابی

ترجمہ

میں زندگی کی حکمت سے اب تک انجان ہوں
سورج کے نہ ہونے سے میرے دن اسیطرح تاریک ہیں
ایک ادھ جلے پتنگے نے خوب کہا
کہ تو اِس بھید کو کسی کتاب میں نہیں پائے گی

فرہنگ

•نفہمیدہ ام:میں نے نہیں سمجھا ، میں نہیں سمجھا ہوں (فہمیدن= سمجھنا) _•حکمتِ زندگی:زندگی کی حکمت (حکمت=مصلحت ، چھپی ہوئی معنویت ، غرض+زندگی) _ •همان:وہی ، ویسا ہی _•تیره روزم:میں بد نصیب ہوں (تیره= تاریک ، اندھیرا+روز=دن+ام= ہوں (تیره روز=بدبخت ، بد نصیب)) _•بے آفتابی:سورج کا نہ ہونا_•نکو:اچھا ، خوب _•گفت: اُس نے کہا (گفتن=کہنا) _ •پروانۂ نیم سوزے:ایک ادھ جلا پتنگا (پروانه=پتنگا+نیم=آدھا +سوز=بمعنی سوختہ=جلا ہوا+ ے=ایک) _•این نکته را:اس بھید کو (این=اس+نکته+را= کو) _•در کتابے:کسی کتاب میں (در=میں+کتاب=ے=کسی) _ •نیابی:تو نہیں پائے گا (یافتن= پانا) _

تپش میکند زنده تر زندگی را
تپش میدهد بال و پر زندگی را

فرهنگ

•تپش:حرارت ، تڑپ ، بے قراری _•میکند:وہ کرتی ہے (کردن=کرنا) _•زندہ تر=اور زندہ ، زیادہ زندہ (زندہ=جیتا ، •جاندار+تر=اور بھی ، زیادہ) _ میدہد:وہ دیتی ہے (دادن=دینا)_ •بال و پر:پنکھ اور پر ، اُڑان (بال:پنکھ ، پرندے کا بازو+و= اور+پر) _

ترجمہ

تپش زندگی کو زندہ تر کرتی ہے
تپش زندگی کو بال و پر دیتی ہے

کبر و ناز

یخ جوے کوہ را ز رہِ کبر و ناز گفت
ما را ز مویۂ تو شود تلخ روزگار

گستاخ می سرائی و بے باک میروی
ہر سال شوخ دیدہ و آوارہ تر ز پار

ترجمہ

کبر و ناز

برف نے غرور اور تکبّر کے ساتھ پہاڑی ندی سے کہا
تیری چیخ پکار نے ہماری زندگی اجیرن کر رکھی ہے
تو بے شرمی سے الاپتی رہتی ہے اور بے باکی
سے چلتی ہے
ہر سال پہلے سے بڑھکر بے حیا اور آوارہ

فرہنگ

•جوے کوہ:پہاڑی ندی، پہاڑی نالہ (جو=ندی+کوہ = پہاڑ) _•ز رہِ کبرونازغرور اور گھمنڈ کی راہ سے (ز=از سے+رہ = راہ، روش+کبر=غرور، تکبّر + و=اور+ناز=فخر، گھمنڈ، غرور) _•مارا(:ہمارے لئے، ہمیں (ما=ہم+را=لئے، کو) _•ز مویۂ تو: تیری چیخ پکار سے (ز=از=سے +مویہ=رونا، نوحہ،گریہ و زاری [موئیدن=رونا دھونا_ نوحہ کرنا+تو=تیرے) _•شود: ہوتا ہے (شدن=ہونا) _•تلخ: کڑوا، اجیرن _•روزگار:زمانہ، رات دن _•گستاخ:بمعنی گستاخانہ=بے شرمی اور بے ادبی سے _ می سرائی:تو گاتی ہے (سرائیدن=سرودن=گانا) _•بے باک: بے جھجک، بمعنی بے باکانہ= شوخی اور دیدہ دلیری سے _ •میروی:تو چلتی ہے (رفتن=چلنا) _•شوخ دیدہ:بے حیا، ڈھیٹ (شوخ=بے باک، طرّار+دیدہ=آنکھ)_ •پار:پچھلا سال، گزشتہ برس، پارسال

شایانِ دودمانِ کهستانیاں نهٔ
خود را مگوے دخترکِ ابرِ کوهسار

گردندهٔ فتندهٔ غلطندهٔ بخاک!
راهِ دگر بگیر و برو سوے مرغزار

ترجمه

تو کوهستانیوں کے قبیلے کے لائق نہیں هے
خود کو ابرِ کوهسار کی بیٹی مت کہہ
ڈولتے لڑکھڑاتے ،گرتے پڑتے ،مٹی میں لوٹتے لڑھکتے ہوئے
دوسرا راستا پکڑ اور کسی سبزہ زار
کی طرف دفان ہو جا

فرهنگ

•شایانِ دودمانِ کهستانیاں نهٔ: تو کوهستانیوں کے خاندان کے لائق نہیں هے (شایان= لائق+دودمان=خاندان=کنبه، قبیله+کهستانیاں=کهستانی کی جمع، پہاڑی، کوہستانی+نهٔ=نه ای=تو نہیں هے) _•مگوے:تو مت کہہ (گفتن=کہنا) _•دخترکِ ابرِ کوهسار:پہاڑوں کے بادل کی بیٹی (دخترک=چھوٹی بیٹی، لاڈلی اور نٹ کھٹ بیٹی+ابر=بادل+ کوهسار=پہاڑی علاقه مجازاً پہاڑ) _ •گردندهٔ:چکراتے ہوئے (گردیدن =چکرانا ،گھومنا ،لڑکھڑانا ،ڈولنا) •فتندهٔ:گرتے پڑتے اُفتادن= گرنا) _•غلطندهٔ:لوٹتے ہوئے (غلطیدن=غلتیدن=لوٹنا ، لڑھکنا) •بخاک :مٹی میں (به=پر، میں + خاک)_•راه دگر:دوسرا راستا (راه=راستا+دگر=دیگر=دوسر)_ •بگیر:تو پکڑ (گرفتن= پکڑنا)- •برو:تو جا(رفتن=چلنا ،جانا)_ •سوے مرغزار:سبزه زار کی طرف _

گفت آبجو چنیں سخنِ دل شکن مگوے
بر خویشتن مناز و نهال منی مکار

من میروم که در خورِ ایں دودماں نیم
تو خویش را ز مهرِ درخشاں نگاه دار

ترجمه

ندی بولی ایسی دل توڑنے والی بات نه کہ
خود پر گھمنڈ نه کر اور غرور کا پودا مت کاشت کر
میں جا رہی ہوں کیونکه میں اِس گھرانے کے لائق نہیں
تو اپنے آپ کو چمکتے ہوئے سورج سے بچائے رکھ

فرهنگ

•بر خویشتن:خود پر،اپنے اوپر (بر=پر،خویشتن=خود،اپنا آپ)_
•مناز:گھمنڈ نه کر،تکبر نه کر (نازیدن =فخر کرنا،ناز کرنا)_
•نهالِ منی=غرور کا پودا (نهال=پودا،بوٹا+منی[من+ی] =تکبّر، غرور، گھمنڈ، انانیت)_•مکار:تو مت بو (کاشتن=بونا، کھیتی کرنا) _
•من میروم:جا رہی ہوں،جاتی ہوں (رفتن=چلنا، جانا) _•که:کیونکه _
•در خورِ ایں دودماں: اس خاندان کے لائق(در خور=لائق، شایان+ایں=اس+دودماں= قبیله،خاندان) _•نیم:میں نہیں ہوں (نے=نہیں+ام=ہوں) _
•خویش را:خود کو (خویش=خود + را=کو) _•ز مهرِ درخشاں: چمکتے ہوئے سورج سے (ز=از= سے+مهر=سورج+درخشاں= روشن، چمکتا ہوا [درخشیدن= چمکنا]) _•نگاه دار:تو نگہداری کر (نگاه داشتن=حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا) _

لالہ

آں شعلہ ام کہ صبحِ ازل در کنارِ عشق
پیش از نمودِ بلبل و پروانہ می تپید

افزوں ترم ز مہر و بہر ذرّہ تن زنم
گردوں شرارِ خویش ز تابِ من آفرید

ترجمہ

لالے کا پھول

میں وہ شعلہ ہوں جو ازل کی صبح عشق کے آغوش میں
بلبل اور پروانے کے ظہور سے پہلے تڑپ رہا تھا میں
سورج سے بڑھا ہوا ہوں اور ہر ذرّے میں سمایا ہوا
آسمان نے اپنی چنگاری میری آگ سے پیدا کی

فرہنگ

•صبحِ ازل:ازل کی صُبح (صبح+ ازل=وہ آن جس سے پہلے زمانہ نہ ہو، مجازاً آفرینش)_•در کنارِ عشق:عشق کے آغوش میں (در= میں+کنار=آغوش+عشق)_•پیش: پہلے، قبل_•از:سے _•نمودِ بلبل و پروانہ:بلبل اور پروانے کا ظاہر ہونا (نمود=ظہور، ظاہر ہونا [نمودن=ظاہر ہونا]+بلبل+و= اور+پروانہ)_•می تپید:وہ تڑپ رہا تھا، روشن تھا (تپیدن= تڑپنا، لرزنا)_•افزوں ترم:میں (اس سے)بڑھکر ہوں (افزوں= زیادہ، بڑھا ہوا+تر=مقابلتہً زیادہ + ام=ہوں)_•مہر:سورج _ •بہر ذرّہ:ہر ذرّے میں (بہ=میں+ ہر=ذرّہ)_•تن زنم:چُھپا،ہوں، (تن زدن=چُھپا،آفرید : آسودہ ہونا)_•گردوں:آسمان •شرارِ خویش:اپنی چنگاری (شرار = چنگاری+خویش=اپنی)_ •تابِ من:میری چمک، روشنی، گرمی (تاب=گرمی، روشنی، چمک + من=میری)_•آفید:اُس نے پیدا کی (آفریدن=پیدا کرنا)_

در سینۂ چمن چو نفس کردم آشیاں
یک شاخِ نازک از تہ خاکم چو نم کشید

سوزم رُبود و گفت یکے در برم بایست
لیکن دلِ ستمزدۂ من نیارمید

ترجمہ

میں نے چمن کے سینے میں سانس کی طرح گھر رکھا تھا
ایک نازک شاخ نے مجھے مٹی میں سے نم کیطرح
کھینچ لیا اُس نے میرا سوز ضبط کر لیا اور بولی اک ذرا
میرے پہلو میں ٹھہر
لیکن میرے ستم زدہ دل کو کل نہ پڑی

فرہنگ

•کردم آشیاں :میں نے گھر کیا (آشیاں کردن=گھر بنانا ، رہنے کی جگہ کرنا)_•از تہِ خاکم :مجھے مٹی کے نیچے سے (از=سے+تہ= نیچے ، تھاہ+خاک=مٹی+م= مجھے)_•کشید :اُس نے کھینچا (کشیدن=کھینچنا ، اُٹھانا)_
•ربود :وہ لے اُڑی (ربودن=اُچک لینا ، کوئی چیز جھپٹ لے جانا)_
•یکے :اک ذرا ، ایک بار ، ذرا-
•دربرم :میرے آغوش میں (در=میں+ بر=آغوش+م=میرے)_
•بایست :تو ٹھہر (ایستادن=قیام کراں ، ٹھہرنا)_•نیارمید :اُسے کل نہ پڑی ، وہ نہیں ٹھہرا (آرمیدن= قرار پکڑنا ، ٹھہرنا)_

در تنگنائے شاخ بسے پیچ و تاب خورد
تا جوہرم بہ جلوہ گہِ رنگ و بو رسید

شبنم براہِ من گہرِ آبدار ریخت
خندید صبح و بادِ صبا گردِ من وزید

ترجمہ

شاخ کی تنگنائے میں اس نے بہت پیچ و تاب کھایا
یہاں تک کہ میرا جوہر رنگ و بو کی جلوہ گاہ تک آ پہنچا
شبنم نے میرے راستے میں آبدار موتی چھٹکائے
صبح کھلکھلائی اور بادِ صبا نے میرے گرد پھیرے لگائے

فرہنگ

•در تنگنائے شاخ:شاخ کی تنگنا میں (در= تنگنائے= تنگ جگہ، تنگی+شاخ)_•بسے:بہت _•پیچ و تاب خورد:وہ بل کھایا، وہ بے قرار ہوا (پیچ و تاب خوردن=اینٹھنا، بل کھانا، بے قرار ہونا، اندر ہی اندر کھولنا)_•تا:یہاں تک کہ _•بہ جلوہ گہِ رنگ و بو:رنگ و بو کی جلوہ گاہ میں، چمن میں (بہ= میں، تک+جلوہ گہ=جلوہ گاہ= جلووں کی جگہ+رنگ+و=اور+ بو=خوشبو)_•رسید:وہ پہنچ گیا (رسیدن=پہنچنا)_•براہِ من: میرے راستے میں (بہ=میں+راہ = راستا+من=میرے)_•گہرِ آبدار: چمکدار موتی (گہر=گوہر= موتی+آب=چمک دمک، صفائی+ دار=بمعنی دارندہ=رکھنے والا)_ •ریخت:اُس نے گرایا، بکھیرا (ریختن=گرانا، بکھیرنا، چھٹکانا) •خندید:وہ ہنسی (خندیدن= ہنسنا)_•وزید:وہ ہوا چلی (وزیدن=ہوا کا چلنا، سنکنا)_

بلبل ز گل شنید کہ سوزم ربودہ اند
نالید و گفت جامۂ ہستی گراں خرید!

وا کردہ سینہ منّتِ خورشید میکشم
آیا بود کہ باز بر انگیزد آتشم

ترجمہ

بلبل نے گل سے سُنا کہ میرا سوز ہتھیا لیا گیا
اُس نے نالہ کیا اور بولی ہستی کا جامہ مہنگا مول لیا
سینہ چاک کئے ہوئے میں سورج کا احسان اُٹھا رہا ہوں
کاش یہ میری آگ کو پھر سے بھڑکا دے

فرہنگ

•شنید :اُس نے سُنا (شنیدن= سننا)_•ربودہ اند :اُنھوں نے چھین لیا ہے (ربودن=اُچک لینا، چھپٹ لیجانا، چھین لینا)_•نالید : وہ رونی (نالیدن=رونا، فریاد کرنا)_•گراں :مہنگا _•خرید : اُس نے خریدا (خریدن=خریدنا)_ •وا کروہ:کھولے ہوئے، کھولکر (واکردن=کھولنا)_•منّتِ خورشید : سورج کا احسان (منّت= احسان+خورشید=سورج)_•میکشم : اُٹھا رہا ہوں، کھینچتا ہوں (کشیدن=کھینچنا، اُٹھانا)_• آیا بود :کاش، کاشکے _•باز:پھر سے، دوبارہ _•برانگیزد :وہ بھڑکادے (برانگیختن=بھڑکانا)_ •آتشم :میری آگ (آتش+ام=میری)_

حکمت و شعر

بو علی اندر غبارِ ناقہ گم!
دستِ رومی پردۂ محمل گرفت

ایں فرو تر رفت و تا گوہر رسید
آں بہ گردابے چوخس منزل گرفت

ترجمہ

فلسفہ اور شعر

بو علی ناقے کے اُڑائے ہوئے غبار میں گم
رومی کے ہاتھ میں محمل کا پردہ آگیا
یہ اور گہرائی میں گیا اور وہ موتی تک جا پہنچا
وہ تنکے کی طرح بھنور میں رہ گیا

فرہنگ

•بو علی:بو علی سینا مشہور مسلمان فلسفی _•اندر غبارِ ناقہ:نارے کے غبار میں (اندر=میں+غبار+ناقہ=اونٹنی)_
•دستِ رومی:رومی کا ہاتھ (دست=ہاتھ+رومی=مولانا جلال الدّین رومی)_•پردۂ محمل:محمل کا پردہ (پردہ+محمل=اونٹ کا ہودہ، محبوب کا کجاوہ)_•گرفت: اُس نے پکڑا (گرفتن=پکڑنا)_
•فرو تر رفت:اور نیچے گیا (فرو=نیچے+تر=زیادہ، اور+رفت=گیا [رفتن=جانا])_•تا گوہر: موتی تک (تا=تک+گوہر=موتی)_
•رسید:وہ پہنچا (رسیدن=پہنچنا)_•بگردابے:گرداب میں، ایک بھنور کے بیچ (بہ=میں+گرداب=بھنور+ے=ایک، کوئی)_
•چو:جوں، جیسے _•خس: سوکھی ہوئی گھاس، خاشاک _
•منزل گرفت:وہ رُک گیا (منزل گرفتن=ٹھہر جانا)_

حق اگر سوزے ندارد حکمت است
شعر میگردد چو سوز از دل گرفت

فرہنگ

•حق :حقیقت ـ
•ندارد :وہ نہیں رکھتا (داشتن=رکھنا)ـ ۲ حکمت: فلسفہ ـ • میگردد :ہو جاتا ہے (گردیدن=گشتن=ہو جانا)ـ
•چو:جب ـ•از دلِ گرفت :اُس نے دل سے حاصل کیا (از=سے+ دل+گرفت=اُس نے اخذ کیا، حاصل کیا)ـ

ترجمہ

حقیقت اگر سوز سے خالی ہے تو فلسفہ ہے
سوزِ دل کی چھوٹ پڑتے ہی شعر بن جاتی ہے

کرمکِ شب تاب

یک ذرّۂ بے مایہ متاعِ نفس اندوخت
شوق ایں قدرش سوخت کہ پروانگی آموخت

پہنائے شب افروخت

ترجمہ

جگنو
ایک نا چیز ذرّے نے متاعِ نفس فراہم کرلی
شوق نے اُسے ایسی دکھائی کہ وہ پروانگی سیکھ گیا
اُس نے رات کا پھیلاؤ اُجال دیا

فرہنگ

•ذرّۂ بے مایہ:نا چیز ذرّہ ذرّص (ذرّہ+بے مایہ=نا چیز، بے حقیقت)_•متاعِ نفس:نفس کی دولت (متاع=دولت+نفس= سانس، گویائی مجازاً زندگی)_ •اندوخت:اُس نے فراہم کرلی (اندوختن=جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، فراہم کرنا)_•ایں قدرش اُسے اس قدر (ایں=اس+قدر+ش= اُسے)_•سوخت:اُس نے جلایا (سوختن=جلانا)_•پروانگی: پروانہ پن _•آموخت:اُس نے سیکھی (آموختن=سیکھنا)_ •پہنائے شب:رات کا پھیلاؤ (پہنا= وسعت، پھیلاؤ+شب=رات)_ •افروخت:اُس نے روشن کیا (افروختن =روشن کرنا)_

واماندہ شعاعے کہ گرہ خورد و شرر شد
از سوزِ حیات است کہ کارش ہمہ زر شد

دارائے نظر شد

ترجمہ

پیچھے رہ جانے والی ایک کرن جو گرہ کھا کر
چنگاری بن گئی
یہ سوزِ حیات کا فیضان ہے کہ اُس کا کام بن گیا
وہ صاحب نظر ہو گئی

فرہنگ

•واماندہ:پیچھے رہا ہوا، تھک کر پیچھے رہ جانے والا (واماندن=پیچھے رہ جانا)_
•شعاعے:ایک کرن (شعاع=سورج کی کرن+ے=ایک)_•گر خورد: اُس میں گرہ پڑ گئی (گرہ+ خورد:=اُس نے کھائی [گرہ خوردن= گرہ پڑنا])_•کارش ہمہ زرشد: نہایت عمدگی اور سلیقے سے اس کا کام بن گیا (کارچوں زرشدن=کسی کام کا سلیقے اور عمدگی سے مکمل ہو جانا)_•دارائے نظر=نظر والا، صاحب نظر (دارا=بمعنی دارندہ= مالک، صاحب، رکھنے والا [داشتن= رکھنا]+نظر)_

پروانۂ بے تاب کہ ہر سو تگ و پو کرد
بر شمع چناں سوخت کہ خود راہمہ او کرد

ترکِ من و تو کرد

فرہنگ

•تگ و پو کرد :اُس نے بھاگ دوڑ کی (تگ و پو کردن= بھاگ دوڑ کرنا ، تلاش کرنا)۔

ترجمہ

بے تاب پروانہ جو ہر طرف چکراتا پھرا
شمع پر ایسا قربان ہوا کہ اپنے تئیں نپٹ شمع بنا لیا
میں اور تو (کی تفریق) ترک کر دی

یا اخترکے ماہِ مبنے بکمینے
نزدیک تر آمد بتماشاے زمینے

از چرخِ برینے

فرہنگ

•اخترکے :ایک چھوٹا سا ستارہ (اختر+ک=ننھّا+ے=ایک)۔
•ماہِ مبینے :پورا چاند (ماہِ مبین= پورا چاند+ے=یاے زائد)۔
چرخ برینے :کوئی اونچا آسمان (چرخ=آسمان+بریں=بلند+ے = کوئی)۔

ترجمہ

پورے چاند کو پیچھے لگائے ایک ننّھا سا تارا
زمین کا نظارہ کرنے خوب نیچے اُتر آیا
اونچے آسمان سے

یا ماہ تنک ضو کہ بہ یک جلوہ تمام است
ماہے کہ برو منّتِ خورشید حرام است

آزادِ مقام است

ترجمہ

یا پل بھر کو مدّھم مدّھم چمکنے والا چاند جو
ایک ہی چھوٹ میں تمام ہے
ایسا چاند کہ اس پر سورج کا احسان حرام ہے
جو مقام سے آزاد ہے

فرہنگ

•ماہِ تنک ضو:تھوڑی‌سی چمک والا چاند ، ذرا دیر کو روشن ہونے والا چاند (ماہ=چاند+ تنک=تھوڑا ، لطیف+ضو= روشنی ، چمک)_•یک جلوہ:ایک جلوے میں (بہ=میں+یک=ایک+جلوہ = جھلک ، چمک)_•تمام:ختم _ •ماہے:ایسا چاند ، وہ چاند (ماہ = چاند+ے=وہ ، ایسا)_•برو اُس پر (بر=پر+او=اُس)_ •منت خورشید:سورج کا احسان (منّتِ خورشید:سورج کا احسان (منّت=احسان+خورشید=سورج)_

اے کرمکِ شب تاب سراپاے تو نور است
پروازِ تو یک سلسلۂ غیب و حضور است

آئینِ ظہور است

فرہنگ

•سلسلۂ غیب و حضور:غیب اور حضور کا سلسلہ (سلسلہ=قطار، زنجیر+غیب=پوشیدگی، چھپاؤ+ و=اور+حضور=حاضری، سامنے ہونا)_•آئینِ ظہور:ظہور کا آئین (آئین=اصول، بنیادی ڈھانچا+ ظہور=اظہار، ظاہر ہونا)_

ترجمہ

اے جگنو تو سراپا نور ہے
تیری اُڑان غیب اور حضور کا ایک سلسلہ ہے
آئینِ ظہور ہے

در تیرہ شباں مشعلِ مُرغانِ شب استی
آں سوز چہ سوز است کہ در تاب و تب است

گرمِ طلب استی

ترجمہ

اندھیری راتوں میں تو شب کے پرندوں کی مشعل ھے
وہ سوز کیا ھے جس نے تجھے چمکا اور گرما رکھّا ھے
جس سے تو طلب میں سرگرم ھے

فرہنگ

•در تیرہ شباں :اندھیری راتوں میں (در=میں+تیرہ=اندھیری+شباں= شب کی جمع، راتیں)_
•مشعلِ مُرغانِ شب :رات کے پرندوں کی مشعل (مشعل+مُرغان=مُرغ کی جمع، پرندے+شب)_•استی: تو ھے _•تاب و تب :سوز و گداز، چمک اور حرارت (تاب= چمک، روشنی، چھوٹ+و=اور+ تب=گرمی، حرارت)_•گرم طلب: طلب میں مصروف (گرم= مصروف، مشغول+طلب=تلاش، کھوج)_

مائیم کہ مانندِ تو از خاک دمیدیم
دیدیم تپیدیم، ندیدیم تپیدیم

جائے نرسیدیم

فرہنگ

•مائیم:ہم ہیں (ما=ہم + ایم=ہیں)_•مانند تو:تیری طرح (مانند=طرح+تو=تیری)_
•از:سے _•دمیدیم:ہم پھوٹے (دمیدن=اُگنا ، پھوٹنا ، سرنکالنا)_
•دیدیم:ہم نے دیکھا (دیدن= دیکھنا)_•تپیدیم:ہم تڑپے (تپیدن=تڑپنا)_•جائے:ایک جگہ، کسی جگہ (جا=جگہ، ٹھکانا + ے=کسی، ایک)_•نرسیدیم: ہم نہ پہنچے (رسیدن=پہنچنا)_

ترجمہ

ہم ہیں کہ تیری ہی طرح مٹی سے پھوٹے
دیکھ لیا تو تڑپے نہ دیکھا تو بھی تڑپے
ہم کہیں نہ پہنچے

کبر و ناز

گویم سخنِ پختہ و پرورده و تہ دار
از منزلِ گم گشتہ مگو، پائے برہ دار

ایں جلوہ نگہ دار

ترجمہ

ایک پختہ، آزمودہ اور گہری بات کہتا ہوں
کھوئی ہوئی منزل کا رونا مت رو راستے
میں پاؤں گاڑے رکھ
اِس نور کی حفاظت کر

فرہنگ

•گویم :میں کہتا ہوں (گفتن=کہنا)_
•سخنِ پختہ و پرورده و تہ دار:
پکّی، آزمائی ہوئی اور اچھی طرح
سوچی سمجھی ہوئی اور گہری بات
(سخن=بات+پختہ=پکّی،
آزمائی ہوئی [پختن=پکانا]+و=
اور+پرورده=اچھی طرح سوچی
سمجھی ہوئی [پروردن=پالنا
پوسنا، تربیت دینا، تراش خراش
کرنا]+و=اور+تہ دار=گہری،
پہلو دار، با معنی، پرت در پرت)_
•از منزل گم گشتہ مگو:کھوئی
ہوئی منزل کی بات مت کر(از=
کی ،بارے میں+منزل+گم گشتہ=
کھوئی ہوئی[گم گشتن
=کھو جانا]+مگو =
مت کہہ [گفتن=کہنا])_
•پائے برہ دار:تو چلتا رہ
(پائے برہ داشتن =
چلتے رہنا، سفر میں رہنا)_
•نگہ دار:نظر میں رکھ،
حفاظت کر_

حقیقت

عقابِ دوربیں جوئینہ را گفت
نگاہم آنچہ می بیند سراب است

جوابش داد آں مُرغِ حق اندیش
تو می بینی ومن دانم کہ آب است

ترجمہ

حقیقت

دور تک دیکھنے والا عقاب جل پنچھی سے بولا
میری نظر جو کچھ دیکھتی ہے سراب ہے
اُس حق اندیش پرندے نے اُسے جواب دیا
تو دیکھتا ہے اور میں جانتا ہوں کہ یہ پانی ہے

فرہنگ

•عقابِ دوربیں: دور کی چیزیں دیکھ لینے والا عقاب (عقاب+دور+بیں=بیننده=دیکھنے والا)_ •جوئینہ: مُرغِ آبی، دھوبن، سمندری پرندہ_ •گفت: وہ بولا، اُس نے کہا(گفتن=کہنا)_ •نگاہم: میری نظر(نگاہ+م=میری)_ •آنچہ: جوکچھ _•می بیند: دیکھ رہی ہے، دیکھتی ہے(دیدن=دیکھنا)_ •جوابش داد: اُسے جواب دیا(جواب+ش=اُسے+داد=اُس نے دیا[دادن=دینا])_ •مُرغِ حق اندیش: حق سوچنے والا پرندہ، حقیقت پر دھیان رکھنے والی چڑیا(مُرغ=پرندہ+حق=حقیقت، سچّائی+اندیش=بمعنی اندیشندہ= سوچنے والا، فکر کرنے والا [اندیشیدن=سوچنا، فکر کرنا])_ •تومی بینی:تو دیکھ رہا ہے(دیدن=دیکھنا)_ •من دانم: میں جانتا ہوں(دانستن=جاننا)_

صدای ماہی آمد از تہِ بحر
که چیزے هست و هم در پیچ و تاَب است

فرهنگ

•صدای ماہی: مچھلی کی آواز(صدا=آواز+ماہی=مچھلی)۔ •آمد: آئی(آمدن=آنا)۔ •چیزے: ایک چیز، کوئی شے (چیز+ے=ایک ،کوئی)۔ •هست: هے۔ •هم: بھی۔

ترجمه

دریا کی تہ سے مچھلی کی آواز آئی
کہ ایک چیز هے اور وہ بھی پیچ و تاب میں هے

حدی

(نغمۂ ساربانِ حجاز)

ناقۂ سیّارِ من آہوے تاتارِ من
درہم و دینارِ من اندک و بسیارِ من
دولت بیدارِ من
تیز ترک گام زن منزلِ ما دور نیست

ترجمہ

حُدی

(نغمۂ ساربان حجاز)

میری اونٹنی میری تاتاری ہرنی
میرا چاندی سونا میری کل پونجی
میری جاگتی ہوئی قسمت
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نہیں ہے

فرہنگ

•ناقۂ سیّارِ من: میری تیز رفتار اونٹنی(ناقہ=اونٹنی+سیّار=تیز چلنے والی+من=میری)۔ •آہوے تاتارِ من: میرا تاتاری ہرن(آہو=ہرن، ہرنی+تاتار=ترکستان+من=میرا، میری)۔ •درہم و دینارِ من: میرا درہم و دینار(درہم=درم=چاندی کا ایک سکّہ+و=اور+دینار=سونے کا ایک سکّہ، اشرفی+من=میرا)۔ •اندک و بسیار من: میرا تھوڑا اور بہت یعنی میری پونجی، میرا سب کچھ (اندک=کم، قلیل+ و= اور+ بسیار=بہت، زیادہ+من=میرا)۔ •دولتِ بیدارِ من: میری جاگی ہوئی قسمت، میری نفع بخش دولت(دولت=نصیبہ، مال و زر+بیدار=جاگی ہوئی[دولتِ بیدار=وہ دولت جس سے نفع اُٹھایا جاسکے، خوش قسمتی]+ من= میری)۔ •تیز ترک: کچھ اور تیز(تیز+تر=اور،اور زیادہ+ک= کچھ، ذرا)۔ •گام زن: تو چل(گام زدن= چلنا، قدم بڑھانا). •منزلِ ما: ہماری منزل(منزل+ما=ہماری)۔ دورنیست: دور نہیں ہے۔

دلکش و زیباستی شاہدِ رعناستی
روکشِ حوراستی غیرتِ لیلاستی
دُختر صحرا ستی
تیز ترک گام زن منزلِ ما دور نیست

ترجمہ

تو دل کش اور زیبا ہے
تو حسین محبوب ہے
تو حور کی ہمسر ہے
تو لیلی کو شرماتی ہے
تو صحرا کی بیٹی ہے
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نیں ہے

فرہنگ

•دلکش و زیباستی: تو دلکش اور خوب صورت ہے(دلکش=دل کھینچنے والی ، دل لبھانے والی[دل+کش=بمعنی کشندہ= کھینچنے والی (کشیدن= کھینچنا)+ و= اور+زیبا=خوبصورت ، کومل ، خوشنما+ست=است=ہے+ی=تو)۔
•شاہدِ رعناستی: تو حسین محبوب ہے(شاہد=محبوب+رعنا=حسین ، سج دھج والا+ست=ہے+ی=تو)۔
•روکشِ حوراستی: تو حور کی حریف ہے(روکش=حریف ، مقابل ، ہمسر+حورا=حور ، سیاہ چشم اور سفید رنگ عورت+ ست= ہے+ی= تو)۔ •غیرتِ لیلاستی: تو لیلی کو شرماتی ہے(غیرت=رشک ، شرم+ لیلی+ست= ہے+ی=تو)۔ •دختر صحراستی: تو صحرا کی بیٹی ہے(دختر=بیٹی+صحرا+ست=ہے+ی= تو)۔

در تپشِ آفتاب غوطہ زنی در سراب
هم بہ شبِ ماهتاب تند روی چوں شہاب
چشمِ تو نادیدہ خواب
تیز ترک گام زن منزلِ ما دور نیست

فرہنگ

•تپشِ آفتاب: دھوپ کی تپش (تپش=گرمی+آفتاب=دھوپ)۔
•غوطہ زنی: تو غوطہ لگاتی ہے (غوطہ+زنی=تو لگاتی ہے [غوطہ زدن=غوطہ لگانا])۔ •هم بہ شبِ ماهتاب: چاندنی رات میں بھی (هم=بھی، ایسے ہی بی+بہ=میں+ شب=رات+ماہتاب=چاندنی)۔ •تند: تیز۔ •روی: تو چلتی ہے (رفتن= چلنا)۔ •چوں: جیسے، مانند۔
•شہاب: ٹوٹتا ستارہ، کسی ستارے سے ٹوٹ کر تیزی سے گرنے والا ٹکڑا۔ •نادیدہ: (اُس نے) نہیں دیکھا (نا=نہیں+دیدہ=دیکھا، دیکھا ہوا [دیدن=دیکھنا])۔
•خواب: نیند، سپنا۔

ترجمہ

تپتی ہوئی دھوپ میں
تو سراب میں غوطہ لگاتی ہے
ایسے ہی چاندنی رات میں
تو شہاب کی طرح سَن سے گزر جاتی ہے
تیری آنکھ نے نیند نہیں دیکھی
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نہیں ہے

لکّۂ ابرِ رواں کشتیِ بے بادباں
مثلِ خضر راہ داں بر تو سبک ہرگراں
لختِ دل ساربان
تیز ترک گام زن منزلِ ما دور نیست

ترجمہ

اُڑتے ہوئے بادل کا ٹکڑا
بلا بادبان کی کشتی
خضر کی طرح راستا جاننے والی
ہر بوجھل تجھ پر ہلکا
ساربان کے دل کا ٹکڑا
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نیں ھے

فرہنگ

•لکّۂ ابر رواں: چلتے ہوئے بادل کا ٹکڑا(لکّہ=ٹکڑا اور لکّہ=اونٹ کی ایک مخصوص چال، اونٹوں کی ایک قسم+ابر=بادل+رواں=چلتا ہوا). •کشتیِ بے بادباں: بغیر بادبان کی کشتی(کشتی+بے=بغیر، بنا+بادباں)۔ •راہ داں: راستا جاننے والی، راستے سے واقف(راہ=راستا+داں=بمعنی داننده=جاننے والی، واقف، باخبر[دانستن=جاننا])۔ •سبک: ہلکا، آسان۔ •گراں: بھاری، بوجھل، مشکل۔ •لختِ دلِ ساربان: ساربان کے دل کا ٹکڑا(لخت=ٹکڑا+دل+ساربان)۔

سوزِ تو اندر زمام سازِ تو اندر خرام
بے خورش و تشنہ کام پا بہ سفر صبح و شام
خستہ شوی از مقام
تیز ترک گام زن منزلِ ما دور نیست

ترجمہ

تیری تڑپ نکیل میں(ہے)
تیری مستی خرام میں
بنا کھائے پیئے
دن رات سفر اور سفر
تو سستانے سے تھک جاتی ہے
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نیں ہے

فرہنگ

•سوزِ تو: تیرا سوز(سوز=تپش، تڑپ+تو=تیرا)_ •زمام: نکیل، باگ_ •سازِ تو: تیرا ساز(ساز=سامانِ سفر، وصل کی کیفیت،سرمستی+تو=تیرا)_ •خرام: ناز و انداز والی چال_ •بے خورش: کھائے بغیر، کھانے کے بغیر(بے=بغیر+خورش=کھانا، خوراک)_ •تشنہ کام: پیاسی، بہت پیاسی(تشنہ=پیاسا+کام=تالو)_ •پا بہ سفر: سفر میں مصروف(پا=پاؤں+بہ=میں+سفر)_ •خستہ شوی: تو تھک جاتی ہے(خستہ=تھکا ہوا، سست+شوی=تو ہوجاتی ہے[خستہ شدن=تھک جانا])_ •از مقام: پڑاؤ سے(از=سے+مقام=پڑاؤ)_

شامِ تو اندر یمن صبحِ تو اندر قرن
ریگِ درشتِ وطن پاے ترا یاسمن
اَے چو غزالِ ختن
تیز ترک گام زن منزلِ ما دورنیست

ترجمہ

تیری شام یمن میں
تیری صبح قرن میں
وطن کی کھردری ریت
تیرے پاؤں کے لئے چنبیلی
اے ختن کے ہرن ایسی
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نہیں ہے

فرہنگ

•شامِ تو: تیری شام(شام+تو=تیری)۔ •اندر یمن: یمن میں(اندر=میں+یمن)۔ •صبحِ تو: تیری صبح(صبح+تو=تیری)۔ •قرن: حضرت اویس قرنی کا وطن۔ •ریگِ درشتِ وطن: وطن کی کھردری ریت(ریگ=ریت+درشت=سخت، کھردری+وطن)۔ •پاے ترا: تیرے پاؤں کے لئے(پا=پاؤں+تو=تیرے+را=کے لئے، کو)۔ •یاسمن: چنبیلی۔ •غزالِ ختن: ختن کا ہرن(غزال=ہرن+ختن=ترکستان کا ایک علاقہ جہاں کے ہرن اور مشک مشہور ہیں)۔

مہ ز سفر پاکشید در پسِ تل آرمید
صبح ز مشرق دمید جامۂ شب بر درید
بادِ بیاباں وزید
تیز ترک گام زن منزلِ ما دور نیست

فرہنگ

•مہ: ماہ، چاند_ •زسفر پاکشید: اُس نے سفر سے پاؤں کھینچ لیا، سفر ترک کر دیا(پا از سفر کشیدن=سفر ترک کر دینا)_ •در پسِ تل: ٹیلے کے عقب میں، ٹیلے کے پیچھے(در= میں+پس= پیچھے+تل=ٹیلا)_ •آرمید: وہ ساکن ہوگیا(آرمیدن= آرامیدن= سستانا، ٹھہرنا، پڑاؤ کرنا)_ •دمید: طلوع ہوئی(دمیدن=طلوع ہونا)_ •جامۂ شب: رات کا لباس(جامہ=لباس+شب=رات)[جامۂ شب=اندھیرا])_ •بردرید: اُس نے پھاڑا، وہ پھٹ گیا(بردریدن=پھاڑنا، چاک کرنا، پھٹنا)_ •بادِ بیابان وزید: صحرا کی ہوا چلی(باد= ہوا+بیاباں=صحرا+وزید=ہوا چلی[وزیدن=ہوا کا چلنا])_

ترجمہ

چاند نے سفر سے پاؤں کھینچ لیا
ٹیلوں کی اوٹ میں پڑ رہا
مشرق سے صبح طلوع ہوئی
رات کا لباس ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا
صحرا کی ہوا چلی
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نہیں ہے

نعمۂ من دلکشاے زیر و بمش جانفزاے
قافلہ ہا را درا ے فتنہ رُبا، فتنہ زاے
اے بہ حرم چہرہ سا ے
تیز ترک گام زن منزلِ ما دور نیست

ترجمہ

میرا گیت دل کھلانے والا
اس کا اُتار چڑھاؤ جان میں جان ڈالنے والا
قافلوں کی گھنٹی
ہنگاموں کو اپنی طرف کھینچنے والا، ہلچل پیدا کرنے والا
اے حرم کی خاک پر منہ رگڑنے والی
ایک ذرا اور تیز چل ہماری منزل دور نہیں ہے

فرہنگ

•نغمۂ من: میرا گیت(نغمہ+من=میرا)۔ •دلگشاے: دل کھولنے والا، خوشی پیدا کرنے والا[کشادن=کھولنا]۔ •زیر و بمش: اس کا اُتار چڑھاؤ (زیر=نیچا ،دھیماسُر+و=اور+بم=بلند اونچا سُر+ش=اش=اس کا)۔ •جانفزاے: جان بڑھانے والا، جی خوش کرنے والا، حوصلہ بڑھانے والا(جاں+فزاے=بمعنی افزاننده= بڑھانے والا[افزائیدن= افزودن= بڑھانا ،زیادہ کرنا])۔ •قافلہ ہا را: قافلوں کے لئے(قافلہ+ها=علامت جمع+را=کو، کے لئے)۔ •درا: جرس، گھنٹی جس کی آواز پر کارواں کوچ کرتا ہے۔ •فتنہ رُبا: فتنے کھینچنے والا، فتنوں کا مرکز(فتنہ+رُبا=بمعنی ربائنده، کھینچنے والا [ربائیدن= کھینچنا، جذب کرنا])۔ •فتنہ زا: فتنہ پیدا کرنے والا(فتنہ+زا=بمعنی زائنده، پیدا کرنے والا[زائیدن=پیدا کرنا])۔ •اے بہ حرم چہرہ سا ے: اے حرم کی زمین سے منہ رگڑنے والی(اے+بہ=پر+حرم+چہرہ+سا=بمعنی سائنده، گھسنے والی، رگڑنے والی[سائیدن=گھسنا، رگڑنا])۔

قطرہ آب

مرا معنیِ تازۂ مدّعا ست
اگر گفتہ را باز گویم روا ست

"یکے قطرہ باراں ز ابرے چکید
خجل شد چو پہنائے دریا بدید

ترجمہ

پانی کی بوند
مجھے ایک نئے معنی سے مطلب ھے
اگر کہے ہوئے کو دُہراؤں تو بھی جائزھے
"بارش کا ایک قطرہ بادل سے ٹپکا
دریا کی وسعت دیکھ کر شرما گیا

فرہنگ

•مرا: میرا، مجھے۔ •معنیِ تازہ ءِ: ایک تازہ معنی، نئے معنی(معنی= مطلب، مضمون،حقیقت+تازۂ=ایک نیا)۔ •مدّعا: مُراد، مقصد، مطلب۔ •گفتہ: کہا ہوا(گفتن=کہنا)۔ •باز: پھر، دوبارہ۔ •گویم: میں کہوں۔ •روا: جائز، ٹھیک ۔
•یکے: ایک۔ •قطرہ باراں: بارش کا قطرہ(قطرہ+باراں=بارش، مینہ)۔ •چکید: وہ ٹپکا(چکیدن=ٹپکنا)۔ •خجل: شرمندہ۔ •شد: وہ ہو گیا(شدن=ہونا)۔ •چو: جب، جونہی۔ •پہنائے دریا: دریا کی وسعت(پہنا=وسعت+دریا)۔ •بدید: اُس نے دیکھا(دیدن=دیکھنا)۔

که جائے کہ دریا ست من کیستم
گر او ھست حقّا کہ من نیستم"

ولیکن ز دریا برآمد خروش
ز شرمِ تنک مایگی رو مپوش

فرھنگ

•من کیستم: میں کیا ہوں (کہ=کون ، کیا+استم= میں ہوں)_ •حقّا: حق ھے کہ، خدا کی قسم_ •من نیستم: میں نہیں ہوں(نیست=نابود ، معدوم+م=ہوں)_ •برآمد: باہر آیا ، نکلا(برآمدن=باہر آنا ، باہر نکلنا)_ •خروش: صدا ، آواز_ •شرمِ تنک مایگی: ناداری کی شرم(شرم+تنک مایگی=ناداری ، کم مقداری ، بے حقیقتی ، تنگ دامانی[تنک مایہ=مفلس ، کم حقیقت ، حقیر])_ •رومپوش: تو منہ مت ڈھانپ(روپوشیدن=منہ چُھپانا)_

ترجمہ

کہ جہاں دریا ہو وہاں میں کیا ہوں
اگر وہ ھے تو خدا کی قسم میں نہیں ہوں"
لیکن دریا سے آواز آئی
بے سروسامانی کی شرم سے منہ مت چُھپا

تماشاے شام و سحر دیدۂ
چمن دیدۂ، دشت و در دیدۂ

بہ برگِ گیاہے، بدوشِ سحاب
درخشیدی از پرتوِ آفتاب

ترجمہ

تو نے شام و سحر کا تماشا دیکھا ہوا ہے
باغ دیکھا ہے جنگل اور گھاٹی دیکھ رکھے ہیں
گھاس کی پتّی پر بادل کے دوش پر
تو سورج کی کرن سے جگمگایا

فرہنگ

•دیدۂ: تو نے دیکھا ہے، تونے دیکھ رکھا ہے(دیدن=دیکھنا)۔
•دشت و در: جنگل اور گھاٹی(دشت=جنگل+و +در=درّہ، گھاٹی)۔
•بہ برگِ گیاہے: گھاس کی پتّی پر(بہ=پر+برگ=پتّی+گیاہ=گھاس+ے= زائد(کسی کا مفہوم بھی نکل سکتا ہے))۔ •بدوشِ سحاب: بادل کے دوش پر(بہ=پر+دوش=کندھا، شانہ+سحاب=بادل، گھٹا)۔
•درخشیدی: تو چمکا(درخشیدن=چمکنا)۔•از پرتوِ آفتاب: سورج کی کرن سے(از=سے+پرتو=کرن، روشنی+آفتاب=سورج)۔

گہے ہمدم تشنہ کامانِ راغ
گہے محرمِ سینہ چاکانِ باغ

گہے خفتہ در تاک و طاقت گداز
گہے خفتہ در خاک و بے سوز و ساز

ترجمہ

کبھی صحرا میں پیاس کے ماروں کا ہمدم
کبھی چمن کے سینہ چاکوں کا رازؔ دار
کبھی انگور کی بیل میں سویا ہوا اور
دم خم توڑ دینے والا
کبھی مٹی میں خابیدہ اور سوز و ساز سے خالی

فرہنگ

•گہے: کبھی_ •ہمدمِ تشنہ کامانِ راغ: صحرا کے پیاسوں کا ہمدم(ہمدم+تشنہ کامان=تشنہ کام کی جمع، پیاسے+ راغ= صحرا ،بیابان)_•محرمِ سینہ چاکانِ باغ: چمن کے سینہ چاکوں کا محرم(محرم=راز دار، جس سے کوئی پردہ نہ ہو+سینہ چاکان=سینہ چاک کی جمع، پھٹی ہوئی چھاتی والے یعنی پھول، دکھی+باغ)_
•خفتہ: سویا ہوا(خفتن=سونا)_
•تاک: انگور، انگور کی بیل_
•طاقت گداز: طاقت گھلانے والا، زور ختم کردینے والا(طاقت+ گداز=بمعنی گدازندہ=گھلانے والا[گداختن=پگھلانا ، گھلانا])_
•بے سوز و ساز:سوز و ساز سے خالی/محروم(بے=بلا ، بغیر+سوز= تپش ، تڑپ+و= اور+ساز=نشاط ، مستی)_

ز موج سبک سیرِ من زادۂ
ز من زادۂ در منِ اُفتادۂ

بیاسائے در خلوتِ سینہ ام
چو جوہر درخش اندر آئینہ ام

ترجمہ

تو میری تیز رفتار موج سے پیدا ہوا
مجھ سے جنم لیا اور مجھی میں آن گرا
میری چھاتی کی خلوت میں آرام کر
میرے آئینے میں جوہر کی طرح چمک

فرہنگ

•زموجِ سبک سیرِ من: میری تیز رفتار لہر سے(ز=از= سے+موج= لہر+سبک سیر=تیز رفتار+من= میری)_ •زادۂ=زادہ ای: تو پیدا ہوا ہے(زادن=پیدا ہونا)_ •اُفتادہ ای: تو گر پڑا ہے(اُفتادن=گرنا)_ •بیاسائے: تو آرام کر(آسائیدن= آسودن=آرام کرنا، ٹھہرنا)_ •در خلوتِ سینہ ام: میرے سینے کی خلوت میں(در= میں+خلوت= تنہائی+سینہ+ام=میرے)_ •چو: جوں_ •جوہر: آئینے کی لپک_ درخش: تو چمک (درخشیدن= چمکنا)_ •اندر آئینہ ام: میرے آئینے میں(اندر= میں+آئینہ+ام= میرے)_

گہر شو در آغوشِ قلزم بزی
فروزاں تر از ماہ و انجم بزی

فرہنگ

•گہر: موتی_• شو: تو ہو جا(شدن=ہونا)_ •در آغوشِ قلزم: دریا کے آغوش میں(در= میں+ آغوش= گود+قلزم= دریا)_•بزی: تو جی((زیستن=جینا)_ •فروزاں تر: زیادہ روشن (فروزاں= روشن+ تر= زیادہ)_ •از ماہ و انجم: چاند اور ستاروں سے(از= سے+ماہ= چاند+و=اور+انجم=نجم کی جمع، ستارے)_

ترجمہ

موتی بن کر دریا کے آغوش میں رہ
چاند اور ستاروں سے زیادہ چمکتے دمکتے ہوئے
زندگی گزار

محاورہ مابین خدا و انسان

خدا

جهاں را ز یک آب و گل آفریدم
تو ایران و تاتار و زنگ آفریدی

من از خاک پولادِ ناب آفریدم
تو شمشیر و تیر و تفنگ آفریدی

ترجمہ

خدا اور انسان کے درمیان مکالمہ

خدا

میں نے دُنیا کو ایک ہی مٹّی اور پانی سے تخلیق کیا
تو نے ایران اور تاتار اور حبش بنالیا
میں نے مٹّی سے کھرا لوہا پیدا کیا
تو نے تلوار اور تیر اور بندوق گھڑ لی

فرہنگ

•ز یک آب و گل آفریدم: میں نے ایک خمیر سے خلق کیا، میں نے ایک ہی مٹّی اور پانی سے پیدا کیا (ز=سے+یک+آب+و=گل=مٹّی+ آفریدم=میں نے خلق کیا [آفریدن =خلق کرنا])۔ •آفریدی : تو نے بنایا۔
•پولادِ ناب: خالص فولاد (پولاد = فولاد+ناب=خالص، بے آمیزش، کھرا)۔ •تفنگ: بندوق۔

تبر آفریدی نہالِ چمن را
قفس ساختی طائرِ نغمہ زن را

ترجمہ

تو نے چمن کے پودے کے لئے کلہاڑی ایجاد کی
تو نے چہچہاتے پرندے کے لئے پنجرا بنایا

فرہنگ

•تبر: کلہاڑی۔ • نہالِ چمن: باغ کا پودا (نہال=پودا+چمن)۔ •را: کے لئے۔ •قفس: پنجرہ۔ •ساختی: تو نے بنایا (ساختن=بنانا)۔ •طائر نغمہ زن: چہچہاتا پرندہ، گانے والا پرندہ (طائر= پرندہ+نغمہ زن= چہچہاتا، گانے والا)۔

انسان
تو شب آفریدی چراغ آفریدم
سفال آفریدی ایاغ آفریدم

بیابان و کهسار و راغ آفریدی
خیابان و گلزار و باغ آفریدم

فرهنگ

•سفال: مٹّی، ٹھیکری۔• ایاغ: پیالہ۔ •راغ: پہاڑ کا دامن، جنگل، سبزہ زار۔ •خیابان: کیاری، روش، باغیچہ۔

ترجمہ

انسان
تو نے رات بنائی میں نے چراغ
تو نے مٹّی پیدا کی میں نے(اُس سے) پیالہ گھڑا
تو نے صحرا اور پہاڑ اور جنگل تخلیق کئے
میں نے کیاری اور پھلواری اور باغ بنائے

من آنم کہ از سنگ آئینہ سازم
من آنم کہ از زہر نوشینہ سازم

فرہنگ

•من آنم:
میں وہ ہوں(من= میں+آں=
وہ+م=ام= ہوں)_ •سازم: بناتا
ہوں(ساختن=سازیدن=بنانا)_
•نوشینہ: میٹھا اور خوشگوار
مشروب ، شہد ، تریاق_

ترجمہ

میں وہ ہوں کہ پتّھر سے آئینہ بناتا ہوں
میں وہ ہوں کہ زہر سے تریاق نکالتا ہوں

ساقی نامہ

(در نشاط باغ کشمیر نوشتہ شد)

خوشا روزگارے خوشا نو بہارے
نجومِ پرن رُست از مرغزارے

زمیں از بہاراں چو بالِ تدروے
ز فوآرہ الماس بار آبشارے

ترجمہ

ساقی نامہ

(نشاط باغ کشمیر میں لکھا گیا)

کیا سماں ھے کیسی بہار ہے
سبزہ زار سے ستاروں کا گچھا اُگا
بہار کی رُت سے زمین چکور کے پنکھ کی طرح (رنگین)
آبشار فواروں کے ذریعے سے ہیرے برسا رہی ہے

فرہنگ

•خوشا: بہت خوش، کیا اچھا، بہت خوب۔ •روزگارے: وقت، زمانہ، سماں۔ •نو بہارے: نئی بہار، تازہ بہار۔ •نجوم پرن: عقدِ ثریا کے ستارے(نجوم=نجم کی جمع، ستارے+پرن=پروین، عقدِ ثریا، چھ ستاروں کا گچھا)۔ •رُست: اُگا(رُستن=اُگنا)۔ •از: سے ۔ •مرغزارے: سبزہ زار(مرغزار+ے=یاے تحسین)۔ •از بہاراں: بہار کی رُت سے(از=سے+بہاراں=بسنت رُت، بہار کا موسم)۔ •چو بال تدروے: چکور کے پر کی طرح(چو=جوں، جیسے+بال=پر+تدور=چکور+ے=زائد)۔ •الماس بار: ہیرے برسانے والا(الماس=ہیرا+بار=بمعنی بارندہ، برسانے والا[باریدن=برسانا، برسنا])۔

نہ پیچد نگہ جُز کہ در لالہ و گل
نہ غلطد ھوا جُز کہ بر سبزہ زارے

لبِ جُو خود آرائیِ غنچہ دیدی؟
چہ زیبا نگارے، چہ آئینہ دارے

فرھنگ

•نہ پیچد: نہیں لپٹتی(پیچیدن=لپٹنا)_ •جُز کہ: مگر یہ کہ، سوائے اِس کے کہ _ •نہ غلطد: نہیں لوٹتی(غلطیدن=لوٹنا)_ •خود آرائی غنچہ: غنچے کا اپنے آپ کو بنانا سنوارنا، کلی کا بناؤ سنگھار(خود آرائی=اپنے آپ کو بنانا سنوارنا، بناؤ سنگھار[آراستن=سجنا، سجانا، بناؤ سنگھار کرنا]+غنچہ=کلی، بن کھلا پھول)_ •دیدی: تو نے دیکھا؟(دیدن=دیکھنا)_ •چہ: کیا، کیسی_ •زیبا: خوبصورت، بھلا، آراستہ _ •نگارے: محبوب، معشوق، حسین _ •آئینہ دارے: شیشہ دکھانے والا _

ترجمہ

نظر نہیں لپٹتی مگر لالہ و گل کے بیچ
ہوا نہیں لوٹتی مگر سبزہ زار پر
تو نے ندی کے کنارے کلی کو بناؤ سنگھار کرتے دیکھا
کیا حسین محبوب کیسی شیشہ دکھانے والی

چه شیریں نوائے چه دلکش صدائے
که می آید از خلوتِ شاخسارے

به تن جاں، به جاں آرزو زنده گردد
ز آوائے سارے، ز بانگِ هزارے

ترجمه

کیسی مدہر لے ہے کیسی دل کھینچنے والی آواز ہے
جو پیڑوں بھرے چھپاؤ سے آرہی ہے
بدن میں روح، روح میں آرزو جی اُٹھتی ہے
مَینا کی آواز سے بلبل کی چہکار سے

فرہنگ

•شیریں نوائے: میٹھی آواز، مدھر لے(شیریں=میٹھی، مدھر+نوا=آواز، نغمہ+ے=یائے تحسین)۔
•که: جو۔ •می آید: آرہی ہے(آمدن=آنا)۔
•خلوت شاخسارے: پیڑوں کے جُھنڈ کا چھپاؤ(خلوت=تنہائی، چھپاؤ، پوشیدگی+شاخسار=پیڑوں کا جُھنڈ+ے=یائے زائد)۔
•زنده گردد: زندہ ہو جاتی ہے(زنده گشتن=جی اُٹھنا)۔
•آوائے سارے: مینا کی چہکار(آوا=آواز+سار=مینا+ے=یائے زائد)۔ •بانگِ هزارے: بلبل کی آواز(بانگ=آواز+هزار=بلبل کی ایک قسم+ے=یائے زائد)۔

نوا هاے مُرغِ بلند آشیانے
در آمیخت با نغمۂ جوئبارے

تو گوئی کہ یزداں بہشتِ بریں را
نہاد است در دامنِ کوہسارے

ترجمہ

اونچائی پر بسیرا کرنے والے پرندوں کی آوازیں
نہر کے نغمے سے گھُل مل گئیں
تو کہے کہ خدا نے بہشت بریں کو
پہاڑوں کے دامن میں لا اُتارا ہے

فرہنگ

•نواہاے مُرغِ بلند آشیانے: اونچائی پر بسیرا کرنے والے پرندے کی آوازیں(نواہا=نوا کی جمع، آوازیں، نغمے+مُرغ=پرندہ+بلند آشیاں=بلندی پر بسیرا کرنے والا+ے=یاے تحسین)_ •در آمیخت: گھُل مل گئی(درآمیختن=دو چیزوں کا باہم گھل مل جانا، ایک دوسرے میں تحلیل ہو جانا)_ •با نغمۂ جوئبارے: نہر کے نغمے کے ساتھ(با=کے ساتھ+نغمہ+جوئبار=کئی نہروں سے مل کر بنی ہوئی بڑی نہر+ے=یائے زائد)_
•تو گوئی: تو کہے(گفتن=کہنا)_
•یزداں: خدا_
•بہشتِ بریں: جنّت کا اعلی طبقہ(بہشت=جنّت+بریں=اعلی، اونچا)_ •را: کو_ •نہاد است: اُس نے رکھ دی ہے(نہادن=رکھنا، دھرنا، قائم کرنا)_ •در دامنِ کوہسارے: پہاڑوں کے دامن میں(در=میں+دامن=کوہسار=پہاڑی علاقہ، وہ مقام جہاں بہت سے پہاڑ پائے جائیں، پہاڑ+ے=یاے زائد)_

که تا رحمتش آدمی زادگاں را
رہا سازد از محنت انتظارے

چہ خواہم دریں گلستاں گر نہ خواہم
شرابے، کتابے، ربابے، نگارے

ترجمہ

تاکہ اُس کی رحمت آدمی زادوں کو
انتظار کے عذاب سے چھٹکارا عطا کردے
اِس گلستان میں اگر نہ چاہوں تو کیا چاہوں
شَراب، کتاب، رباب، حسین محبوب

فرہنگ

•کہ تا: تاکہ _ •رحمتش: اُس کی رحمت(رحمت+ش=اسکی)_ •آدمی زادگاں: آدمی زادہ کی جمع، آدمی کے بچے، آدمی زادے، انسان_ •رہا سازد: وہ آزاد کرے(رہاساختن=رہا کرنا، آزادی دینا، چھٹکارا دلانا)_ •از محنت انتظارے: انتظار کے عذاب سے(از=سے+محنت=مشقّت، عذاب+انتظار+ے=یاے زائد)_ •چہ: کیا_ •خواہم: میں چاہوں، مانگوں(خواستن=مانگنا، چاہنا، خواہش کرنا)_ •دریں گلستاں: اس باغ میں(در=میں+ایں=اس+گلستاں=باغ) _ •ربابے: رباب، بربط، سارنگی کی قسم کا ایک ساز_ •نگارے: حسین، محبوب، معشوق_

سرت گردم اے ساقیِ ماہ سیما
بیار از نیاگانِ ما یادگارے

بہ ساغر فرو ریز آبے کہ جاں را
فروزد چو نورے، بسوزد چو نارے

ترجمہ

اے چاند ایسی پیشانی والے ساقی میں تیرے صدقے جاؤں
ہمارے بزرگوں کی کوئی نشانی لے آ
پیالے میں وہ شراب اُنڈیل جو روح کو
نور کی طرح روشن کردے آگ کی طرح پھونک ڈالے

فرہنگ

•سرت گردم: میں تجھ پر صدقے جاؤں، میں تجھ پر قربان، میں تیرے نثار، نیز دورِ سرت گردم=میں تجھ پر واری جاؤں۔ •ساقیِ ماہ سیما: چاند ایسی پیشانی والے ساقی(ساقی+ماہ سیما=جس کا ماتھا چاند ایسا ہو[ماہ=چاند+سیما=پیشانی، ماتھا])۔ •بیار: لا، لے آ(آوردن=لانا)۔ از: کی۔ •نیاگانِ ما: ہمارے آباو اجداد (نیاگان=نیا کی جمع، آباءو اجداد، اسلاف، باپ دادا+ما=ہمارے)۔ •یادگارے: کوئی نشانی(یادگار=نشانی+ے=کوئی)۔ •بہ: میں۔ •ساغر: شراب کا پیالہ، پیالہ۔ •فروریز: اُنڈیل دے، ڈال دے(فرو رَیختن=اُنڈیلنا)۔ •آبے: وہ پانی، ایسی شراب(آب=پانی، مجازاً شراب=ے=وہ، ایسی)۔ •فروزد: چمکائے، جگمگادے، روشن کردے(افروختن=روشن کرنا)۔ •چو: جیسے، جوں۔ •بسوزد: جلادے، پھونک ڈالے(سوختن=جلانا)۔

شقایق برویاں ز خاکِ نژندم
بهشتے فرو چیں بمشتِ غبارے

نه بینی که از کاشغر تا به کاشاں
هماں یک نوا بارد از هر دیارے

ترجمه

میری بانجھ مٹّی سے لالے کے پھول اُگا دے
میری مشتِ خاک میں سے ایک جنت چُن دے
کیا تو نہیں دیکھ رہا کہ کاشغر سے کاشان تک
ہر خطّے سے وہی ایک آواز بلند ہو رہی ہے

فرہنگ

•شقایق: لالے کے پھول، پھول۔ •برویاں: اُگادے، کھلا دے(رویانیدن=کھلانا، اُگانا)۔ •خاکِ نژندم: میری بنجر زمین، میری بانجھ مٹّی(خاک=مٹّی، زمین، خمیر+نژند=خراب+م=میری)۔ •بهشتے: ایک جنّت(بهشت+ے=ایک)۔ •فروچیں: تو سجا دے(فروچیدن=ترتیب دینا، سجانا، چُننا)۔ •بمشتِ غبارے: میری مشتِ خاک سے(به=میں سے+مشت=مٹھّی+غبار+ے=یاے زائد)۔ •نه بینی: کیا تو نہیں دیکھتا، تو نہیں دیکھ رہا(دیدن=دیکھنا)۔ •کاشغر: ترکستان کا ایک شہر۔ •تابه: تک۔ •کاشاں: ایران کا ایک شہر: •هماں: وہی۔ •بالد: اُٹھ رہی ہے، بلند ہو رہی ہے(بالیدن=نشو و نما پانا، پھیلنا، بڑھنا)۔

ز چشمِ اُمم ریخت آں اشکِ نابے
که تاثیرِ او گل دماند ز خارے

کشیری که با بندگی خو گرفته
بُتے می تراشد ز سنگِ مزارے

ترجمه

قوموں کی آنکھ سے وہ اشکِ ناب گرا
جس کی تاثیر کانٹے (میں) سے پھول اُگاتی ہے
کشمیری جسے غلامی کی لت پڑ چکی ہے
قبر کے پتّھر سے بُت تراش رہا ہے

فرهنگ

•چشمِ اُمم: قوموں کی آنکھ (چشم=آنکھ+امم=اُمت کی جمع، ملّتیں، قومیں)_ •ریخت: گرا (ریختن=گرانا [اشک ریختن=آنسو بہانا، ٹپکانا])_ •اشکِ نابے: شفاف آنسو (اشک=آنسو+ناب=خالص، بے کھوٹ)_ •تاثیرِ اُو: اُس کی تاثیر (تاثیر+او=اُسکی)_ •دماند: اُگاتی ہے، نکالتی ہے (دماندن=اُگانا، کھلانا)_ •کشیری: کشمیری، کشمیر کا باشندہ_ •با: ساتھ _ •بندگی: غلامی _ •خو گرفته: عادی (خوگرفتن=عادت پڑجانا، لت ڈال لینی)_ •می تراشد: تراشتا ہے، تراش رہا ہے (تراشیدن=تراشنا)_ •ز سنگِ مزارے: مزار کے پتھر سے (ز=از=سے+سنگ=پتھر+مزار=زیارت گاہ، قبر+ے=زائد)_

ضمیرش تھی از خیالِ بلندے
خودی ناشناسے ز خود شرمسارے

بریشم قبا خواجه از محنتِ او
نصیبِ تنش جامۂ تارتارے

ترجمہ

اس کا ضمیر بلند خیال سے خالی
خودی سے انجان، خود سے شرمسار
اسکی محنت سے حاکم ریشمی قبا پہنتا ہے
اس کے تن کا نصیب ایک تار تار لباس

فرہنگ

•ضمیرش: اس کا ضمیر(ضمیر=دل، باطن، روح، ذہن+ش=اُسکا)۔ •تہی: خالی۔
•خیالِ بلندے: کوئی بلند خیال(خیال=تصوّر، آدرش+بلند+ے=کوئی، کسی)۔
•خودی ناشناسے: خودی سے انجان(خودی+ناشناس=ناواقف، جو نہ پہچانتا ہو، انجان[شناختن=پہچاننا]+ے=زائد)۔
•بریشم قبا: ریشمی قبا پہننے والا، ریشم کا کرتہ پہنے ہوئے(بریشم=ابریشم، ریشم+قبا=ایک قسم کا کرتہ، جبّہ، چغہ)۔ •خواجہ: مالک، آقا، حاکم۔
•نصیبِ تنش: اس کے بدن کا نصیب(نصیب=حصّہ، قسمت+تن=بدن+ش=اُسکے)۔
•جامۂ تارتارے: تارتار لباس(جامہ=لباس، پوشاک+تارتار=دھجی دھجیِ، ٹکڑے ٹکڑے+ے=ایک)۔

نه در دیدۂ او فروغِ نگاہے
نه در سینۂ او دلِ بے قرارے

از آں مے فشاں قطرۂ بر کشیری
که خاکسترش آفریند شرارے

فرہنگ

•فروغِ نگاہے: نگاہ کی روشنی(فروغ=روشنی، چمک+نگاہ+ے=زائد)۔ •دلے بے قرارے: ایک بے چین دل(دل+بے قرار+ے=ایک)۔
•فشاں: تو چھڑک(فشاندن=چھڑکنا، بکھیرنا)۔ •قطرۂ: ایک بوند(قطرہ=بوند+ءِ=ایک، کوئی)۔
•خاکسترش: اسکی راکھ(خاکستر=راکھ+ش=اسکی)۔
•آفریند: پیدا کرے(آفریدن=پیدا کرنا، ایجاد کرنا)۔ شرارے: چنگاری(شرار=چنگاری+ے=کوئی)۔

ترجمہ

نہ اس کی آنکھ میں نگاہ کی روشنی
نہ اس کے سینے میں ایک بے قرار دل
کشمیری پر اُس شراب کی ایک بوند چھڑک
کہ اسکی راکھ کوئی چنگاری پیدا کرے

شاهین و ماهی

ماهی بچۀ شوخ به شاهیں بچۀ گفت
ایں سلسلۀ موج که بینی همه دریاست

دارائے نهنگانِ خروشنده تر از میغ
در سینۀ او دیده و نادیده بلاهاست

ترجمه

شاہین اور مچھلی

ایک شوخ ماہی بچہ شاہین کے بچے سے بولا
لہروں کا یہ سلسلہ جو تو دیکھ رہا ہے سارا سمندر ہے
کالی گھٹا سے بڑھ کر گرجتے ہوئے مگرمچھ رکھنے والا
اسکے سینے میں دیکھی اور آن دیکھی بلائیں ہیں

فرهنگ

•ماہیِ بچۀ شوخ: ایک چلبلا مچھلی کا بچہ(ماہی=مچھلی+بچہ+شوخ=تیز طرار، چُلبلا)_ •به شاهیں بچه ءِ: ایک شاہین کے بچے سے(به=سے+شاهین+بچه=بچہ+ءِ=ایک)_ •سلسلۀ موج: لہروں کی لڑی(سلسله=لڑی، قطار، زنجیر+موج)_ •که: جو_ •بینی: تو دیکھتا ہے، تو دیکھ رہا ہے(دیدن=دیکھنا)_ •همه: تمام، سارا_

•دارائے نهنگانِ خروشنده تر از میغ: کالی گھٹا سے بڑھکر گرجنے والے مگرمچھ رکھنے والا(دارا=رکھنے والا، حامل+نهنگان=نہنگ کی جمع، مگرمچھ، گھڑیال+خروشنده=گرجنے، چیخنے چنگھاڑنے، دھاڑنے والا+تر=زیادہ، بڑھکر+از=سے+میغ=کالی گھٹا)_

•دیده: دیکھی ہوئی(دیدن=دیکھنا)_ •نادیده: ان دیکھی_ •بلاها: بلائیں، بلا کی جمع_

باسیل گراں سنگ و زمیں گیر و سبک خیز
باگو هر تابنده و با لولوے لالا ست

بیروں نتواں رفت ز سیل همہ گیرش
بالاے سیرماست، تہ یاست، همہ جاست

ترجمہ

پُل میں اُٹھنے اور زمین پر چھا جانے والی ڈھوکی
ڈھوسیل کے ساتھ
تابندہ موتی اور روشن مروارید سے بھرا ہوا ہے
اس کے ہمہ گیر بہاؤ سے باہر نہیں نکلا جا سکتا
یہ ہمارے سروں پر ہے، پیروں تلے ہے،
(غرض) ہر جگہ ہے

فرہنگ

•سیل گیراں سنگ: بڑا بھاری سیلاب (سیل=سیلاب، دھارا+ گراں سنگ=بڑا بھاری)-
•زمین گیر: زمین پر چھا جانے والا، زمین کو ڈھانپ لینے والا-
•سبک خیز: تیز رفتار، تیزی سے اُٹھنے والا-
•لولوے لالا:چمکیلا موتی (لولو: موتی، مروارید + لالا=چمکیلا، روشن)
•بیروں نتواں رفت: باہر نہیں جایا جاسکتا (بیروں + نتواں رفت= نہیں جایا جاسکتا)
•زسیل همہ گیرش: اس کے سب کو لپیٹ میں لیے ہوئے بہاؤ سے (ز=از=سے+سیل+همہ گیر=سب کو محیط+ش=اس کا)

هر لحظه جوان است و روان است و دوان است
از گردشِ ایام نه افزوں شد و نے کاست

ماهی بچه را سوزِ سخن چهره بر افروخت
شاهیں بچه خندید و ز ساحل به هوا خاست

فرهنگ

•جواں: پُردم، تازہ_ •روان: چلتا هوا، بہتا هوا، جاری_ •دوان: دوڑتا هوا، بھاگتا هوا، اُچھلتا کودتا هوا(دویدن=دوڑنا، اُچھلنا کودنا)_ •افزوں: زیادہ، بڑھا هوا (افزودن=بڑھنا)_ •شد: هوا(شدن=هونا)_ •نے: نہ_ •کاست: گھٹا (کاستن=گھٹنا)_ •را: کا_ •سوزِ سخن: بات کی گرمی، گفتگو کا جوش(سوز=گرمی، جوش و خروش+سخن=بات چیت، گفتگو، کلام)_ •بر افروخت: اس نے دہکا دیا(بر افروختن=دہکانا، بھڑکانا، روشن کرنا)_ •خندید: هنسا، اُس نے ٹھٹّھا لگایا(خندیدن=هنسنا)_ •خاست: وہ بلند هو گیا(خاستن=اونچا هونا، اُٹھنا)_

ترجمہ

یہ سدا جوان ہے اور ہر دم رواں دواں
زمانے کی گردش سے نہ بڑہا اور نہ گھٹا
گفتگو کی گرمی نے مچھلی کا مُنہ دہکا دیا
بچے نے ٹھٹھّا مارا اور ساحل سے ہوا میں بلند ہو گیا
شاہیں

زد بانگ که شاهینم و کارم به زمیں چیست
صحراست که دریاست تهِ بال و پرِ ماست!

بگذر ز سرِ آب و به پهنای هوا ساز
ایں نکته نه بیند مگر آں دیده که بیناست

ترجمه

(اور) پکارا که میں شاهین ہوں مجھے زمین سے کیا لینا
ہمارے پروں کے نیچے ہے صحرا ہو کہ سمندر
پانی سے گذر جا اور فضا کی وسعت سے میل پیدا کر
اِس بھید کو نہیں دیکھتی مگر نظر رکھنے والی آنکھ

فرهنگ

•زد بانگ: اُس نے آواز لگائی، پکارا(بانگ زدن=آواز لگانا، پکارنا)_ •شاهینم: میں شاهین هوں(شاهین+م=هوں)_ •کارم: میرا کام(کار=کام+م=میرا)_ •به: سے_
•چیست: کیا هے(چه=کیا+است=هے)_
•تهِ بال و پر ماست: هماَرے پروں کے نیچے هے(ته=نیچے، تلے+بال=پنکھ+و=اور+پر+ما=همارے+ست=هے)_
•بگذر ز سرِ آب: پانی سے نکل آ، پانی کو چھوڑ دے(گذشتن=چھوڑنا، عبور کرنا[از سرِ چیزے گذشتن=کسی چیز کو چھوڑ دینا])_ •پهنای هوا: فضا کی وسعت(پهنا=وسعت، کشادگی، پھیلاؤ+هوا=فضا)_ •ساز: موافقت کر، میل کر(ساختن=بنانا، موافقت کرنا)_ •نه بیند: نہیں دیکھتی (دیدن=دیکھنا)

کرمکِ شب تاب

شنیدم کرمکِ شب تاب می گفت
نه آں مورم کَه کس نالد ز نیشم

تواں بے منتِ بیگانگاں سوخت
نه پنداری که من پروانه کیشم

ترجمه

جگنو

میں نے جگنو کو یہ کہتے ہوئے سُنا
میں وہ چیونٹی نہیں ہوں کہ کوئی میرے ڈنک
سے سی سی کرے
دوسروں کا احسان اُٹھائے بغیر بھی جلا جا سکتا ہے

فرہنگ

•شنیدم: میں نے سُنا(شنیدن=سننا)_ •کرمکِ شب تاب: رات کو روشن کرنے والا کیڑا ، جگنو_ •مورم: چیونٹی ہوں(مور=چیونٹی+م=ہوں)_ •کس: کوئی_ •نالد: روئے ، فریاد کرے(نالیدن=فریاد کرنا ، رونا)_ •ز نیشم: میرے ڈنک سے(ز=از=سے+نیش=ڈنک+م=میرے) _ •تواں بے منّتِ بیگانگاں سوخت: غیروں کا احسان لئے بغیر جلا جا سکتا ہے(تواں=سکت[توانستن=سکنا] +بے= بغیر ،بلا+منت=احسان+بیگانگاں بیگانه کی جمع ، غیر+سوخت[سوختن=جلنا]تواں سوخت=جلا جا سکتا ہے)_ •نه پنداری تو یه مت سمجھنا(پنداشتن=خیال کرنا ، گمان کرنا)_ •من پروانه کیشم: میں پروانے کی روش رکھتا ہوں(پروانه+کیش=طریقه ، روش ، عادت+م=میں ہوں)_

اگر شب تیرہ تراز چشمِ آھوست
خود افروزم چراغِ راہِ خویشم

ترجمہ

تم یہ مت سمجھنا کہ میں پروانے کی روش رکھتا ہوں
اگر رات ہرن کی آنکھ سے بڑھ کر سیاہ ہے
تو میں خود کو روشن کرنے والا ہوں آپ اپنے
راستے کا چراغ

فرہنگ

•تیرہ تر:
زیادہ اندھیری(تیرہ=اندھیری ، کالی+تر=زیادہ ، بڑھکر)_ •چشمِ آھو: ھرن کی آنکھ (چشم=آنکھ+آھو=ھرن)_ •خود افروزم: میں اپنے آپ کو روشن کرنے والا ھوں اپنے آپ روشن ہوں (خود=اپنا آپ+افروز=بمعنی افروزندہ=روشن کرنے والا ، روشن+م=ھوں)_ •چراغِ راہ خویشم: میں اپنے راستے کا چراغ ھوں (چراغ+راہ=راستا+خویش=اپنا ، آپ+م=میں ھوں)_

تنہائی

به بحر رفتم و گفتم به موجِ بے تابے
همیشه در طلب استی چه مشکلے داری؟

هزار لولوے لالاست در گریبانت
درونِ سینه چومن گوهرِ دلے داری؟

تپید و از لبِ ساحل رمید و هیچ نگفت

ترجمه

تنہائی

میں سمندر کی طرف گیا اور ایک بے کل لہر سے پوچھا
تو ہمیشہ کسی جستجو میں رہتی ہے تجھ پر کیا اُفتاد آ پڑی ہے
تیرے گریبان میں ہزار جگر جگر کرتے موتی ہیں
(مگر) تو میری طرح سینے میں کوئی دل کا گوہر(بھی) رکھتی ہے ؟
وہ تڑپ کے ساحل سے لوٹ گئی اور کچھ نہ بولی

فرہنگ

•به:کیطرف_•رفتم:میں گیا(رفتن=جانا)_ •بـ:سے_ •موجِ بے تابے: ایک بے تاب موج (موج+بے تاب+ے=ایک)_ •در: میں،بیچ_ •طلب: جستجو،دُھن_ •استی: تو ہے (است=ھے+ی=تو)_ •چه: کیا_ •مشکلے: اُلجھن،اُفتاد،پپتا_ •داری: تو رکھتی ہے (داشتن،رکھنا)_ •هزار: ہزاروں_ •لولوے لالا: چمکدار موتی(لولو=موتی+لالا=چمکدار، روشن)_ •درگریبانت: تیرے گریبان میں (در=میں+گریبان+ت=تیرا)_ •درُونِ سینه: سینے کے اندر،چھاتی بیچ (درون=میں،اندر+سینه)_ •چومن: میری طرح (چو=طرح+من) •گوہرِ دلے: کوئی دل کا موتی (گوہر=موتی+دل+ے=کوئی)_ •تپید :وہ تڑپی (تپیدن=تڑپنا)_ •از لبِ ساحل: کنارے پر سے (از=سے+لب+ساحل)_ •رمید: وہ گھبرا کے لوٹ گئی (رمیدن=وحشت کرنا، گریز کرنا، ڈر کے بھاگنا)_ •هیچ:کچھ_ •نگفت:نہ بولی وہ (نه+گفت=بولی)_

بکوه رفتم و پرسیدم این چه بیدردی است
رسد بگوشِ تو آه و فغانِ غم زدۂ ؟

اگر به سنگ تو لعلے ز قطرۂ خون است
یکے در آ بسخن با منِ ستم زدۂ

بخود خزید و نفس در کشید و هیچ نگفت

ترجمه

میں پہاڑ کے پاس گیا اور اُس سے پوچھا یہ کیا سنگدلی ہے
کسی دکھیارے کا واویلا تیرے کانوں تک پہنچتا ہے؟
اگر تیرے پتھروں میں لہو کی بوند سے بنا ہوا لعل ہے
تو ذرا مجھ ستم کے مارے سے کلام کر
وہ اپنے آپ میں سمٹ گیا اور دم سادھ لیا اور کچھ نہ بولا

فرہنگ

•پُرسیدم:میں نے پوچھا (پُرسیدن=پوچھنا)۔ •بیدردی: کٹھور پن، سنگدلی۔ •رسد: پہنچتی ہے (رسیدن= پہنچنا)۔ •بگوشِ تو:تیرے کان میں، تیرے کانوں تک (به=میں،تک+گوش=کان+تو=تیرے) •آه و فغانِ غمزدۂ: کسی غم کے مارے کی آہ و فریاد. آہ و بکا (آه+و=اور+فغاں=دُھائی، فریاد=غم+زده=مارا ہوا[زدن=مارنا]+ءِ=کوئی،کسی)۔ •لعلے:کوئی لعل (العل=یاقوت+ے=کوئی)۔ •یکے: ذرا، ایک بار۔ •در آ بسخن:کلام کر، بات کر (به سخن در آمدن=بات چیت کرنا، گفتگو شروع کرنا)۔ •بامنِ ستم زدهٔ: مجھ دکھیارے کے ساتھ (با=کے ساتھ، سے+ من+ستم=ظلم، آفت+زده=مارا ہوا+ءِ=ایک)۔ •بخود خزید: خود میں سمٹ گیا (به=میں+خود+خزید=سمٹ گیا، دبک گیا (خزیدن=چھپنا، دبکنا)۔ •نفس درکشید: ساکت ہو گیا (نفس یا دم در کشیدن=ساکت ہو جانا، چُپ ہو جانا)۔

رہِ دراز بُریدم ز ماہ پُرسیدم
سفر نصیب! نصیب تو منزلے است کہ نیست؟

جہاں ز پرتوِ سیمائے تو سمن زارے
فروغِ داغِ تو اَز جلوۂ دلے است کہ نیست؟

سوے ستارہ رقیبانہ دید و ہیچ نگفت

ترجمہ

ایک لمبا راستا طے کر کے میں نے چاند سے پوچھا
اے سفر نصیب! تیری قسمت میں کوئی منزل ہے کہ نہیں
تیری پیشانی کے نور سے دُنیا سمن زار
تیرے داغ کی چھوٹ دل کی تجلّی سے ہے کہ نہیں
اُس نے ستاروں کی طرف رقابت سے دیکھا اور کچھ نہ بولا

فرہنگ

•بُریدم: میں نے کاٹا، میں نے طے کیا (بریدن=کاٹنا، طے کرنا)۔
•سفرنصیب: جس کی قسمت میں سفر ہی سفر لکھا ہو، اے نصیبوں میں سفر رکھنے والے، ہمیشہ سفر میں رہنے والے۔
•زپرتوِ سیمائے تو: تیری پیشانی کی چمک سے
(ز=از=سے+پرتو=روشنی، چمک+سیما =پیشانی، ماتھا+تو=تیری)۔ •سمن زارے: چنبیلی کا باغ
(سمن=چنبیلی+زار=کسی چیز کے کثرت سے پائے جانے کی جگہ+ے=ایک، بہت بڑا)۔ •فروغِ داغِ تو: تیرے داغ کی چھوٹ
(فروغ=چمک، روشنی+داغ+تو=تیرے) ۔ •از جلوۂ دلے: دل کے نور سے
(از=سے+جلوہ=نور، تجلّی +دل+ے=کسی)۔

شدم بحضرتِ یزداں گذشتم از مہ و مہر
که در جہانِ تو یک ذرّہ آشنایم نیست

جہاں تہی ز دل و مشتِ خاکِ من همه دل
چمن خوش است ولے درخورِ نوایم نیست

تبسّمے به لب او رسید و هیچ نگفت

ترجمہ

چاند اور سورج سے گذر کے میں خدا کے حضور میں پہنچا
کہ تیری کائنات میں ایک ذرّہ بھی میرا آشنا نہیں ہے
دُنیا دل سے خالی اور میری مشتِ خاک دل ہی دل
چمن خوب ہے لیکن میری نوا کے لائق نہیں
اُس کے ہونٹوں پر ایک تبسّم سا آیا اور کچھ نہ بولا

فرہنگ

•شدم: میں گیا ،پہنچا (شدن=جانا)۔ •بحضرتِ یزداں: خدا کی جناب میں، خدا کے حضور (به=میں+حضرت=حضور،جناب، بارگاہ+یزداں=خدا)۔
•گذشتم: میں گذرا ،میں نے چھوڑ دیا (گذشتن=گذر جانا ،عبور کرنا ، چھوڑ دینا)۔ •آشنایم: میرا آشنا (آشنا=دوست ، واقف+یم=ام=میرا)۔ •تہی:خالی۔
•مشتِ خاکِ من=میری مشتِ خاک ، میرا وجود (مشت=مٹھی+خاک+من=میری)۔
•همه. سب کا سب، تمام، نرا۔
•خوش: اچھا ، سرسبز و شاداب۔
•وَلے: لیکن۔ •درخورِ نوایم: میری نوا کے لائق (در خور=لائق ، سزاوار+نوا=نغمہ ،آواز+یم=ام=میرے) ۔ •تبسّمے: ایک تبسّم سا ، ایک ہلکی سی مسکراہٹ۔ •به لبِ او: اُس کے لب پر (به=پر ،تک+لب=ہونٹ+او=اُس کے)۔ •رسید: پہنچی، آئی

شبنم

گفتند فرود آے زا وجِ مه و پرویز
بر خود زن و با بحرِ پُرآشوب بیامینر
با موج در آویز
نقشِ دگر انگیز
تابنده گہر خیز

ترجمه

شبنم

اُنھوں نے کہا ماہ و پروین کی بلندی سے اُتر آ
کٹھنائیاں پار کر اور ٹھاٹھیں مارتے سمندر سے مل جا
موجوں سے اُلجھ
ایک اور نقش اُبھار
چمکتا ہوا موتی بن کے نکل

فرہنگ

(رسیدن=پہنچنا ، آنا)_
•گفتند : اُنھوں نے کہا(گفتن=کہنا)_
•فرود آے: نیچے اُتر، اُتر آ
(فرود=نیچے+آے=تو آ (فرود آمدن=اُترنا)_ •اوجِ مہ و پرویز: چاند اور ثریّا کی بلندی
(اوج=اونچائی ،بلندی+مہ=ماہ ،چاند +و=اور+پرویز=پروین= ثُریا)_
•بر خود زن: کٹھنائیوں کا مقابلہ کر، اپنی طرف پلٹ (بر خود زدن= مشکلات کا مُقابلہ کرنا ،مصیبتیں جھیلنا اور ہمت نہ ہارنا ، اپنے آپ کی طرف لوٹنا)_ •بحرِ پُر آشوب: ٹھاٹھیں مارتا سمندر، خطرات سے بھرا ہوا پُرشور سمندر (بحر+پُر آشوب=طوفانی ، پُرشور)_ •بیامیز: تو مل جا ، گھل مل جا(آمیختن= آمیزیدن=دو چیزوں کا ایک ہو جانا ، مل جانا ،گندھ جانا)_•با: کے ساتھ ، سے_ •در آویز=تو لڑ (در آویختن= جنگ کرنا ،لٹکنا)_•نقشِ دگر:دُوسرا نقش (نقش=روپ ، صورت+دگر=دوسرا)_ •انگیز: تو اُبھار (انگیختن=اُبھارنا)_
•تابندہ:چمکتا ہوا_ •خیز: تو اُٹھ (خاستن=اُٹھنا)_

من عیشِ ہم آغوشیِ دریا نہ خریدم
آں بادہ کہ از خویش رُباید نچشیدم
از خود نہ رمیدم
ز آفاق بُریدم
بر لالہ چکیدم

ترجمہ

میں نے دریا سے ہم آغوشی کی موج مول نہ لی
وہ شراب جو اپنی سدُھ بدھ بھُلا دے نیں چکھی
میں اپنے آپ سے دور نیں بھاگی
آفاق سے کٹ گئی
اور لالے پر اُتری

فرہنگ

•نہ خریدیم: میں نے مول نیں لیا (خریدن=خریدنا ، مول لینا)۔
•بادہ: شراب۔ •کہ=جو۔
•خویش: اپنا آپ ،خود۔ •رُباید: اُچک لے جانے (ربودن=کسی سے کوئی چیز لے اُڑنا ، اُچک لے جانا)۔
•نچشیدم: میں نے نیں چکھا (چشیدن=چکھنا)۔ •نہ رمیدم: میں نیں بھاگا (رمیدن=گریز کرنا ،وحشت کرنا ،دور بھاگنا)۔
•آفاق: ساری دُنیا ، باہر کی کائنات ، اُفق کی جمع۔ •بُریدم: میں الگ ہو گیا ، کٹ گیا (بُریدن=کٹنا ، جدا ہونا)۔
•چکیدم:میں پٹکی (چکیدن=ٹپکنا)۔

گل گفت که هنگامۂ مُرغانِ سحر چیست؟
ایں انجمن آراستہ بالاے شجر چیست؟
ایں زیر و زبر چیست؟
پایانِ نظر چیست؟
خارِ گلِ تر چیست

ترجمہ

پھول بولا کہ صبح کے پرندوں کا یہ ہنگامہ کیا ہے
درختوں کے اوپر سجی ہوئی یہ سبھا کیسی ہے
یہ اُلٹ پلٹ کیا ہے
نظر کی انتہا کیا ہے
تر و تازہ پھول کے پہلو میں یہ کانٹا کیا ہے

فرہنگ

•ہنگامۂ مُرغانِ سحر: صبح کے پرندوں کا شور (ہنگامہ+مُرغان=مُرغ کی جمع ،پرندے +سحر=صبح)۔ •آراستہ: سجی ہوئی (آراستن=سجنا)۔ •بالاے شجر: پیڑ کے اوپر (بالا=اوپر+ے=کے+شجر=پیڑ)۔ •زیر و زبر: اُلٹ پلٹ ، اُکھاڑ پچھاڑ، نیچے اور اوپر(زیر=نیچے+و=اور+زبر=اوپر)۔ •پایانِ نظر: نظر کا انجام (پایان=آخر، انجام+نظر=غور و فکر ،نظر، مشاہدہ)۔ •خارِ گلِ تر: گلاب کے کھلے ہوئے پھول کا کانٹا ، تازہ پھول کا کانٹا (خار=کانٹا +گل=گلاب کا پھول ، پھول+تر=تازہ ،بھیگا ہوا)۔ •چیست: کیا ہے۔

حقیقت

توکیستی و من کیَم ایں صحبتِ ما چیست؟
بر شاخِ من ایں طائرکِ نغمه سرا چیست؟
مقصودِ نوا چیست؟
مطلوبِ صبا چیست؟
ایں کہنه سرا چیست!

ترجمه

تو کون ہے اور میں کون ہوں یہ ہمارا مل بیٹھنا کیا ہے
میری ٹہنی پر یہ چہچاتا ہوا پرندہ کیا ہے
نغمے کی منزل کیا ہے
صبا کس کی دُھن میں ہے
یہ کہنہ سرا کیا ہے

فرہنگ

•تو کیستی: تو کون ہے (تو+که=کون+استی=(تو) ہے)_
•من کیم: میں کون ہوں (من=میں+که=کون+ام=ہوں)_
•ایں :یہ_ •صحبتِ ما: ہماری صحبت (صحبت=مجلس، ساتھ+ما=ہماری)_ •طائرکِ نغمه سرا: گاتا ہوا ننّھا پرندہ (طائر=پرندہ+ک=چھوٹا ،ننّھا+نغمه سرا=گاتا ہوا، چہچاتا ہوا ،گانے والا [سرائیدن=سرودن=گانا])_ •مقصودِ نوا: نغمے کا مقصود (مقصود=مُراد، جس کی چاہ کی جائے، جس کا قصد کیا جائے، مطلوب+نوا=آواز ،نغمه)_ •مطلوبِ صبا: صبا کا مطلوب (مطلوب=جس کی طلب کی جائے، مُقصود+صبا=پُروا ہوا، ہوا)_ •کہنه سرا: پرانا گھر ،ٹھکانا، بسیرا، دُنیا_

گفتم که چمن رزمِ حیات همه جائی است
بزمے است که شیرازۂ او ذوقِ جُدائی است
دم؟ گرم نوائی است
جاں؟ چہرہ کشائی است
ایں راز خدائی است

فرہنگ

•گُفتم: میں نے کہا (گفتن=کہنا ،بتانا)_ •رزمِ حیاتِ همه جائی: عالمگیر زندگی کی پیکار، ہر کیں برپا زندگی کا معرکه (رزم=جنگ ،معرکه ،پیکار+حیات= +همه جائی=ہر جگه موجود ،عالمگیر)_ •بزمے: ایک محفل (بزم=انجمن ،محفل ،سبها+ے= •شیرازۂ او: اُس کا شیرازه (شیرازه=اکٹھ ،بندش+او=اُس کا)_ •گرم نوائی: آه و فریاد_ •چہرہ کشائی: رونمائی، منه دکھائی_

ترجمه

میں نے کہا که چمن ہر کیں برپا زندگی کا رن ہے
وہ محفل ہے جسے ٹوٹنے کی لذّت نے جوڑ رکھا ہے
دم کیا ہے؟ آه و فریاد
جان کیا ہے؟ منه دکھائی
یه خدائی بھید ہے

من از فلک اُفتادہ تو از خاک دمیدی
از ذوقِ نمود است دمیدی کہ چکیدی
در شاخ تپیدی
صد پردہ دریدی
بر خویش رسیدی!

فرہنگ

•اُفتادہ: گری ہوئی (اُفتادن=گرنا)_
•دمیدی: تو پھوٹا (دمیدن=اُگنا، طلوع کرنا، پھوٹنا)_ •از:سے، کی وجہ سے_ •ذوقِ نمود: نمود کا ذوق (ذوق+نمود=ظہور، نمائش، اظہار)_•چکیدی: تو ٹپکا (چکیدن=ٹپکنا)_
•تپیدی:تو تڑپا (تپیدن=تڑپنا)_
•دریدی:تو نے پھاڑا (دریدن=پھاڑنا)_
•برخویش رسیدی: خود تک پہنچا (برخویش یا برخود رسیدن=اپنے آپ تک پہنچنا، اپنی حقیقت تک رسائی حاصل کرنا)_

ترجمہ

میں آسمان سے گری تو مٹّی سے پھوٹا
اُگنا ہو کہ ٹپکنا دکھلاوے کی دُھن ہی سے ہے
تو شاخ میں تڑپا
تو نے سو پردے چاک کئے
اور خود تک پہنچ گیا

نم در رگِ ایّام ز یِ اشکِ سحرِ ماست
این ز یریو زبر چیست؟ فریبِ نظرِ ماست
انجم به برِ ماست
لختِ جگرِ ماست
نورِ بصرِ ماست

فرهنگ

•نم:طراوت_ •ز اشکِ سحرِ ما: ہمارے صبح کے آنسو سے (ز=از=سے+اشک=آنسو+ سحر=صبح+ما=ہمارے)_
•به برِ ما: ہماری آغوش میں (به=میں+بر=آغوش+ما)_ •لختِ جگرِ ما: ہمارے جگر کا ٹکڑا (لخت=ٹکڑا+جگر+ما= ہمارے)_
•نور بصرِ ما: ہماری آنکھ کا نور(نور=روشنی+بصر=آنکھ ،بینائی+ما =ہماری)_

ترجمہ

ہمارے صبحدم کے آنسوؤں سے زمانے کی رگوں میں طراوت ہے
یہ اونچ نیچ کیا ہے ہماری نظر کا دھوکا ہے
ستارے ہماری چھاتی سے لگے ہوئے ہیں
ہمارے جگر کے ٹکڑے ہیں
ہماری آنکھوں کی روشنی

در پیرهنِ شاهدِ گل سوزنِ خار است
خار است و لیکن ز ندیمانِ نگار است
از عشق نزار است
در پهلوے یار است
این هم ز بهار است

ترجمه

شاہدِ گل کے پیراہن میں کانٹے کی سوئی اٹکی ہوئی ہے
کانٹا ہے مگر محبوب کے مصاحبوں میں سے ہے
عشق سے سوکھا ہوا ہے
یار کے پہلو میں ہے
یہ بھی بہار ہی سے ہے

فرہنگ

•در پیرهنِ شاهدِ گل: محبوب ایسے پھول کی قمیص میں (در=میں+پیرہن=قمیص ،کرتا+شاہد =حسین ،محبوب+ =اضافت تشبیہی ،الیسا+گل=پھول ،گلاب کا پھول) •سوزنِ خار: کانٹے کی سوئی (سوزن=سوئی+خار=کانٹا)۔ •ندیمانِ نگار: محبوب کے مصاحبین۔ (ندیمان=ندیم کی جمع ،مصاحب ،ساتھی ، پاس بیٹھنے والے ، مقرّب+نگار=محبوب معشوق)۔ •نزار: سوکھا ،دُبلا ،کمزور۔ •در پهلوے یار: یار کے پہلو میں (در=میں+پہلو+یار=محبوب)۔ •این:یہ۔ •هم: بھی۔

برخیز و دل از صحبتِ دیرینه به پرداز
با لالۂ خورشیدِ جهاں تاب نظر باز
با اہلِ نظر ساز
چون من بفلک تاز
داری سرِ پرواز؟

ترجمہ

اُٹھ اور دل کو پُرانی سنگت سے خالی کر لے
دُنیا کو چمکانے والے لالۂ خورشید سے آنکھیں لڑا
نظر والوں کا ساتھ پکڑ
میری طرح آسمان پہ اُڑ جا
ہاں تو پھر ہے اُڑان کا خیال

فرہنگ

•برخیز: اُٹھ (برخاستن=برخیزیدن=اُٹھ کھڑا ہونا)_ •صحبتِ دیرینہ: پُرانی صحبت(صحبت=مجلس، رفاقت+دیرینہ=پُرانی)_ •به پرداز: خالی کر دے(پرداختن=خالی کرنا، فارغ کرنا)_
•نظر باز: آنکھ لڑا(نظر باختن= آنکھیں لڑانا)_ •با اہلِ نظر: نظر والوں کے ساتھ(با=سے، ساتھ+اہل=صاحب، رکھنے والے نظر=نگاہ، فکر_
•ساز:موافقت کر،ساتھ پکڑ(ساختن=موافقت کرنا، بنا کے رکھنا)_ •چوں من: میری طرح(چوں=جیسے، طرح+من=میں)_ •بفلک: آسمان پر، آسمان کی طرف(به=پر، طرف+فلک=آسمان)_ •تاز: دوڑ، ہجوم کر(تاختن=تازیدن=تیز دوڑنا، ہلّہ بولنا، ہجوم کرنا)_
•داری: تو رکھتا ہے(داشتن=رکھنا)_ •سرِپرواز: اُڑان کی خواہش، اُڑان کی سکت(سر=خواہش، سکت+پراوز)

عشق

فکرم چو به جستجو قدم زد
در دیر شد و درِ حرم زد

در دشتِ طلب بسے دویدم
دامن چوں گردباد چیدم

ترجمه

عشق

میرا فکر جب (حقیقت کی) تلاش میں نکلا
مندر میں پہنچا اور کعبے کا دروازہ کھٹکھٹایا
میں اسی دُھن میں جنگل جنگل دوڑا
بگولے کی طرح دامن سمیٹے ہوئے

فرهنگ

عشق
•فکرم: میرا فکر(فکر=تخیلَ، تصوّر+م=میرا)_ •چو: جب_ •قدم زد: قدم رکھّا(قدم زدن=راستا چلنا)_ •دیر: مندر، بت خانه_ •شد: گیا، پہنچا(شُدن=جانا، گزرنا)_ •درِحرم زد: کعبے کا دروازه کھٹکھٹایا(در= دروازه+حرم=کعبه+زد= کھٹکھٹایا[در زدن=دستک دینا، دروازه کھٹکھٹانا]
•بسے: بہت_ •دویدم: میں دوڑا(دویدن=دوڑنا)_ •چوں: جیسے،جوں_ •گردباد: بگولا_ •چیدم: میں نے سمیٹا(چیدن=چننا، سمیٹنا[دامن چیدن=کناره کرنا،الگ ہونا])

پویاں بے خضر سوے منزل
بر دوشِ خیال بستہ محمل

جویاے مے و شکستہ جامے
چون صبح بباد چیدہ دامے

ترجمہ

کسی خضر کے بغیر منزل کی طرف رواں دواں
خیال کے دوش پر کجاوہ کسے ہوئے
ٹوٹا ہوا پیالہ لیکر شراب ڈھونڈنے والا
صبح کی طرح ہوا میں جال پھیلائے ہوئے

فرہنگ

•پویاں: رواں دواں، چلتے ہوئے، بھٹکتے ہوئے(پوئیدن=چلنا، ادھر اُدھر پھرنا)۔ •بے خضر: خضر کے بغیر(بے=بغیر، بنا+خضر=حضرت خضر علیہ السّلام، کنایۃً رہبر، راستا دکھانے والا)۔ •بر دوشِ خیال: خیال کے کاندھے پر(بر=پر+دوش=کاندھا+خیال= تصور، وہم)۔ •بستہ: باندھے ہوئے(بستن=باندھنا، لادنا، بار کرنا)۔ •محمل: کجاوہ۔
•جویائے مے :شراب ڈھونڈنے والا(جویا=ڈھونڈنے والا+مے=شراب[جستن=ڈھونڈنا، تلاش کرنا])۔
•شکستہ جامے: ٹوٹے ہوئے پیالے والا(شکستہ=ٹوٹا ہوا+جام=پیالہ+ے=زائد[شکستہ جام=جس کا پیالہ ٹوٹا ہوا ہو])۔
•چوں: طرح، جیسے۔ •بباد چیدہ دامے: ہوا میں جال پھیلائے ہوئے(بہ= میں، پر+باد=ہوا+چیدہ=پھیلائے ہوئے+دام=جال+ے=زائد[دام بباد چیدن=فضول کوشش کرنا، سعیِ لاحاصل)

پیچیدہ بخود چو موجِ دریا
آوارہ چو گرد بادِ صحرا

عشقِ تو دلم ربود ناگاہ
از کار گرہ کشود ناگاہ

ترجمہ

اپنے آپ میں گتھا ہوا جیسے دریا کی موج
صحرا کے بگولے کی طرح آوارہ
اچانک تیرا عشق میرا دل لے گیا
ایکا ایکی بگڑا کام سنوار دیا

فرہنگ

•پیچیدہ بخود: خود میں اُلجھا ہوا، خود سے لپٹا ہوا/پیوست، اپنے آپ میں بل کھایا ہوا(پیچیدہ=بل کھایا ہوا، لپٹا ہوا، اُلجھا ہوا[پیچیدن=بل کھانا، لپٹنا، اُلجھنا وغیرہ] بہ=میں،سے+خود)۔ چو: جوں، جیسے۔ •گردبادِ صحرا: صحرا کا بگولا(گردباد=بگولا+ صحرا) •دلم: میرا دل(دل+م=میرا)۔ •ربود: لے اُڑا، اُچک لے گیا(رُبودن=اُچک لینا)۔ •ناگاہ: اچانک، یکایک۔ •از: کی۔ •کار: کام۔: •گرہ: پیچ، مشکل، رُکاوٹ۔ •کشود: کھولدی(کشودن=کھولنا[گرہ از کار کشودن=مشکل آسان کرنا، کام بنانا، بگڑی بنانا، حاجت روائی کرنا])

آگاہ ز ہستی و عدم ساخت
بتخانۂ عقل را حرم ساخت

چون برق بخرمنم گذر کرد
از لذّتِ سوختن خبر کرد

ترجمہ

اُس نے وجود اور عدم سے آگاہ کر دیا
عقل کے بتخانے کو کعبہ بنا دیا
بجلی کی طرح میرے کھلیان میں گذر کیا
جلنے کی لذّت سے آشنا کر دیا

فرہنگ

•ساخت: اُس نے کر دیا(آگاہ ساختن=آگاہ کرنا) ۔
•حرم ساخت: کعبہ بنا دیا
•بخرمنم: میرے خرمن میں(بہ=میں ، پر+خرمن=غلّے کا انبار ، کھلیان+م=میرے)۔ •گذر کرد: گذرا ، گذر کیا(گذر کردن=گذرنا ، عبور کرنا ، ایک طرف سے داخل ہو کر دوسری طرف سے باہر نکل جانا)۔
•لذت سوختن: جلنے کی لذّت(لذّت+سوختن=جلنا)۔
•خبر کرد: اُس نے خبر کی ، واقف کر دیا(خبر کردن=خبر کرنا ،مطلع کرنا)

سرمست شدم ز پا فتادم
چون عکس ز خود جُدا فتادم

خاکم بفرازِ عرش بُردی
زان راز که با دلم سپردی

ترجمہ

میں بے خود ہو کے ڈھے گیا
سائے کی طرح اپنے آپ سے الگ جا پڑا
تو میری خاک کو عرش کی بلندی پر لے گیا
اُس راز کی وجہ سے جو تو نے میرے دل کو سونپا

فرہنگ

•سرمست: مست، مدہوش، بے خود، متوالا۔ •شدم: میں ہو گیا(شدن=ہونا)۔ •از پا فتادم: میں ڈھے پڑا(از پا اُفتادن=پھسل پڑنا، کمزوری یا نشے کی وجہ سے گر پڑنا) ۔ •چوں: مانند، جیسے۔ •عکس: پرچھائیں، سایہ۔ •فتادم: میں گرا(اُفتادن=گرنا، پڑنا، گر پڑنا) •بفرازِ عرش:عرش کی بلندی پر(بہ=پر، تک+فراز=بلندی+عرش)۔ •بُردی: تو لے گیا(بُردن=لے جانا)۔ •زاں راز: اُس بھید سے(ز=از=سے+آں=اُس+راز)۔ •کہ: جو۔ •بادلم: میرے دل کو (با=کو+دل+م=میرے)۔ •سپردی: تو نے سونپا(سپردن=سونپنا، امانت رکھوانا)

واصل بکنار کشتیم شد
طوفانِ جمال زشتیم شد

جُز عشق حکایتے ندارم
پروائے ملامتے ندارم

ترجمہ

میری ناؤ کنارے سے آ لگی
میری بدی جمال کا طوفان بن گئی
میں عشق کے سوا کوئی حکایت نیں رکھتا
مجھے کسی ملامت کی پروا نیں

فرہنگ

•واصل بکنار: ساحل تک پہنچنے والا، کنارے سے آ لگنے والا (واصل=ملنے والا، پہنچنے والا+به=سے+کنار=کناره، ساحل)۔
•کشتیم : میری ناؤ(کشتی+م=میری)۔ •شد : ہو گئی(شدن=ہونا)۔ •طوفانِ جمال: حسن کا طوفان (طوفان+جمال=حسُن)۔
•زشتیم :میری بدی (زشتی=بدی ،بدصورتی+م=میری)
•جُز: سوائے ، علاوہ۔
•حکایتے :کوئی حکایت (حکایت=داستان ،سرگذشت+ے=کوئی)۔ •ندارم: میں نیں رکھتا ہوں(داشتن=رکھنا)۔ •پروائے ملامتے : کسی ملامت کی پروا(پروا+ملامت=لعنت ملامت، لعن طعن، سرزنش+ ے=کسی)

از جلوۂ علم بے نیازم
سوزم گریم تپم گدازم

ترجمہ

میں علم کی چمک دمک سے بے نیاز ہوں
بس مجھے ہر دم جلنا رونا تڑپنا اور پگھلنا

فرہنگ

ازجلوۂ علم: علم کے جلوے سے(از=سے+جلوہ=ظاہر ہونا، نظّارہ، چمک+علم=جاننا، یہاں مُراد ہے عقل کی مدد سے شے کی حقیقت تک پہنچنا)_ •بے نیازم: بے پروا ہوں، میں کوئی مطلب نہیں رکھتا(بے نیاز=بے پروا،بے طمع، مستغنی، آزاد، لاتعلّق+م=ہوں)_ •سوزم: میں جلتا ہوں (سوختن=جلنا)_ •گریم: میں روتا ہوں(گریستن=رونا)_ •تپم: تڑپتا ہوں(تپیدن=تڑپنا)_ •گدازم: پگھلتا ہوں(گداختن=پگھلنا)

اگر خواهی حیات اندر خطر زی

غزالے با غزالے دردِ دل گفت
ازین پس در حرم گیرم کنامے

بصحرا صید بنداں در کمیں اند
بکام آھواں صبحے نہ شامے

فرہنگ

•غزالے: ایک ہرن (غزال=ہرن+ے=ایک)_ •با: سے_ •گفت: اُس نے کہا (گفتن=کہنا)_ •ازیں پس: اس کے بعد (از=سے، کے+ایں=اِس+پس=پیچھے، بعد)_ •گیرم: میں کر لوں گا، بنا لوں گا (گرفتن=کرنا، بنانا)_ •کنامے: کوئی ٹھکانا، بسیرا (کنام=جانوروں کی آرامگاہ، مکان، چراگاہ+ے=کوئی)_ •بصحرا: صحرا میں (بہ=میں+صحرا)_ •صیدبنداں: صید بند کی جمع، شکاری_ •کمین: گھات_ •بکام آھواں: ہرنوں کی مُراد کے مطابق، ہرنوں کو سازگار (بہ=موافق، مطابق+کام=خواہش، مراد+آہواں=آہو کی جمع، ہرن)_ •صبحے: کوئی صبح (صبح+ے=کوئی)_ •شامے: کوئی شام_

ترجمہ

اگر جینا چاہتا ہے تو خطروں میں بسر کر

ایک ہرن نے دوسرے سے اپنے دل کا دکھ کہا
اس کے بعد میں حرم میں بسیرا کر لوں گا
صحرا میں شکاریوں نے گھات لگا رکھی ہے
ہرنوں کو نہ کوئی صبح سازگار ہے نہ کوئی شام

امان از فتنۂ صیّاد خواهم
دلے ز اندیشه ها آزاد خواهم

فرهنگ

•اماں: امن ، پناہ ، چین_ •ازفتنۂ صیاد : شکاری کے فتنے سے(از=سے+فتنه=آزمائش ، عذاب+صیّاد=شکاری)_ •خواهم: میں چاهتا ہوں(خواستن=چاهنا ، طلب کرنا)_ •دلے: ایک دل_•ز اندیشه ها: اندیشوں سے(ز=سے+اندیشه ها=اندیشه کی جمع ،فکر ،ڈرخوف ، کھٹکا)

ترجمه

میں صیّاد کے فتنے سے پناہ چاهتا ہوں
اندیشوں سے آزاد ایک دل چاهتا ہوں

رفیقش گفت اے یارے خردمند
اگر خواهی حیات اندر خطر زی

دمادم خویشتن را بر فسان زن
ز تیغِ پاک گوهر تیز تر زی

ترجمه

اُس کا ساتھی بولا اے دانا دوست
اگر تجھے زندگی کی چاہ ھے تو خطرات میں جی
خود کو پل پل سان پر رکھ
اصیل تلوار سے زیادہ تیز ہو کر زندگی کر

فرہنگ

رفیقش: اُس کا ساتھی(رفیق=ساتھی، دوست+ش=اُس کا)_ •یارِ خردمند: عقلمند دوست(یار+خردمند= عقل مند، دانا، سوجھ بوجھ رکھنے والا)_ •خواهی: تو چاھتا ہے(خواستن=چاھنا)_ •خطر=خطرہ_ •زی:تو جی، تو زندگی •بر فسان زن: سان پر چڑھا(بر=پر+فسان= سان+زن=تو چڑھا[برفسان زدن=سان پر چڑھانا])_ •تیغِ پاک گوہر: خالص فولاد سے بنی ہوئی تلوار، عمدہ جوہر رکھنے والی تلوار(تیغ=تلوار+پاک=خالص، بے میل، روشن+گوہر= جوہر، تلوار کی آب و تاب_ •تیزتر: زیادہ تیز دھار رکھنے والا_

خطر تاب و تواں را امتحاں است
عیارِ ممکناتِ جسم و جاں است

فرہنگ

•تاب و تواں: ہمّت اور سکت۔ •را: کا، کے لئے۔ •عیارِ ممکناتِ جسم و جاں: جسم اور روح کے اَمکانات کی کسوٹی (عیار=کسوٹی+ممکنات=امکانات+جسم+و=اور+جاں)

ترجمہ

خطرہ ہمّت اور سکت کا امتحان ہے
جسم اور روح کے امکانات کی کسوٹی ہے

جهان عمل

هست ایں میکده و دعوتِ عام است اینجا
قسمتِ باده باندازۂ جَام است اینجا

حرفِ آن راز که بیگانۂ صَوت است هنوز
از لبِ جام چکیداست و کلام است اینجا

ترجمه

عمل کی دُنیا

یہ شراب خانہ ہے اور یہاں سب کو کھلی دعوت ہے
یہاں پیالے کی سمائی دیکھکر شراب بانٹی جاتی ہے
اُس راز کی بات جو ابھی آواز سے انجان ہے
یہاں لبِ جام سے ٹپکی ہے اور کلام بن گئی ہے

فرہنگ

هست: ہے۔ •دعوتِ عام: عام بلاوا، کھُلی دعوت (دعوت=بُلاوا+عام=جس میں کوئی تخصیص نہ ہو، سب کے لئے)۔ •اینجا: یہاں، اِس جگہ (ایں =اس+جا=جگہ)۔ •قسمتِ باده: شراب کی تقسیم (قسمت=تقسیم، بانٹ، حصّہ+باده=شراب)۔ •باندازۂ جام: پیالے کی گنجائش کے مطابق (به=مطابق، موافق+اندازه=ناپ، سمائی+جام=شراب کا پیالہ)
•حرفِ آں راز: اُس راز کی بات (حرف=بات، قصّہ+آں= اُس+راز)۔ •بیگانۂ صوت: آواز سے انجان، آواز سے بے نیاز (بیگانه+صوت=آواز)۔ •هنوز: اب تک، ابھی۔ •لبِ جام: جام کے لب، پیالے کا کنارہ۔ •چکیداست: وہ ٹپکا ہے (چکیدن=ٹپکنا)

نشهَ از حال بگیرند و گذشتند ز قال
نکتهٔ فلسفه دُردِ تهِ جام است اینجا

ما درین ره نفسِ دهر برانداخته ایم
آفتابِ سحرِ او لبِ بام است اینجا

ترجمه

(یہاں) لوگ حال سے مستی حاصل کرتے ہیں اور نری بک بک سے نکل گئے ہیں فلسفے کی باریک باتیں یہاں تلچھٹ (کیطرح) ہیں ہم نے اس راہ میں زمانے کی ہوا اُکھاڑ دی ہے اُس کی صبح کا سورج یہاں ڈوبنے کو ہے

فرہنگ

•حال: کیفیت، جذب، عقل وحواس کے بغیر معرفت۔ •بگیرند :حاصل کرتے ہیں(گرفتن=حاصل کرنا)۔
•گذشتند: وہ لوگ گذر گئے، انھوں نے ترک کر دیا(گذشتن=چھوڑ دینا، گذر جانا)۔ •قال: بات چیت، نری گفتگو۔ •نکتهٔ فلسفه: فلسفے کی باریکی، فلسفے کی نازک خیالی(نکته=بھید، باریکی، ته کی بات+فلسفه)۔ •دردتهِ جام: جام کی ته میں پڑی ہوئی تلچھٹ(دُرد=تلچھٹ +ته=تلا، پیندا+جام)
•دریں ره: اس راستے میں(در=میں+ایں=اِس+ره=راه، راستا)۔ •نفسِ دہر برانداخته ایم: ہم نے زمانے کی سانس اُکھاڑ دی ہے، ہم نے زمانے کو بیدم کر دیا ہے،ہم نے زمانے کو عاجز اور مغلوب کر لیا ہے(نفس=سانس، دم+دہر=زمانه، کائنات+برانداخته ایم=ہم نے ڈھا دیا ہے، اُکھاڑ دیا ہے[نفس برانداختن=بیدم کر دینا، عاجز و مغلوب کر دینا])۔ •آفتابِ سحرِاو:اُس کی صبح کا سورج(آفتاب=سورج+سحر= صبح+او=اُس کا)۔

زندگی

اے که تو پاس غلط کردۂ خود میداری
آنچه پیشِ تو سکون است خرام است اینجا

ما که اندر طلب از خانه برون تاخته ایم
علم را جاں بدمیدیم و عمل ساخته ایم

ترجمه

اے تو کہ اپنی خطا پر اڑا ہوا ہے
جسے تو سکون سمجھتا ہے وہی یہاں حرکت ہے
ہم کہ حقیقت کی کھوج میں اپنا گھر چھوڑ آئے ہیں
ہم نے علم میں روح پھونکی اور اسے عمل بنا دیا

فرہنگ

•پاسِ غلط کردۂ خود میداری: تو اپنی غلطی پر اڑا ہوا ہے، تو اپنی خطا کی طرفداری کرتا ہے(پاس =طرفداری، حمایت+غلط کردہ= غلط کیا ہوا، خطا[غلط کردن= خطا کرنا، غلطی کرنا]+خود=اپنی، اپنا+ میداری=تو رکھتا ہے[داشتن= رکھنا(پاس داشتن=پاس کرنا،رعایت کرنا])_ •آنچه: جو کچھ، وہ چیز جو •پیشِ تو: تیرے نزدیک(پیش=آگے، نزدیک+تو=تیرے)_ •سکون :ٹھہراؤ_ •خرام: چال، رفتار،حرکت_•ما: ہم •که: جو_•بروں تاختهایم:باہر نکل آئے ہیں(بروں=باہر+تاخته ایم=ہم نکل آئے ہیں، ہم بھاگ آئے ہیں[بروں تاختن=باہر نکل آنا، دیس نکالا لے لینا، گھر سے بے گھر ہو جانا])_ •را: میں، کے لئے_ •بدمیدیم: ہم نے پھونکی(دمیدن=پھونکنا)_ •ساخته ایم: ہم نے بنا دیا ہے(ساختن=بنانا، روپ دینا)

پُرسیدم از بلند نگاهے حیات چیست
گفتامَے که تلخ ترِ او نکوتر است

گفتم که کرمک است و ز گِل سر بروں زند
گفتا که شعله زاد مثالِ سمندر است

ترجمه

زندگی

میں نے ایک گیانی سے پوچھا زندگی کیا ھے
اُس نے کہا وہ شراب کہ جتنی کڑوی ہو اُتنی اچھی ھے
میں نے کہا کہ (یہ ایک) کیڑا ھے جو مٹّی سے سر نکالتا ھے
اُس نے کہا کہ (نہیں بلکہ)
سمندر کی طرح آگ کی لپٹ سے پیدا ہوئی ھے

فرہنگ

•پُرسیدم: میں نے پوچھا(پُرسیدن=پوچھنا)_ •بلند نگاھے: ایک بلند ہمّت، عالی دماغ گیانی(بلند نگاہ=عالی دماغ، بلند ہمّت، گیانی، حقائق سے واقف+ے=ایک)_ •چیست: کیا ہے(چہ=کیا+است=ھے)_ •گفتا: وہ بولا(گفتن=کہنا، بولنا)_ •منے: ایک شراب، ایسی شراب، وہ شراب_ •تلخ تر او:اُس کا زیادہ کڑوا حصّہ(تلخ=کڑوا+تر= زیادہ+او=اُس کا)_ •نکو تر: زیادہ اچھا (نکو=اچھّا، خوب+تر=زیادہ)_ گفتم: میں نے کہا_ •کرمک: کیڑا_ •گل: مٹّی_ •سربروں زند: سر باہر نکالتی ہے، ظاہر ہوتی ہے(سر بروں زدن=سرنکالنا، ظاہر ہونا)_ •شعلہ زاد: آگ سے پیدا ہونے والا (شعلہ=آگ کی لپٹ، لو+زاد:پیدا ہونے والا)_ •مثالِ سمندر: سمندر کی طرح(مثال=مانند، طرح +سمندر=ایک کیڑا جو آگ میں پیدا ہوتاہے اور وہیں رہتا ہے)_

گفتم که شر بفطرتِ خامش نهاده اند
گفتا که خیرِ او نشناسی همیں شر است

گفتم که شوقِ سیر نبردش به منزلے
گفتا که منزلش به همیں شوق مضمراست

ترجمه

میں نے کہا کہ اس کی ان گھڑ فطرت میں شر رکھا گیا ہے
اُس نے کہا کہ تو اُس کا خیر نہیں دیکھتا یہی شر ہے
میں نے کہا کہ چکراتے پھرنے کا لپکا اُسے کہیں ٹکنے نہیں دیتا
اُس نے کہا کہ اسی لپک میں اسکی منزل چھپی ہوئی ہے

فرہنگ

•بفطرتِ خامش: اس کی ناقص فطرت میں(به=میں+فطرف=سرشت ،خلقت+خام=کچّی ، ناپختہ ، ان‌گھڑ+ش=اسکی)_ •نہادہ اند: اُنھوں نے رکھّا ہے(نہادن=رکھنا)_ •خیرِاو: اس کی خوبی(خیر=خوبی ، بھلائی+او=اُسکی)_ •نشناسی: تو نہیں پہچانتا ، تو نہیں جانتا(شناختن=پہچاننا ، جاننا ، اقرار کرنا)_ •همیں: یہی_ •شوقِ سیر: چکراتے پھرنے کا لپکا(شوق+سیر=حرکت کرنا ، گھومنا پھرنا)_ •نبردش: اُسے نہیں لے گیا ، اُسے نہیں پہنچایا(بُردن=لے جانا ، ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا)_ •بمنزلے: کسی منزل تک(به=تک ، پر+منزل+ے+کسی)_ •منزلش: اسکی منزل (منزل+ش=اسکی)_ •به همیں شوق: اسی شوق میں (به=میں+همیں=اسی+شوق)_ •مضمر: پوشیدہ ، چھپی ہوئی_

گفتم که خاکی است و بخاکش همی دهند
گفتا چو دانه خاک شگافد گلِ ترا ست

فرهنگ

خاکی: مٹّی کی پیدائش، مٹّی سے بنی ہونی۔ •بخاکش: اسے مٹّی میں(به=میں+ خاک+ش=اسے)۔
•همی دهند: دے دیتے ہیں، دیا جاتا ہے(دادن=دینا)۔ •چو: جب۔
•شگافد: چیرتا ہے، توڑتا ہے، چیرے، توڑے(شگافتن=چاک کرنا، سوراخ کرنا، توڑنا، پھاڑنا)۔
•گل تر: تازہ اور کھلا ہوا پھول، اُوس میں بھیگا ہوا پھول(گل=گلاب کا پھول+ تر=تازہ، شاداب)۔

ترجمہ

میں نے کہا کہ مٹّی سے ہے اور اسے مٹّی ہی میں داب دیا جاتا ہے
اُس نے کہا کہ دانہ مٹّی سے پھول بن کر نکلتا ہے

حکمت فرنگ

شنیدم که در پارس مردِ گزیں
ادا فهم رمز آشنا نکتَه بیں

بسے سختی از جانکنی دید و مُرد
برآشفت و جاں شکوه لبریز بُرد

ترجمه

مغرب کی دانائی

میں نے سُنا که فارس میں ایک برگزیده آدمی
ادا فہم رمز آشنا نکته بیں
نزع کی بے پناه سختی دیکھ کر مرا
تو کھول اُٹھا اور اپنی روح کو شکایتوں سے بھرا ہوا لیگیا

فرهنگ

•شنیدم: میں نے سُنا(شنیدن=سننا)_ •پارس: فارس، ایران_ •مرد گزیں: برگزیده شخص(مرد=آدمی، شخص+گزیں=منتخب، چنا ہوا)_ •ادافہم: اشاره سمجھنے والا، جسے بات کی تہ تک پہنچنے کے لئے ذرا سا اشاره بھی کافی ہو(ادا=اشاره، ڈھنگ+ فہم=بمعنی فہمنده=سمجھنے والا[فہمیدن=سمجھنا])_ •رمز آشنا: بھید جاننے والا(رمز=راز، چھپی ہوئی بات+آشنا=واقف، جاننے والا)_ •نکته بیں: کسی بات کے چھپے ہوئے معنی پر نظر رکھنے والا، باریکیوں پر نگاه رکھنے والا(نکته=مشکل اور باریک بات، چھپا ہوا مفہوم+بیں=بمعنی بیننده، دیکھنے والا[دیدن=دیکھنا])_ •بر آشفت: وه جھنجلایا، خفا ہوا (برآشفتن=جھنجلانا، خفا ہونا، کھول اُٹھنا، بے چین ہونا)_ •شکوه لبریز: شکایت سے بھری ہوئی(شکوه=شکایت، گله+لبریز=بھری ہوئی، پُر)_ •بُرد: وه لے گیا(بُردن=لے جانا)_

بنالش درآمد به یزدانِ پاک
که دارم دلے از اجل چاک چاک

کمالے ندارد بایں یک فنی
نداند فنِ تازۂ جان کنی

ترجمہ

یہ فریاد لیکر خدائے پاک کے سامنے حاضر ہوا
کہ میں ایک دل رکھتا ہوں موت کے فرشتے کے ہاتھوں ٹکڑے ٹکڑے
وہ اس یک فنی کے باوجود کوئی مہارت نہیں رکھتا
جان نکالنے کا نیا ہنر نہیں جانتا

فرہنگ

•بنالش: فریاد کے ساتھ، شکایت لیکر، فریادی بنکر(به=ساتھ+نالش=فریاد، جبروظلم کی شکایت، دعوا)۔
•درآمد: وہ داخل ہوا، وہ آیا(درآمدن=اندر آنا، آنا)۔
•دارم:میں رکھتا ہوں (داشتن=رکھنا)۔
•دلے: ایک دل(دل+ے=ایک)۔
•اجل: موت، مرادی معنی موت کا فرشتہ۔
•بایں یک فنی: اس ایک ہی فن رکھنے کے باوجود[ب=ساتھ،با وجود+ایں= اس+یک فنی=ایک فن رکھنا، کسی ایک فن کا ماہر ہونا) •نداند: نہیں جانتا(دانستن= جاننا)۔ •فنِ تازۂ جاں کنی: جان نکالنے کا نیا ہنر(فن=ہنر+نیا+جاں کنی=جان‌کندن=جان نکالنا، روح قبض کرنا)۔

برد جان و ناپختہ درکارِ مرگ
جہاں نِو شد و اوہماں کہنہ برگ

فرنگ آفریند ہنرہا شگرف
برانگیزد از قطرہ بحرژرف

فرہنگ

•بردجاں: وہ جان نکالتا ہے (جاں بردن=روح قیض کرنا)- •کہنہ برگ: پُرانے ساز و سامان والا، دقیانوسی- •آفریند: وہ پیدا کرتا ہے (آفریدن=ایجاد کرنا) •اشگرف: عجیب- •برنگیزد: وہ نکالتا ہے (برانگیختن= کسی پوشیدہ چیز کو باہر نکالنا، اُبھارنا، ظاہر کرنا) •بحرژرف: گہرا سمندر (بحر+ژرف=گہرا)

ترجمہ

وہ روح قیض کرتا ہے مگر (اب تک) اس کام میں کچّا ہے
دُنیا کہاں سے کہاں پہنچ گئی مگر وہ ویسا ہی لکیر کا فقیر رہا
یورپ عجیب عجیب ہُنر ایجاد کررہا ہے
ایک قطرے میں سے اتھاہ سمندر کھینچ لیتا ہے

کشد گردِ اندیشه پرکارِ مرگ
همه حکمتِ او پرستارِ مرگ

رود چون نهنگ آبدوزش به یم
ز طیارۂ او هوا خورده بم

ترجمه

وہ فکر و خیال کے گرد موت کی پرکار کھینچتا ہے
اُس کا سارا فلسفہ موت کا خدمتگار ہے
اسکی آبدوز سمندر میں مگر مچھ کی طرح چلتی ہے
اس کے طیّارے سے ہوا دھولیائی ہوئی

فرہنگ

•کشد : وہ کھینچتا ہے(کشیدن=کھینچنا ، حرکت دینا)۔
•گردِ اندیشہ:فکر کے گرد (گرد=چاروں طرف+ اندیشہ=فکر ،خیال)۔ •پرکارِ مرگ : موت کی پرکار (پرکار+مرگ= موت)۔ •همہ: ساری ،تمام ،کُل۔
•حکمتِ او: اُس کا فلسفہ، دانش (حکمت=دانش ، فلسفہ+او=اُسکا)۔
•پرستارِ مرگ: موت کا بندہ، موت کا پجاری (پرستار=غلام ، بندہ+ مرگ=موت)۔
•رود : چلتی ہے (رفتن=چلنا)۔
•چوں: جیسے ،جوں۔ •نہنگ : مگرمچھ۔ •آبدوزش: اس کی آبدوز (آبدوز+ش=اسکی)۔ •یم: سمندر۔
•زطیّارۂ او: اس کے طیّارے سے (ز:از=سے+طیّارہ=ہوائی جہاز+او=اس کے)۔ •خوردہ بم: دھولیائی ہوئی ، اُس نے دھول کھلائی (بم خوردن=دھول یا چپت کھانا)۔

نه بینی که چشم جهان بینِ هور
همی گردد از غازِ او روز کور

تفنگش بکشتن چنان تیز دست
که افرشتهٔ مرگ را دم گسست

ترجمه

تو نیں دیکھتا که سورج کی دُنیا بھر کو دیکھنے والی آنکھ
اسکی گیس سے اندھی ہو جاتی ھے
اسکی بندوق جان لینے میں ایسی تیزی دکھانے والی
که موت کے فرشتے کا دم ٹوٹ گیا

فرهنگ

•نه بینی: تو نیں دیکھتا (دیدن=دیکھنا)_ •چشمِ جہاں بینِ هور: دُنیا بھر کو دیکھنے والی سورج کی آنکھ (چشم=آنکھ+ جہاں=دُنیا+ بیں=بمعنی بیننده=دیکھنے والی+هور=سورج)_ •همی گردد: ہو جاتی ھے (گشتن=ہو جانا ،پلٹ جانا)_ •از غازِ او: اسکی گیس سے (از=سے+غاز=گاز=گیس ،زہریلی گیس+او=اسکی)_ •روزکور: جسے دن میں نہ سجھائی دے ، اندھی_ •تفنگش: اس کی بندوق (تفنگ=بندوق+ش=اسکی)_ •بکشتن: ہلاک کرنے میں (به=میں+ کشتن=قتل کرنا ، مار ڈالنا)_ •چناں: ایسی ، اس قدر_ •تیز دست: چابکدست ، تیزی سے ہاتھ چلانے والا ، چالاک_ •افرشتهٔ مرگ: موت کا فرشتہ (افرشته= فرشته+ مرگ=موت)_ •را:کا_ •دم گسست: سانس ٹوٹ گیا ، اُکھڑ گیا ، رُک گیا (دم= سانس+ گسست=ٹوٹ گیا [گسستن=ٹوٹنا ،بند ہو جانا])_

فرست این کهن ابله را در فرنگ
که گیرد فنِ کشتنِ بیدرنگ

فرهنگ

•فرست: تو بھیج (فرستادن=بھیجنا)_ •این:اِس_ •کہن: پُرانا_ •ابله: نادان،بے وقوف_ •را: کو_ •فرنگ: مغرب، یورپ_ •که: تاکه_ •گیرد: یه حاصل کرے (گرفتن= حاصل کرنا، سیکھنا)_ •فنِ کشتنِ بے درنگ: بلا تاخیر، جھٹ پٹ مارنے کا فن (فن=ہنر+ کشتن=مارنا+بیدرنگ=فوراً، بلا توقف، جھٹ پٹ [بے=بلا+درنگ=تاخیر، دیر، توقف])_

ترجمه

اس سدا کے نادان کو یورپ بھیج دے
تاکه یه جھٹ پٹ مارنے کا فن سیکھ جائے

حور و شاعر

درجواب نظمِ گوئٹے موسوم

به حور و شاعر

حور

نه به باده میل داری نه به من نظر کشائی
عجب این که تو ندانی ره و رسمِ آشنائی

ترجمه

حوُر اور شاعر

(گوئٹے کی ایک نظم "حور و شاعر" کے جواب میں)

حور

نہ تو شراب سے میل رکھتا ہے نہ میری طرف دیکھتا ہے
حیرت تو یہ ہے کہ تو آشنائی کے طور طریق نہیں جانتا

فرہنگ

•به: کے ساتھ، سے_ •باده: شراب_ •میل داری: تو رغبت رکھتا ہے(میل داشتن=رغبت رکھنا، میلان رکھنا)_ •نظر کشائی: تو دیکھتا ہے(نظر کشودن=دیکھنا، آنکھ کھولنا)_ •عجب: حیرت، عجیب_ •تو ندانی: تو نہیں جانتا(دانستن=جاننا، سمجھنا)_ •ره و رسمِ آشنائی: آشنائی کا چلن(ره و رسم=دستور، طریق، چلن+آشنائی=دوستی، محبت، اپنائیت)_

همہ سازِ جستجوے ، همہ سوزِ آرزوے
نفسے کہ می گدازی ، غزلے کہ می سرائی

بنواے آفریدی چہ جہانِ دلکشاے
کہ ارم بچشمم آید چو طلسمِ سیمیائی

فرہنگ

•نفسے کہ میگدازی :توجوآہ بھرتا ہے (نفس گداختن : اپنے دکھ کا اظہار کرنا ، آہ بھرنا (نفس گداختن اقبال کی اپنی ایجاد کردہ ترکیب ہے])
•ارم: جنّت •طلسمِ سیمیائی: خیالی چیزوں کو مجسّم کردینے والا عمل

ترجمہ

ساری کی ساری ایک تلاش کی لہک ،سب کی سب
ایک آرزو کی لپک
ہر آہ جو تو بھرتا ہے ، ہر غزل جو تو الاپتا ہے
تو نے ایک نغمے سے کیا دلکش عالم ایجاد کردیا
کہ جنّت (بھی) مجھے نظر بندی کا عمل دکھائی دیتی ہے

شاعر

دلِ رہرواں فریبی بہ کلام نیش دارے
مگر این کہ لذّت اِو نرسد بہ نوکِ خارے

چہ کُنم کہ فطرتِ من بہ مقام در نسازد
دلِ ناصبور دارم چو صبا بہ لالہ زارے

ترجمہ

شاعر

تو (دل میں) کھب جانے والی باتوں سے مسافروں کا جی رجھاتی ہے
مگر یہ ہے کہ انکی لذّت کانٹے کی چبھن تک نہیں پہنچتی
میں کیا کروں کہ میری فطرت مجھے کسی مقام پر ٹکنے نہیں دیتی
چمن میں صبا کی طرح ایک بے چین دل رکھتا ہوں

فرہنگ

•دلِ رہرواں: مسافروں کا دل(دل+رہرواں=رہرو کی جمع، مسافر، راستا چلنے والے)۔
•فریبی: تو للچاتی ہے(فریبیدن=للچانا، دھوکا دینا، رجھانا)۔ •بہ کلامِ نیش دارے: چبھ جانے والی گفتگو
سے(بہ=سے+کلام=بات، گفتگو+نیش=نوک+دار=بمعنی دارندہ=رکھنے والی+ے=یائے زائد)۔
•نرسد: نہیں پہنچتا(رسیدن=پہنچنا، برابر ہونا)۔•بہ :تک •نوکِ خارے: کسی کانٹے کی
نوک(نوک+خار=کانٹا+ے=کسی)۔
•چہ: کیا۔ •کنم: کروں(کردن=کرنا)۔•بہ: سے، ساتھ۔ •مقام: ٹھکانا، پڑاؤ۔ •در نسازد: موافقت نہیں کرتی، میل نہیں رکھتی(درساختن=موافقت کرنا، میل رکھنا)۔

چو نظر قرار گیرد به نگارِ خوبروئے
تپد آں زماں دلِ من پَیِ خوبتر نگارے

ز شرر ستارہ جویم ز ستارہ آفتابے
سرِمنزلے ندارم که بمیرم از قرار ے

ترجمہ

جونی نظر کسی حسین پر ٹھہرتی ھے
اُس گھڑی میرا دل کسی اس سے بڑھکر حسین کے
لئے مچلنے لگتا ھے
چنگاری سے ستارہ کھوجتا ھوں ستارے سے سورج
میں کیں رُکنے کا خیال نیں رکھتا کیونکہ رُکا
تو مر جاؤں گا

فرہنگ

•چو: جب، جونی۔ •قرار گیرد: قرار پکڑتی ھے، ٹھہرتی ھے(قرار گرفتن=قرار پکڑنا، ٹھہرنا)۔ •به: پر۔ •نگارِ خوب روئے: کوئی خوبصورت معشوق(نگار=حسین، معشوق، محبوب+ خوب=اچھی+رو=صورت+ے=کسی، کوئی)۔ •تپد: تڑپتا ھے(تپیدن=تڑپنا)۔ •آں زماں: اُس گھڑی، وقت۔ •پئے خوبتر نگارے: کسی اور زیادہ حسین محبوب کے لئے(پئے=کے لئے+خوب= اچھا، حسین+تر=اور زیادہ+ نگار+ے=کسی، کوئی)۔ •جویم: میں ڈھونڈتا ہوں(جستن=ڈھونڈنا)۔ •سرِ منزلے: کسی منزل کا خیال(سر=خیال، خواھش، دُھن+منزل=ٹھکانا، پڑاؤ+ے=کسی)۔ •ندارم: میں نیں رکھتا ہوں۔ •که: کیونکہ۔ •بمیرم: میں مر جاؤں گا(مُردن=مرنا)۔

چو ز بادۂ بہارے قدحے کشیدہ خیزم
غزلے دگر سرایم بہ ہوائے نو بہارے

طلبم نہایتِ آن کہ نہایتے ندارد
بہ نگاہ ناشکیبے بہ دلِ اُمیدوارے

ترجمہ

جب ایک بہار کی شراب کا پیالہ چڑھا کر اُٹھتا ہوں
(تو) کسی نئی بہار کی آرزو میں ایک اور
غزل گانے لگتا ہوں
میں اُس کا انت ڈھونڈتا ہوں جو کوئی انت نہیں رکھتا
ایک بے قرار نگاہ کے ساتھ ایک آس لگائے ہوئے
دل کے ساتھ

فرہنگ

•قدحے کشیدہ: ایک پیالہ، کاسہ پی کر، پنے ہوئے(قدح=پیالہ، کاسہ+ے=ایک+کشیدہ=پنے ہوئے، پی کر[قدح کشیدن=پیالہ بھر شراب پینا])_ •خیزم: میں اُٹھتا ہوں(خاستن=خیزیدن= اُٹھنا، کھڑا ہونا)_ •غزلے: ایک غزل(غزل+ے=کوئی، ایک)_ •دگر: دوسری_ •سرایم: میں گاتا ہوں(سرائیدن=گانا)_ •بہ ہوائے نو بہارے: کسی نئی بہار کی آرزو میں(ہوا=آرزو، اشتیاق، ہوا+نوبہار=نئی بہار+ے=کسی)_ •طلبم: میں ڈھونڈتا ہوں(طلبیدن=چاہنا، ڈھونڈنا)_ •نہایتِ آں: اُسکی انتہا(نہایت=انتہا+آں=اُس)_ •کہ: جو_ •نہایتے: کوئی حد(نہایت=حد، آخر، انت+ے=کوئی)_ •ندارد: نہیں رکھتا _ •بہ: کے ساتھ، سے_ •نگاہِ ناشکیبے: بے قرار نظر(نگاہ+ناشکیب=بے قرار، بے صبر+ ے=ایک)_

دلِ عاشقان بمیرد به بہشتِ جاودانے
نه نوائے دردمندے نه غمے نه غمگسارے

فرهنگ

•بمیرد : مرجاتا هے(مُردن=مرنا)۔
•بہشت جاودانے: ایسی سدا رهنے والی جنّت(بہشت= جنّت+جاوداں=همیشہ+ے=ایسی)۔
•نوائے دردمندے: کسی دکھی کی آواز(نوا=آواز، پکار+ دردمند=درد رکھنے والا، دکھی، غمگین، اُداس+ے=کسی)۔ •غمے: کوئی غم(غم+ے=کوئی)۔ •غمگسارے: کوئی غم کھانے والا(غمگسار=غم کھانے والا، دکھ بانٹنے والا، همدرد+ے=کوئی)۔

ترجمه

ایسی بہشت جاوداں میں عاشقوں کا دل مر جاتا هے
نه کسی دکھ بھرے کی پکار نه کوئی غم نه کوئی غمگسار

زندگی اور عمل

درجوابِ نظم ہائنا موسوم بہ "سوالات"

ساحلِ اُفتادہ گفت گرچہ بسے زیستم
ہیچ نہ معلوم شد آہ کہ من چیستم

موجِ ز خود رفتۂ تیز خرامید و گفت
ہستم اگر میروم گر نروم نیستم

ترجمہ

زندگی اور عمل

(ہائنا کی ایک نظم "سوالات" کے جواب میں)

ایک سنسان ساحل کہنے لگا اگرچہ میں بہت جی لیا
مگر افسوس مجھے کچھ پتا نہیں چلا کہ میں کون ہوں کیا ہوں
ایک متوالی لہر تیزی سے بڑھی اور بولی
اگر چلتی رہوں تو میں ہوں اگر نہ چلوں تو میں نہیں ہوں

فرہنگ

•ساحلِ اُفتادہ: ویران ساحل(ساحل=دریا یا سمندر کا کنارہ+اُفتادہ= ویران)۔
•بسے: بہت ۔
•زیستم: میں جیا (زیستن=جینا)۔ •ہیچ: کچھ ۔
•من کیستم: میں کیا ہوں، میں کون ہوں(چہ=کیا+استم=میں ہوں)۔
•موجِ زخود رفتہء: اپنے آپے سے باہر ایک موج، ایک بے خود لہر(موج=لہر+زخود رفتہ=از خود رفتہ=اپنے آپے سے باہر، بے خود، مست[از=سے+خود=اپنا آپ+رفتہ=گزرا ہوا]+ء=ایک)۔ •تیز خرامید: تیزی سے چلی(تیز=تیزی سے+خرامید=وہ چلی، اٹھلائی[خرامیدن=اترا کے چلنا، اٹھلانا، اکڑ کے چلنا)۔ •ہستم: میں موجود ہوں(ہستن=موجود ہونا)۔ •میروم: میں چلتی ہوں(رفتن=چلنا)۔ •نروم: نہ چلوں۔
•نیستم میں نہیں ہوں، میں معدوم ہوں(نیست=نہیں، معدوم+م=ہوں)۔

الملك لله

طارق چو برکنارۂ اندلس سفینه سوخت
گفتند کارِ تو به نگاہِ خرد خطاست

دوریم از سواد وطن باز چون رسیم؟
ترک سبب ز روے شریعت کجا رواست

ترجمه

الملک للّٰه

طارق نے جب اُندلس کے کنارے پر (اپنی) کشتی جلائی
ساتھیوں نے کہا عقل کی نگاہ میں تیرا (یہ) کام غلط ہے
ہم وطن سے دور ہیں واپس کیسے پہنچیں گے
ذریعے کو چھوڑ دینا شریعت کی رو سے کہاں جائز ہے

فرہنگ

•طارق: طارق بن زیاد_ •چو: جب_ •بر کنارۂ اندلس: اندلس کے ساحل پر (بر=پر+ کناره=ساحل+اُندلس=اسپین جسے طارق ابنِ زیاد نے پہلی صدی ہجری کے آخر میں فتح کیا تھا_ سات سو برس تک مسلمان اِس پر حاکم رہے)_ •سفینه: کشتی، جہاز_ •سوخت: اُس نے جلایا (سوختن=جلانا)_ •گفتند: اُنھوں نے کہا (گفتن=کہنا)_ •کارِ تو: تیرا کام (کار=کام+تو=تیرا)_ •به: میں_ •نگاہِ خرد: عقل کی نظر (نگاه+خرد=عقل، سمجھ بوجھ)_ •خطا: غلطی، بھول_ •ست: است=ہے_ •دوریم: ہم دور ہیں_ •از سوادِ وطن: وطن کی سرحد سے (از=سے+ سواد=فصیل، نشانی، سرحد، مضافات+وطن)_ •باز: واپس_ •چوں: کیسے، کیونکر_ •رسیم: ہم پہنچیں گے (رسیدن=پہنچنا)_ •ترکِ سبب: ذریعے کو چھوڑنا (ترک=چھوڑنا+سبب=ذریعہ، وجہ)_ •ز روے شریعت: شریعت کی رو سے_

خندید و دستِ خویش به شمشیر بُرد و گفت
ہر ملک ملکِ ماست که ملکِ خدائے ماست

فرہنگ

•خندید: وہ ہنسا (خندیدن= ہنسنا)_ •دستِ خویش: اپنا ہاتھ (دست=ہاتھ+خویش=اپنا)_ •بہ: پر_ •شمشیر: تلوار_ •بُرد: لے گیا (بُردن=ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا)_ •ملک ما: ہمارا ملک_ •ملکِ خدائے ما: ہمارے خدا کا ملک (ملک+خدا+ما=ہمارے)_

ترجمہ

وہ ہنسا اور اپنا ہاتھ تلوار پر لے گیا اور بولا
ہر ملک ہمارا ملک ہے کیونکہ ہمارے خدا کا ملک ہے

جوے آب

بنگر که جوے آب چه مستانه می رود
مانندِ کهکشاں بگریبانِ مرغزار

درخوابِ ناز بود به گهوارۂ سحاب
وا کرد چشم شوق بآغوشِ کهسار

ترجمه

ندی

دیکھ کہ ندی کیسی مستانہ چلی جا رہی ہے
جیسے سبزہ زار کی چھاتی پر کہکشاں
بادلوں کے پنگھوڑے میں میٹھی نیند سوئی ہوئی تھی
اُس نے کہسار کے آغوش میں چشمِ شوق کھولی

فرہنگ

•بنگر: تو دیکھ (نگریستن=دیکھنا)۔ •جوے آب: ندی۔ •چه: کیا، کیسی۔ •مستانه: مست کی طرح، مستی میں۔ •میرود: جا رہی ہے (رفتن=جانا، چلنا)۔ •بگریبانِ مرغزار: سبزہ زار کے گریبان میں، سبزہ زار کی چھاتی پر (به=میں+گریبان+مرغزار=سبزہ زار)۔ •خوابِ ناز: بے فکری کی نیند، میٹھی نیند •بود: تھی۔ • به گهوارۂ سحاب: بادل کے پنگھوڑے میں (به=میں+گهواره=پنگھوڑا+سحاب=بادل)۔ •واکرد: اُس نے کھولی (واکردن=کھولنا)۔ •چشمِ شوق: آرزو بھری آنکھ (چشم=آنکھ+شوق=اشتیاق، آرزو)۔ •بآغوش کهسار: پہاڑوں کی گود میں (به=میں+آغوش=گود، بر+کهسار=پہاڑی علاقه، پہاڑ)۔

از سنگریزه نغمه کشاید خرام او
سیماے او چو آئینه بے رنگ و بے غبار

زی بحر بیکرانه چه مستانه میرود
در خود یگانه از همه بیگانه میرود

فرهنگ

•نغمه کشاید: نغمے جاری کرتا هے(نغمه کشادن=نغمه جاری کرنا، ساز وغیره میں سے نغمه نکالنا)_ •خرام او: اس کی چال(خرام=چال، رفتار+او=اس کی)_ •سیماے او: اسکی پیشانی(سیما=پیشانی+او=اس کی)_ •چو: جیسے، جوں_ •بے رنگ: بلا رنگ، اُجلا_ •بے غبار: گردو غبار سے پاک، صاف شفاّف_ •زی: جانب، طرف_ •بحر بیکرانه: بے کنار سمندر(بحر=سمندر+بے=بلا+کرانه=کناره،حد)_

ترجمه

اس کا بہاؤ سنگریزوں سے نغمے نکالتا هے
اس کی پیشانی آرسی کی طرح بے رنگ اور بے غبار
بے کنار سمندر کی طرف کیسی مستانه چلی جا رہی هے
اپنے آپ میں ایک سب سے بیگانہ چلی جا رہی هے

در راهِ او بہار پریخانه آفرید!
نرگس دمید و لاله دمید و سمن دمید

گل عشوه داد و گفت یکے پیشِ ما بایست
خندید غنچه و سرِ دامانِ او کشید

ترجمه

اُس کے راستے میں بہار نے پریخانہ بنا دیا
نرگس پھوٹی اور لالہ اُگا اور چنبیلی اُگی
گلاب نے اٹھلا کر پرچایا اور بولا ذرا دیر کو
ہمارے پاس رُک جا
کلی کھلکھلائی اور اُس کے دامن کا کنارہ کھینچا

فرہنگ

•در راہِ او: اُس کے راستے میں(در=میں+راہ=راستا+او=اُس کا)_ •آفرید: اُس نے بنایا(آفریدن=بنانا ، پیدا کرنا)_ •دمید: اُگا(دمیدن=اُگنا ، پھوٹنا)_ •سمن: چنبیلی_ •عشوه داد: اُس نے پرچایا ، ناز و انداز دکھا کر رجھایا(عشوه دادن=پرچانا ، رجھانا ، ناز و انداز دکھا کر جی لبھانا)_ •گفت: بولا(گفتن=کہنا ، بولنا)_ •یکے: ذرا ، کچھ دیرکو_ •پیش ما: ہمارے سامنے(پیش =سامنے ، برابر+ما=ہمارے)_ •بایست: تو ٹھہر ، کھڑی ہوجا(ایستادن=کھڑا ہونا)_ •خندید: وہ ہنسا(خندیدن=ہنسنا ، کھلکھلانا)_ •سرِ دامانِ او: اُس کے دامن کا کنارہ(سر=کنارہ+دامن+او=اس کا)_ •کشید: اُس نے کھینچا(کشیدن=کھینچنا)_

نا آشنائے جلوہ فروشانِ سبز پوش
صحرا برید و سینۂ کوہ و کمر درید

زی بحرِ بیکرانہ چہ مستانہ میرود
در خود یگانہ از ہمہ بیگانہ میرود

ترجمہ

جلوے لٹانے والے سبزپوشوں سے انجان
اُس نے صحرا سر کیا اور کوہ و کمر کی چھاتی پھاڑ دی
بے کنار سمندر کی طرف کیسی مستانہ چلی جا رہی ہے
اپنے آپ میں ایک سب سے بیگانہ چلی جا رہی ہے

فرہنگ

•ناآشنائے جلوہ فروشانِ سبزپوش: سبز پوش جلوہ فروشوں سے انجان (ناآشنا=ناواقف ، انجان+جلوہ فروشاں=جلوہ فروش کی جمع ، جلوے لٹانے والے [جلوہ+فروشاں=بمعنی فروشندگاں ، بیچنے والے ، لٹانے والے[فروختن=فروشیدن=بیچنا ، لُٹانا ، نچھاور کرنا]+سبز پوش=سبز لباس والے)_•برید :اس نے طے کیا(بریدن=کاٹنا ، طے کرنا) •سینۂ کوہ کمر: کوہ و کمر کا سینہ(سینہ+کوہ=پہاڑ+و=اور+کمر=پہاڑ کا درمیانی حصّہ ، پہاڑ کی بلندی)_ •درید : اُس نے پھاڑا(دریدن=ٹکڑے کرنا ، پھاڑنا ، چاک کرنا ، شگاف ڈالنا)_

صد جوے دشت و مَرغ و کہستان و باغ و راغ
گفتند "اے بسیطِ زمین با تو سازگار

مارا کہ راہ از تنک آبی نہ بردہ ایم"
از دستبردِ ریگِ بیاباں نگاہ دار"

ترجمہ

صحرا اور ہریاول اور پہاڑ اور باغ اور سرسبز وادی
کی ان گنت ندیاں
بولیں" اے تو کہ تیرے لئے زمین کی پہنائی سازگار ہے
ہمیں کہ جنھیں پایابی کی وجہ سے راستا نہیں ملا
ریگِ بیاباں کی دستبرد سے بچا"

فرہنگ

•جوئے دشت: بیابان کی ندی(جو=ندی، نہر+دشت=جنگل، بیابان)۔ •مَرغ: ایک قسم کی گھاس جس میں پھول بھی آتے ہیں۔ •کہستاں: پہاڑی علاقہ، سلسلۂ کوہ۔ •راغ: سبزہ زار، دامن کوہ، پہاڑ کے نیچے کا ہرا بھرا میدان۔ •گفتند: وہ بولے، اُنھوں نے کہا(گفتن=کہنا، بولنا)۔ •اے: اے تو کہ۔ •بسیطِ زمیں: زمین کی وسعت، وسیع و عریض زمین، عرصۂ زمیں(بسیط=فراخ، پھیلی ہوئی، وسعت+زمیں)۔ •باتو: تیرے ساتھ۔ •سازگار: موافق۔ •ما: ہم۔ •را: کو۔ •تنک آبی: پایابی، پانی کم ہونا، اُتھلاہٹ۔ •نہ بردہ ایم: ہم نے نہیں پائی(بُردن=حاصل کرنا[راہ بردن= راستا پانا])۔ •دستبردِ ریگ بیاباں: بیابان کی ریت کی دستبرد(دستبرد=بے جا تصرف، لوٹ مار+ریگ=ریت+بیاباں=صحرا)۔ •نگاہدار: تو حفاظت کر، تو نگاہ رکھ(نگاہ داشتن=حفاظت کرنا)۔

وا کردہ سینہ را بہ ہواہاے شرق و غرب
در بر گرفتہ ہمسفرانِ زبون و زار

زی بحرِ بیکرانہ چہ مستانہ میرود
با صد ہزار گوہرِ یک دانہ میرود

ترجمہ

پورب اور پچھم کی ہواؤں کے لئے سینہ کشادہ کئے ہوئے
گرے پڑے ہمسفروں کو آغوش میں لئے ہوئے
بے کنار سمندر کیطرف کیسی مستانہ چلی جا رہی ہے
ہزاروں بے مثال موتی لئے ہوئے رواں دواں

فرہنگ

•واکردہ: کھولے ہوئے_واکردن=کھولنا)_ •بہ: کے لئے_ •ہوا ہاے شرق و غرب: مشرق اور مغرب کی ہوائیں(ہوا ہا=ہوا کی جمع، ہوائیں+شرق=مشرق+و=اور+غرب=مغرب)_ •در برگرفتہ: آغوش میں لئے(در برگرفتن=آغوش میں لینا)_ •ہمسفرانِ زبون و زار: گرے پڑے، عاجز و لاچار ہمسفر (ہمسفراں=ہمسفر کی جمع، سفر کے ساتھی+زبوں=حقیر، لاچار، مظلوم، ستائے ہوئے+و=اور+زار=کمزور، بے بس)_ •گوہر یکدانہ: بے مثال موتی، وہ موتی جو اپنی طرح کا ایک ہی ہو (گوہر=موتی+یک=ایک، واحد+دانہ)_

دریاے پُرخروش! ز بند و شکن گذشت
از تنگناے وادی و کوه و دمن گذشت

یکسان چو سیل کرده نشیب و فراز را
از کاخِ شاه و باره و کشت و چمن گذشت

ترجمه

(گویا) ٹھاٹھیں مارتا دریا ہر روک اور ہر
اونچ نیچ پھلانگ گئی
گھاٹی اور پہاڑ اور ٹیلوں کی تنگی سے نکل گئی
سیلاب کیطرح بلندی اور پستی کو ایک سا کرکے
شاہوں کے محل اور قلعے اور کھیتی اور
چمن سے گزر گئی

فرہنگ

•دریاے پُرخروش: پُرشور دریا، ٹھاٹھیں مارتا ہوا دریا(دریا+پُر=بھرا ہوا+خروش=شور، غل[خروشیدن=شور مچانا])۔ •بند: پشته، روک۔ •شکن: خم، اونچ نیچ۔ •گذشت: وہ گزر گیا(گذشتن=گزر جانا، عبور کرنا)۔ •تنگناے وادی: وادی کی تنگ جگہ(تنگنا=تنگی، تنگ جگہ، پہاڑ کا درّہ+وادی=گھاٹی)۔ •دمن: دامن، ٹیلا۔ •یکساں: ایک سا، ہموار(یک=ایک+ساں=طرح، مانند)۔ •چو: جوں، مانند۔ •سیل: پانی کی رَو، طغیانی، سیلاب۔ •کرده: کرکے،کئے ہوئے (کردن=کرنا)۔ •کاخِ شاه: بادشاہ کا محل(کاخ=محل+شاه=بادشاہ)۔ •باره: قلعه، فصیل، حصار۔ •کشت: کھیتی۔

بے تاب و تند و تیز و جگر سوز و بیقرار
در ہر زماں بتازہ رسید از کہن گذشت

زی بحر بے کرانہ چہ مستانہ میرود
در خود یگانہ از ہمہ بیگانہ میرود

فرہنگ

•جگر سوز: جگر جلانے والا(جگر+سوز=بمعنی سوزندہ=جلانے والا[سوختن=جلانا])_ •بتازہ: نئے تک ، نئے پر(بہ=تک ، پر ،کو+تازہ=نیا)_ •رسید : وہ پہنچا(رسیدن=پہنچنا)_

ترجمہ

بے چین اور بپھرا ہوا ، جگر سوز اور بے قرار
ہر گھڑی نئے تک پہنچنا اور پرانے کو چھوڑ دینا
بے کنار سمندر کیطرف کیسی مستانہ چلی جا رہی ہے
اپنے آپ مین ایک سب سے بیگانہ چلی جا رہی ہے

نامہ عالمگیر

بیکے از فرزندانش کہ دُعاے مرگِ پدر میکرد

ندانی یہ یزدانِ دیرینہ بود
بسے دید و سنجید و بست و کشود

ز ما سینہ چاکانِ این تیرہ خاک
شنیداست صد نالۂ درد ناک

ترجمہ

عالمگیر کا خط

(اپنے ایک بیٹے کی طرف جو باپ کے مرنے کی دُعا کیا کرتا تھا)

تو نیں جانتا کہ خدائے قدیم نے
بہتوں کو دیکھا اور آزمایا اور باندھا اور کھولا
اس اندھیاری مٹی کے ہم سینہ چاکوں سے
اُس نے سینکڑوں دردناک نالے سُن رکھے ہیں

فرہنگ

•ندانی: تو نیں جانتا (دانستن=جاننا)۔ •یزدانِ دیرینہ بود: خدائے ازلی، ہمیشہ سے موجود
خدا (یزداں=خدا+دیرینہ=قدیم+بود=وجود)۔ •بسے: بہت، بہتیرے۔ •دید: اُس نے دیکھا (دیدن=دیکھنا)۔ •سنجید: اُس نے پرکھا، تولا (سنجیدن=تولنا، پرکھنا)۔ •بست: اُس نے باندھا (بستن=باندھنا)۔ •کشود: اُس نے کھولا (کشودن=کھولنا)۔
•سینہ چاکانِ ایں تیرہ خاک: اِس تاریک مٹّی کے سینہ چاک (سینہ چاکاں=سینہ چاک کی جمع، پھٹے ہوئے سینے والے یعنی ظلم و ستم جھیلنے والے، دہائی دینے والے، ماتم کرنے والے
وغیرہ+ایں=اِس+تیرہ=تاریک، اندھیری، گَدلی+خاک=مٹّی (تیرہ خاک=دُنیا))۔ •شنید است: اُس نے سُنا ہے (شنیدن=سننا)۔

بسے همچو شبیرَ(رض) در خون نشست
نه یک ناله از سینۂ او گسست

نه از گریۂ پیرِ کنعاں تپید
نه از دردِ ایوبَ آہے کشید

ترجمه

شبّیر کیطرح بہتیرے لہو میں لوٹا کئے
اُس کے سینے سے ایک آہ نہ نکلی
نہ یعقوب کے رونے سے بیقرار ہوا
نہ ایوب کے درد سے آہ کھینچی

فرہنگ

•بسے: کئی، بہتیرے۔ •همچو: جوں، طرح۔ •شبّیر: امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ •درخون نشست :وہ خون میں لوٹا(درخون نشستن=خون میں لت پت ہو جانا، لہو میں لوٹنا)۔ •گسست: نکلا(گسستن=نکلنا، چھوٹنا)۔ •گریۂ پیرِ کنعاں: حضرت یعقوب علیہ السلام کا رونا(گریہ=رونا دھونا+پیر=بوڑھا، بزرگ+کنعاں=فلسطین جو حضرت یعقوب اور حضرت یوسف علیہم السّلام کا وطن ہے)۔ •تپید: وہ تڑپا(تپیدن=تڑپنا)۔ •آہے کشید: اُس نے کوئی آہ کھینچی(آہ کشیدن=آہ کھینچنا)۔

مپندار آں کہنہ نخچیر گیر
بدامِ دُعاے تو گردد اسیر

ترجمہ

اِس ہوا میں مت رہا کہ وہ پُرانا شکاری
تیری دُعا کے جال میں آ پھنسے گا

فرہنگ

•مپندار: یہ مت سمجھ، یہ خیال مت کر(پنداشتن=خیال کرنا، گمان کرنا)_ •آں: وہ_ •کہنہ: پُرانا، قدیم_ •نخچیر گیر: شکار پکڑنے والا، شکاری(نخچیر=شکار+گیر= بمعنی گیرندہ، پکڑنے والا(گرفتن= پکڑنا))_ •بدامِ دُعاے تو: تیری دُعا کے جال
میں(بہ=میں+دام=جال+دُعا+ تو=تیری)_ •گردد: ہو جائے گا(گردیدن=گشتن=ہونا)_ •اسیر: قیدی_

بهشت

کجا این روزگارے شیشه بازے!
بهشت این گنبدِ گرداں ندارد

ندیده دردِ زندان یوسفِ او
زلیخایش دلِ نالاں ندارد

ترجمه

جنّت

یہ دن رات یہ شعبدہ باز دن رات کہاں
جنّت یہ گھومتا ہوا گنبد نہیں رکھتی
اس کے یوسف نے قید کی تکلیف نہیں دیکھی
اس کی زلیخا رو رو کر دھائی دیتا دل نہیں رکھتی

فرہنگ

•کجا: کہاں۔ •این: یہ۔ •روزگارے شیشه بازے: بڑا ہی شعبدہ باز زمانه(روزگار=زمانه، وقت+ے=یائے تاکیدی+شیشه باز=شعبده باز، بازیگر، عیّار، دغاباز+ے=یائے عظمت، بہت بڑا)۔ •گنبد گرداں: آسمان، گردش کرتا ہوا گنبد(گنبد+گرداں=گھومتا ہوا، گردش کرتا ہوا[گردیدن= گھومنا، گردش کرنا])۔ •ندارد: وہ نہیں رکھتی(داشتن=رکھنا)۔
•ندیده: نہیں دیکھا(دیدن=دیکھنا)۔ •دردِ زنداں: قید خانے کی تکلیف(درد=تکلیف، دکھ+زنداں=قیدخانہ۔
•زلیخایش: اسکی زلیخا (زلیخا=عزیز مصر کی بیوی سے تشبیہ جو حضرت یوسف علیہ السّلام پر عاشق ہو گئی تھیں+یش=اش=اسکی)۔ •دلِ نالاں: نالہ کرتا ہوا دل، روتا ہوا دل (دل+نالاں=روتا ہوا، فریاد کرتا ہوا [نالیدن=پکار کے رونا، فریاد کرنا])۔

خَلیلِ او حریفِ آتشے نیست
کلیمش یک شرر در جاں ندارد

به صرصر در نیفتد زورقِ او
خطر از لطمۂ طوفاں ندارد

ترجمہ

اس کا خلیل آگ کا حریف نیں
اس کا کلیم روح میں ایک بھی چنگاری نیں رکھتا
اسکی کشتی جھکّڑ میں نیں پھنستی
اسے طوفان کے تھپیڑے کا کوئی ڈر نیں

فرہنگ

•خلیلِ او: اس کا خلیل(خلیل=حضرت ابراھیم خلیل اللہ علیہ السّلام سے تشبیہ+او=اس کا)_ •حریفِ آتشے: آگ کا حریف(حریف=مقابل+آتش=آگ+ے=یائے تخصیص)_ •کلیمش: اس کا کلیم(کلیم=حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السّلام سے تشبیہ+ش=اسکا)_ •به: میں_ •صرصر: ہوا کا جھکّڑ، آندھی_ •درنیفتد: نیں گھرتی(درأفتادن=گھر جانا، پھنس جانا)_ • زورقِ او: اسکی کشتی(زورق=چھوٹی کشتی، ڈونگا+او=اسکی)_ •لطمۂ طوفان:طوفان کا تھپیڑا=(لطمہ=تھپیڑا، طمانچہ+طوفاں)_

یقیں را در کمیں بُوک و مگر نیست
وصال اندیشۂ هجراں ندارد

کجا آن لذّتِ عقلِ غلط سیر
اگر منزل رہِ پیچاں ندارد

فرهنگ

•را: کے لئے، کی۔ •کمیں: گھات۔ •بوک و مگر: دُبدھا، وسوسہ، ٹال مٹول۔ •وصال: دوست کا دوست سے ملنا۔ •اندیشۂ هجراں: جدائی کا دھڑکا (اندیشہ=دھڑکا، خوف، فکر+ هجراں=جدائی)۔ •لذّتِ عقلِ غلط سیر: ٹامک ٹوئیے مارنے والی عقل کا مزا (لذّت=مزا+عقل+غلط سیر=اِدھر اُدھر بھٹکنے والی، اٹکل سے چلنے والی، گم کردہ راہ)۔ •رہِ پیچاں: اُلجھا ہوا راستا (رہ=راہ، راستا+پیچاں=اُلجھا ہوا، بل کھایا ہوا)۔ •ندارد: نہ رکھّے، نہ رکھتی ہو۔

ترجمہ

یقین کی گھات میں کوئی دُبدھا نہیں ہے
وصال جدائی کے دھڑکے سے خالی ہے
ادھر اُدھر ٹاپتی پھرنے والی عقل کے وہ مزے کہاں
اَگر منزل کا راستا اُلجھا ہوا نہ ہو

مزی اندر جہانے کور ذوقے
کہ یزداں دارد و شیطاں ندارد

فرہنگ

•مزی: تو زیست مت کر(زیستن=جینا ، زندگی کرنا)۔
•جہانے کور ذوقے: بے ذوق دُنیا۔
•یزداں: نیکی کا خدا ، خدا۔
•دارد: رکھے ، رکھتا ہے۔ •ندارد: نہ رکھے ، نیں رکھتا۔

ترجمہ

ایسی بے ذوق دُنیا میں زیست مت کر
کہ خدا تو ہے اور شیطان ندارد

کشمیر

رخت به کاشمر کشا کوه و تل و دمن نگر
سبزه جہاں جہاں ببیں لالہ چمن چمن ینگر

بادِ بہار موج موج مُرغِ بہار فوج فوج
صلصل و سار زوج زوج بر سرِ نارون نگر

ترجمہ

کشمیر

کشمیر میں منزل کر پہاڑ اور ٹیلے اور وادیاں دیکھ
عالم عالم ہریالی دیکھ چمن چمن لالے کے پھول
موج موج بسنت کی ہوا فوج فوج بہار کے پرندے
زوج زوج فاختہ اور مینا انار کے پیڑ پر دیکھ

فرہنگ

•رخت: اسباب، سامان(سفر کا)۔ •به: میں۔ •کاشمر: کشمیر۔ •کشا: تو کھول(رخت کشادن=کسی جگہ قیام کرنا)۔ •تل: ٹیلا۔ •دمن: دامن کا مخفف دامنِ کوہ یا وادی کے معنی میں بھی لیا جا سکتا ہے یا دمن(دمنہ کی جمع) بمعنی گھر کے آثار، نشانات۔ •نگر: تو دیکھ(نگریستن=دیکھنا)۔ •جہاں جہاں: جہاں بمعنی دُنیا کی تکرار کثرت کے اظہار کے لئے ہے۔ •ببیں: تو دیکھ(دیدن=دیکھنا)۔ •چمن چمن: یہاں بھی تکرار سے کثرت کا اظہار ہوتا ہے۔ •بادِ بہار: بہار کی ہوا (باد=ہوا+بہار)۔ •موج موج: لہر لہر، لہر پر لہر لیتی ہوئی۔ •مُرغِ بہار: بہار کا پرندہ(مُرغ=پرندہ+بہار)۔ •فوج فوج: دَل کے دَل۔ •صلصل: فاختہ۔ •سار: مینا۔ •زوج زوج: جوڑی جوڑی۔ •برسرِ نارون: انار کے درخت پر(بر=اوپر، پر+سَر=چوٹی، پھننگ+نارون=انار کا درخت)۔

تا نہ فتد بہ زینتش چشم سپہر فتنہ باز
بستہ بچہرۂ زمین برقع نسترن نگر

لالہ ز خاک بردمید موج بآبجو تپید
خاک شرر شرر ببین آب شکن شکن نگر

ترجمہ

تاکہ اس کی سج دھج پر فتنہ باز آسمان کی آنکھ نہ پڑے
زمین کے منہ پر بندھی ہوئی نسترن کی نقاب دیکھ
لالہ زمین سے پھوٹا موج ندی میں تڑپی
مٹّی کو شرر شرر دیکھ پانی کو شکن شکن دیکھ

فرہنگ

•تا: تاکہ_ •نہ فتد: نہ پڑے_ (فتادن=پڑنا)_ •بہ: پر_ •زینتش: اس کا بناؤ سنگھار (زینت=بناؤ سنگھار، سج دھج، خوشنمائی+ ش=اسکی)_ •چشمِ سپہرِ فتنہ باز: فتنہ باز آسمان کی آنکھ (چشم= آنکھ+سپہر= آسمان+ فتنہ + باز = بمعنی بازندہ = مشغول، مصروف، سرگرم (باختن= بازیدن= کھیلنا، سرگرم ہونا، کوئی کام لگاتار کرنا)_ •بستہ: بندھا ہوا (بستن= باندھنا، پہننا)_ •بچہرۂ زمیں: زمین کے چہرے پر (بہ=پر+چہرہ+زمیں)_ •برقعِ نسترن: سیوتی کا نقاب (برقع= برقع، نقاب+نسترن=سیوتی کا پھول)_ •بردمید: اُگا، پھوٹا (بردمیدن=اُگنا، پھوٹنا)_ •بآبجو: ندی میں (بہ=میں+آبجو=ندی) •تپید: تڑپی (تپیدن=تڑپنا)_ •شرر شرر: شرر بمعنی چنگاری کی تکرار کثرت ظاہر کرنے کے لئے_ •شکن شکن: سلوٹ پر سلوٹ، شکن کی تکرار کثرت ظاہر کرنے کیلئے_

زخمه به تارِ ساز زن باده به ساتگین بریز
قافلۂ بہار را انجمن انجمْن نگر

دُختر کے برھمنے لالہ رُخے سمن برے
چشم بروے او کشا باز بخویشتن نگر

ترجمہ

ستار پہ مضراب مار پیالے میں شراب اُنڈیل
بہار کے قافلے کو انجمن انجمن دیکھ
دہکتے روپ (اور) اُجلے بر والی کامنی برھمن بچی
اُس کی صورت پر نگاہ کر پھر اپنے آپ کو دیکھ

فرہنگ

•زخمہ:مضراب_ •بہ: پر_ •تارِ ساز: ساز کا تار (تار+ساز=ستار سارنگی وغیرہ)_ •زن:مار (زدن=مارنا)_ •بادہ: شراب_ •بہ:میں_ •ساتگیں: وہ بڑا پیالہ جو شراب نوشی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے_ •بریز:اُنڈیل (ریختن=اُنڈیلنا)_ •انجمن انجمن: ہر طرف سبھا سجائے ہوئے_ •دُختر کے برھمنے: کامنی سی برھمن زادی (دختر=بیٹی،بچی، دوشیزہ+ک=یہاں کاف کا استعمال دخترِ برھمن کی دلکشی،معصومیت اور اس سے ایک بے تکلّفی لئے ہونے پیار اور لگاؤ کو ظاہر کرنے کے لئے کیا گیا ہے+ے=یائے تخصیص+ برھمن=ہندوؤں کی سب سے اعلیٰ ذات جو خاص طور پر کشمیر میں کثرت سے آباد ہیں اور اپنے حسنِ صورت کے حوالے سے بھی شہرت رکھتے ہیں+ے=یائے تعظیمی)_ •باز: پھر_ •بخویشتن: اپنے آپ کو، خود پر (بہ=کو،پر+خویشتن=خود،اپنا آپ)_

عشق

عقلے که جہاں سوزد ، یک جلوۂ بیباکش
از عشق بیآموزد آئینِ جہانتابی

عشق است که در جانت ہر کیفیت انگیزد
از تاب و تبِ رومَی تا حیرتِ فارابی

ترجمہ

عشق

عقل جو کائنات پھونک ڈالے اس کی ایک بے باک چھوٹ ہے
یہ عشق سے دُنیا کو چمکانے کا ڈھنگ سیکھتی ہے
(یہ) عشق ہی ہے جو تیری روح میں ہر کیفیت پیدا کرتا ہے
رومی کے جوش اور تڑپ سے لیکر فارابی کی حیرت تک

فرہنگ

•عقلے: یہ عقل، یہ زبردست عقل (عقل+ے=یائے عظمت)_ •سوزد: پھونک دیتی ہے، جلا ڈالے (سوختن=سوزیدن=جلانا)_ •یہ جلوۂ بے باکش: اُس کا بے باک جلوہ (جلوہ=درشن دینا، نمودار ہونا+بے باک=بے پروا، بے روک+ش=اسکا)_ •بیا موزد: سیکھتی ہے (آموختن=سیکھنا)_ •آئینِ جہاں تابی: دُنیا کو روشن کرنے کا طریقہ (آئین=قاعدہ، طریقہ، روش+جہانتابی=دنیا کو روشن کرنا)_ •جانت: تیری جان (جان=روح، جان+ت=تیری) •انگیزد: اُبھارتا ہے، پیدا کرتا ہے (انگیختن=تحریک دینا، پیدا کرنا، اُبھارنا)

این حرفِ نشاط آور، می گویم و می رقصم
از عشق دِل آساید، با این همه بیتابی

هر معنیِ پیچیده در حرف نمی گنجد
یک لحظه بدل در شو شاید که تو دریابی

ترجمه

اِس نشاط آور حرف کا ورد کرتا ہوں اور ناچتا ہوں
اَس تمام بے تابی کے باوجود دل عشق ہی سے چین پاتا ہے
حرف میں ہر پیچیدہ معنی نہیں سماتا
اک پل کو دل میں قدم رکھ شاید کہ تو پا جائے

فرہنگ

•حرفِ نشاط آور:
خوشی لانے والا حرف
(حرف=بات ،کلام ،حرف+نشاط=
خوشی ،سرمستی+آور=بمعنی آورندہ
=لانے والا (آوردن=لانا ،
پیدا کرنا ،سبب ہونا)_
•می گویم: گاتا رہتا
ہوں ،گاتا ہوں (گفتن=بولنا ،گانا)_
•می رقصم: ناچتا ہوں ،ناچ رہا ہوں
(رقصیدن=ناچنا)_ •آساید: چین
پاتا ہے ، راحت پاتا
ہے (آسائیدن=آسودن=چین
پانا ،راحت پانا ،قرار پکڑنا)_ •با
این همه بے تابی: اس تمام بے تابی
کے باوجود (با=باوجود+این=اس+
همه=تمام+بے تابی)_ •معنی پیچیدہ-
مشکل مفہوم ،اُلجھی ہوئی حقیقت
(معنی=مفہوم ،مطلب ،حقیقت ،
پیچیدہ=اُلجھا ہوا ، مشکل ، ادق
(پیچیدن=اُلجھنا ،لپٹنا)_ •نمی
گنجد: نہیں سماتا
(گنجیدن=سمانا)_ •لحظہ: پل_
•بدل: دل میں_ •در شو: تو
داخل ہو جا (درشدن=داخل ہونا)_
•تو دریابی: تو پا جائے
(دریافتن=پانا ،پا جانا)_

بندگی

دوش در میکده ترسا بچۂ بادہ فروش
گفت از من سخنے دار چو آویزہ بگوش

مشربِ بادہ گساران کہن این بود است.
کہ تو از میکدہ خیزی ہمہ مستی ہمہ ہوش

ترجمہ

بندگی

کل میخانے میں بادہ فروش ترسازادہ
مجھ سے بولا یہ بات کان میں آویزے کیطرح
رکھ لے (آویزہ بنا لے)
پُرانے بادہ گساروں کا مشرب یہ رہا ہے
اُٹھے کہ تو میکدے سے سب کا سب مستی،
سارے کا سارا ہوش (بنکے)

فرہنگ

•دوش: کل، گزرا ہوا کل۔
•ترسا بچۂ بادہ فروش:شراب بیچنے والا نصرانی زادہ(ترسا=نصرانی،عیسائی،آتش پرست+بچہ=بیٹا، زادہ (ترسا بچہ=فارسی کی عرفانی شعری روایت میں ترسا بچہ اُس شیخِ کامل کو کہتے ہیں جس کے ذریعے پوشیدہ حقائق بطریقِ جذب ظاہر ہو جاتے ہیں)+بادہ=شراب،مجازاً علوی حقائق کا تجربہ حاصل کرنے کا وسیلہ+فروش=بمعنی فروشندہ=فروخت کرنے والا،لُٹانے والا(فروختن=فروشیدن=بیچنا، لُٹانا)۔
•مشربِ بادہ گسارانِ کہن: پُرانے شراب پینے والوں کا طریق (مشرب=پینے کی جگہ، مسلک، مذہب+بادہ=شراب=گساراں=گسار بمعنی گسارندہ کی جمع، پینے والے (گساردن+گساریدن=پینا، نوش کرنا)+کہن=پرانے،قدیمی)۔
•ایں:یہ۔ •بود است: رہا ہے۔ (بودن:رہنا،ہونا) •خیزی: تو اُٹھے (خاستن=خیزیدن=اُٹھنا)۔
•ہمہ:سب کا سب۔

من نگویم که فروبند لب از نکتهٔ شوق
ادب از دست مده باده باندازه بنوش

گردِ راهیم ولے ذوقِ طلب جوہرِ ماست
بندگی با همه جبروتِ خدائی مفروش

ترجمه

میں نیں کہتا کہ شوق کے بھید سے لب سی لے
ادب کو ہاتھ سے نہ دے شراب ظرف کے مطابق پی
ہم راستے کی دھول ہیں مگر ہمارا جوہر ذوقِ طلب ہے
خدائی قدرت اور عظمت کے بدلے بھی بندگی نہ دے
ساری

فرہنگ

•من نگویم: میں نیں کہتا (گفتن=کہنا)_ •فروبند: تو بند کر لے (فروبستن=باندھنا، بند کرنا)_ •ازدست مدہ: ہاتھ سے نہ دے، مت گنوا (ازدست دادن=کھوبیٹھنا، گنوادینا)_ •باندازہ: حساب سے، ظرف کے مطابق، حواس میں رہتے ہوئے (بہ=مطابق+اندازہ=پیمانہ، مقدار، ظرف)_ •بنوش: نوش کر، پی (نوشیدن=پینا)
•جبروتِ خدائی: خدائی عظمت و قدرت (جبروت=قدرت، عظمت، بڑائی+خدائی=خدا کی)_
•مفروش: مت بیچ (فروختن=فروشیدن=بیچنا)

غلامی

آدم از بے بصری بندگیِ آدم یرد
گوہرے داشت ولے نذرِ قباد و جم کرد

یعنی از خُوے غلامی ز سگان خوار تراست
من ندیدم که سگے پیشِ سگے سرخم کرد

فرہنگ

•نذر قباد وجم کرد : قباد اور جمشید کی نذر(نذر=تحفه، بھینٹ ، چڑھاوا+قباد=کیانی خاندان کا مشہور ایرانی بادشاہ، مجازاً بڑا بادشاہ+و=اور+جم=جمشید کا مخفف جو ایران کا مشہور بادشاہ گزرا ہے، مجازاً بڑا بادشاہ+کرد=اُس نے کر دیا۔ •خوئے غلامی: غلامی کی لت(خو=لت ،عادت+غلامی)۔

ترجمہ

غلامی

آدمی نے اندھے پن سے آدمی کی غلامی کی
ایک موتی رکھتا تھا مگر (وہ بھی) بادشاہوں کی نذر کر دیا
یعنی غلامی کی لت سے کتوں سے (بھی) بڑھکر خوار ہے
میں نے نہیں دیکھا کہ کسی کتّے نے کسی کتّے کے
آگے سر جھکایا ہو

چیستان شمشیر

آن سخت کوش چیست که گیرد ز سنگ آب
محتاجِ خضر مثلِ سکندر نمی شود

مثلِ نگاہِ دیدۂ نمناک پاک او
در جوے آب و دامنِ او تر نمی شود

ترجمہ

تلوار کی پہیلی

کیا ھے وہ سخت کوش جو پتھر سے پانی نکالتی ھے
سکندر کیطرح خضر کی محتاج نہیں ہوا کرتی
آنسو بھری آنکھ کی نگاہ کی طرح اُجلی صورت والی
پانی میں ھے مگر اسکا دامن تر نہیں ہوتا

فرہنگ

•سخت کوش: بہت کوشش کرنے والی، جان لڑا دینے والی(سخت=بہت+کوش=بمعنی کوشندہ، کوشش کرنے والا، زور لگانے اور دکھانے والا[کوشیدن=کوشش کرنا، کس بل دکھانا])_ •چیست: کیا ہے(چہ=کیا+است=ہے)_ •گیرد: نکالتی ہے(گرفتن)_ •مثلِ سکندر: ،سکندر کیطرح(مثل=طرح، مثال+سکندر=سکندرِ رومی، سکندرِ اعظم جس کے بارے یہ داستان مشہور ہے کہ وہ خضر کی رہنمائی میں آبِ حیات کے چشمے تک پہنچا تھا مگر اسے پی نہ سکا)_ •نمی شود: نہیں ہوتی(شدن=ہونا)_ •مثلِ نگاہ دیدۂ نم ناک: نمناک آنکھ کی نگاہ کیطرح(مثل=طرح+نگاہ+دیدہ=آنکھ+ نمناک=گیلی، تر)_ •پاک رو: صاف شفاف چہرے والی ،اُجلے منہ والی(پاک+رو=چہرہ، صورت)

فرہنگ

مضمونِ او به مصرعِ برجستهٔ تمام
منّت پذیرِ مصرعِ دیگر نمی شود

ترجمہ

اس کا مضمون ایک ہی چست مصرعے میں مکمّل
دوسرے مصرعے کا احسان نہیں لیتا

جمہوریت

متاعِ معنیِ بیگانه از دوں فطرتاں جوئی؟
ز موران شوخیِ طبعِ سلیمانے نمی آید

گریز از طرزِ جمہوری غلامِ پختہ کارے شو
که از مغزِ دو صد خر فکرِ انسا نے نمی آید

ترجمہ

جمہوریت

تو ان سوجھے معنی کی دولت نیچ فطرتوں میں ڈھونڈتا ہے
چیونٹیوں میں سلیمان کی طبیعت کی برّاقی نہیں آتی
جمہوریت سے بھاگ کسی پختہ کار کا غلام ہو جا
کہ دو سو گدھوں کے بھیجے سے ایک انسان کی
فکر نہیں پیدا ہوتی

فرہنگ

•متاعِ معنیِ بیگانه: اچھوتے معنی کی دولت(متاع=پونجی، سرمایه، دولت+معنی+بیگانه=اچھوتا[معنی بیگانه=ایسا بلند مضمون جو پہلے کسی کو نہ سوجھا ہو، جو لفظ سے بیگانه ہو]) •دوں فطرتاں: فطرت کے نیچے، پیدائشی ادنیٰ لوگ(دوں فطرتاں=دوں فطرت کی جمع، ادنی فطرت کے لوگ[دوں=نیچ، ادنیٰ، کمینه+فطرت])۔ •جوئی: تو ڈھونڈتا ہے(جستن=ڈھونڈنا)۔
•موراں: مور کی جمع، چیونٹیاں۔
•شوخیِ طبع سلیمانے: سلیمان کی طبیعت کی برّاقی(شوخی=تیزی، چہل برّاقی+طبع=طبیعت+سلیمان=حضرت سلیمان علیه السلاَم+ے= یائے تعظیمی، عظیم)۔
•گریز: تو کنارہ کر، بچ، بھاگ(گریختن=گریزیدن=بچنا، گریز کرنا)۔
•غلام پختہ کارے: کسی پختہ کار کا غلام(غلام پختہ کار=تجربہ کار، دانشمند، اونچ نیچ اور اچھا برا سمجھنے والا+ے=کوئی کسی)۔
•شو: تو ہو جا(شرن=ہونا)۔

به مبلغ اسلام در فرنگستان

زمانه باز بر افروخت آتشِ نمرود
که آشکار شود جوہرِ مسلمانی

بیا که پرده ز داغِ جگر بر اندازیم
که آفتاب جہانگیر شد ز عریانی

فرہنگ

•باز: پھر، دوبارہ۔
•برافروخت: اُس نے بھڑکائی (برافروختن=بھڑکانا، دہکانا)۔
•براندازیم: ہم اُٹھا دیں (برانداختن=نابود کرنا، اُٹھا دینا)۔

ترجمہ

یورپ میں اسلام کی تبلیغ کرنے والے سے

زمانے نے پھر سے نمرود کی آگ بھڑکا دی
تاکہ مسلمانی کا جوہر ظاہر ہو جائے
آ کہ جگر کے داغ پر سے پردہ اُٹھا دیں
کہ سورج عریانی (ہی) سے جہانگیر ہوا

هراز نکته زدی پیشِ دلبرانِ فرنگ
گداختی صنماں را به علمِ بُرہانی

خبر ز شہرِ سُلیمیٰ بدہ حجازی را
شرارِ شوق فشان در ضمیرِ تورانی

ترجمہ

تو نے فرنگی دلبروں کے سامنے ہزاروں نکتے بیان کئے
بتوں کو اپنی دلیلوں سے موم کر دیا
حجازی کو سلیمیٰ کے شہر کی خبر دے
تورانی کے دل میں شوق کی چنگاریاں چھٹکا

فرہنگ

•نکتہ زدی:
تو نے نکتے بیان کئے (نکتہ زدن=نکتہ بیان کرنا ،باریک باتیں بتانا ، بہت گہرے مسائل بیان کرنا)۔
•پیشِ دلبرانِ فرنگ : فرنگی دلبروں کے سامنے (پیش=سامنے ، آگے+دلبراں=دلبر کی جمع ، دل لے جانے والے ،معشوق+فرنگ=یورپ)۔
•گداختی: تو نے پگھلا دیا (گداختن=پگھلانا ، موم کرنا)۔
•علمِ بُرہانی: دلیل سے حاصل ہونے والا علم ، استدلالی علم ، منطق (علم+بُرہان =دلیل+ی=یائے نسبتی ،کا)
•ز شہرِ سلیمیٰ: سلیمیٰ کا شہر(ز=کی+شہر+سلیمیٰ=عرب کی ایک روایتی معشوقہ)۔ •بدہ:تو دے (دادن=دینا)۔ •حجازی: حجاز کا باشندہ ،عرب •شرارِ شوق: شوق کی چنگاری (شرار=چنگاری+شوق)۔
•فشاں: تو چھٹکا (فشاندن=افشاندن=چھٹکانا ، بکھیرنا)
•ضمیرِ تورانی: تورانی کا دل (ضمیر=دل ،باطن+تورانی=ترکستان کا رہنے والا)

رہِ عراَق و خراساَن زن اے مقام شَناس
بہ بزمِ اعجمیان تازہ کن غزلخوانی

بسے گذشت کہ در انتظارِ زخمہ وریست
چہ نغمہ ها کہ نہ خون شد بہ سازِ افغانی

ترجمہ

اے سروں کی پہچان رکھنے والے عراق اور
خراسان کے راگ الاپ
عجمیوں کی محفل میں غزلخوانی کو تازہ کر
ایک زمانہ ہو گیا کہ کسی زخمہ ور کے انتظار میں ہے
کتنے ہی نغمے تھے جو افغانی ساز میں لہو ہو گئے

فرہنگ

•رہِ عراق و خراسان زن: عراق اور خراَسان کا سُر چھیڑ، عراق اور خراسان کی راہ چل (رہ=راہ=فَنِ موسیقی کی اصطلاح میں، سُر، نغمہ،لے+عراق=ایک راگ کا نام+و=اور+خراساں=ایک راگ کا نام+زن=تو چھیڑ،الاپ [راہ زدن=سُر چھیڑنا،راگ الاپنا، گانا]۔
•مقام شناس: سُر کی پہچان رکھنے والا (مقام=سُر+شناس=بمعنی شناسندہ=پہچاننے والا [شناختن=پہچاننا]۔ •بہ بزمِ اعجمیاں: عجمیوں کی محفل میں،گونگوں کی مجلس میں (بہ=میں+بزم=محفل،انجمن+اعجمیاں =اعجمی کی جمع، عجمی،غیر عرب اقوام،گونگے)۔
•بسے گذشت: بہت زمانہ ہو گیا (بسے=بہت،زیادہ+گذشت=گزر گیا، [گذشتن=گزرنا])۔ •در انتظارِ زخمہ وریست: کسی زخمہ ور کے انتظار میں ہے (در=میں+انتظار+زخمہ ور=سازندہ، مضراب لگانے والا، ساز چھیڑنے والا+ے=کسی+ست=است=ہے)۔

حدیثِ عشق به اهل هوس چه میگوئی
بچشمِ مور مکش سُرمۂ سلیمانی

ترجمه

تو اہلِ ہوس میں عشق کی بات کیا بیان کر رہا ہے
چیونٹی کی آنکھ میں سلیمانی سُرمہ مت ڈال

فرہنگ

•حدیثِ عشق: عشق کی بات (حدیث=بات ،بیان ،ذکر+عشق)۔ •به:میں، کے بیچ ،سے۔ •اہلِ ہوس: ہوس والے (اہل=لوگ، والے+ہوس)۔ • میگوئی: تو کہہ رہا ہے، تو بیان کر رہا ہے (گفتن=کہنا)۔ •بچشمِ مور: چیونٹی کی آنکھ میں (به=میں+چشم=آنکھ+مور=چیونٹی)۔ •مکش: مت کھینچ، مت لگا، مت ڈال (کشیدن=کھینچنا، لگانا، ڈالنا)۔ •سُرمۂ سلیمانی: وہ سُرمہ جسے لگانے سے تمام چھپی ہوئی چیزیں نظر آنے لگیں۔

غنی کشمیری

غنی آں سخنگوے بلبل صفیر
نواسنجِ کشمیرِ مینو نظیر

چو اندر سرا بود ، در بستہ داشت
چو رفت از سرا تختہ را وا گذاشت

ترجمہ

غنی کشمیری

غنی وہ بلبل ایسے لحن والا شاعر
جنت نظیر کشمیر کا مغنی
جب گھر میں ہوتا دروازہ بند رکھتا
جب گھر سے نکلتا کواڑ کو کھُلا چھوڑ دیتا

فرہنگ

•غنی:گیارھویں صدی ھجری کے مشہور فارسی شاعر مرزا محمّد طاہر غنی کشمیری۔ •سخنگوے بلبل صفیر: بلبل ایسی آواز والا شاعر (سخنگو=شاعر [سخن=شعر+گو=بمعنی گوئندہ=کہنے والا]۔ +بلبل+ صفیر=پرندوں کی آواز)۔ •نواسنجِ کشمیر مینونظیر: جنت ایسے کشمیر کا تانیں اُڑانے والا نواسنجٍ=گانے والا+کشمیر+مینو نظیر=جنّت کی طرح ، بہشت کی مثال (مینو=جنّت+نظیر=مثال ،مانند]۔ •بستہ: بند (بستن=بند کرنا)۔ •داشت: رکھتا تھا (داشتن=رکھنا)۔ •تختہ: کواڑ۔ •را:کو •وا:کھلا۔ •گذاشت:چھوڑ دیتا تھا (گذاشتن=چھوڑدینا)۔

یکے گفتش اے شاعرِ دل رسے
عجب دارد از کارِ تو ہر کسے

بپاسخ چہ خوش گفت مردِ فقیر
فقیر و باقلیمِ معنی امیر

ترجمہ

کسی نے اُس سے کہا اے دل کو چھو لینے والے شاعر
ہر شخص تیرے اِس عمل سے حیران ہے
جواب میں اُس مرد فقیر نے کیا خوب کہا
فقیر لیکن حقائق کی سلطنت کا سردار

فرہنگ

•یکے: کسی، ایک شخص۔
•گفتش :اُس سے کہا(گفتن=کہنا)۔
•شاعرے دل رسے: دل تک پہنچ رکھنے والا شاعر، دل کو چھولینے والا شاعر، وہ شاعر جس کے شعر دل میں اُتر جائیں
(شاعر+دل+رس=بمعنی رسندہ=پہنچنے والا، پہنچ رکھنے والا[رسیدن=پہنچنا ،مل جانا ،جڑ جانا]+ے=یائے تعظیم، بہت عظیم)۔
•عجب دارد: حیرت کرتا ھے، تعجّب کرتا ھے
(عجب=حیرت ،تعجب+دارد=رکھتا ھے (عجب داشتن=حیرت کرنا، حیران ہونا])۔
•بپاسخ: جواب

ز من آنچه دیدند یاراں رواست
دریں خانه جُز من متاعے کجاست

غنی تانشیند به کاشانه اش
متاعے گرانے ست در خانه اش

فرہنگ

•زمن: میرے سلسلے میں، میرے حوالے سے
•کاشانہ:چھوٹا سا گھر، جھونپڑا۔ •متاعے گرانے: ایک بڑی بھاری دولت
(متاع+ے=ایک+گراں=بھاری،قیمتی+ے=یائے تعظیم)۔ •در خانه اش :اُس کے گھر میں
(در=میں+خانه+اش=اس کے)۔

ترجمہ

یاروں نے میرے سلسلے میں جو کچھ دیکھا ٹھیک ہے
اِس گھر میں میرے علاوہ کوئی دولت کہاں ہے
غنی جب تک اپنی کٹیا میں بیٹھا ہے
ایک بھاری دولت اس کے گھر میں ہے

چو آں محفل افروز در خانه نیست
تی تر ازین هیچ کاشانه نیست

فرهنگ

•محفل افروز:
محفل کو روشن کرنے والا
(محفل+افروز=بمعنی
افروزنده=روشن کرنے والا
[افروختن=افروزیدن=روشن کرنا ،
چمکانا]_ •تی:خالی ، ڈھنڈار_
•تر: بڑھکر،زیادہ_ •ازیں: اس
سے (از=سے+ایں=اس) •هیچ:
کوئی ، کوئی بھی_

ترجمه

جب وہ محفل گرم کرنے والا گھر میں نہیں
تو اِس سے بڑھکر خالی کوئی گھر نہیں ہے

خطاب به مصطفی کمال پاشا

ایده اللّٰہ

اُمَئے بود کہ ما از اثرِ حکمتِ او
واقف از سرِّ نہانخانۂ تقدیر شدیم

ترجمہ

مصطفیٰ کمال پاشا (خدا اس کی تائید کرے)
سے خطاب

ایک اُمیّ تھا کہ ہم نے اُس کی حکمت کے فیض سے
تقدیر کا بھید بوجھ لیا

فرہنگ

•اُمئے: ایک عظیم المرتبت اُمّی (اُمّی=وہ شخص جس نے کسی اُستاد سے تعلیم نہ حاصل کی ہو،مُراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم، وہ شخص جس کا باپ اُس کے بچپن میں فوت ہو گیا ہو اور اُسے ماں نے پالا پوسا ہو، اُم اَلقریٰ یعنی مکّۂ مُعظمہ کا رہنے والا۔ رسول اللہ صلعم کے علاوہ اگر کسی شخص کے لئے استعمال ہو تو ان پڑھ ،ناخواندہ کے معنی لئے جائیں گے+ے=ایک عظیم الشّان)۔ •بود: تھا ،ہوا (بودن=ہونا)۔ •اثرِ حکمتِ او: اُس کی حکمت کا اثر (اثر=تاثیر، نیز رسول اللہ صلعم کی حدیث اور سنت+حکمت=اشیاء کے حقائق کی معرفت، خالق اور مخلوق کی حقیقت کا علم+او=اسکی)۔ •سرِّ نہانخانۂ تقدیر: تقدیر کے چھپے ہوئے عالم کا راز (سرّ=راز،بھید+نہانخانہ=چور جگہ، تہ خانہ [نہاں=چھُپا ہوا+خانہ]+تقدیر۔ •شدیم: ہم ہوئے (شدن=ہونا)۔

اصلِ ما یک شررِ باختہ رنگے بودست
نظرے کرد کہ خورشیدِ جہانگیر شدیم

نکتۂ عشق فروشست ز دل پیرِ حرم
در جہاں خوار باندازۂ تقصیر شدیم

ترجمہ

ہماری اصل ایک بجھی ہوئی چنگاری تھی
اُس نے ایک ہی نظر کی کہ ہم دُنیا پر چھایا ہوا سورج بن گئے
حرم کے بڑے نے دل سے عشق کا نقش دھو ڈالا
ہم دنیا میں گناہ کے بقدر ذلیل و خوار ہوئے

فرہنگ

•اصلِ ما: ہماری اصل (اصل=جڑ،بنیاد ،حقیقت+ما=ہماری)_ •شررِ باختہ رنگے: اُڑے اُڑے ،مٹے مٹے رنگ والی چنگاری، بجھی ہوئی چنگاری (شرر=چنگاری+باختہ=ہارا ہوا، اُڑا ہوا ،مٹا ہوا+رنگ [رنگ باختن=رنگ اُڑنا]+ے=یانے زائد)_ بود است: رہی ہے، واقع ہوئی ہے (بودن=ہونا ، رہنا)_ •نظرے: ایک نظر (نظر+ے=ایک)_ •کرد :اُس نے کی (کردن=کرنا)_ •نکتۂ عشق: عشق کا راز (نکتہ=لطیف بات ،بھید+عشق)_ •فروشست: دھو ڈالا، مٹا دیا (فروشستن=دھونا ،مٹانا ، محو کرنا)_ •پیرِ حرم: حرم کا شیخ، مکّے کا گورنر، شریف مکّہ (پیر=بوڑھا ، بڑا ،سردارِ+حرم=یہاں مُراد ہے مکّہ)_ •خوار: ذلیل ، بے وقعت ، دربدر_ •باندازۂ تقصیر: گناہ کے حساب سے، خطا کی مناسبت سے (بہ=سے+ اندازہ+تقصیر=خطا ،قصور ،گناہ)_

باد صحراست که با فطرتِ ما در سازد
از نَفسہاے صبا غنچۂ دلگیر شدیم

آہ آں غلغلہ کز گنبدِ افلاک گذشت
نالہ گردید چو پابندِ بَم و زیر شدیم

فرہنگ

•درسازد : موافقت رکھتی ہے، سازگار ہے، راس آتی ہے (درساختن=موافقت کرنا ، راس آنا)
•نفسہاے صبا : صبا کے جھونکے (نفسہا=نفس کی جمع، سانسیں یہاں مُراد ہے جھونکے+صبا)۔ •غنچۂ دلگیر: پژمردہ کلی (غنچہ=کلی+دلگیر=غمگین ،اُداس)۔

ترجمہ

صحرا کی ہوا ہے جو ہماری فطرت کو راس آتی ہے
صبا کے جھونکوں سے ہم پژمردہ کلی بن گئے
آہ وہ ہا ہو جو آسمانوں سے گزر جاتی تھی
جب ہم اُتار چڑھاؤ کے پابند ہوئے
تو فریاد بن کے رہ گئی

اے بسا صید که بے دام بفتراک زدیم
در بغل تیر و کماں، کشتۂ نخچیر شدیم

"ہر کجا راہ دہد اسپ براں تاز کہ ما
بارہا مات دریں عرصہ بتدبیر شدیم"

(نظیری نیشاپوری)

ترجمہ

کتنے ہی شکار تھے جنھیں ہم نے جال کے بغیر ہی شکار کیا
(اور اب) بغل میں تیر کمان ڈال کر ہم اپنے ہی شکار کے
پھندے میں آ گئے
جدھر راہ ملے گھوڑا اُسی پر دوڑا کہ ہم
تدبیر کے ہاتھوں اِس میدان میں بارہا بھٹکے

(نظیری نیشاپوری)

فرہنگ

•گردید: ہو گیا ،بن گیا (گردیدن= ایک حالت یا صورت سے دوسری کی طرف پلٹ جانا، ہو جانا)_ •اے بسا: کتنے ہی، کس قدر (اے=یہاں استفہام، فخر اور ماضی کے کسی بڑے خوشگوار واقعے کو یاد کرنے کا مفہوم دیتا ،ہے+بسا=بہت)_ •بفتراک: فتراک میں (بہ=میں ،سے+ فتراک=زین کے ساتھ لگے ہوئے وہ چمڑے کے تسمے جن سے شکار باندھنے کا کام لیا جاتا ہے، شکار بند)_•زدیم: ہم نے باندھا (بفتراک شکار باندھنا)_•کشتۂ نخچیر: شکار کا شکار،جو اپنے ہی شکار کے پھندے میں آگیا ہو، شکار کا مقتول (کشتہ=مارا ہوا ،مقتول(کشتن= مار ڈالنا)+نخچیر=شکار ،صید)_ •راہ دہد :راستا دیتا ہے ،راستا دے (راہ دادن=راستا دینا)•تاز:دوڑا (تاختن=دوڑانا ، گھوڑے کو ایڑ لگانا)_•عرصہ میدان_

طیارہ

سرِ شاخِ گل طائرے یک سحر
همی گفت با طائرانِ دگر

"ندادند بال آدمی زادہ را
زمیں گیر کردند ایں سادہ را"

ترجمہ

طیارَہ

ایک صبح گلاب کی ٹہنی پر کوئی پرندہ
دوسرے پرندوں سے کہہ رہا تھا
اٰدمی بچے کو پنکھ نہیں دئیے گئے
اِس نادان کو زمین ہی سے چمٹا رکھّا گیا

فرہنگ

•سرِ شاخِ گل: گلاب کی ٹہنی پر(سر=پر+شاخ+گل=پھول،گلاب کا پھول)_•طائرے: ایک پرندہ (طائر=پرندہ+ے=ایک،کوئی)_•همی گفت: کہہ رہا تھا(گفتن=کہنا)_:
•ندادند: اُنھوں نے نہیں دیا، خدا نے نہیں بخشا
(دادن=دینا)_•بال:پنکھ، پر_•آدمی زادہ: ابنِ آدم، آدمی کا بچّہ(آدمی+زادہ=جنا[زادن=جننا])_
•زمیں گیر: جو زمین سے نہ اُٹھ سکے، جس نے زمین پکڑلی ہو_•سادہ: بے وقوف، نادان، احمق_

بدو گفتم" اے مُرغکِ باد سنج
اگر حرفِ حق با تو گَویم مرنج

ز طیّارہ ما بال و پر ساختیم
سوے آسمان رہگذر ساختیم

فرہنگ

•بدو: اُس سے۔ •گفتم: میں نے کہا۔ •مُرغکِ بادسنج: بڑبولے ننّھے پنچھی(مُرغ=پرندہ+ک=کافِ تصغیر، چھوٹا ، ننّھا ، حقیر+بادسنج=مغرور ، گھمنڈی ،بیہودہ)۔
•مرنج: خفامت ہو، ناراض نہ ہو(رنجیدن=خفا ہونا ، ناراض ہونا)۔
•ز: سے۔ •طیّارہ: ہوائی جہاز۔
•ما: ہم۔ •بال: پرندوں کے بازو جن کے زور سے وہ اُڑتے ہیں۔
•ساختیم: ہم نے بنایا(ساختن=بنانا)۔

ترجمہ

میں نے اُس سے کہا "اے بڑبولے ننّھے پنچھی
اگر میں تجھ سے حق بات کہدوں تو ناراض مت ہونا
ہم نے طیّارے کے روپ میں بال و پر بنائے
آسمان کی طرف راستا نکالا

چه طیّاره آن مُرغِ گردون سپر
پرِ او ز بالِ ملک تیز تر

به پرواز شاهیں به نیرو عقاب
بچشمش ز لاهور تا فاریاب

ترجمہ

کیسا طیّارہ! وہ آسمان کو آڑ کرنے والا پرندہ
اُس کے پر فرشتے کے پنکھ سے بڑھکر تیز
اُڑان میں شاهین زور میں عقاب
لاهور سے فاریاب تک اُسکی نظر میں

فرهنگ

•مُرغِ گردون سپر:آسمان کو اپنی آڑ بنانے والا پرندہ، آسمان سے بھی اونچا اڑنے والا پرندہ(مرغ=پرندہ+گردون =آسمان+سپر=آڑ،پردہ، ڈھال[گردون سپر=جو آسمان کو اپنی ڈھال یا آڑ بنالے])۔
•بالِ ملک: فرشتے کا پر(بال=پر،پنکھ+ملک=فرشتہ)۔
•تیز تر: بڑھکر تیز، زیادہ تیزی سے حرکت کرنے والا(تیز=چست، تیزی سے حرکت کرنے والا، ہر عمل میں تیز رفتار+تر=بڑھکر، مقابلتاً زیادہ)۔
•به: میں۔ •پرواز: اُڑان۔ •نیرو: طاقت، قوّت، زور۔ • بچشمش: اسکی نظر میں(به=میں+چشم=آنکھ، نظر+ش=اسکی)۔ •فاریاب: خراسان کا ایک شہر۔

بگردوں خروشندہ و تندجوش
میانِ نشیمن چو ماهی خموش

خرد ز آب و گل جبرئیل آفرید
زمیں را بگردوں دلیل آفرید"

ترجمہ

آسمان میں چنگھاڑتا اور بنکارتا ہوا
(اپنے) ٹھکانے پر مچھلی کیطرح خاموش
عقل نے مٹّی اور پانی سے جبرئیل گھڑا
زمین کے لئے آسمان کا راستا دکھانے والا بنایا"

فرہنگ

•بگردوں: آسمان میں(به=میں+گردوں=آسمان)۔
•خروشندہ: شور کرنے والا، چنگھاڑتا ہوا (خروشیدن=شور کرنا، غل مچانا)۔ •تندجوش: بنکارتا ہوا، سخت جوش وخروش والا(تند=سخت، تیز+جوش)۔
•میانِ نشیمن: نشیمن میں(میان=بیچ، میں+نشیمن=گھر، گھونسلا، آرامگاہ، ہوائی اڈّا)۔
•چو: جوں، مانند۔ •ماهی: مچھلی۔ •خموش: خاموش، ساکت۔
•خرد: عقل۔ •ز: سے۔ •آفرید: اس نے بنایا(آفریدن=پیدا کرنا، بنانا)۔• را: کو، کے لیے۔
•بگردوں: آسمان کے لئے(به=کے لئے+گردوں=آسمان)۔ •دلیل: رہنما۔

چو آں مُرغِ زیرک کلامم شنید
مرا یک نظر آشنایانه دید

پرش را بمنقار خارید و گفت
که من آنچه گوئی ندارم شگفت

ترجمه

جب اُس دانا پرندے نے میری بات سُن لی
دوستی سے ایک نظر دیکھا
مجھے اپنے پروں کو چونچ سے کھجایا اور بولا
که تو جو کچھ کہتا ہے مجھے اس پر حیرت نیں ہے

فرهنگ

•چو: جب_ •آں: اُس_ •مُرغِ زیرک: دانا پرنده(مُرغ+زیرک=دانا، دانش مند، سوجھ بوجھ والا)_ •کلامم: میری گفتگو(کلام=گفتگو، بات+م=میرا)_ •شنید: اُس نے سُنا(شنیدن=سُننا)_ •مرا: مجھے(من=مجھ+را=کو)_ • آشنایانه: آشنا کی طرح، دوست کی طرح_ •دید: اُس نے دیکھا(دیدن=دیکھنا)_ •پرش: (اُس کا) اپنا پر(پر+ش=اس کا)_ •را: کو_ •بمنقار: چونچ سے(به=سے+منقار=چونچ)_ •خارید: اُس نے کھجایا(خاریدن=کھجانا)_ •آنچه: جو کچھ_ •گوئی: تو کہتا ہے(گفتن=کہنا)_ •ندارم: میں نیں رکھتا (داشتن=رکھنا)_ •شگفت: حیرت، تعجب_

مگر اے نگاہِ تو بر چون و چند
اسیرِ طلسمِ تو پست و بلند

"تو کارِ زمیں را نکو ساختی؟
که با آسماں نیز پرداختی"

(سعدی)

ترجمه

مگر اے تو که کیسے اور کتنے پر تیری نگاہ ھے
(ھر) پست و بلند تیرے طلسم میں اسیر
"تو نے زمین کا کام سدھار لیا ؟
که آسمان کی طرف بھی دوڑ پڑا"

(سعدی)

فرھنگ

•اے: اے تو کـ •چون وچند: کیفیت اور کمیت، حالت اور مقدار، کیسا اور کتنا (چون=کیفیت، حالت، کیسا+و=اور+چند=کتنا، مقدار، کمیت)ـ •اسیرِ طلسمِ تو: تیرے طلسم کا قیدی (اسیر=قیدی+طلسم=جادو+تو=تیرے)ـ •پست و بلند: اونچا اور نیچا، زمین اور آسمان، اونچ نیچ (پست=نیچا+و=اور+بلند=اونچا)ـ •کار زمیں: زمین کا کام، دھرتی کے معاملات (کار=کام، کاروبار+زمیں)ـ •نکو: اچھا، بہترـ •ساختی: تو نے بنا لیا (ساختن=بنانا)ـ •با: کو، ساتھـ •نیز: بھیـ •پرداختی: تو مشغول ہو گیا، تو متوجہ ہوگیا، تونے رُخ کر لیا (پرداختن=مشغول ہونا، متوجہ ہونا)ـ

عشق

آن حرف دلفروز که راز است و راز نیست
من فاشِ گویمت که شنید؟ از کجا شنید؟

دزدید ز آسمان و به گل گفت شبنمش
بلبل ز گل شنید و ز بلبل صبا شنید

ترجمہ

عشق

وہ دل چمکانے والا حرف جو راز ھے اور نیں بھی
میں تجھ پر کھولتا ہوں کہ کس نے سُنا؟ کہاں سے سُنا؟
شبنم نے اسے آسمان سے چُرایا اور پھول سے کہہ دیا
بلبل نے پھول سے سُنا اور بلبل سے صبا نے

فرہنگ

•آں: وہ_ •حرفِ دلفروز: دل کو روشن کرنے والا حرف(حرف=کلمہ، حرف+دل+فروز=بمعنی فروزندہ/افروزندہ، روشن کرنے والا[افروختن=افروزیدن=روشن کرنا])_ •کہ: جو_ •من فاش گویمت: میں تجھ سے صاف کہتا ہوں، میں تجھ پر کھولتا ہوں(فاش گفتن=صاف صاف کہنا، کچھ چھپائے بغیر کہنا، کسی چیز کو بالکل واضح کردینا)_ •کہ: کون، کس نے_ •شنید: سُنا(شنیدن=سننا) •از: سے_ •کجا: کہاں، کدھر_ •بہ: سے_ •دُزدید: اُس نے چُرایا(دزدیدن=چرانا) •گفت: کہا (گفتن=کہنا)_ • شبنمش: اُس کی شبنم (شبنم+ش=اسکی)_ •صبا: پُروا ہوا، باغ کی ہوا_

تهذیب

انساں کہ رُخ ز غازۂ تہذیب برفروخت
خاکِ سیاہِ خویش چو آئینہ وانمود

پوشید پنجہ را تہ دستانۂ حریر
افسونیِ قلم شد و تیَغ از کمر کشود

ترجمہ

تہذیب

انسان جس نے تہذیب کے غازے سے (اپنا) چہرہ دمکایا
اپنی خباثت کو اجلا کر کے ظاہر کیا
اپنا پنجہ ریشمی دستانے میں چھپایا
قلم سے پرچانے والا بن گیا اور تلوار کمر سے کھول دی

فرہنگ

•برفروخت :دمکالیا ، چمکایا (برفروختن =برافروختن =روشن کرنا ، دہکانا)_ •خاک سیاہِ خویش : اپنی سیاہ مٹّی ، اپنی بدباطنی ،اپنی خباثت (خاک =مٹّی ، یہاں مراد ہے خمیر ، سرشت+سیاہ=کالی ،نحس ، بد+خویش=اپنی)_
•وانمود : ظاہر کردیا ، فاش کردیا (وانمودن=ظاہر کرنا)_
•پوشید : اُس نے چھپایا (پوشیدن=چھپانا ، ڈھانپنا)_
•افسونیِ قلم : قلم کے ذریعے پرچانے والا ، لفظوں کا جال بچھانے والا (افسوں=جادو ، منتر ، فریب+ی=یائے فاعلی ، کرنے والا+قلم)_

ایں بوالھوس صنم کدۂ صلحِ عام ساخت
رقصید گردِ او بنواھاے چنگ و عود

دیدم چو جنگ پردۂ ناموسِ او درید
جز "یسفکُ الدَمآ"، "خصیمٌ مبیں" نبود

ترجمہ

اِس بوالہوس نے صلحِ عام کا بُت خانہ بنایا
چنگ اور بربط کی دُھنوں پر اُس کے گرد ناچا
جب جنگِ عظیم نے اُس کی مکّاری کا پردہ
چاک کردیا تو میں نے دیکھا
وہ نرا خون بہانے والا، کھلّم کھلاَ جھگڑالو ہی نکلا

فرھنگ

•بوالہوس: گھٹیا خواہشات سے بھرا ہوا، پُرہوس، نفس کا بندہ، بلہوس(بل=بہت زیادہ+ہوس=لالچ، حرص، ہوکا، حد سے بڑھی ہوئی خواہش، وہ خواہش جو نفسِ امّارہ سے پیدا ہوتی ہے)۔ •ساخت:اُس نے بنایا۔•رقصید: وہ ناچا (رقصیدن=ناچنا)۔•بنواہاے چنگ و عود: چنگ و عود کی آوازوں پر(بہ=پر، ساتھ+نواہا=نواکی جمع، آوازیں، دُھنیں+چنگ=ایک قسم کا باجا جسے منہ سے بجایا جاتا ہے+و=اور+عود=طنبورہ)۔ •جنگ: یہاں اشارہ ہے جنگ عظیم اوّل کی طرف۔ •پردۂ ناموسِ او: اُس کے مکر کا پردہ(پردہ+ناموس=مکر، فریب، تکبّر+او=اُس کے)۔ •بردرید: اُس نے چاک کیا(دریدن=چاک کرنا، پھاڑنا)۔ •یسفک الدّماء: خون کرے / گرائےگا۔ یہ نکڑا سورۂ بقرہ کی تیسویں آیت سے ماخوذ ہے جس کا متعلّقہ حصّہ یہ ہے "قالوآ اَتَجْعَلُ فیھا مَنْ یَفْسدُ فیہا ویَسْفکُ الدِّمآءَ" (فرشتے) بولے، کیا تو رکھے گا اس(زمین) میں، جو شخص فساد کرے اور کرے خون؟۔ •خصیمٌ مبین: برملا جھگڑالو، کھلّم کھلا جھگڑا کرنے والا (خصیم=جھگڑالو=بولنے والا، کھلّم کھلا۔ دیکھیں سورۂ نحل آیت-۴ "خَلَقَ الاِنسانَ مِنْ نُطْفَةٍ فَاِذا ھُوَ خَصِیْمٌ مُبِیْنٌ"[بنایا آدمی کو ایک بوند سے پھر جب ہی ہو گیا جھگڑا کرنے والا بولنے والا])۔

مے باقی

غزلیات

بهار تا به گلستاں کشید بزمِ سرود
نوائے بلبلِ شوریده چشمِ غنچه کشود

گماں مبرکہ سرشتند در ازل گلِ ما
که ماهنوز خیالیم در ضمیرِ وجود

ترجمه

بہار نے ساز و نغمہ کی محفل کو چمن تک پھیلا دیا
مستانی بلبل کی آواز نے کلی کی آنکھ کھولدی
یہ گمان مت کر کہ ازل میں ہمارا خمیر گوندھ دیا گیا
کہ ہم ابھی وجود کے دل میں خیال (کیطرح) ہیں

فرہنگ

•کشید: کھینچ لے گئی، اُس نے پھیلا دیا(کشیدن=کھینچنا، پھیلانا، لے جانا)_ •بزمِ سرود: ساز و نغمہ کی محفل(بزم=محفل+سرود=نغمہ، شعر[سرودن=گانا بجانا])_ •نوائے بلبلِ شوریده: مستانی بلبل کا نغمہ(نوا=نغمہ،آواز+بلبل+شوریده=دیوانہ، مست، عاشق[شوریدن=بے قرار ہونا، دیوانہ ہونا، ہیجان میں آنا])_ •گماں مبر: وہم نہ کر، اس خیال میں نہ رہ(گماں بردن=خیال کرنا، وهم کرنا، سمجھنا، تصوّر کرنا)_ •سرشتند: اُنھوں نے گوندھی، کارکنانِ قضاء وقدر نے گوندھی(سرشتن=گوندھنا، خمیر کرنا، ملانا)_ •ازل: زمانہ جس کی ماضی کی طرف کوئی حد نہ ہو، تخلیقِ کائنات کی گھڑی_ •گلِ ما: ہمارا خمیر(گل=خمیر+ما=ہماری)_ •خیالیم: ہم خیال ہیں (خیال=تصوّر، صورت جو مادّے سے مجرّد ہو اور اس پر مقدّم+یم=ایم=ہم ہیں)_ •ضمیرِ وجود: وجود کا قلب(ضمیر=قلب، ذہن، باطن+وجود)_

به علم غرّہ مشو کارِ مے کشی دگر است
فقیہِ شہر گریبان و آستیں آلود

بہار برگ پراگندہ را بہم بر بست
نگاہِ ماست کہ بر لالہ رنگ و آب افزود

ترجمہ

علم کا گھمنڈ نہ کر میکشی کا معاملہ اور ہے
مفتیِ شہر(تک) نے گریبان اور آستین لتھیڑ لی
بہار نے بکھرے ہوئے پتّوں کو اکٹھا کیا
یہ ہماری نظر ہے جس نے گلِ لالہ پر آب و رنگ بڑھایا

فرہنگ

•غرّہ: مغرور، گھمنڈی، اِترانے والا۔ •مشو: مت ہو(شدن=ہونا)۔ •کارِ میکشی: میکشی کا کام(کار=کام، معاملہ+میکشی=شراب خواری، بادہ نوشی)۔ •دگر: اور، دوسرا۔ •فقیہ شہر: شہر کا مفتی/قاضی(فقیہ=فقہ کا عالم، شرعی احکام جاننے والا+شہر)۔ •آلود: اُس نے لتھیڑ لیا(آلودن=لتھیڑنا)۔ •برگِ پراگندہ:بکھرے ہوئے پتے (برگ= پتّا، یہاں جمع کا مفہوم ادا کرتا ہے + پراگندہ=بکھرے ہوئے، تتر بتر [پراگندن =بکھر جاتا، تتر بتر ہو جانا])۔
•بربست:باندھا، سمیٹا، یک جا کیا (بربستن=باندھنا، سمیٹنا، اکٹھّا کرنا)

نظر بخویش فروبستہ را نشاں این است
دگر سخن نہ سراید ز غائب و موجود

شبے بہ میکدہ خوش گفت پیرِ زندہ دلے
بہ ہر زمانہ خلیل است و آتش نمرود

ترجمہ

اپنی ہی دید میں کھوئے ہوئے کی پہچان یہ ہے
کہ وہ غائب اور موجود کی کوئی بات نہیں کرتا
ایک رات میخانے میں ایک روشن ضمیر نے خوب کہا
ہر زمانے میں خلیل ہے اور نمرود کی آگ

فرہنگ

فروبستہ=باندھے ہوئے ،جمانے ہوئے (فروبستن=باندھنا ، جمانا)_ •را:کا_ •سخن نسراید:بات نہیں کرتا ، یہاں مُراد ہے کوئی واسطہ نہیں رکھتا (سخن = بات + نہ = نہیں + سراید= گاتا ، چھیڑتا
• پیر زندہ دلے: زندہ دل رکھنے والا بزرگ ، روشن ضمیر شیخ ،حقائق جاننے والا مُرشد (پیر =بزرگ ، شیخ ، مُرشد + زندہ دل = روشن ضمیر، جس کا قلب خدا کی یاد سے پل بھر کو بھی غافل نہ رہے ، بیدار دل ، حقائق کو جاننے والا ، جسے قلب کی حیات حاصل ہو + ے = یائے تعظیم ، بڑا)_

چہ نقشہا کہ نہ بستم بکارگاہ حیات
چہ رفتنی کہ نہ رفت و چہ بودنی کہ نبود

بہ دیریاں سخنِ نرم گو کہ عشق غیور
بنائے بتکدہ افگند در دلِ محمود

ترجمہ

میں نے زندگی کی کارگاہ میں کیا کیا نقش نہیں بنائے
کون سی گزرنی تھی جو نہ گزری اور کیا ہونی تھی جو نہ ہوئی
(وہ کو سی شے ھے جو مٹنی تھی اور نہ مٹی، وہ کون سی
چیز ھے جو ہونی تھی اور نہ ہوئی)
بت خانے والوں کے ساتھہ نرمی سے بات کر کیونکہ عشق وہ
آن والا ھے جس نے
محمود غزنوی کے دل میں بھی مندر کی بنا ڈالدی

فرہنگ

• چہ: کیا، کون سے۔ • تقشہا: نقش کی جمع، صورتیں، روپ۔
•نہ بستم: میں نے نہیں باندھے (بستن= باندھنا، جمانا [نقش بستن= نقش باندھنا، ایجاد کرنا، تصوّر کرنا، خیال باندھنا، صورت بنانا])۔ • بکار گاہ حیات: زندگی کے کارخانے میں (بہ = میں+کارگاہ = کام کرنے کی جگہ، کارخانہ، دارالعمل + حیات: ھستی، زندگی [کارگاہ حیات=دُنیا])۔ • رفتنی: جانے کے لائق، مٹ جانے کا سزاوار۔
•رفت: گیا، مٹ گیا (رفتن= جانا، مٹ جانا)۔ • بودنی: ہونی، ہونے کے لائق (بودن ہونا، رھنا)۔
•نبود :نہ ہوا ،نہ رہا (بودن=
• دیریاں :بتخانے والے، بُت پرست
•افگند: اُس نے ڈالدی
(افگندن = [بنیاد، طرح وغیرہ] ڈالنا)۔ • دلِ محمود: محمود غزنوی کا دل (دل+ محمود =مشہور مسلمان بادشاہ محمود غزنوی جو سومنات ڈھا کر بت شکن کہلایا ،اپنے غلام ایاز کے ساتھ اُس کی محبّت ضرب المثل کی حیثیت رکھتی ھے)۔

بجاکِ هند نوائے حیات بے اثر است
که مُردہ زنده نگردد ز نغمۂ داؤد

❦❦❦❦❦

فرهنگ

•بخاکِ هند: هندوستان کی مٹّی پر، هندوستان کی زمین پر (بـ= میں، پر+خاک = مٹّی، زمین+ هند= هندوستان)_ نوائے حیات: زندگی کا ترانہ (نوا= نغمہ، آواز+ حیات: هستی، زندگی)_ • کـ: کیونکہ_ • نگردد: نہیں ہوتا (گشتن = ہونا، ایک حالت سے دوسری حالت کیطرف پلٹ جانا)_ •نغمۂ داؤد: حضرت داؤد علیہ السّلام کا نغمہ جو فولاد کو پگھلا دیتا تھا (نغمہ + داؤد=حضرت داؤد علیہ السّلام)_

ترجمه

هندوستان کی مٹّی پر زندگی کا ترانہ بے اثر ہے
کیونکہ داؤد کے نغمے سے مُردہ جی نہیں اُٹھتا

حلقہ بستند سرِ تربت من نوجہ گراں
دلبراں، زہرہ وَشاں، گلبدناں، سیم براں

در چمن قافلہ لالہ و گل رخت کشود
از کجا آمدہ اند ایں ہمہ خونیں جگراں؟

ترجمہ

میری قبر پر ماتم کرنے والوں نے حلقہ باندھا
دلبروں ، زہرہ جمالوں ، گلبدنوں ، سیم بروں نے
لالہ و گل کے قافلے نے چمن میں ڈیرا ڈالا
یہ سب لہو لہو جگر والے کہاں سے آئے ہیں

فرہنگ

•حلقہ بستند :اُنھوں نے حلقہ باندھا ، گھیرا ڈالا (حلقہ =گھیرا ، دائرہ+ بستند= اُنھوں نے باندھا [حلقہ بستن=حلقہ باندھنا ، گھیرا ڈالنا])۔

• رخت کشود : رخت سفر کھولا ، ڈیرا کیا ، چھاؤنی چھانی ، مقیم ہوا (رخت= سامان ،اسباب+کشود= اُس نے کھولا [رخت کشودن=منزل پر پہنچ کر اسباب سفر کھول دینا ، ڈیرا ڈالنا ، مقیم ہونا ، سفر ختم کرنا])۔ •آمدہ اند : آئے ہیں (آمدن= آنا)۔

•خونیں جگراں: خونیں جگر کی جمع ،لہو لہو جگر والے ، عاشق (خونیں= خون آلود ، لہو میں لتھڑا ہوا +جگر= کلیجہ ، عشق کی سختیاں سہارنے والی قوّت)۔

غزل

اے کہ درمدرسہ جوئی ادب و دانش و ذوق
نخرد بادہ کس از کارگہِ شیشہ گراں

خرد افزود مرا درسِ حکیمانِ فرنگ
سینہ افروخت مرا صحبتِ صاحب نظراں

ترجمہ

اے کہ تو مدرے میں ادب اور دانش اور مستی ڈھونڈ رہا ہے
شیشہ گروں کی دکان سے کوئی شراب نیں خریدتا
یورپ کے فلسفیوں کی تعلیمات نے میری سمجھ بوجھ بڑھائی
نظر والوں کی صحبت نے میرا سینہ روش کیا

فرہنگ

•جوئی: تو ڈھونڈتا ھے (جُستن= ڈھونڈنا)_ • ادب: پاسِ مراتب، وجود کے مراتب کا علم اور اُس کے مطابق عمل_ •دانش: علم، معرفت، حکمت_ •ذوق: حال، سرمستی، دیدار اور وصال کی کیفیت_ • نخرد: نیں خریدتا (خریدن=خریدنا)_•خرد :عقلِ معاش سمجھ بوجھ _ • افزود :بڑھائی (افزودن=بڑھانا)_
• افروخت: اُس نے روشن کیا (افروختن=روشن کرنا)_ • مرا: میرا_ • صحبت صاحب نظراں: نظر والوں کی صحبت (صحبت+صاحب نظراں=صاحب نظر کی جمع، نظر والے، اہل بصیرت، روشن ضمیر، معرفت رکھنے والے، جن کی نگاہ سے آدمی کی کایا پلٹ جائے [صاحب=والا، مالک+نظر=نگاہ، بصیرت، اشیاء کی حقیقت دیکھنے والی قوّت])_

برکش آں نغمہ کہ سرمائہ آب و گل تست
اے زخود رفتہ تہی شو ز نوائے دگراں

کس ندانست کہ من نیز بہائے دارم
آں متاعم کہ شود دست زدِ بے بصراں

❦❦❦❦❦

ترجمہ

بلند کر وہ نغمہ جو تیری مٹّی کا سرمایہ ہے
اے اپنے آپ سے بے سُدھ دوسرں کی لے سے خالی ہوجا
کسی نے نہ جانا کہ میں بھی کوئی قیمت رکھتا ہوں
میں ایسی دولت ہوں جو اندھوں کے ہاتھ لگ جائے

فرہنگ

•برکش: باہر کھینچ، بلند کر (برکشیدن=کھینچنا، باہر لانا)۔
•سرمایہ آب و گلِ تست: تیرے آب و گل کا سرمایہ ہے (سرمایہ=اصل، مبدء+آب و گل= انسان کا خمیر، ساخت، بناوٹ [آب = پانی + و= اور + گل= مٹّی] + تو= تیری + است = ہے)۔ • زخود رفتہ: اپنے آپ سے گزرا ہوا، خود سے غافل (ز = از= سے+ خود+ رفتہ= گزرا ہوا
• کس ندانست: کسی نے نہ جانا (کس= کوئی + ندانست= نہ جانا [دانستن= جاننا، سمجھنا])۔
•نیز: بھی۔ • بہاے: ایک قیمت،کوئی مول (بہا= قیمت، مول+ے=ایک،کوئی)
•دارم:رکھتا ہوں (داشتن=رکھنا)۔
•دست زدِ بے بصراں:اندھوں کے ہتھے چڑھی ہوئی (دست زد= دست زدہ= ہاتھ میں آیا ہوا، قابو میں آیا ہوا [دست زدن= ہاتھ میں آنا، قابو میں آنا]+ بے بصراں= بے بصر کی جمع، اندھے)

می تراشد فکرِ ما ہردم خداوندے دگر
رست از یک بندَ تا اُفتاد در بندے دگر

برسرِ بام اَنقاب از چہرہ بیباکانہ کش
نیست درکوے تو چوں من آرزومندے دگرِ

فرہنگ

• رست: وہ چھوٹی (رستن = چھوٹنا ، رہائی پانا) .
• اُفتاد :گر پڑا ، پھنس گیا (اُفتادن گر پڑنا ، پھنس جانا)_
• برسرِبام: چھت کی منڈیر پر (بر= پر + سر = کنارا ، اوپری سطح + بام = چھت) .
• بے باکانہ بے دھڑک ،بے جھجک ، بے باکی سے_
• کش: اُٹھادے ، اُٹھا (کشیدن= اُٹھانا ، اونچا کرنا)

ترجمہ

ہماری فکر ہردم ایک نیا خدا تراشتی رہتی ہے
ایک قید سے چھوٹی کہ دوسری میں پھنس گئی
بام پر آ! منہ پر سے بے دھڑک نقاب اُٹھا دے
تیری گلی میں مجھ ایسا کوئی اور آرزو مند نہیں ہے

بسکه غیرت می برم از دیدۂ بینائے خویش
ازنگه بافم بہ رُخسار تو رو بندے دگر

یک نگه،یک خندۂ دز دیده، یک تابنده اشک
بر پیمانِ محبّت نیست سوگندے دگر

ترجمه

بسکه مجھے اپنی دیکھتی آنکھوں سے غیرت آتی
تیرے چہرے پر نگاہ سے ایک اور نقاب بن دیتا ہوں
ایک نگاہ، اک دبی دبی سی مسکراہٹ، ایک چمکتا آنسو
محبّت کے عہدو پیمان کے لئے کوئی اور سوگند نہیں ہے

فرہنگ

• بسکہ: غرض کہ، اتنا، چونکہ
• غیرت: شرم، عار، رشک
•می برم: رکھتا ہوں، کرتا ہوں (بردن=رکھنا [غیرت بُردن= رشک کرنا، غیرت کرنا، شرم کرنا])
•دیدہ بینائے خویش: اپنی دیکھنے والی آنکھ (دیدہ+بینا=دیکھنے والی+خویش= اپنی)
•بافم: بُنتا ہوں (بافتن= کپڑا وغیرہ بُننا)
•روبندے: ایک نقاب،گھونگھٹ (روبند=نقاب،گھونگھٹ+ے=ایک)
•خندہ دزدیدہ: دبی دبی سی مسکراہٹ، چوری چوری کی ہنسی (خندہ= ہنسی، مسکراہٹ+ دزدیدہ = چُرائی ہوئی، چھپی چھپی [دزدیدن= چُرانا])
• بہرِ پیمان محبّت: محبّت کے عہد و پماں کے لئے (بہر= کے لئے + پمان= وعدہ، عہد، قول + محبّت)

عشق را نازم کہ از بیتابیِ روزِ فراق
جانِ ما را بست با دردِ تو پیوندے دگر

تا شوی بیباک تر در نالہ اے مُرغِ بہار
آتشے گیر از حریمِ سینہ ام چندے دگر

فرہنگ

• را: پر۔ • نازم: ناز کرتا ہوں (نازیدن= ناز کرنا ، فخر کرنا)۔
•بست:اُس نے جوڑا ،باندھا (بستن =باندھنا ، یکجا کرنا ، جوڑنا)۔
•با: کے ساتھ، سے۔ •درد تو:تیرا درد (درد= دکھ، ٹیس ، جی پر چوٹ لگنے کی کیفیت ، محبوب کی یاد سے بیک وقت جدائی کا غم اور وصال کی تڑپ پیدا ہونے کی حالت +تو = تیرا)۔
• پیوندے: ایک پیوند (پیوند= جوڑ+ ے = ایک)۔

ترجمہ

مجھے عشق پر ناز ہے جس نے دوری
کے دن کی بے تابی سے
ہماری روح کو تیرے درد کے ساتھ ایک اور پیوند بخشا
تاکہ اے بہار کے پرندے نالہ سر کرنے میں
تیرا دل اور کھل جائے
میرے سینے کے حرم سے کچھ اور آگ لے جا

چنگِ تیموری شکست آهنگِ تیموری بجاست
سر بروں می آرد از سازِ سمرقندے دگر

رہ مدہ در کعبہ اے پیرِ حرم اقبال را
ہر زماں در آستیں دارد خداوندے دگر

❦❦❦❦❦

ترجمہ

تیموری بربط ٹوٹ گیا (مگر) تیموری آہنگ برقرار ہے
(جواب) ایک اور سمرقند کے ساز سے پھوٹ رہا ہے
اے پیرِ حرم اقبال کو کعبے میں راہ نہ دے
وہ سدا اپنی آستین میں ایک نیا بُت چھپائے رکھتا ہے

فرہنگ

•سر بروں می آرد :
سر باہر نکال رہا ہے، ظاہر ہورہا ہے (سر بروں آوردن=سر باہر نکالنا ، ظاہر ہونا)

مرا ز دیدۂ بینا شکایتِ دگر است
کہ چوں بجلوہ در آئی حجابِ من نظر است

بہ نوریاں ز منِ پا بہ گل پیامے گوے
حذر ز مشتِ غبارے کہ خویشتن نگراست

ترجمہ

مجھے دیدۂ بینا سے اور ہی شکایت ہے
جونہی تو درشن دیتا ہے نظر میری آڑ بن جاتی ہے
فرشتوں سے مجھ خاک کے زنجیری کا ایک پیغام کہہ دینا
مٹّی کے پتلے سے خبردار کہ اپنے آپ کاگیانی ہے

فرہنگ

بجلوہ در آنی:
تو آشکار ہوتا ہے، تو
ظاہر ہوتا ہے، تو جلوہ دکھاتا ہے
(بجلوہ در آمدن= دیدار کروانا،
بے نقاب ہونا، ظاہر ہونا)۔
•بہ نوریاں: فرشتوں سے (بہ =
سے، کو+ نوریاں = نوری کی
جمع، فرشتے، نور کے بنے)۔
• منِ پابہ گل:
مجھ زمیں کے گرفتار (من=
مجھ + پابہ گل= جس کا پاؤں
مٹّی ، کیچڑ، دلدل میں دھنسا
ہوا ہو، مجبور، بے بس، قیدی
[پا= پاؤں + بہ = میں + گل =
مٹّی، گارا- پابہ گل کا یہ مفہوم بھی
نکل سکتا ہے کہ وہ آدمی جو اپنے
وجود کی سفلی سطح سے بلند نہ ہو
سکتا ہو])۔•حذر:ڈرو،ہوشیار رہو۔
•مشتِ غبارے:مٹھّی بھر مٹّی(مشت=
مٹھّی+غبار=مٹی+ ے= ایک ،بڑی شان
والی) .•خویشتن نگر: اپنے آپ
کو دیکھنے والا، خود کو جاننے
والا، خود آگاہ [خویشتن= اپنا آپ
+ نگر = بمعنی نگرندہ، دیکھنے
والا، نگرانی کرنے والا [نگریستن=
دیکھنا])۔

نوا زنیم و به بزم بهار می سوزیم
شرر به مشتِ پر ما زنالۂ سحر است

زخود رمیده چه داند نوائے من زکجااست
جهانِ او دگر است و جهانِ من دگر است

فرهنگ

•نوازنیم: هم گاتے ہیں، هم گا رہے ہیں (نوازدن= گانا، ساز چھیڑنا)_•می سوزیم: هم جل رہے ہیں (سوختن= جلنا)_ • شرر: چنگاری_ • زخودر میده:آپنے آپ سے بھاگا ہوا، خود سے گریزاں (ز= از= سے + خود+ رمیده= بھاگا ہوا [رمیدن بھاگنا، گریز کرنا، وحشت کرنا])_• داند: جانے (دانستن= جاننا، سمجھنا)_

ترجمه

هم نغمہ سرا ہیں اور بھوی بہار میں جل رہے ہیں
صبح کی آنسو بھری پکارنے ھمارے مٹھی بھر پروں میں
چنگاری رکھدی ھے
اپنے آپ سے وحشت کرنے والا کیا جانے کہ
میرا نغمہ کہاں سے ھے
اُس کی دُنیا اور ھے میری دُنیا اور

مثالِ لالہ فتادم بگوشۂ چمنے
مرا ز تیرِ نگاہے نشانہ بر جگر است

بہ کیشِ زندہ دلاں زندگی جفا طلبی است
سفر بکعبہ نکردم کہ راہ بے خطر است

فرہنگ

• فتادم:پڑا ہوں (فتادن= اُفتادن= گرنا ، پڑنا)۔
• بگوشۂ چمنے: باغ کے ایک گوشے میں (بہ= میں+ گوشہ+ چمن + ے = ایک).
• مرا: میرے لئے ، میرے۔
• بہ کیش زندہ دلاں:دلِ زندہ رکھنے والوں کے مذہب میں (بہ= میں+ کیش= مذہب ، طریق+ زندہ دلاں= زندہ دل کی جمع ، دلِ زندہ رکھنے والے ، عاشق)۔
• جفاطلبی: جفا طلب کی صفت ، سختیوں کے درپے ہونا ، کٹھنائیاں ڈھونڈنا۔

ترجمہ

گلِ لالہ کیطرح چمن کے ایک گوشے میں پڑا ہوا ہوں
میرا جگر کسی نگاہ کے تیر کے نشانے پر ہے
جیتا جاگتا دل رکھنے والوں کے مذہب میں زندگی
سختیوں کے درپے ہونے کا نام ہے
میں نے کعبے کا سفر نہیں کیا کہ راستا بے خطر ہے

ہزار انجمن آراستند و بر چیدند
دریں سراچہ کہ روشن ز مشعلِ قمر است

زخاکِ خویش بہ تعمیرِ آدمے برخیز
کہ فرصتِ تو بقدرِ تبسمِ شرر است

فرہنگ

• ہزار: ہزاروں، ان گنت۔
•آراستند: اُنھوں نے سجائی (آراستن= سجانا)۔• برچیدند: اُنھوں نے برخاست کردیا، ختم کردیا، (برچیدن= اُٹھانا، برخاست کرنا)۔• دریں سراچہ: اِس چھوٹے سے گھر میں (در= میں+ ایں= اِس+ سراچہ= چھوٹا گھر، خلوت خانہ، دُنیا)۔

ترجمہ

ان گنت محفلیں سجائی گئیں اور پھر برخاست کردی گئیں
اس ذرا سی سرائے میں جو چاند کی مشعل سے روشن ہے
اُٹھ اور اپنی مٹّی سے ایک (نیا) آدم ڈھال
کہ تجھے چنگاری کی چمک اتنی مہلت ملی ہے

فرهنگ

اگر نه بوالهوسی باتو نکتهٔ گویم
که عشق پخته تر از ناله هاے بے اثر است

نواے من به عجم آتشِ کهن افروخت
عرب ز نغمهٔ شوقم هنوز بے خبر است

❦❦❦❦❦

ترجمه

اگر تو بوالہوس نیں تو تجھ سے ایک نکتہ بیان کروں
کہ بے اثر فریادوں سے عشق اور پختہ ہوتا ھے
میرے نغمے نے عجم میں پُرانی آگ (پھر سے) بھڑکا دی
عرب ابھی میرے شوق کی لے سے بے خبر ھے

بایں بہانہ دریں بزم محرمے جویم
غزل سرایم و پیغامِ آشنا گویم

بخلوتے کہ سخن می شود حجاب آنجا
حدیثِ دل بزبانِ نگاہ میگویم

فرہنگ

•بخلوتے: اُس خلوت میں، ایسی تنہائی میں(بہ=میں+خلوت=تنہائی، عاشق اور محبوب کی اکیلے میں ملاقات+ے=اس ، ایسی)۔
•حدیثِ دل: دل کی بات، دل کا ماجرا(حدیث=بات ، ماجرا+دل)۔
•بزبانِ نگاہ: نظر کی زبان سے(بہ=سے+زبان+نگاہ)۔ •میگویم: کہہ رہا ہوں۔

ترجمہ

اِس بہانے اِس محفل میں کوئی اپنا ڈھونڈتا ہوں
غَزل چھیڑ کے دوست کا پیغام سُناتا ہوں
اُس خلوت میں جہاں سخن حجاب بن جاتا ہے
میں دل کی بات نگاہ کی زبانی کہہ رہا ہوں

پئے نظارۂ روے تو می کنم پاکش
نگاہِ شوق بہ جوے سرشک می شویم

چو غنچہ گرچہ بکارم گرہ زنند ولے
ز شوقِ جلوہ گہِ آفتاب می رویم

ترجمہ

تیرے چہرے پر پڑنے کے لئے اسے پاک کر رہا ہوں
نگاہِ شوق کو آنسوؤں کی سوت میں دھو رہا ہوں
اگرچہ کلی کی طرح میرے کام میں گرہ پڑی ہوئی ہے مگر
سورج کی جلوہ گاہ کی چاہ مجھے ماٹی میں سے کھینچتی ہے

فرہنگ

•پئے نظارۂ روے تو: تیرے چہرے کے دیدار کے لئے(پئے=کے لئے، کی خاطر+نظارہ=دیدار، درشن+رو=صورت، چہرہ+تو=تیرے)_ •می کنم: کر رہا ہوں(کردن=کرنا)_ •پاکش: اُسے پاک (پاک+ش=اُسے)_ •نگاہِ شوق: چاہت کی نظر، شوق بھری نگاہ(نگاہ+شوق)_

•جوے سرشک: آنسوؤں کی نہر(جو=نہر+سرشک=آنسو)_ •می شویم: دھورہا ہوں(شستن=دھونا، پاک کرنا)_

•بکارم: میرے کام میں(بہ=میں+کار=کام،کاروبار+م=میرے)_

•گرہ زنند: گرہ لگاتے ہیں، رکاوٹ ڈالتے ہیں(گرہ زدن=گرہ لگانا، رکاوٹ ڈالنا، اُلجھانا)_

•می رویم: اُگتا ہوں، نمو کرتا ہوں (رُستن=روئیدن=اُگنا، نمو کرنا)_

چو موج سازِ وجودم ز سیلِ بے پرواست
گماں مبر کہ دریں بحر ساحلے جویم

میانۂ من و او ربطِ دیدہ و نظر است
کہ در نہایتِ دوری ہمیشہ با اویم

فرہنگ

•سازِ وجودم: میرے وجود کا سامان، میرے وجود کی ساخت(ساز=سامان، ساخت+وجود=ہونا+م=میرے)۔
•سیلِ بے پروا: کسی کو نہ سیٹھنے والی طغیانی(سیل=پانی کی رو، باڑھ، طغیانی+بے پروا=کسی کی پروا نہ کرنے والا، من موجی، نڈر)۔
•گماں مبر: تو یہ خیال مت کر، گمان مت کر(گماں بردن=وہم کرنا، گمان کرنا)۔

ترجمہ

موج کیطرح میرے وجود کی بُنت (ایک) بے پروا طغیانی سے ہے
یہ گمان مت کر کہ میں اِس سمندر میں کسی کنارے
کی تلاش میں ہوں
اُس کے اور میرے بیچ آنکھ اور نظر کا تعلّق ہے
کہ انتہائی دوری میں بھی میں اُس کے ساتھ رہتا ہوں

کشید نقشِ جهانے به پردۂ چشمم
ز دستِ شعبده بازے اسیرِ جادویم

درونِ گنبدِ در بسته اش نگنجیدم
من آسمانِ کهن را چو خارِ پهلویم

فرهنگ

•درونِ گنبدِ در بسته اش: اس کے بند گنبد میں(درون=اندر، میں+گنبد+دربستہ=جس کا دروازہ بند ہو، جس میں اندر جانے اور باہر نکلنے کا راستا نہ ہو، بند[دربستن=دروازہ بند کرنا، راستا روک دینا]+اش=اس کے)۔
•نگنجیدم: میں نہیں سمایا(گنجیدن=سمانا)۔

ترجمہ

میری آنکھ کے پردے پر اُس نے ایک اور ہی دُنیا
کی تصویر کھینچدی
میں ایک زبردست شعبدہ باز کے ہاتھوں جادو کے اثر میں ہوں
اسکے بند گنبد میں نہیں سمایا
میں بوڑھے آسمان کے لئے جیسے پہلو کا کانٹا ہوں

فرهنگ

به آشیاں نہ نشینم ز لذتِ پرواز
گھے بہ شاخِ گلم گاہ برلبِ جویم

❦❦❦❦❦

ترجمہ

پرواز کا مزہ مجھے آشیانے میں نہیں ٹکنے دیتا
کبھی پھولوں کی ٹہنی پر ہوں کبھی ندی کے کنارے پر

❦❦❦❦❦

خیز و نقاب برکشا ، پردگیانِ ساز را
نغمۂ تازہ یاد دہ ، مُرغِ نواطراز را

جادہ ز خونِ رھرواں تختۂ لالہ در بہار
نازِ کہ راہ می زند قافلۂ نیاز را؟

ترجمہ

اُٹھ اور ساز کے پردے میں چھُپے ہوؤں کا گھونگھٹ کھول
چہکارتے پرندوں کو نیا نغمہ یاد کرا
مسافروں کے لہو سے راستا جیسے بسنت بیچ گلِ لالہ کی کیاری
یہ کس کا جلال بندگی کے قافلے پر دھاوا بولتا ہے

فرہنگ

•خیز: اُٹھ _ •نقاب برکشا: گھونگھٹ کھول دے(نقاب برکشادن=گھونگھٹ کھولنا ، نقاب اُٹھانا)_ •پردگیانِ ساز: ساز کے پردے میں چھُپے ہوئے ، ساز میں پوشیدہ نغمے(پردگیاں=پردگی کی جمع ، پردے میں پوشیدہ+ساز)_ •یاددہ: سکھا ، یاد کرا ، تعلیم دے(یاددادن=یاد کرانا ، سکھانا ، پڑھانا)_ •مُرغِ نوا طراز: خوش گلو پرندہ ، موسیقار
پرندہ(مُرغ=پرندہ+نوا=گیت ، نغمہ ، پرندوں کی چہکار+طراز=بمعنی طرازندہ=سجانے والا ، ترتیب دینے والا[طرازیدن=سجانا ، ترتیب دینا])_
•تختۂ لالہ: گلِ لالہ کی کیاری(تختہ=قطعہ ، کیاری+لالہ)_ •نازِ کہ: کس کا ناز(ناز=تکبّر ، بے نیازی ، بے پروائی ، کبریائی+کہ=کون ، کس کا)_ •راہ می زند: راہ مارتا ہے(راہ زدن=راہ مارنا ، رہزنی کرنا)_ •قافلۂ نیاز: نیاز کا قافلہ(قافلہ+نیاز=آرزو ، عاجزی ،احتیاج ،بندگی)_•را: کی_

دیدۂ خوابناکِ او گر به چمن کشودۂ
رُخصتِ یک نظر بده نرگسِ نیم باز را

"حرف نگفتۂ شما برلبِ کودکاں رسید"
از منِ بے زباں بگو خلوتیانِ راز را

ترجمہ

جو تو نے اُسکی سوئی ہوئی آنکھ کو چمن بیچ کھول دیا ہے
(تو) ادھ کھلی نرگس کو ایک نگاہ کی رُخصت(بھی) دیدے
"آپ کی ان کہی بات لونڈے لاڑیوں تک کے ہونٹوں پر آگئی ہے"
مجھ بے زبان کی طرف سے گوشہ گیر گیانیوں سے کہنا

فرہنگ

•نرگسِ نیم باز:ادھ کُھلی آنکھ مگر یہاں مطلب ہے نرگس کا ادھ کھِلا پھول جسے عام طور پر آنکھ سے تشبیہ دی جاتی ہے

•حرفِ نگفتۂ شما: آپ کی ان کی بات (حرف=بات، کلام+نہ=نہیں+گفتہ=کہا ہوا+[گفتن=کہنا]شما=آپ لوگوں کا)_•برلبِ کودکاں: بچّوں کے ہونٹوں پر (بر=پر+لب+کودکاں=کودک کی جمع، بچے، لڑکے)_ •رسید: پہنچ گیا (رسیدن=پہنچنا)_

•خلوتیانِ راز: خدائی رازوں میں گم ہو کر دُنیا و مافیہا کو اپنے دل سے نکال باہر کرنے والے گیانی، دُنیا سے لاتعلّق ہو کر اسرارِ الٰہی میں مراقب رہنے والے عارف، ربّانی بھیدوں کو دنیا والوں سے پوشیدہ رکھنے والے حضرات (خلوتیان=خلوتی کی جمع، اکیلا رہنے والا، گوشہ نشیں، محبوب کی خلوت تک رسائی رکھنے والا+راز=بھید، چھپی ہوئی حقیقت)_

سجدۂ تو برآور از دلِ کافراں خروش
اے که دراز تر کنی پیشِ کساں نماز را

گرچه متاعِ عشق را عقل بهاے کم نهد
من ندهم به تختِ جم آهِ جگر گداز را

فرهنگ

• برآورد : باهر کهینچتا هے ،نکلواتا هے ، بلند کرواتا هے(برآوردن=باهر کهینچنا ، نکالنا ، بلند کروانا)
•بهاے کم: کم قیمت (بها=قیمت ، نرخ+کم) •نهد : مقرر کرتی هے (نهادن=ٹهرانا ، مقرّر کرنا [بانهادن=قیمت مقرّر کرنا])_
•من ندهم:میں نہیں دوں گا ،نه دوں (دادن= دینا)_ •به تختِ جم: جمشید کے تخت کے بدلے ، جمشید کی بادشاہت کے عوض (به=بدلے ، عوض ، مول+تخت+جم=مشہور ایرانی بادشاہ جمشید)_

ترجمه

تیرا سجدہ دیکھکر کافروں کے دل سے بھی دھائی نکلتی هے
اے تو که لوگوں کے سامنے نماز کو اور لمبا کر دیتا هے
اگرچه عقل عشق کی پونجی کو کم آنکتی هے
(مگر) میں جگر پگھلا دینے والی آه کو تختِ جمشید
کے مول بھی نه دوں

برهمنے به غزنوی گفت کرامتم نگر
تو که صنم شکستۂ بنده شدی ایاز را

❦❦❦❦❦

فرهنگ

•صنم شکستۂ: تو نے بت توڑا ھے، (صنم=بت+شکستہ=توڑا [شکستن=توڑنا]+ۂ=ای=تونے)۔
•بنده: غلام، پجاری۔ •شدی: تو ہو گیا (شدن=ہونا)۔

ترجمه

ایک برھمن محمود غزنوی سے بولا میری کرامت دیکھ
کہ تونے بتوں کو توڑا (مگر خود) ایاز کا بندہ ہو گیا

❦❦❦❦❦

بملازمانِ سلطاں خبرے دهم ز رازے
که جهاں تواں گرفتن بنوائے دلگدازے

بمتاعِ خود چه نازی که به شهر دردمنداں
دلِ غزنوی نیرزد به تبسمِ ایازِے

ترجمه

میں سلطان کے مصاحبوں کو ایک بہت ہی راز کی بات بتاتا ہوں
کہ جی کو نہال کر دینے والے ایک بول سے دُنیا فتح کی جاسکتی ہے
تو اپنے دھن دولت پہ کیا اکڑتا ہے کہ دردمندوں کے شہر میں
غزنوی کا دل ایاز کے ایک تبسّم کا مول نہیں رکھتا

فرهنگ

•جہاں تواں گرفتن: دُنیا فتح کی جا سکتی ہے (تو انستن=قدرت رکھنا ، سکنا+گرفتن=غلبہ پانا ، فتح کرنا)_ •نیرزد: نہیں بکتا ، برابر کا مول نہیں رکھتا ، لائق نہیں ہے (ارزیدن=بکنا ، قیمت رکھنا ، برابر ہونا ، لائق ہونا)_ •به تبسّم ایازے: ایاز کیِ مسکراہٹ کے سامنے ، ایاز کے تبسم کے بدلے (به= بدلے ، عوض ، سامنے+تبسم=مسکان+ایاز=محمود غزنوی کا غلام جسے اُس کا محبوب بنا کر مشہور کر دیا گیا ہے ، یہاں مُراد ہے محبوب+ے=یائے تنکیر)_

همه ناز بے نیازی همه ساز بے نوائی
دلِ شاه لرزه گیرد ز گدائے بے نیازے

زمقامِ من چه پُرسی به طلسمِ دل اسیرم
نه نشیبِ من نشیبے نه فرازِ من فرازے

ترجمه

(جسکی) بے نیازی تمام جاه و جلال، (جسکی) ناداری
تمام ساز و سامان
(اس) بے نیاز فقیر سے بادشاهوں کے دل لرزتے هیں
میرے ٹھکانے کا کیا پوچھتا هے دل کے طلسم کا اسیر هوں
نه میری پستی کوئی پستی هے نه میری بلندی کوئی بلندی

فرهنگ

•همه ناز:سراپا ناز، ساری کی ساری جاه و جلال (همه= سب کا سب، کُل، تمام+ناز= جاه و جلال، شان،شوکت،آن بان،خود داری) بے نیازی= کسی سے کوئی غرض نه رکھنا، بے پروائی، استغناء، بے تعلّقی_ •همه ساز:هر ساز و سامان رکھنے والی، اپنی جگه پر خود ہی تمام مال و اسباب (همه+ساز=سامان، اسباب)_ •بے نوائی: ناداری، تی دستی، فقیری_ •لرزه گیرد: کانپتا ہے، لرزتا ہے (لرزه گرفتن=کپکپی چڑھنا، لرزنا، کانپنا)_ •ز مقامِ من: میرے ٹھکانے کا، میرے مقام کے بارے میں (ز=بارے میں، کا+مقام+من=میرے)_ •چه: کیا_ •پرسی: تو پوچھتا هے (پرسیدن=پوچھنا)_

رہِ عاقلی رہا کن کہ باو تواں رسیدن
بدلِ نیازمندے بہ نگاہِ پاکبازے

بہ رہِ تو ناتمامم، ز تغافلِ تو خامم
من و جانِ نیم سوزے تو و چشمِ نیم بازے

فرہنگ

•رہاکن= چھوڑ دے (رہا کردن=چھوڑدینا، ترک کرنا)_ •باو: اُس تک (بہ=تک+او=اُس)_ •تواں رسیدن: پہنچا جا سکتا ہے (توانستن=سکنا+رسیدن=پہنچنا)_ •بدل نیازمندے: چاہت بھرے دل کے ساتھ، با ادب دل کے ذریعے (بہ= ساتھ، ذریعے+دل+نیازمند=چاہت بھرا، عاشق، با ادب+ے=ایک)_•بہ نگاہ پاکبازے: پاکباز نظر کے ساتھ/ذریعے (بہ+نگاہ+پاکباز=پاک، پارسا+ے=ایک)_

ترجمہ

عقل کی ڈگر چھوڑ دے کہ اُس تک پہنچا جا سکتا ہے
چاہت اور بندگی سے بھرے ہوئے دل کے ساتھ
دل کی جوت سے روشن نگاہ کیساتھ
میں تیری راہ میں نامکمّل ہوں تیری بے رُخی سے اُدھورا ہوں
میں اور (میری) ادھ جلی جان تو اور (تیری) ادھ کھلی آنکھ

رہِ دیر تختۂ گل، ز جبینِ سجدہ ریزم
کہ نیازِ من نگنجد بدو رکعتِ نمازے

زستیزِ آشنایاں چہ نیاز و ناز خیزد
دلکے بہانہ سوزے نگہے بہا نہ سازے

❦❦❦❦❦

ترجمہ

بتخانے کا راستا میری سجدے لٹانے والی پیشانی سے گلزار
کہ میری بندگی دو رکعت نماز بیچ نیں سماتی
آپس کی نوک جھونک میں کیا کیا التجائیں اور ادائیں نظر آتی ہیں
کسی بہلاوے میں نہ آنے والا یہ ذرا سا دل (اور) بہانے پر
بہانے گھڑنے والی وہ نگاہ

فرہنگ

• جبینِ سجدہ ریزم :میری سجدے چھٹکانے والی پیشانی، میری سجدے پر سجدہ کرنے والی جبیں (جبیں=پیشانی+سجدہ+ریز=بمعنی ریزندہ، بکھیرنے والی، نثار کرنے والی [ریختن=بکھیرنا]+م=میری)۔
• نیاز من: میری بندگی، عبودیت (نیاز=بندگی، عبودیت+من=میری)۔
• نگنجد: نیں سماتا (گنجیدن=سمانا)۔
• ستیزِ آشنایاں: اپنوں کی لڑائی، عاشق اور محبوب کا جھگڑا (ستیز=جھگڑا، لڑائی، نوک جھونک+ آشنایاں=آشنا کی جمع، دوست، اپنے، عاشق اور محبوب)۔
• نیاز: التجا، تمنّا، عاجزی، محبّت کا اظہار۔ • ناز:لحبوبانہ ادا، عاشق کا شوق آزمانے یا اُبھارنے کیلئے محبوب کا بے رُخی برتنا، اکڑ، عاشق سے چھیڑ چلنا۔
• خیزد: ظاہر ہوتا ہے، سامنے آتا ہے (خاستن=اُٹھنا، برپا ہونا، ظاہر ہونا)۔

بیا که ساقیِ گل چہرہ دست برچنگ است
چمن ز بادِ بہاراں جوابِ ارژنگ است

حنا ز خونِ دلِ نوبہار می بندد
عروسِ لالہ چہ اندازہ تشنۂ رنگ است

ترجمہ

آجا کہ گل چہرہ ساقی نے ساز چیھڑ رکھّا ھے
بہار کی ہوا سے چمن ارژنگ بن گیا ھے
نئی نویلی بہار کے دل کے لہو سے مہندی جمارھی ھے
عروسِ لالہ رنگ (رچانے) کی کتنی پیاسی ھے

فرہنگ

•دست بر چنگ است: بربط بجا رہا ھے، اُس نے ساز چھیڑ رکھّا ھے (دست=ہاتھ+بر=پر+چنگ=ایک قسم کا ساز+است=ھے)_ •جوابِ ارژنگ: ارژنگ کا جواب (جواب+ارژنگ=چین کے داستانی شہرت رکھنے والے مصوّر مانی کا نگار خانہ، مانی کی تصویروں کا مجموعہ/البم، بعض روایات میں مانی کا اصلی نام، کچھ کے نزدیک چین کا ایک اور نامور نقّاش)_
•می بندد: جما رہی ھے، رچا رہی ھے (بستن= جمانا [حنا بستن=مہندی جمانا، لگانا، رچانا])_ •عروسِ لالہ: دلھن ایسا گل لالہ (عروُس=دُلھن+لالہ)_ •چہ اندازہ: کس قدر، کتنا (چہ=کس+اندازہ=قدر)_ •تشنۂ رنگ: رنگ روپ کی پیاسی (تشنہ=پیاسی، مشتاق+رنگ=رنگ، روپ، چمک دمک، چم خم)_

نگاہ می رسد از نغمۂ دل افروزے
بمعنیٔ کہ برو جامۂ سخن تنگ است

بچشمِ عشق نگر تا سُراغِ او گیری
جہاں بچشمِ خرد سیمیا و نیرنگ است

فرہنگ

•می رسد: پہنچ رہی ہے (رسیدن=پہنچنا)۔
•نغمۂ دل افروزے: دل روشن کرنے والا نغمہ (نغمہ+دل+افروز=بمعنی افروزندہ، روشن کرنے والا، چمکانے والا [افروختن= افروزیدن= روشن کرنا]+ے=یائے تعظیی)۔ •بمعنیٔ: اس معنی تک/پر (بہ=تک ،پر+معنی+ء=اُس)۔
•سیمیا: طلسم، نظَر کا دھوکا، نظر بندی، ایک مخفی علم جس کے ذریعے خیالی اور وہمی چیزیں دکھائی جاتی ہیں۔ •نیرنگ: جادوگری، جادو، دھوکا، فریب۔

ترجمہ

دل کو اُجالنے والے نغمے سے نظر پہنچ رہی ہے
اُس معنی تک جس پر حرف کا جامہ تنگ ہے
عشق کی آنکھ سے دیکھ تاکہ اُس کا سُراغ پاجائے
عقل کی نگاہ میں تو کائنات توہّم کا کارخانہ ہے

ز عشق درسِ عمل گیر و ہر چہ خواہی کن
کہ عشق جوہرِ ہوش است و جانِ فرہنگ است

بلند تر ز سپہر است منزلِ من و تو
براہِ قافلہ خورشید میلِ فرسنگ است

ترجمہ

عشق سے عمل کا درس لے اور پھر جو چاہے کر
کیونکہ عشق دھیان کا جوھر ھے اور گیان کی روح
ھماری منزل آسمان سے بھی آگے ھے
سورج (ھمارے) قافلے کی راہ میں کوس کے پہلے میل پر ھے

فرہنگ

•درسِ عمل گیر: عمل کا سبق لے (درس گرفتن=سبق لینا)۔
•جوہرِ ہوش: شعور کا جوہر (جوہر=حقیقت، اصل، خلاصہ+ہوش=شعور، پہچان، تمیز، عقل و فہم)۔
•جانِ فرہنگ: عقل و دانش کی جان (جان=روح، زندگی+فرہنگ=علم، عقل و دانش)۔ •سپہر: آسمان۔
•منزلِ من و تو:میری اور تیری منزل (منزل+من=میری+ و=اور+تو=تیری)۔
•براہِ قافلہ: قافلے کے راستے میں (بہ=میں+راہ=راستا+قافلہ)۔
•میلِ فرسنگ: تین میل میں سے ایک میل، مسافت کا تیسرا حصّہ (میل+فرسنگ=فرسخ=کوس جو تین میل کا ہوتا ھے)۔

ز خود گذشتهٔ اے قطرهٔ محال اندیش
شدن به بحر و گهر بر نخاستن ننگ است

تو قدرِ خویش ندانی بها ز تو گیرد
وگرنه لعلِ درخشنده پارهٔ سنگ است

❦❦❦❦❦

ترجمه

اے انہونی سوچنے والے قطرے تو آپ سے گزر گیا ہے
سمندر میں مل جانا اور موتی بن کے نہ نکلنا شرمناک ہے
تو اپنا مول نہیں جانتا ، تیری وجہ سے قیمت پکڑتا ہے
ورنہ جگر جگر کرتا یاقوت پتّھر کا ٹکڑا ہے

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•زخود گذشتهء: تو خود سے گزر گیا ہے، تو نے اپنے آپ کو فنا کر لیا ہے (ز=از=سے+خود+گذشته=گذار ہوا ، گزر گیا [گذشتن=گزرنا ، عبور کرنا]+ء=ای=تو)_ •قطرهٔ محال اندیش: انہونی سوچنے والا ، ناممکن کا خیال باندھنے والا قطرہ (قطره+محال=ناممکن ، ان ہوت +اندیش=بمعنی اندیشنده ، فکر کرنے والا ، خیال کرنے والا ، تصوّر کرنے والا ، سوچنے والا [اندیشیدن=فکر کرنا ، سوچ کرنا ، خیال کرنا])_ •شدن: مل جانا ، ہونا ، فنا ہو جانا_ •برنخاستن: نہ نکلنا ، برآمد نہ ہونا (برخاستن=برآمد ہونا ، ظاہر ہونا)_ •ننگ: بے آبروئی ، شرمناک ، باعث شرم_
•قدرِ خویش: اپنی قدر (قدر=مرتبه ، درجه ، مول+خویش=اپنی)_ •ندانی: نہیں جانتا ہے (دانستن=جاننا)_ •بہا: قیمت_ •ز تو: تجھ سے (ز=سے+تو=تجھ)_ •گیرد: پکڑتا ہے ، پاتا ہے (گرفتن=پکڑنا ، پانا)_

صورت نہ پرستم من بتخانہ شکستم من
آں سیلِ سبک سیرم ہر بند گسستم من

در بود و نبودِ من اندیشہ گماں ہا داشت
از عشق ہویدا شد ایں نکتہ کہ ہستم من

فرہنگ

•صورت نہ پرستم من: میں نے صورت کو نہیں پوجا، میں صورت کا پجاری نہیں ہوں (پرستیدن=پوجنا)_ •شکستم: میں نے توڑ دیا (شکستن=توڑنا)_ •سیلِ سبک سیرم: تند رو سیلاب، تیز رفتار سیلاب ہوں (سیل=پانی کی رو، طغیانی، سیلاب+سبک سیر=تیز رفتار+م=ہواں)_ •بند: روک، پشتہ_ •گسستم: میں نے توڑ ڈالا (گسستن=توڑنا)

•در بود و نبودِ من: میرے ہونے اور نہ ہونے میں (در=میں+بود=وجود [بودن=ہونا) +و= اور+نبود=عدم، نہ ہونا+من=میرے)_ •اندیشہ: عقل_ •داشت: رکھتی تھی (داشتن=رکھنا)_ •ہستم من: میں موجود ہوں، میں وجود رکھتا ہوں (ہستن=موجود ہونا)_

ترجمہ

میں صورت کا پجاری نہیں ہوں میں نے مندر ڈھا دیا
وہ چڑھتا دھارا ہوں کہ ہر بند کو بہا لے گیا
میرے ہونے اور نہ ہونے میں عقل طرح طرح کے گمان رکھتی تھی
یہ راز عشق سے کھُلا کہ میں موجود ہوں

در دیر نیازِ من در کعبه نمازِ من
زنّار بدوشم من تسبیح بدستم من

سرمایۂ دردِ تو غارت نتواں کردن
اشکے که ز دل خیزد در دیده شکستم من

ترجمه

میں مندر میں پجاری میں ہی کعبے میں نمازی
میرے کندھے پر زنّار میرے ہاتھ میں تسبیح
تیرے درد کی پونجی غارت نہیں کی جا سکتی
دل سے جو آنسو اُمڈ کے آتا ہے میں اُسے آنکھوں میں دھر لیتا ہوں

فرہنگ

•سرمایۂ دردِ تو: تیرے درد کا سرمایہ (سرمایہ=پونجی+درد=وصال کے بعد جدائی لاحق ہونے سے پیدا ہونی والی کسک، محبوب سے دوری میں اُس کے یاد آنے کی کیفیت، خیال میں محبوب سے پیوست مگر فی الواقع اُس سے بچھڑے ہوئے عاشق کی حالت+تو=تیرے)۔ •غارت نتواں کردن: غارت نہیں کیا جا سکتا، تباہ نہیں کر سکتے۔ •خیزد: نکلتا ہے، اُمڈتا ہے (خاستن=نکلنا، اشک کے ساتھ آنے تو اُمڈنا، اُبلنا)۔ •در دیده شکستم من: آنکھوں میں روک لیتا ہوں، چھپا لیتا ہوں (در دیده اشک شکستن=آنسوؤں کو گرنے سے روکنا، چھپانا)۔

فرهنگ

فرزانه بگفتارم، دیوانه بکردارم
از بادهٔ شوق تو هشیارم و مستم من

❦❦❦❦❦

ترجمہ

قول میں دانا ہوں عمل میں دیوانہ ہوں
تیری چاہت کی شراب سے میں ہوشیار بھی ہوں اور مست بھی

❦❦❦❦❦

هوائے فرودیں در گلستاں میخانه می سازد
سبو از غنچه می ریزد ز گل پیمانه می سازد

محبّت چوں تمام اُفتد رقابت از میاں خیزد
به طوفِ شعلهٔ پروانه با پروانه می سازد

ترجمه

بہار کی ہوا گلستان میں میخانہ سجا رہی ہے
غنچے سے صراحی ڈھال رہی ہے پھول کو پیالہ بنا رہی ہے
جب محبّت کامل ہو جاتی ہے رقابت بیچ سے اُٹھ جاتی ہے
پروانے ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر ایک ہی شعلے کا طواف کرتے ہیں

فرہنگ

•ہوائے فرودیں: بہار کی ہوا (ہوا+فرودیں=فروردیں=پارسیوں کا پہلا مہینہ جو چیت بیساکھ کے دنوں میں پڑتا ہے جس کی اُنیسویں تاریخ کو زردشتی جشن مناتے ہیں۔ ہر شمسی ماہ کی انیسویں تاریخ کو بھی فروردیں کہا جاتا ہے، زردشتیوں کے ہاں جنّت سے متعلّق فرشتے کا نام)۔
•میسازد: بناربی ہے (ساختن=بنانا)۔
•سبو: شراب کی صُراحی۔ •می ریزد: ڈھال رہی ہے (ریختن=ڈھالنا)۔ •پیمانه: جام شراب، شراب کا پیالہ۔
•چوں: جب۔ •تمام اُفتد: کمال کو پہنچ جاتی ہے، مکمل ہو جاتی ہے (تمام=مکمّل+اُفتد=ہو جاتی ہے [اُفتادن=واقع ہونا])۔
•خیزد: اُٹھ جاتی ہے (خاستن=اُٹھنا، نکل جانا)۔ •بطوفِ شعلهٔ: ایک ہی شعلے کے طواف میں (به=میں، کے لئے+طوف=طواف+شعله+ءِ=ایک)۔
•با: سے، کے ساتھ •می سازد: میل رکھتا ہے، ایکا رکھتا ہے، مل جُل کے رہتا ہے (ساختن=میل رکھنا، مل جُل کے رہنا، ایکا کرنا)۔

به سازِ زندگی سوزے به سوزِ زندگی سازے
چه بیدردانه می سوزد چه بے تابانه می سازد

تنش از سایۂ بالِ تدروے لرزه میگرد
چو شاهیں زادۂ اندر قفس بادانه می سازد

فرہنگ

•ساز:بناؤ، وصال کی کیفیت۔ •سوز: جی کی جلن، فراق کی کیفیت۔ •از سایۂ بالِ تدروے: ایک چکور کے پر کی پرچھائیں سے (از=سے+سایه+بال=پر+تدرو=چکور+ے=ایک)۔ •لرزه میگیرد: کانپ اُٹھتا ھے (لرزه گرفتن=کانپ اُٹھنا)۔ •بادانه می سازد: دانے سے مانوس ہو جاتا ھے، چوگے پر راضی ہو جاتا ھے (بادانه ساختن: دانے پر راضی ہو جانا، دانے سے نباہ کر لینا)۔

ترجمہ

زندگی کے جوڑ میں ایک توڑ ھے، زندگی کے توڑ میں ایک جوڑ
کس بیدردی سے توڑتا ھے، کس بے تابی سے جوڑتا ھے
اُس کا بدن چکور کے پنکھ کی پرچھائیں سے (بھی) کانپ اُٹھتا ھے
جب کوئی شاھیں بچہ پنجرے میں دانہ پر راضی ہو جاتا ھے

فرهنگ

بگو اقبال را اے باغباں رخت از چمن بندد
که ایں جادو نوا مارا ز گل بیگانه می سازو

❦❦❦❦❦

ترجمه

اے باغبان اقبال سے کہدے (کہ) وہ چمن سے نکل جائے
کیونکہ یہ جادو نوا ہمیں گل سے بیگانہ بنائے دے رہا ہے

❦❦❦❦❦

از ما بگو سلامے آں ترکِ تند خو را
کآتش زد از نگاھے یک شھرِ آرزو را

ایں نکتہ را شناسد آں دل کہ دردمند است
من گرچہ تو بہ گفتم نشکستہ ام سبُو را

ترجمہ

ھماری طرف سے اُس آگ کے بنے تُرک سے کہنا
کہ تو نے ایک نگاہ سے تمنّا کا پورا شہر پھونک ڈالا
وہ دل اِس بھید کو بوجھ لے گا جو دردمند ھے
میں نے اگرچہ توبہ کا اعلان کیا مگر پیالہ توڑا نہیں

فرھنگ

• از ما: ھماری طرف سے (از=طرف سے+ما=ھماری)_ •بگو: تو کہنا، تو کہئیو (گفتن=کہنا)_• تُرکِ تند خو: تیز مزاج، غصیل
ترک (ترک=ترکستان کا باشندہ، فارسی کی عشقیہ شاعری میں محبوب کو کہتے ہیں+تند خو=غصیل، تیز مزاج، غضب والا)_ •کآتش زد: کہ اُس نے آگ لگا دی، جس نے جلا دیا (کہ+آتش=آگ+زد=اُس نے لگا دی [آتش زدن=آگ لگانا])_ •شناسد: پہچانے گا، پہچانتا ھے (شناختن=پہچاننا)_ •توبہ گفتم: میں نے توبہ کی، توبہ کی (توبہ گفتن=توبہ کرنا، صرف زبان سے توبہ کرنا)_ •نشکستہ ام: میں نے توڑا نہیں ھے (شکستن=توڑنا)_

اے بلبل از وفایش صدبار با تو گفتم
تو درکنار گیری باز ایں رمیدہ بورا

رمزِ حیات جوئی؟ جز در تپش نیابی
در قلزم آرمیدن ننگ است آبجو را

ترجمہ

اے بلبل میں نے سو بار تجھے اسکی وفا کا حال سُنایا
تو پھر اس بے اعتبارے کو سینے سے لگا لیتی ھے
تو زندگی کی کنہ کھوجتا ھے، بے کلی اور تڑپ میں
ملے گی اور کہیں نہیں
ندی کے لئے سمندر میں شانت ہو جانا باعثِ شرم ھے

فرہنگ

•از وفایش :اُس کی وفا کے بارے میں (از=بارے میں، کا+وفا+یش=اش=اُسکی)_ •باتو: تجھ سے، تجھے (با=سے_تو=تجھ)_ •تو درکنار گیری: تو آغوش میں لیتا ھے (در=میں+کنار=آغوش+گیری=تو لیتا ھے [درکنار گرفتن=آغوش میں لینا])_ •باز: پھر_ •رمیدہ بو: جس کی مہک اُڑ چکی ہو، پھول جس کی خوشبو خود اس میں قرار نہ پکڑتی ہو (رمیدہ=بھاگی ہوئی، اُڑی ہوئی+بو=خوشبو، مہک [رمیدن=بھاگ جانا])_
•جوئی: تو ڈھونڈتا ھے (جُستن=ڈھونڈنا)_
•جز: سوائے_ •تپش: تڑپ (تپیدن=تڑپنا)_ •نیابی: تو نہیں پائے گا (یافتن=پانا)_ •قلزم: سمندر، بڑا دریا_ •آرمیدن: آرام کرنا، سستانا_ •ننگ: باعثِ شرم، ذلت_ •آبجو: ندی_

شادم که عاشقاں را سوزِ دوام دادی
درماں نیا فریدی آزارِ جستجو را

گفتی مجو وصالم بالاتر از خیالم
عُذرِ نو آفریدی اشکِ بہانہ جو را

ترجمہ

میں خوش ہوں کہ تونے عاشقوں کو ہمیشہ رہنے والی
جی کی جلن بخشی
(اور) طلب کے روگ کا دارو نیں پیدا کیا
تو نے کہا میرے وصال کی طلب مت کر میں خیال سے بھی بلند ہوں
(پھوٹ بہنے کا) بہانہ ڈھونڈنے والے آنسوؤں کو تو نے راہ سُجھا دی

فرہنگ

•شادم:میں خوش ہوں (شاد=خوش+م=میں ہوں)_ •سوزِ دوام: ہمیشہ رہنے والی جلن (سوز=جلن+دوام=ہمیشہ، نت)_ •دادی: تو نے دیا (دادن=دینا)_ •درماں: علاج، دارو_ •نیافریدی: تو نے نیں بنایا، نیں پیدا کیا (آفریدن=تخلیق کرنا)_ •بالاتر از خیالم: میں خیال سے بلند ہوں (بالا=بلند، اونچا+تر=زیادہ+از=سے+خیال=تصور+م=میں ہوں)_ •عذرِ نو: نیا بہانہ (عذر=بہانہ+نو=نیا)_ •آفریدی: تو نے ایجاد کیا، پیدا کیا (آفریدن=پیدا کرنا، ایجاد کرنا)_ •اشکِ بہانہ جو: بہانہ ڈھونڈے والا آنسو (اشک=آنسو+بہانہ+جو=بمعنی جوئندہ، ڈھونڈنے والا (جُستن=ڈھونڈنا)_

از ناله برگلستاں آشوبِ محشر آور
تا دم به سینه پیچد مگذارَ هاے و ہو را

❦❦❦❦❦

ترجمه

دکھ بھرے دل کی پکار سے باغ پر قیامت لے آ
جب تک چھاتی میں دم ہے نالہ و فریاد مت چھوڑ

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•آشوبِ محشر: قیامت کا ہنگامہ (آشوب=ہنگامہ+محشر=میدانِ حشر، قیامت)_ •آور: برپا کردے، پیدا کردے (آوردن=لانا، ظاہر کرنا، پیدا کرنا)_ •تا: جب تک_ •پیچد: لپٹا رہے، لگا رہے (پیچیدن=لپٹنا، کنڈل مارنا)_ •مگذار: مت چھوڑ (گذاردن=گذاشتن=ترک کرنا، چھوڑ دینا)_
•ہاے و ہو: نالہ و فریاد، مصیبت کے ماروں کا رونا پیٹنا، شور شرابا)_

آشنا هر خار را از قصهٔ ما ساختی
در بیابانِ جنون بُردی و رُسوا ساختی

جُرمِ ما از دانهٔ، تقصیرِ او از سجدهٔ
نے بآں بیچاره می سازی نه با ما ساختی

ترجمه

تونے ہر کانٹے کو میری داستان سے آشنا کردیا
(تو مجھے) دیوانگی کے بن میں لے گیا اور رُسوا کر دیا
ہمارا جرم گندم کا ایک دانه، اُس کا قصور ایک سجده (نه کرنا)
تو نه اُس بے چارے سے خوش ہے نه ہم سے راضی ہوا

فرہنگ

•ساختی: تو نے بنایا، کیا (ساختن=بنانا، کرنا)_ •در بیابانِ جنوں: دیوانگی کے صحرا میں (بیابانِ=صحرا، بن بیڑ+جنون=دیوانگی)_ •بردی: تو لے گیا (بُردن=لے جانا)_ •از: بسبب، کی وجه سے_
•دانهٔ: ایک دانه (دانه+ٔ=ایک)_
•تقصیرِ او: اُس کی خطا (تقصیر=خطا، قصور، گناه+او=اُسکی)_ •بآں بیچاره: اُس بیچارے کیساتھ (به=ساتھ، سے+آں=اُس+بیچاره=مجبور، عاجز)_ •می سازی: تو خوش ہے (ساختن=بنا کے رکھنا، راضی ہونا، تحمل کرنا)_ •با ماساختی: تو ہم سے راضی ہوا (با=سے، ساتھ+ما=ہم+ساختی=تو راضی ہوا)_

صد جہاں می روید از کشتِ خیالِ ما چو گل
یک جہان و آں ہم از خونِ تمنّا ساختی

پرتوِ حُسنِ تو می اُفتد بروں مانندِ رنگ
صورتِ مے پردہ از دیوارِ مینا ساختی

فرہنگ

•می روید :(اگتا ہے(رستن=(اگنا ، سر باہر نکالنا ،طلوع ہونا-
•پرتوِ حسنِ تو: تیرے حُسن کی چھوٹ (پرتو=عکس ، چھوٹ+حُسن+تو=تیرے)_ •می اُفتد : پڑتی ہے ، پڑرہی ہے (اُفتادن=پڑنا)_
•دیوارِ مینا: شیشے کی دیوار (دیوار +مینا=شیشہ ، شراب کی صراحی، شیشے کا پیالہ)_

ترجمہ

ہمارے خیال کی کھیتی سے سیکڑوں عالم پھولوں کیطرح اُگتے ہیں
تونے ایک دُنیا بنائی اور وہ بھی تمنّاؤں کے لہو سے
تیرے حُسن کی چھوٹ رنگ کی طرح باہر پڑ رہی ہے
تونے شراب کی صورت شیشے کی دیوار کو اوٹ بنایا

طرحِ نو افگن که ماجدت پسند اُفتاده ایم
ایں چه حیرت خانۂ امروز و فردا ساختی

❦❦❦❦❦

ترجمه

کوئی نئی بنیاد ڈال که هم جدّت پسند واقع ہوئے ہیں
تونے یه کیا سر چکرا دینے والی آج اور کل کی سرائے بنائی هے

❦❦❦❦❦

فرهنگ

•طرحِ نو:نئی بنیاد ،تازه اساس(طرح= بنیاد ،نیو+نو=نئی، تازه)_ •افگن: تو ڈال (افگندن=ڈالنا)_ •جدّت پسند: نئے پن کو پسند کرنے والا (جدّت=نیا پن+پسند=بمعنی پسندنده، پسند کرنے والا، قبول کرنے والا، سراهنے والا [پسندیدن=پسند کرنا، قبول کرنا، سراهنا، انتخاب کرنا])_ • اُفتاده ایم: هم واقع ہوئے ہیں (اُفتادن=واقع ہونا)_•حیرت خانۂ امروز و فردا:آج اور کل کا اچنبھے میں ڈالنے والا گھر، مُراد کائنات جو زمانے کے تابع هے (حیرت=اچنبها، تعجّب، حیرانی+خانه=گھر+امروز=آج یعنی زمانۂ حال+و=اور+فردا=آنے والا کل یعنی مستقبل)_

خوش آنکه رختِ خرد را به شعلۂ مَے سوخت
مثالِ لاله مَتاعے ز آتشے اندوخت

تو هم ز ساغرِ مے چهره را گلستاں کُن
بهار، خرقه فروشی به صوفیاں آموخت

ترجمه

مبارک هے وہ جس نے عقل کے جمع جتھّے کو شراب
کے شعلے سے بھسم کر دیا
گلِ لاله کیطرح آگ ہی کو اپنی پونجی بنا لیا
تو بھی ایک پیاله شراب سے چہرے کو گلستان کرلے
بہار نے تو الله والوں سے خرقے نیلام کروا دئیے

فرهنگ

•خوش آنکه: خوش قسمت هے وه جو، اچھّا رہا وه جس نے ،مبارک هے وه جو (خوش=اچھّا ،خوب، مبارک، خوش قسمت+آں=وه+که=جو)_
•رختِ خرد: عقل کا اثاثه (رخت=اثاثه، سامان، اسباب+خرد=دُنیاوی عقل)_•به شعلۂ مے: شراب کے شعلے سے (به=سے ،میں+شعله=آگ کی لو، آگ+مے=شراب)_ •سوخت: اُس نے جلایا (سوختن=جلانا)_
•متاعے:بہت بڑی دولت (متاع=سرمایه، پونجی+ے=یاے تعظیمی، بہت بڑی)_ •اندوخت: اُس نے فراهم کی، جمع کی، حاصل کی (اندوختن=فراهم کرنا، جمع کرنا، حاصل کرنا)_ •آموخت: اُسنے سکھا دی (آموختن=سکھانا)_

دلم تپید ز محرومیِ فقیهِ حرم
که پیرِ میکده جامے بفتویٔ نفروخت

مسنج قدرِ سرود از نوائے بے اثرم
ز برقِ نغمه تواں حاصلِ سکندر سوخت

ترجمه

مفتیِ حرم کی محرومی پر میرا دل کُڑھا
که شرابخانے کے پیر نے اُس کے فتوے کے مول شراب کا
ایک پیاله بھی نه دیا
میری بے اثر پکار سے سرود کی قیمت نه آنکو
نغمے کی بجلی سے سکندر کی کھیتی جل سکتی ھے

فرهنگ

•تپید : کڑھا ، تڑپا (تپیدن=تڑپنا)_ •محرومیِ فقیهِ حرم: فقیه حرم کی محرومی ،محرومی+فقیه= فقه کا عالم ، فتی+حرم=کعبے کا گردا گرد ، مکّه اور مدینے کے مقدّس حدود)_ •بفتونے:فتوے کے عوض (به=کے بدلے+فتوا+ے=ایک)_•نفروخت:(اس نے نیں بیچا (فروختن=بیچنا)_ •مسنج: مت تول ، اندازه نه لگا (سنجیدن=تولنا ،اندازه لگانا ،قیمت مقرّر کرنا)_ •قدرِ سرود : نغمے کی قدر و قیمت (قدر=قیمت+سرود=نغمه ، گیت [سرودن=گانا])_ •تواں حاصلِ سکندر سوخت: سکندر کی فصل جلائی جا سکتی ، سکندر کی کھیتی جل سکتی ھے (تواں فعلِ معاون مصدر توانستن=سکنا+حاصل=فصل کھیتی ، ثمره ، مُراد ھے سلطنت+سکندر=مقدونیه کا بادشاه سکندر جس نے قریب قریب آدھی دُنیا فتح کر لی تھی+سوخت=سوختن=جلنا ، جلانا)_

صبا به گلشنِ ویمر سلامِ ما برساں
که چشم نکته وراں خاکِ آں دیار افروخت

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•به گلشنِ ویمر: ویمر کے گلزار کو (به=میں ، کو+گلشن=گلزار ، بھلواڑی+ویمر=جرمنی کا ایک شہر جہاں مشہور جرمن شاعر گوئٹے مدفون ہے)_ •برساں: تو پہنچا (رساندن=رسانیدن=پہنچانا)_ •چشمِ نکته وراں: نکته وروں کی آنکھ (چشم=آنکھ+نکته وراں=نکته ور کی جمع ، باریک ، لطیف اور ته کی بات رکھنے والے ، دانا ، عارف [نکته=ته کی بات ، بھید+ور=رکھنے والا)_ •افروخت: اُس نے روشن کی (افروختن=روشن کرنا)_

ترجمہ

صبا ویمر کے گلشن تک ہمارا سلام پہنچا دے
کہ اُس سر زمین کی خاک نے گیانیوں کی آنکھوں کو روشنی بخشی

❦❦❦❦❦

بیار بادہ کہ گردوں بکامِ ما گردید
مثالِ غنچہ نواہا ز شاخسار دمید

خورم بیادِ تنک نوشیِ امامِ حرم
کہ جُز بہ صحبتِ یارانِ رازداں نچشید

ترجمہ

شراب لے آ کہ آسمان ہمارے چاہے پر چلنے لگا
نغمے ٹہنیوں سے کلی بن کر پھوٹنے لگے
میں بڑے شیخ جی کے چُھپ چُھپ کے ذرا ذرا سی پینے
کی یاد میں پیتا ہوں
جنھوں نے ہمراز یاروں کی سنگت کے علاوہ کہیں نہیں چکھی

فرہنگ

•بیار: تو لے آ، لا۔ •بادہ: شراب۔ •گردوں: آسمان۔ •بکامِ ما گردید: ہمارے چاہے پر چلا، ہماری خواہش کے مطابق ہو گیا (بہ=موافق، ساتھ+کام=آرزو، چاہت، مُراد+ما=ہماری+گردید=وہ گھوما، چلا، ہوا) •ز شاخسار: پیڑوں کے جُھنڈ سے (ز=از=سے+شاخسار=پیڑوں کا جھنڈ جہاں شاخیں آپس میں گتھ سی جاتی ہیں)۔ •دمید: پھوٹی (دمیدن=پھوٹنا)۔

•خورم: میں پیتا ہوں (خوردن=پینا)۔ •بیادِ تنک نوشی امامِ حرم: امامِ حرم کے کم کم پینے کی یاد میں (بہ=میں+یاد+تنک نوشی=تھوڑا تھوڑا پینا [نوشیدن=پینا]+امام+حرم)۔ •صحبتِ یارانِ رازداں: بھروسے کے دوستوں کی صحبت (صحبت=رفاقت، مجلس+یاراں=یار کی جمع، دوست، بے تکلّف دوست+رازداں=راز جاننے والے)۔ •نچشید: اُس نے نہیں چکھی (چشیدن=چکھنا)۔

فزوں قبیلۂ آں پختہ کار باد کہ گفت
چراغِ راہِ حیات است جلوۂ اُمید

نوا ز حوصلۂ دوستاں بلند تر است
غزل سرا شدم آنجا کہ ہیچکس نشنید

ترجمہ

اُس پختہ کار کا قبیلہ پھلتا پھولتا رہے جس نے کہا
اُمید کی جھلک زندگی کے راستے کا چراغ ہے
نغمہ یاروں کے حوصلے سے زیادہ بلند ہے
میں وہاں غزل سرا ہوا جہاں کوئی سننے والا نہ تھا

فرہنگ

•فزوں: زیادہ، بڑھا ہوا۔ •قبیلۂ آں پختہ کار: اُس پختہ کار کا قبیلہ (قبیلہ+آں=اُس+پختہ کار=تجربہ کار، دانشمند، دانا، اونچ نیچ اچھا بُرا سمجھنے والا)۔ •باد: ہو جائے، رہے (بودن=ہونا، رہنا)۔ •غزل سرا شدم: میں غزل سرا ہوا (غزل+سرا=بمعنی سرائندہ، گانے والا [سرائیدن=گانا)+شُد=ہوا [شدن=ہونا]+م=میں)۔ •ہیچکس: کوئی شخص، کوئی بھی (ہیچ=کوئی، کسی+کس=شخص) •نشنید: اُس نے نہیں سُنا (شنیدن=سننا)۔

عیارِ معرفتِ مشتری است جنسِ سخن
خوشم ازانکه متاعِ مرا کسے نخرید

ز شعرِ دلکشِ اقبال میتواں دریافت
که درسِ فلسفه میداد و عاشقی ورزید

❦❦❦❦❦

ترجمه

جنسِ سخن خریدار کی پہچان کی کسوٹی ہے
میں اس بات سے خوش ہوں کہ میری پونجی کسی نے نہیں خریدی
اقبال کی دل کھینچ لینے والی شاعری سے بوجھا جا سکتا ہے
کہ اُس نے فلسفے کا درس دیا اور عاشقی (بھی) اختیار کی

فرہنگ

•عیارِ معرفتِ مشتری:گاہک کی پہچان کو پرکھنے والی کسوٹی (عیار=کسوٹی+معرفت=شناخت، پہچان، ادراک+مشتری=گاہک، خریدار)_ •جنسِ سخن: شعر کا مال (جنس=مال، اسباب+سخن=شعر)_ •خوشم: میں خوش ہوں (خوش+م=ہوں) •ازانکه: اس بات سے کہ، اس سے کہ • (از=سے+آں=اس+کہ)_ •متاعِ مرا: میری پونجی کو، میرا اثاثہ (متاع=پونجی، سرمایہ+من=میری+را=کو)_ •نخرید: اُس نے نہیں خریدا (خریدن=خریدنا)_ •می تواں دریافت: پایا جا سکتا ہے، دیکھا جا سکتا ہے (توانستن=سکنا+ دریافتن=پانا، سمجھ لینا)_ •میداد: اُس نے دیا، دیتا رہا (دادن=دینا)_ •ورزید: اُس نے اختیار کی (ورزیدن=اختیار کرنا، کسی کام میں جُت جانا، کسی کام میں مہارت پیدا کرنا)_

تیر و سنان و خنجر و شمشیرم آرزوست
با من میا که مسلکِ شبّیرم آرزوست

از بهرِ آشیانه خس اندوزیم نگر
باز ایں نگر که شعلهٔ درگیرم آرزوست

ترجمه

تیر اور برچھی اور خنجر اور تلوار میری آرزو ھے
میرے ساتھ نہ آ کہ میں شبیر کی راہ پر چلنا چاھتا ہوں
آشیانہ بنانے کے واسطے میرا تنکے جمع کرنا دیکھ
پھر یہ (بھی) دیکھ کہ میں بھڑکتے ہوئے شعلے کا آرزومند ہوں

فرہنگ

•سنان: بھالا ،برچھی۔
•شمشیرم آرزوست: تلوار میری آرزو ھے (شمشیر=تلوار+م =میری+آرزو=تمنّا+است =ھے)۔ •بامن: میرے ساتھ (با=ساتھ+من=میرے)۔ •میا: تو مت آ (آمدن=آنا)۔ •مسلکِ شبّیرم آرزوست: شبّیر کا راستا میری آرزو ھے (مسلک=راستا ، طریقہ ، روش+شبّیر=حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید کربلا+م= میری+آرزو+اَست=ھے)۔ •از بہرِ آشیانہ: آشیانے کے لئے ، گھونسلا بنانے کے واسطے (از بہر=کے لئے+آشیانہ)۔ •خس اندوزیم: میرا گھاس پھوس جمع کرنا (خس=سوکھی گھاس ، گھاس پھوس+اندوزی=جمع کرنا ، فراھم کرنا ، ڈھیر کرنا[اندوختن=جمع کرنا]+م=میری)۔ •نگر: تو دیکھ (نگریستن=دیکھنا)۔ •باز: پھر ، دوبارہ۔ •شعلهٔ درگیرم آرزوست: مجھے بھڑکتے ہوئے شعلے کی آرزو ھے (شعلہ+درگیر=بمعنی درگیرندہ ، بھڑکتا ہوا ،روشن[درگرفتن آگ کا بھڑکنا ، روشن ہونا ، گھیر لینا]+م=مجھے+آرزو+است=ھے)۔

گفتند لب به بند و ز اسرارِ ما مگو
گفتم که خیر! نعرۂ تکبیرم آرزوست

گفتند هر چه در دلت آید ز ما بخواه
گفتم که بے حجابیِ تقدیرم آرزوست

فرهنگ

•بے حجابیِ تقدیرم آرزوست:
مجھے تقدیر کا پردہ اُٹھنے
کی آرزو ھے (بے حجابی=
بنا اوٹ ہونا ، ظاھر
ہونا+تقدیر+م=مجھے+آرزو+است=ھے)۔

ترجمہ

اُنھوں نے کہا ہونٹ سی لے اور ھمارے اسرار مت بیان کر
میں بولا کہ بہتر! (مگر) مجھے نعرۂ تکبیر بلند کرنے کی آرزو ھے
اُنھوں نے کہا تیرے جی میں جو کچھ آتا ھے ھم سے مانگ لے
میں نے عرض کی کہ مجھے تقدیر کو بنا اوٹ دیکھنے کی آرزو ھے

از روزگارِ خویش ندانم جز ایں قدر
خوابم ز یاد رفته و تعبیرم آرزوست

کو آں نگاہِ ناز کہ اوّل دلم ربود
عمرت دراز بَاد ہماں تیرم آرزوست

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•از: کا، کے متعلّق۔ •روزگارِ خویش: اپنے دن رات (روزگار=زمانہ، دن رات+خویش=اپنا)۔ •ندانم: میں نہیں جانتا ہوں (دانستن=جاننا)۔ •ز یاد رفتہ: بھولا ہوا (ز=از=سے+یاد+رفتہ=گزرا ہوا، نکلا ہوا[از یاد رفتن=فراموش ہو جانا) •تعبیرم آرزوست: مجھے تعبیر کی آرزو ہے (تعبیر+م=مجھے+آرزو+است=ہے)۔ •کو: کہاں، کدھر [ہے]۔ •ربود: وہ لے گئی، اُس نے لیا (ربودن=لے اُڑنا)۔

ترجمہ

مجھے اپنے دن رات کی بس اتنی سُدھ ہے
میرا خواب جی سے بسر گیا ہے اور مجھے تعبیر کا ارمان ہے
کدھر ہے وہ چت چور نظر جو پہلی بار میرا دل لے گئی تھی
تیری عمر دراز ہو مجھے اُسی تیر کی تمنّا ہے

❦❦❦❦❦

دانۂ سبحه به زنّار کشیدن آموز
گر نگاهِ تو دوبین است ندیدن آموز

پا ز خلوت کدۂ غنچه برون زن چو شمیم
با نسیمِ سحر آمیز و وزیدن آموز

فرهنگ

•دانۂ سبحه: تسبیح کا دانه (دانه+سبحه=تسبیح)_ •زنّار: جنئیو_ •کشیدن=یہاں مراد ہے پرونا_ •آموز: تو سیکھ (آموختن=سیکھنا)_ •دوبین: ایک کو دو دیکھنے والی، بھینگی، احول_ •آمیز: تو مل، گھُل مل جا، میل پیدا کر (آمیختن=آمیزیدن=ملنا، گھُل مل جانا، میل ملاپ رکھنا)_ •وزیدن:ہوا کا سنکنا، چلنا-

ترجمه

زُنّار میں تسبیح کا دانه پرونا سیکھ
اگر تیری نظر ایک کو دو دیکھنے والی ہے تو نه دیکھنا سیکھ
کلی کی بند کوٹھری سے خوشبو کیطرح قدم باہر نکال
صبح کی ہوا کا ساتھ پکڑ اور چلنا سیکھ

آفریدند اگر شبنمِ بے مایه ترا
خیز و بر داغِ دلِ لاله چکیدن آموز

اگرت خارِ گلِ تازه رسے ساخته اند
پاسِ ناموسِ چمن دار و خلیدن آموز

ترجمه

اگر تجھے ناچیز شبنم بنایا گیا ھے
تو اُٹھ اور لالے کے جی کی جلن پر ٹپکنا سیکھ
اگر تجھے نورس گلاب کا کانٹا بنایا گیا ھے
تو چمن کی آبرو کی پاسبانی کر اور کھٹکنا سیکھ

فرهنگ

•آفریدند: اُنھوں نے بنایا یعنی خدا نے خلق کیا (آفریدن=پیدا کرنا، خلق کرنا)_ •شبنمِ بے مایه: نا چیز شبنم (شبنم=اوس+بے مایه=ناچیز، حقیر، کھکَل)_ •ترا: تجھے (تو=تجھ+را=کو)_ •خیز: اُٹھ (خاستن=خیزیدن=اُٹھنا، اُٹھ کھڑا ہونا)_ •چکیدن: ٹپکنا_
•اگرت: اگر تجھے (اگر+ت=تجھے)_ •خارِ گلِ تازه رسے: تازه تازه پھول کا کانٹا (خار=کانٹا+گل=گلاب کا پھول، پھول+تازه=نیا+رس=بمعنی رسیده، آیا ہوا، اُگنے والا[رسیدن=شگفته ہونا]+ے=یائے تنکیر)_ •ساخته اند: اُنھوں نے بنایا ھے (ساختن=بنانا)_
•پاسِ ناموسِ چمن دار: چمن کی آبرو کا پاس رکھ، باغ کے ناموس کی حفاظت کر (پاس=لحاظ، خیال، پاسبانی، پہره+ناموس=آبرو، عزّت، حُرمت+چمن+دار=تو رکھ [داشتن=رکھنا])_ •خلیدن: چبھنا، کھٹکنا_

باغباں گر ز خیابانِ تو بر کند تُرا
صفتِ سبزہ دگر بارہ دمیدن آموز

تا تو سوزندہ تر و تلخ تر آئی بیروں
عُزلتِ خم کدہءِ گیر و رسیدن آموز

ترجمہ

اگر باغبان نے تجھے تیری پھلواڑی سے اُکھاڑ دیا
تو سبزے کی طرح دوبارہ اُگنا سیکھ
تاکہ تو خوب تلخ اور بالکل آگ بن کے باہر آئے
کسی میخانے کا کونا پکڑلے اور پختہ ہونا سیکھ

فرہنگ

•خیابانِ تو: تیری پھلواڑی
(خیابان=باغ میں پیڑ پودوں کے بیچ بنا ہوا راستا، روش، چمن، کیاری، پھلواڑی+تو=تیرے)_ •برکند: اُس نے اُکھاڑا (برکندن=اُکھاڑنا)_ •صفتِ سبزہ: سبزے کی طرح
(صفت=طرح+سبزہ)_
•دمیدن: اُگنا، پھوٹنا، مٹّی سے سر نکالنا_ •تا: تاکہ_ •سوزندہ تر: خوب آگ لگانے والا،سخت جلانے والا (سوزندہ=آگ لگانے والا، جلانے والا، دہکانے والا [سوختن=جلانا]+تر=اور زیادہ، بہت)_
•آئی:تو آئے (آمدن=آنا)_
•عزلتِ خمکدہءِ گیر: شراب خانے کا گوشہ پکڑ
(عُزلت=گوشہ نشینی، تنہائی+خم=مٹّی کا مٹکا جس میں شراب بھر کے کچھ مدت کے لئے چھوڑ دی جاتی ہے تاکہ پُرانی ہو کر زیادہ نشہ آور بن جائے، وہ گھڑا جس میں شراب بنائی جاتی ہے، شراب کا مٹکا+کدہ=خانہ، مکان، جگہ+ءِ=کونی، کسی+گیر=تو پکڑ [گرفتن=پکڑنا، اختیار کرنا])_
•رسیدن: پکنا، پختہ ہونا، کامل ہونا، کمال کو پہنچنا_

تا کجا در تہِ بالِ دگراں می باشی
در ہوائے چمن آزادہ پریدن آموز

درِ بتخانہ زدم مغ بچگانم گفتند
آتشے در حرم افروز و تپیدن آموز

❦❦❦❦❦

ترجمہ

تو کہاں تک دوسروں کے پر تلے رہے گا
چمن کی ہوا میں آزادی سے اُڑنا سیکھ
میں نے آتشکدے کا دروازہ کھٹکھٹایا مغبچوں نے مجھے کہا
حرم میں آگ روشن کر اور تڑپنا سیکھ

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•تاکجا: کہاں تک (تا=تک+کجا=کہاں)۔ •درتہِ بالِ دگراں: دوسروں کے پر تلے (در=میں+تہ=نیچے، تلے+بال=پنکھ، پر+دگراں=دگر کی جمع، دوسرے)۔ •می باشی: تو رہے گا (بودن=رہنا)۔ •آزادہ: آزاد، آزادی سے۔ •پریدن: اُڑنا۔ •در بتخانہ زدم: میں نے بتخانے کا در کھٹکھٹایا (در=دروازہ+بتخانہ+زدم=میں نے کھٹکھٹایا [درزدن=دروازہ کھٹکھٹانا، دستک دینا])۔ •مغبچگانم گفتند: مغبچے مجھ سے بولے (مغ بچگاں =مغبچہ کی جمع، آتش پرست لڑکے، بت پرست+م=مجھے+گفتند=اُنھوں نے کہا [گفتن=کہنا])۔ •افروز: تو روشن کر (افروختن=آگ روشن کرنا)۔ •تپیدن=تڑپنا۔

ز خاکِ خویش طلب آتشے که پیدانیست
تجلیِ دگرے در خورِ تقاضا نیست

بملکِ جم ندهم مصرعِ نظیری را
"کسے که کشته نه شد از قبیلۂ مانیست"

ترجمه

آپ اپنی ماٹی سے وہ آگ مانگ جو ظاهر نیں هے
کسی اور کی روشنی مانگے جانے کے لائق نیں هے
میں نظیری کا یه مصرع جمشید کی سلطنت کے بدلے بهی نه دوں
"وہ جو مارا نه گیا همارے قبیلے سے نیں"

فرهنگ

•خاکِ خویش: اپنی خاک (خاک+خویش=اپنی)_ •طلب: طلب کر، مانگ (طلبیدن=مانگنا، ڈهونڈنا)_ •تجلیِ دگرے: کسی اور کی روشنی (تجلی=روشنی+دگر=دوسرا+ے=کونی، کسی)_ •درخور تقاضا: تقاضے کے لائق، مانگے جانے کے قابل (درخور=لائق، سزاوار+تقاضا=مانگ، خواهش، در خواست)_
•بملکِ جم: جمشید کی سلطنت کے بدلے (به=بدلے، عوض+ملک=سلطنت، بادشاهی+جم=مشهور ایرانی بادشاه جمشید)_ •ندهم: میں نه دوں (دادن= دینا)_ •مصرعِ نظیری را: نظیری کے مصرعے کو (مصرع+نظیری=مغلیه دور کا مشهور فارسی شاعر نظیری نیشاپوری جس نے اکبر اور جهانگیر کا زمانه پایا_ فارسی غزل میں اس کا شمار صفِ اوّل میں هوتا هے_ اقبال نے یهاں نظیری کے جس مصرع کا حواله دیا هے اُس کا مصرعِ اوّل یه هے :
ع "گریزد از صف ما هر که مرد غوغا نیست"
+را=کو)_•کشته نشد :مارا نه گیا (کشته=مقتول+نه=نیں+شد=هوا)_

اگرچه عقل فسوں پیشه لشکرے انگیخت
تو دل گرفته نه باشی که عشق تنها نیست

تو ره شناس نه ای وز مقام بیخبری
چه نغمه ایست که در بربطِ سلیمی نیست

فرهنگ

•عقلِ فسوں پیشه: فریبی عقل (عقل+فسوں پیشه=فریبی، عیّار)۔ •لشکرے: بڑا لشکر (لشکر=فوج، دل+ے=بہت بڑا)۔ •انگیخت: اُس نے چڑھایا، کھڑا کر دیا، حرکت دی (انگیختن=چڑھانا، اُبھارنا، کھڑا کرنا، حرکت دینا، بھڑکانا)۔ •دل گرفته: اُداس ،مایوس
• نباشی: تم مت ہونا (بودن=ہونا)۔ •ره شناس: لے پہچاننے والا(ره=راه=لے، آهنگ، نغمه+شناس=بمنی شناسنده=پہچان رکھنے والا[شناختن=پہچاننا])۔
•نه ای: تو نہیں هے(نه=نہیں+ای=استی=توهے)۔
•وز مقام: اور سُر سے(و=اور+از=سے+مقام=سُر)۔ •در بربط سلیمی: سلیمی کے بربط میں(در=میں+بربط+سلیمی=عرب کی ایک روایتی محبوبه)۔

ترجمه

اگرچه دھوکے باز عقل نے ایک دَل اُٹھا دیا
(مگر) تم مایوس نه ہونا کیونکه عشق اکیلا نہیں هے
تو لے کی پہچان رکھنے والا نہیں اور سُر سے بے خبر هے
وه کون سا نغمه ہے جو سلیمی کے بربط میں نہیں

نظر بخویش چناں بستہ ام کہ جلوۂ دوست
جہاں گرفت و مرا فرصتِ تماشا نیست

بیا کہ غلغلہ در شہرِ دلبراں فگنیم
جنونِ زندہ دلاں ہرزہ گردِ صحرا نیست

فرہنگ

•نظر بخویش چناں بستہ ام: میں اپنی دید میں ایسا گم ہوں (نظر بخویش بستن=اپنے آپ میں گم ہو جانا، اپنی دید میں کھو جانا، مراقبۂ انفسی)_ •گرفت: وہ چھا گیا(گرفتن=چھا جانا، فتح کرنا)_ •فرصت تماشا:دیکھنے کی فرصت (فرصت+تماشا=دید،نظارہ)_ •غلغلہ: ہنگامہ،بابو_ •فگنیم:ہم ڈالیں، برپا کریں(فگندن=افگندن=ڈالنا، برپا کرنا)_ •ہرزہ گرد صحرا: صحرا کا آوارہ گرد(ہرزہ=بے ہودہ، واہی تباہی، فضول+گرد=بمعنی گردندہ، پھرنے والا[گردیدن=پھرنا]+صحرا)_

ترجمہ

میں اپنی ہی دید میں ایسا گم ہوں کہ دوست کا جلوہ
سارے عالم پر چھا گیا اور مجھے آنکھ اُٹھانے کی فرصت نہیں
آ کہ دلبروں کے شہر میں ہنگامہ برپا کردیں
زندہ دلوں کا جنوں صحرا میں واہی تباہی پھرنا نہیں ہے

ز قید و صیدِ نہنگاں حکایتے آور
مگو کہ زورقِ ما روشناسِ دریا نیست

مُریدِ ہمّتِ آں رہروم کہ پا نگذاشت
بہ جادہءِ کہ درو کوہ و دشت و دریا نیست

ترجمہ

مگر مچھوں کے شکار کا احوال سُنا
یہ مت کہہ کہ میری کشتی سمندر کا رُخ نہیں پہچانتی
میں اُس مسافر کی ہمّت کا مُرید ہوں جس نے قدم نہ رکھا
اُس راستے پر جس میں پہاڑ اور جنگل اور دریا نہیں

فرہنگ

•ز قید و صیدِ نہنگاں: مگر مچھوں کے شکار کی(زِ=کی+قید+و =اور+صید=شکار، شکار کرنا+ نہنگاں=نہنگ کی جمع، مگر مچھ)_ •حکایتے: کوئی قصّہ(حکایت+ے=کوئی)_ •آور: تو لا(آوردن=لانا)_ •مگو: تو مت کہہ (گفتن=کہنا)_ •زورقِ ما: ہماری ناؤ(زورق=چھوٹی کشتی، ڈونگا+ما=ہماری)_ •روشناسِ دریا: سمندر سے واقف(روشناس=واقف، پہچان رکھنے والا+دریا=سمندر)_ •مُریدِ ہمّتِ آں رہروم: میں اُس مسافر کی ہمّت کا مُرید ہوں(مُرید=ارادت رکھنے والا+ہمّت=حوصلہ، جیوٹ پن، مطلوب کی راہ میں حائل ہونے والی ہر رکاوٹ اور سختی کو جھیل کر اُسے دور کرنا+آں=اُس+رہرو=راستا چلنے والا، مسافر+م=میں ہوں)_ •پا نگذاشت: اُس نے پاؤں نہیں رکھا، قدم نہیں دھرا(پاگذاشتن=قدم رکھنا])_ •بہ جادہءِ: اُس راستے پر(بہ=پر، میں+جادہ=راستا+ءِ=اُس)_ •درو: اُس میں(در=میں+او=اُس)_

شریک حلقۂ رندانِ بادہ پیما باش
حذر ز بیعتِ پیرے کہ مردِ غوغا نیست

برہنہ حرف نگفتن کمالِ گویائی است
حدیثِ خلوتیاں جُز بہ رمز و ایما نیست

❦❦❦❦❦

ترجمہ

مے نوش رندوں کے حلقے میں شریک ہوجا
اُس پیر کی بیعت سے بھاگ جو میدان کا دھنی نیں
بات کو کھول کے نہ کہنا گویانی کا کمال ہے
پہنچے ہوئے زاویہ نشین گیانی بس اشارض کنانے میں کلام کرتے ہیں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•شریکِ حلقۂ رندانِ بادہ پیما باش: مے نوش رندوں کے حلقے میں شامل ہوجا(شریک+حلقہ=ہم ذوق اور ہم مشرب لوگوں کی مجلس+رنداں=رند کی جمع، آزاد، بے پروا، لاأبالی، بے فکرے، بے قید، کسی رسم، رواج اور عادت کی پابندی نہ کرنے والے+بادہ پیما=شراب خوار[بادہ پیمودن=شراب نوشی کرنا]+باش=تو ہوجا[بودن=ہونا، رہنا])۔ •حذر: ڈر، بھاگ، بچ۔

•حدیث خلوتیاں: گوشہ نشیں گیانیوں کی گفتگو، حقیقت کو بے پردہ دیکھنے والے عارفوں کی بات، محبوبِ حقیقی کی بارگاہِ خاص تک رسانی رکھنے والوں کا قول(حدیث=بات، قول، بیان+خلوتیاں=خلوتی کی جمع، گوشہ نشیں، خلق سے لا تعلق اور حق سے جڑے ہوئے، محبوب کی خلوت تک رسانی رکھنے والے)۔

موج را از سینۂ دریا گسستن می تواں
بحرِ بے پایاں بجوے خویش بستن می تواں

از نواے می تواں یک شہرِ دل درخوں نشاند
یک چمن گل از نسیمے سینہ خستن می تواں

ترجمہ

موج کو دریا کی چھاتی سے الگ کیا جا سکتا ھے
اتھاہ سمندر اپنی ندی میں سمویا جا سکتا ھے
ایک نغمے سے دل کا ایک شہر لہو میں غرق کیا جا سکتا ھے
نسیم کے ایک جھونکے سے چمن بھر پھولوں کا
سینہ چاک ہو سکتا ھے

فرہنگ

•گسستن می تواں: توڑا جا سکتا ھے، جدا کرنا ممکن ھے گسستن=توڑنا، جدا کرنا، کاٹنا+می تواں=مصدر توانستن بمعنی سکنا، قدرت رکھنا سے فعلِ معاون جو ہمیشہ کسی فعل کے ساتھ آتا ھے اور "سکنا" یعنی امکان کے معنی دیتا ھے)۔ •بحرِ بے پایاں: اتھاہ سمندر(بحر=سمندر+بے=بلا، بغیر+پایان=تھاہ)۔ •بجوے خویش: اپنی ندی میں(بہ=میں، سے+جو=ندی+خویش=اپنی)۔ •بستن می توان: سمویا جا سکتا ھے(بستن=سمونا، بند کرنا+می تواں)۔ •می تواں یک شہرِ دل درخوں نشاند: دل کا ایک شہر خون میں غرق کیا جا سکتا ھے(می تواں+یک=ایک+ابر+دل+در=میں+خوں+نشاند=می تواں نشاند=غرق کیا جا سکتا ھے، ڈبونا ممکن ھے[نشاندن=غرق کرنا])۔ •سینہ خستن می تواں: سینہ زخمی کیا جا سکتا ھے(سینہ+خستن=زخمی کرنا+می تواں)۔

می توان جبریل را کنجشکِ دست آموز کرد
شهپرش با موے آتش دیده بستن می توان

اے سکندر! سلطنت نازک تر از جامِ جم است
یک جهان آئینه از سنگے شکستن می توان

ترجمه

جبریل کو ہلی ہوئی چڑیا (ایسا) بنا سکتے ہیں
اُس کے شہپر جلے ہوئے بال سے باندھے جا سکتے ہیں
اے سکندر بادشاہی جمشید کے پیالے سے زیادہ نازک ہے
آئینوں کا ایک جہان ایک پتّھر سے چور ہو سکتا ہے

فرہنگ

•می توان جبریل را کنجشک دست آموز کرد: جبریل کو ہلی ہوئی چڑیا بنا سکتے ہیں(می توان+جبریل+را=کو+کنجشک=چڑیا+دست آموز=ہلی ہوئی، ہلانی ہوئی، پالتو+کرد=می توان کرد=کرسکتے ہیں، بنایا جا سکتا ہے(کردن=کردینا، بنانا))_ •شهپرش اُس کا شہپر(شهپر=عظیم پر+ش=اُسکا)_ •باموے آتش دیده: جلے ہوئے بال کے ساتھ
•بستن می توان: باندھا جا سکتا ہے(بستن=باندھنا+می توان)_
•سکندر: سکندرِ مقدونی، یہاں مُراد ہے کوئی بھی بڑا بادشاہ_

گر بخود محکم شوی سیلِ بلا انگیز چیست
مثلِ گوہر دز دلِ دریا نشستن می تواں

من فقیرِ بے نیازم مشربم این است و بس
مومیائی خواستن نتواں شکستن می تواں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•مومیانی: جوڑنا ، مومیا ایک سیاہ رنگ کی دوا جو لاش کو حنوط کرنے اور ٹوٹی ہوئی چیزیں جوڑنے کے کام آتی ہے۔ •خواستن نتواں: نہیں مانگ سکتا ، آرزو نہیں کی جا سکتی(خواستن= خواہش کرنا ، مانگنا+نہ=نہیں+تواں)۔ •شکستن می تواں: ٹوٹ سکتا ہے (شکستن=ٹوٹنا+می تواں)۔

ترجمہ

اگر تو اپنے آپ میں اٹل ہو جائے تو چیختی چنگھاڑتی
ڈراؤنی باڑھ کیا چیز ہے
موتی کی طرح سمندر کے دل میں قرار کیا جا سکتا ہے
میں بے نیاز فقیر ہوں میرا مشرب یہ ہے اور بس
ٹوٹ سکتے ہیں تہام کے لئے جُھک نہیں سکتے

❦❦❦❦❦

صد نالۂ شبگیرے، صد صبحِ بلا خیزے
صد آہِ شرر ریزے یک شعر دلآویزے

در عشق و هوسناکی دانی که تفاوت چیست
آں تیشۂ فرهادے ایں حیلۂ پرویزے

ترجمه

پچھلے پہر کے سیکڑوں نالے سیکڑوں بلا خیز صبحیں
چنگاریاں برساتی سیکڑوں آہیں ایک جی میں کھُب جانے والا شعر
تو جانتا ہے کہ عشق اور ہوسناکی میں کیا فرق ہے؟
وہ فرہاد کا تیشہ یہ پرویز کا مکر

فرہنگ

•نالۂ شبگیرے: پچھلے پہر کا نالہ(نالہ=آہ و فریاد، رونا+شبگیر=رات کا آخری پہر+ے=یائے تحسین)۔ •صبح بلا خیزے: آفت برپا کرنے والی صبح(صبح=بلا=آفت، مصیبت، سختی+خیز=بمعنی خیزندہ، اُٹھانے والی، برپا کرنیوالی[خیزیدن=اُٹھنا، برپا ہونا]+ے=یائے تحسین)۔ •آہ شرر ریزے: چنگاریاں بکھیرنے والی آہ(آہ+شرر=چنگاری+ریز=بمعنی ریزندہ، بکھیرنے والی[ریختن=بکھیرنا]+ے=یائے تحسین)۔
•بوسناکی: ہوس سے بھرا ہونا، ہوس کا اُبال، ہوس۔ •دانی: تو جانتا ہے(دانستن=جاننا)۔ •تفاوت: فرق۔ •حیلۂ پرویزے: (حیلہ=مکر، فریب، دھوکا+پرویز=فرہاد کا رقیب ایرانی بادشاہ جس نے دھوکے سے اُس کی محبوبہ شیریں کو ہتھیا لیا تھا+ے=یائے تحقیر)۔

با پردگیاں بر گو کایں مشتِ غبار من
گردیست نظر بازے خاکیست بلاخیزے

ہوشم برد اے مطرب مستم کند اے ساقی
گلبانگِ دل آویزے از مُرغِ سحر خیزے

ترجمہ

(آسمان کی) اوٹ لینے والوں سے کہہ دو کہ یہ میری مٹھی بھر مٹی
گرد ہے تاک جھانک کرتی خاک ہے طوفان اُٹھاتی
اے مطرب میرے ہوش اُڑا لیجاتی ہے اے ساقی
مجھے مست کر دیتی ہے
کسی بلبل کی دل میں اُتر جانے والی چہکار

فرہنگ

•با پردگیاں: پردہ نشینوں سے، فرشتوں سے(با=سے، کو+پردگیاں=پردگی کی جمع، پردہ نشیں، چھپے ہوئے مُراد فرشتے)۔ •برگو: تو کہہ دے(برگفتن=کہنا، بیان کرنا)۔ •ہوشم: میرے ہوش (ہوش+م=میرے)۔ •برد: لے جاتاھے(بُردن=لے جانا) •مطرب: گانے والا، گویّا۔ •مستم کند: مجھے مست کر دیتا ھے(مست+م=مجھے+کند=کرتا ھے[کردن=کرنا])۔ •گلبانگِ دلآویزے: دل میں اُتر جانے والی چہکار(گلبانگ=پرندوں کی چہکار، چہچہا+دلآویز=دلپسند، دل میں اُتر جانے والی+ے=یائے تعظیم و تحسین)۔ •مُرغِ سحر خیزے: بلبل(مُرغِ سحر خیز=بلبل+ے=کسی)۔

از خاکِ سمرقندے ترسم که دگر خیزد
آشوبِ هلاکوے هنگامۂ چنگیزے

مطرب غزلے بیتے از مُرشدِ روم آور
تا غوطه زند جانم در آتشِ تبریزے

❦❦❦❦❦

ترجمه

مجھے ڈر ہے کہ سمرقند کی خاک سے پھر اُٹھنے کو ہے
کسی ہلاکو کا طوفان کسی چنگیز کا ہنگامہ
اے مطرب کوئی غزل کوئی شعر مُرشدِ رومی کے ہاں سے
تاکہ میری روح تبریز کی آگ میں غوطہ لگائے

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•خاک سمرقندے: سمرقندے کی خاک، سمرقند کی زمین(خاک=خاک، زمین+سمرقند=روسی ترکستان کا ایک مشہور شہر جو کبھی منگولوں کی سلطنت میں شامل تھا+ے=یائے زائد). •ترسم: میں ڈرتا ہوں(ترسیدن=ڈرنا)_ •دگر: پھر، دوبارہ_ •خیزد: اُٹھے، برپا ہوگا(خاستن=خیزیدن=اُٹھنا)_ •بیتے: کوئی شعر(بیت=شعر+ے=کوئی)
•مرشدِ روم: روم کے مُرشد، پیر رومی مراد ہیں مولانا جلال الدین بلخی رومی
•آور: سُنا، چھیڑ(آوردن=روایت کرنا، کسی کی کوئی بات سُنانا)_
•غوطه زند: وہ غوطه لگائے(غوطه زدن=غوطه لگانا)_ •آتشِ تبریزے: تبریز کی آگ(آتش+تبریز=آذربیجان کا ایک شہر، شمس تبریزی کا وطن جن کی طرف اس مصرع میں اشارہ ہے+ے=یائے تعظیمی)_

باز به سُرمه تاب ده چشمِ کرشمه زاے را
ذوقِ جنوں دوچند کن شوقِ غزلسراے را

نقشِ دگر طراز ده آدمِ پخته تر بیار
لعبتِ خاک ساختن می نه سزد خداے را

ترجمه

جادو جگانے والی آنکھ کو پھر سُرمے سے تاب دے
لہکتے گاتے شوق میں دیوانگی کی لذّت دوبالا کردے
کوئی اور نقش اُبھار ایک خوب محکم آدم پیدا کر
نری مٹّی کی مورت بنانا خدا پر نہیں سجتا

فرهنگ

•باز: پھر_ •تاب ده: چمکا(تاب دادن=چمکانا) چشم کرشمه زاے والی آنکھ(چشم=آنکھ+کرشمه=آنکھ کا اشاره، جادو، کرامت+زا=بمعنی زاینده، پیدا کرنے والی+ے=یائے تعظیمی)_ •ذوقِ جنوں: دیوانگی کی لذّت، مزا، کسی شے کا حسّی تجربه، مستی+جنوں=دیوانگی، عشق کی انتہائی شدّت، جذب)_ •شوقِ غزلسراے: مستی میں گاتا ہوا شوق(شوق=چاده، محبوب کو دیکھ کر اُس کے وصال کی تڑپ+غزل+سرا=بمعنی سرائنده، گانے والا(سرائیدن=سرودن=گانا)_
•طراز ده: تو ترتیب دے،بنا(طراز دادن=ترتیب دینا، سجانا، بنانا)_
•بیار: تو تخلیق کر، تو پیدا کر، تو ظاهر کر(آوردن=ظاهر کرنا، پیدا کرنا)_ •لعبتِ خاک: مٹّی کا پتلا(لعبَت=پتلا، گڑیا، مورت+خاک)_
•ساختن: بنانا_ •می نه سزد: سزاوار نہیں ہے، زیب نہیں دیتی(سزیدن=سزاوار ہونا، لائق ہونا)

قصۂ دل نگفتنی است دردِ جگر نہفتنی است
خلوتیاں! کجا برم لذّتِ ہائے ہائے را

آہِ درونہ تاب کو اشکِ جگر گداز کو
شیشہ بسنگ می زنم عقلِ گرہ کشائے را

ترجمہ

دل کا قصہ کہنے کا نہیں ہے جگر کی چوٹ دکھانے کی نہیں ہے
اے خلوت نشینو! میں ہائے ہائے کی لذّت کو کدھر لے جاؤں
چھاتی گرمانے دل چمکانے والی آہ کہاں، جگر موم
کرنے والے آنسو کہاں
میں گتھیاں کھولنے والی عقل کا شیشہ پتھر پر مارتا ہوں

فرہنگ

•نگفتنی: بیان کرنے کا
ہیں(نہ=نہیں+گفتن=کہنا، بیان
کرنا+ی=یانے لیاقت، کے لائق، کا)۔
•نہفتنی: چھپانے کے
لائق(نہفتن=چھپانا+ی=یانے لیاقت)۔
•خلوتیاں: اے گوشہ نشینو، محبوب
کی خلوت تک پہنچنے والو، محبوب
کے اسرار جاننے والو، خلوتی کی
جمع۔ •برم: لے جاؤں(بُردن=لے جانا)۔
•آہِ درونہ تاب: باطن کو چمکانے
والی آہ، دل کو حرارت پہنچانے والی
آہ(آہ+درونہ=دروں=باطن، بھیتر،
دل+تاب=بمعنی تابندہ، چمکانے
والی[تابیدن=چمکنا، روشن کرنا،
حرارت دینا])۔ •کو: کہاں۔ •ساز:
بناؤ، وصال کی کیفیت۔ •سوز: جی
کی جلن، فراق کی کیفیت۔

بزم به باغ و راغ کش زخمه به تارِ چنگ زن
باده بخور، غزل سرائے بند کشا قبائے را

صبح دمید و کارواں کرد نماز و رخت بست
تو نشنیدہ ای مگر زمزمۂ درائے را

ترجمہ

باغ اور سبزہ زار میں محفل گرم کر ستار پر مضراب لگا
شراب پی غزل چھیڑ قبا کے بند کھول
پو پھٹی اور قافلے نے نماز ادا کی اور سامان باندھا
تو نے مگر گھنٹی کی آواز نہیں سنی

فرہنگ

•بزم به باغ و راغ کش=باغ اور سبزہ زار میں محفل سجا (بزم= محفل+ به = میں+باغ +راغ=سبزہ زار+ کش= تو برپا کرا(بزم کشیدن= سبھا لگانا، محفل گرم کرنا)) •زخمه: مضراب، چوب، ساز بجانے کی چھڑی. •زن :تو مار، لگا (زدن=مارنا، لگانا). •بخور: تو پی (خوردن ،پینا). •سرائے: تو گا (سرائیدن=سرودن=گانا). •کشا: تو کھول (کشادن=کشودن=کھولنا). •دمید: طلوع ہوئی، پھوٹی (دمیدن=طلوع کرنا ،پھوٹنا). •کرد نماز: اُس نے نماز ادا کی (نماز کردن=نماز پڑھنا). •رخت :سامان ،اسباب. •بست: اُس نے باندھا (بستن=باندھنا). •تونشنیدۂ: تو نے نہیں سُنا ہے (شنیدن=سننا). •زمزمۂ درائے: گھنٹی کی آواز (زمزمه=مترنم آواز، دور سے آتی ہوئی گانے کی آواز جس کے الفاظ سمجھ میں نہ آئیں+درا=جرس، گھنٹا+ے=یائے زائد). •را :کو.

نازِ شہاں نمی کشم زخمِ کرم نمی خورم
در نگرِ اے ہوس فریب ہمتِ ایں گدائے را

❦❦❦❦❦

ترجمہ

میں بادشاہوں کا احسان نہیں اُٹھاتا.
بخشش کا زخم نہیں کھاتا
اے ہوس کے پرچانے ہونے! اِس فقیر کی ہمت دیکھ

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•نازِ شہاں: بادشاہوں کے ناز، احسان (ناز=بڑائی، احسان، نوازش+شہاں=شہ کی جمع، بادشاہ). •نمی کشم: نہیں برداشت کرتا ہوں، نہیں اُٹھاتا ہُوں (کشیدن=تحمل کرنا، اُٹھانا، کھینچنا [ناز کشیدن=چاکری کرنا، نخرے اُٹھانا]). •زخمِ کرم: کرم کا گھاؤ (زخم+کرم=بخشش، عنایت، مہربانی). •نمی خورم: نہیں کھاتا ہوں (خوردن=کھانا). •درنگر: تو دیکھ (درنگریستن=دیکھنا، خوب غور سے دیکھنا). •ہوس فریب: ہوس کے فریب میں آیا ہوا (ہوس+فریب=بمعنی فریبیدہ، فریب میں آیا ہوا، دھوکا کھانے والا [فریبیدن=دھوکا دینا])-

فریبِ کشمکشِ عقل دیدنی دارد
که میرِ قافله و ذوقِ رہزنی دارد

نشانِ راہ ز عقلِ ہزار حیلہ مپرس
بیا که عشق کمالے ز یک فنی دارد

ترجمہ

عقل کی ہاں ناں کا فریب قابلِ دید ہے
کہ سالارِ کارواں ہے مگر رہزنی کا چسکا رکھتی ہے
ترکیبوں کی بنی عقل سے راستے کا پتامت پوچھ
آ کہ عشق یک فنی کی وجہ سے کمال رکھتا ہے

فرہنگ

•فریبِ کشمکشِ عقل: عقل کی کشاکش کا دھوکا (فریب+کشمکش=کشاکش، کھینچا تانی، مخمصہ+عقل). دیدنی دارد=دیکھنے کے قابل ہے (دیدنی داشتن=دیکھنے کے قابل ہونا، قابلِ دید ہونا). •و: مگر. •ذوق رہزنی=رہزنی کا چسکا، رہزنی کی طرف میل (ذوق+رہزنی). •دارد: وہ رکھتی ہے (داشتن=رکھنا).
•عقلِ ہزار حیلہ: مکار عقل، ترکیبوں کی بنی عقل، طرح طرح کے کرتب رکھنے والی عقل (عقل+ہزار=ہزاروں، بے شمار+حیلہ=مکر، فریب، ترکیب).
•مپرس: تو مت پوچھ (پُرسیدن=پوچھنا). •بیا: تو آ (آمدن=آنا). •کمالے: بڑا کمال (کمال+ے=بڑا). •یک فنی: اک فنا ہونا، ایک ہی فن میں طاق ہونا.

فرنگ گرچه سخن با ستاره میگوید
حذر که شیوۂ او رنگِ جوزنی دارد

ز مرگ و زیست چه پُرسی دریں رباطِ کہن
که زیست کاہشِ جاں، مرگ جانکنی دارد

ترجمه

مغرب اگرچه ستاروں سے هم کلام هے
(مگر) خبردار که اس کا (بر) چمتکار تسخیر کے
ٹونے کی طرح هے
تو اس کہنه سرائے میں موت اور زندگی کا کیا پوچھتا هے
زندگی جان کا گھلنا هے ،موت جان کا
کھنچ کھنچ کر نکلنا

فرهنگ

•فرنگ: یورپ، مغرب.
•میگوید: وه کہه رہا هے
(گفتن=کہنا). •حذر: خبردار،بچ.
•شیوۂ او: اُس کا رنگ ڈھنگ
(شیوه=طریقه، طور،کرشمه+او=اُس
کا). •رنگِ جوزنی: جادوگری کا
رنگ (رنگ=حالت،وصف،
ڈھنگ+جوزن=جادوگر، عملِ تسخیر
کرنے والا، عامل، گیہوں یا جو
وغیرہ کے دانوں پر کچھ پڑھ کے
تسخیر کی غرض سے کسی شخص
کی طرف پھینکنے والا+ی=یانے نسبت
•ز: کا، کے بارے میں. •چه: کیا.
•پُرسی:تو پوچھتا هے
(پُرسیدن=پوچھنا). •دریں رباطِ
کہن: اس پُرانی سرائے میں
(در=میں+این=اس+رباط=سرائے،
مسافر خانه+کہن=پُرانی). •کاهشِ
جاں: جان کا گھلنا،گھٹنا
(کاہش=نقصان،کمی،گھٹنا
[کاہیدن=گھٹنا]+جاں=جان).
•جانکنی: نزع، جان نکلنے کی
اذیت ناک حالت-

سرِ مزارِ شہیداں یکے عناں درکش
کہ بے زبانیِ ما حرفِ گفتنی دارد

دگر بدشتِ عرب خیمہ زن کہ بزمِ عجم
مئے گذشتہ و جامِ شکستنی دارد

فرہنگ

•یکے:ذرا، تھوڑی دیر کے لئے
•عناں درکش: (گھوڑے کی) باگ کھینچ، ٹہر (عناں درکشیدن: گھوڑے کی باگ کھینچنا، کسی سوار کا راستے میں رکنا)۔
•دگر:پھر، دوبارہ۔
خیمہ زدن:خیمہ لگانا،پڑاؤ کرنا)۔
•مئے گذشتہ: باسی شراب، جوٹھی شراب۔

ترجمہ

(اے شہسوار اپنے) شہیدوں کے مزار پر ایک پل کو باگ کھینچ
کہ ہماری بے زبانی کے تئیں کچھ کہنے کو ہے
پھر عرب کے صحرا میں خیمہ لگا کہ عجم کی محفل میں
شراب ہے سو جوٹھی اور پیالہ ہے سو اب ٹوٹا کہ تب

نه شیخِ شہر نه شاعر نه خرقه پوش اقبال
فقیرِ راه نشین است و دل غنی دارد

❦❦❦❦❦

فرهنگ

•شیخِ شہر: شہر کا پیشوا (شیخ=بزرگ ،سردار ،پیشوا+شہر).
•خرقه پوش: گدڑی پہننے والا، صوفی (خرقه=گدڑی، صوفیوں اور درویشوں کا لباس+پوش=بمعنی پوشنده، پہننے والا (پوشیدن=پہننا). •فقیرِ راه نشیں: راستے پر بیٹھا ہوا فقیر (فقیر+راه+نشیں=بمعنی نشیننده، بیٹھنے والا (نشستن=بیٹھنا).
•و:مگر. •غنی:مالدار ،بے نیاز.

ترجمه

اقبال نه شہر کا پیشوا ہے نه شاعر نه صوفی.
راستے پر بیٹھا ہوا فقیر ہے مگر دل غنی رکھتا ہے

❦❦❦❦❦

حسرتِ جلوۂ آں ماہِ تمامے دارم
دست بر سینہ نظر برلبِ بامے دارم

حُسن می گفت کہ شامے نہ پذیرد سحرہ
عشق می گفت تب و تابِ دوامے دارم

ترجمہ

اُس ماہِ کامل کے دیدار کی حسرت رکھتا ہوں
ہاتھ سینے پر نظر چھت کی منڈیر پر رہتی ہے
حُسن کہہ رہا تھا کہ میری بھور کو سانجھ نہیں
عشق بولا میں اگنی کنڈ ہوں سدا دہڑ دہڑ کرتا

فرہنگ

•حسرتِ جلوۂ آں ماہِ تمامے: اُس پُورے چاند کے دیدار کی حسرت (حسرت+جلوہ=دیدار، جھلک، درشن+آں=اُس+ماہ=چاند+تمام=پورا کامل+ے=یائے تعظیمی)- •دارم: میں رکھتا ہوں (داشتن=رکھنا).

•لبِ بامے: چھت کی منڈیر (لب=کنارا، سرا+بام=چھت).

•می گُفت: کہہ رہا تھا (گفتن=کہنا). •پذیرد: قبول کرتی ہے (پذیرفتن=قبول کرنا، متاثر ہونا) •تب و تابِ دوامے: دائمی لپک اور چمک، ہمیشہ رہنے والا سوز و گداز (تب=گرمی، حرارت+و=اور+تاب=گرمی، چمک، +دوام=ہمیشگی+ے=یائے تعظیمی).

نه بامروز اسیرم نه به فردا نه به دوش
نه نشیبے نه فرازے نه مقامے دارم

بادۂ رازم و پیمانه گسارے جویم
در خرابات مغاں گردشِ جامے دارم

ترجمہ

میں نہ حال میں بند ہوں نہ مستقبل میں نہ ماضی میں
میرے تئیں نہ کوئی اُتار ہے نہ کوئی چڑھاؤ نہ کوئی ٹھکانا
میں غیب کی شراب ہوں اور کسی پینے والے
کی کھوج میں ہوں
میں مستوں کے حلقے میں پیالے کو
گردش میں رکھتا ہوں

فرہنگ

•بامروز: آج میں (به=میں+امروز=آج). •اسیرم: اسیر ہوں (اسیر+م=میں ہوں). •فردا: آنے والا کل. •دوش: گزرا ہوا کل. •نشیبے: کوئی اُتار (نشیب=پستی، نیچائی+ے=کوئی). •فرازے: کوئی چڑھاؤ (فراز=بلندی، اونچائی+ے=کوئی). •مقامے: کوئی ٹھکانا، پڑاؤ (مقام=جگہ، ٹھکانا، پڑاؤ+ے=کوئی). •بادۂ رازم: میں حقیقت کی شراب ہوں (بادہ=شراب+راز= حقیقت، معنی+م=میں ہوں) •پیمانہ گسارے: (بھرا ہوا) پیالہ پی جانے والا، قدح خالی کر دینے والا کوئی شخص (پیمانہ=شراب کا پیالہ، جام+ گسار=بمعنی گسارندہ، پینے والا [گساردن=گساریدن=پینا]+ے =کوئی) •جویم: میں ڈھونڈھتا ہوں (جُستن=ڈھونڈنا). •خرابات مغاں: آتش پرستوں کا شراب خانہ، اہلِ دل کا میکدہ (خرابات=شرابخانہ، شراب کی محفل+مغاں=مغ کی جمع، آتش پرست، اہلِ دل).

بے نیازانہ ز شوریدہ نوایم مگذر
مُرغِ لاہوتم و از دوست پیامے دارم

پردہ بر گیرم و در پردہ سخن می گویم
تیغِ خونریزم و خود را بہ نیامے دارم

❦❦❦❦❦

ترجمہ

میری مجذوب کی پکار ان سنی کرکے مت گذر
میں لاہوت کا پرندہ ہوں اور دوست کا پیغام لایا ہوں
میں اندیکھے کو دکھا دیتا ہوں مگر کلام چھپا کے کرتا ہوں
میں خون بہانے والی تلوار ہوں لیکن خود کو
نیام میں رکھتا ہوں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

بے نیازانہ:بے نیازی سے، بے پروائی سے
•شوریدہ نوایم: میری بکھری ہوئی آواز، میرا بے ربط نغمہ، میری دیوانگی بھری پکار (شوریدہ=بکھرا ہوا، پریشان، پراگندہ [شوریدن=بکھرنا، پراگندہ ہونا، ہیجان میں آنا])+نوا=آواز، نغمہ+یم=ام=میری)۔ •مگذر: تو مت گذر (گذشتن=گذرنا). •مرغِ لاہوتم: عالم لاہوت کا پرندہ ہوں (مُرغ=پرندہ+لاھوت=ذاتِ الیہ کا عالم+م=میں ہوں).
•پردہ برگیرم: میں پردہ اُٹھاتا ہوں، میں چھپے ہوئے کو ظاہر کرتا ہوں (پردہ+برگیرم=اُٹھاتا ہوں [برگرفتن=اُٹھانا])۔ •و:لیکن.
•سخن میگویم: بات کہتا ہوں (سخن=بات، کلام+میگویم=میں کہتا ہوں، میں کہہ رہا ہوں [گفتن=کہنا]. •تیغ خونریزم: خون بہانے والی تلوار ہوں (تیغ=تلوار+خوں=لہو+ریز=بمعنی ریزندہ، بہانے والی (ریختن=بہانا، گرانا)+م=میں ہوں)

بشاخِ زندگیِ ما نمے ز تشنه لبی است
تلاشِ چشمۂ حیواں دلیلِ کم طلبی است

حدیثِ دل بکه گویم چه راه برگیرم
که آه بے اثر است و نگاه بے ادبی است

ترجمه

هماری زندگی کی شاخ میں تراوٹ پیاس سے هے
آبِ حیات کی تلاش طلب کی خامی کی دلیل هے
دل کا دکھڑا کس سے کہوں کون سی راہ نکالوں
که آه بے اثر هے اور نظر اُٹھانا بے ادبی

فرهنگ

•بشاخِ زندگیِ ما: هماری زندگی کی شاخ میں(به=میں+شاخ+زندگی=ما=هماری)
•نمے: تری، طراوت، شادابی(نم=تری، تراوٹ+ے=یائے زائد)_ •تشنه لبی: پیاس_ •تلاشِ چشمۂ حیواں: آبِ حیات کے چشمے کی تلاش(تلاش+چشمه+حیواں=زندگی)_ •دلیلِ کم طلبی: طلب کی کمی کا ثبوت(دلیل=ثبوت+کم+طلبی=طلب ہونا،[طلبیدن=مانگنا، ڈھونڈنا])_
•حدیثِ دل: دل کا قصّه(حدیث=بات،بیان، قصّه+دل)_
•بکه: کس سے(به=سے+که=کون، کس)_ •گویم: میں کہوں(گفتن=کہنا)_
•برگیرم: اختیار کروں، چنوں(برگرفتن=منتخب کرنا، اختیار کرنا)_

غزل بزمزمه خواں پردہ پست تر گرداں
ہنوز نالۂ مُرغاں نوائے زیرِ لبی است

متاعِ قافلۂ ما حجازیاں بُردند
ولے زباں نکشائی کہ یارِ ما عربی است

ترجمہ

غزل دھیمے دھیمے گنگنا ، لے اور مدھم رکھ
ابھی پرندوں کا نالہ ہونٹوں میں دبا ہوا گیت ہے
حجازیوں نے ہمارے قافلے کی پونجی لوٹ لی
مگر زبان مت کھولنا کہ ہمارا محبوب(ابھی) عرب ہے

فرہنگ

•بزمزمہ: دھیمی لے میں(بہ=میں+زمزمہ=چپکے چپکے گانا ، دھیمی آواز سے گنگنانا ، وہ ترنّم جو صاف سُنائی نہ دے)۔
•خواں: تو پڑھ ، گا(خواندن=پڑھنا ، گانا)۔ •پردہ: سُر، لے۔ •پست: دھیما۔ •گرداں: تو کر(گرداندن=گردش دینا ، کرنا)۔ •ہنوز: ابھی، اب تک۔
•نالۂ مرغاں: پرندوں کی فریاد(نالہ+مُرغاں=مُرغ کی جمع ، پرندے)۔ •نوائے زیر لبی: ہونٹوں میں دبا ہوا نغمہ(نوا=نغمہ ، آواز+زیرِ لب=ہونٹوں ہونٹوں میں+ی=یائے نسبتی)۔ •متاعِ قافلۂ ما: ہمارے قافلے کا مال و متاع(متاع=پونجی+قافلہ+ما=ہمارے)۔
•حجازیاں: حجاز والے، عرب ، انگریزوں کے ساتھ شریف مکّہ کے گٹھ جوڑ کیطرف اشارہ ہے جس کے نتیجے میں اُمّتِ مسلمہ کی وحدت کو سخت دھچکا لگا۔
•بردند: وہ لے اُڑے(بُردن=لے اُڑنا ، لوٹ لینا)۔ •ولے: لیکن۔
•نکشائی: تم نہ کھولنا(کشادن=کھولنا)۔

نہالِ تُرک ز برقِ فرنگ بار آورد
ظہورِ مصطفوی(ص) را بہانہ بولہبی است

مسنج معنیِ من در عیارِ ہند و عجم
کہ اصلِ این گہر از گریہ ہاے نیم شبی است

ترجمہ

ترکوں کا پودا فرنگ کی بجلی سے پھل لایا
ظہورِ مصطفوی کے لئے بولہبی(تو ایک) بہانہ ہے
میرے کہے ہوئے بھید کو ہند اور ایران کی
کسوٹی پر مت پرکھ
کہ یہ موتی آدھی رات کو برستے آنسوؤں
کی گوت سے ہے

فرہنگ

•نہالِ ترک: ترکوں کا پودا(نہال=پودا ، پیڑ+ترک)_ •بار آورد: وہ درخت پھل لایا(بارآوردن=درخت کا پھل لانا)_ •مسنج: تو مت تول (سنجیدن=تولنا ، پرکھنا)_ •معنیِ من: میرا مقصودِ کلام ،میری شاعری کی حقیقت ، میرے لفظوں کے معنی (معنی=مُرادِ کلام ، لفظ کا مفہوم ، باطن ، حقیقت+من=میرا)_ •عیارِ ہند و عجم: ہند اور عجم کی ترازو ،کسوٹی(عیار=جواہرات تولنے کی ترازو ، کسوٹی+ہند= ہندوستان+و=اور+عجم =غیر عرب ممالک خصوصاً ایران)_ •گریہ ہاے نیم شبی: آدھی راتوں کا رونا گڑگڑانا(گریہ ہا=گریہ کی جمع ، رونا+نیم =آدھی+شب=رات+ی=یاے نسبت)_

بیا که من ز خُمِ پیرِ روم آوردم
مئے سخن که جواں تر ز بادۂ عنبی است

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بیا: تو آ، آجا (آمدن=آنا)۔ •زخُمِ پیرِ روم: روم کے پیر کے خُم سے (ز=از=سے+خم=شراب کا مٹکا، پیپا+پیر=شیخ، مُرشد+روم[پیرِ روم=مولانا رومی])۔ •آوردم: میں لایا ہوں (آوردن=لانا)۔
•بادۂ عنبی: انگوری شراب (بادہ=شراب+عنب=انگور+ی=یائے نسبت، کی)۔

ترجمہ

آ کہ میں پیرِ روم کے مٹکے سے لایا ہوں
سخن کی شراب جو انگوری شراب سے بڑھکر تُند ہے

❦❦❦❦❦

فرقے نہ نہد عاشق در کعبہ و بتخانہ
ایں جلوتِ جانانہ، آں خلوتِ جانانہ

شادم کہ مزارِ من در کوے حرم بستند
راہے زمژہ کاوم از کعبہ بہ بتخانہ

فرہنگ

•فرقے: کوئی فرق (فرق=+ے=کوئی)_ •نہ نہد: نیں رکھتا (نہادن=رکھنا، فرض کرنا)_ •جلوتِ جانانہ: محبوب کی رونمائی (جلوت=رونمائی، محفل+جانانہ=معشوق کی)_ •خلوتِ جانانہ: محبوب کی خلوت (خلوت=تنہائی+جانانہ)_ •شادم: میں خوش ہوں (شاد=خوش+م=میں ہوں)_ •بستند: انھوں نے بنایا، بنائی گئی (بستنِ مزار=مزار بنانا)_• مژہ: پلک_ •کاوم: کھودوں گا (کاویدن=کھودنا)_

ترجمہ

عاشق کعبے اور بت خانے کے بیچ کوئی فرق نیں کرتا
یہ محبوب کی سبھا وہ محبوب کی گپھا
میں خوش ہوں کہ میری قبر کوئے حرم میں بنائی گئی
کعبے سے بتخانے تک پلکوں سے ایک راستا کھود لوں گا

از بزمِ جہاں خوشتر از حور و جناں خوشتر
یک ہمدمِ فرزانہ وز بادہ دو پیمانہ

ہر کس نگہے دارد ہر کس سخنے دارد
در بزمِ تو می خیزد افسانہ ز افسانہ

ترجمہ

دُنیا و مافیہا سے اچھے حور اور جنّت سے بہتر
ایک ہوشیار ساتھی اور شراب کے دو پیالے
ہر شخص کے تئیں اپنی ایک نگاہ ہے ہر آدمی
کے پاس اپنی ایک بات
تیری محفل میں کہانی سے کہانی نکلتی چلی جاتی ہے

فرہنگ

•بزمِ جہاں: دُنیا کی انجمن، دنیا و مافیہا (بزم=انجمن+جہاں=دُنیا، کائنات)_ •خوشتر: مقابلتاً زیادہ اچھا (خوش=اچھا+تر=مقابلتاً زیادہ)_ •جناں: جنّت_ •ہمدمِ فرزانہ: عقل مند ساتھی (ہمدم=ساتھی، جی کا ساتھی+فرزانہ=عقلمند، دانا)_ •نگہے: مخصوص نظر، ایک نظر (نگہ=نگاہ، آنکھ+ے=ایک، خاص)_ •دارد: وہ رکھتا ہے (داشتن=رکھنا)_ •سخنے: ایک بات (سخن=بات+ے=ایک، کوئی)_ •می خیزد: اُٹھتا ہے، اُٹھتا رہتا ہے (خاستن=خیزیدن=اُٹھنا، برپا ہونا)_

این کیست که بر دلها آورده شبیخو نے؟
صد شہرِ تمنا را یغما زده تُرکانه!

در دشتِ جنونِ من جبریل زبوں صیدے
یزداں بہ کمند آور اے ہمتِ مردانه

ترجمه

یه کون هے جس نے دلوں پر شبخون مارا هے
تمنّا کے سینکڑوں شہر ترکوں کی طرح تاراج کر دئیے ہیں
میری دیوانگی کے صحرا میں جبریل ایک گرا پڑا شکار هے
اے ہمّتِ مردانه یزداں پر کمند ڈال

فرهنگ

•کیست: کون هے(که=کون+است=هے)_ •دلها: دل کی جمع_ •آورده شبیخونے: اُس نے چڑھائی کی هے(شبیخون آوردن=شبخون مارنا، دھاوا بولنا، چڑھائی کرنا)_
•یغما زده: اُس نے تاراج کردیا هے(یغما=لوٹ، غارت+زده=زده است=کیا هے[یغمازدن=غارت کرنا، لوٹ لینا])_ •ترکانه: ترکوں کی طرح(ترکاں=ترک کی جمع جن کی شجاعت اور حُسن و جمال فارسی شاعری کا مستقل موضوع رہا هے+ه=بانے تشبیه، کیطرح)_
•در دشتِ جنونِ من: میری دیوانگی کے صحرا میں(در=میں+دشت=صحرا، جنگل+جنوں=دیوانگی+من=میرے)_
•زبوں: بے چاره، عاجز، گرا پڑا_
•صیدے: ایک شکار(صید=شکار+ے=ایک)_
•یزداں: خدا_ •به کمند آور: تو پھندے میں کس دے، تو شکار کر(بکمند آوردن=شکار کرنا)_

اقبال به منبر زد رازے که نه باید گفت
نا پخته بروں آمد از خلوتِ میخانه

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•نباید گفت: نیں کہنا چاہنیے(نه+باید=چاہنیے[بایستن= ضروری ہونا ، درکار ہونا]+گفت=گفتن=کہنا)_ •ناپختہ: خام ، کچّا ، ادھورا_ •بروں: باہر_ •آمد: وہ آیا(آمدن=آنا)_ •خلوتِ میخانہ: میخانے کا گوشۂ تنہائی(خلوت=تنہائی ، اکّاپن ، مُراداً تنہائی میں کی جانے والی روحانی ریاضت+میخانہ=شرابخانہ)_

ترجمہ

اقبال نے منبر پر چڑھ کے پکار دیا وہ راز جو کہنے کا نہ تھا
یہ بیچ ہی میں میخانے کا کونا چھوڑ کے باہر نکل آیا

❦❦❦❦❦

بے تو از خوابِ عدم دیدہ کشودن نتواں
بے تو بودن نتواں با تو نبودن نتواں

در جہان است دلِ ما کہ جہاں در دلِ ماست
لب فروبند کہ ایں عقدہ کشودن نتواں

ترجمہ

تجھ بن عدم کی نیند سے آنکھ نیں کھل سکتی
تیرے بغیر ہستی محال ہے تیرے ساتھ نیستی ناممکن
ہمارا دل کائنات میں ہے یا کائنات ہمارے دل میں
ہونٹ سی لے کیونکہ یہ گتھی نیں سلجھ سکتی

فرہنگ

•بے تو: تجھ بن، تیرے بغیر(بے=بغیر+تو=تیرے)_ •خوابِ عدم: عدم کی نیند(خواب=نیند+عدم=نیستی، وجود کی ضد، جس میں وجود نہ پایا جائے)_ •دیدہ: آنکھ_
•کشودن نتواں: کھولنا ممکن نیں، نیں کھولی جا سکتی، نیں کھُل سکتی(کشودن=کھولنا، کھلنا+نہ=نیں+تواں=سکتا[توانستن=سکنا، ممکن ہونا])_ •بودن نتواں: ہونا ممکن نیں، ہستی ناممکن ہے(بودن=ہونا، موجود ہونا+نتواں)_
•باتو: تیرے ساتھ(با=ساتھ+تو=تیرے)_
•نہ بودن:نتواں:نہ ہونا ناممکن ہے، نیستی محال ہے(نہ=نیں+بودن+نتواں)_
•لب فروبند: زبان بند کرلے، ہونٹ سی لے(لب فروبستن=ہونٹ سی لینا، چپ سادھ لینا)_ •عقدہ: گتھی، مشکل_

دلِ یاراں ز نواہاے پریشانم سوخت
من ازاں نغمہ تپیدم کہ سرودن نتواں

اے صبا از تنک افشانیِ شبنم چہ شود
تب و تاب از جگرِ لالہ ربودن نتواں

ترجمہ

میری بکھری بکھری نواؤں سے یاروں کا دل پگھل گیا
مجھے اُس نغمے نے تڑپایا جو گایا نہیں جاسکتا
اے صبا شبنم کے بوند بوند چھڑکاؤ سے کیا ہوگا
گلِ لالہ کے جگر کی تپک چھینی نہیں جا سکتی

فرہنگ

•زنواہاے پریشانم: میرے پریشان نغموں سے(ز=از=سے+نواھا=نوا کی جمع، نغمے+پریشاں=بکھرے ہوئے، منتشر، جن میں کوئی مرکزیت نہ پائی جائے+م=میرے)_ •سوخت: وہ جلا(سوختن=جلنا)_ •ازاں نغمہ: اُس نغمے سے(از=سے+آں=اُس+نغمہ)_ •تپیدم: میں تڑپا(تپیدن=طپیدن=تڑپنا)_ •سرودن نتواں: گایا نہیں جا سکتا(سرودن=گانا+نتواں)_ •از تنک افشانی شبنم: شبنم کے کم کم چھڑکاؤ سے، ذرا سی اوس چھڑکنے سے(از=سے+تنک=کم، ذرا+افشانی=چھڑکاؤ، چھڑکاؤ[افشاندن=چھڑکنا]+شبنم)_ •چہ: کیا_ •شود: ہوگا، ہوتا ہے(شدن=ہونا)_ •تب و تاب: تپک اور لپک(تب=حرارت، گرمی+و=اور+تاب=چمک، گرمی، بل)_ •ربودن نتواں: چھینا نہیں سکتا(ربودن=چھین لینا، اُچک لینا+نتواں)_

دل بحق بند و کشادے ز سلاطیں مطلب
که جبیں بر درِ ایں بتکده سودن نتواں

❦❦❦❦❦

فرهنگ

•بحق: خدا سے (به=سے+حق=خدا)_• بند: تو باندھ، جوڑ(بستن=باندھنا، جوڑنا)_ •کشادے: مشکل کا حل، مصیبت سے چھٹکارا، فراغت(کشاد+ے=کوئی)_ •مطلب: تو مت طلب کر(طلبیدن=مانگنا، خواهش کرنا)_ •که: تاکه_ •بر درِ ایں بتکده: اس بتخانے کی چوکھٹ پر(بر=پر+در=چوکھٹ+ایں=اس+ بتکده=بتخانه)_ •سودن نتواں: نہیں رگڑی جا سکتی، نہ گھسی جا سکے(سودن=گھسنا، رگڑنا+نتواں)_

ترجمه

دل اللّٰه سے جوڑ اور بادشاہوں سے مراد مت مانگ
تاکه اِس بتخانے کی چوکھٹ پر ماتھا رگڑنے کی نوبت نه آسکے

❦❦❦❦❦

ایں گنبدِ مینائی ایں پستی و بالائی
درشد بہ دلِ عاشق با ایں ہمہ پہنائی

اسرارِ ازل جوئی؟ برخود نظرے واکن
یکتائی و بسیاری پنہانی و پیدائی

ترجمہ

یہ کامدار آبی گنبد یہ پستی اور بلندی
اس تمام پھیلاؤ سمیت عاشق کے دل میں سماگئی
تجھے ازل کے بھیدوں کی کھوج ہے خود پر آنکھیں کھول
ایک بھی تُو ہے ہزار بھی تو چُھپا ہوا بھی تو ہے ظاہر بھی تو

فرہنگ

•گنبدِ مینائی: مراد آسمان۔ •در شد:وہ سما گئی(درشدن=داخل ہونا ، بند ہونا ، سما جانا)۔•بہ دلِ عاشق: عاشق کے دل میں(بہ=میں+دل+عاشق)۔ •با: ساتھ ، سمیت۔
•پہنائی: پھیلاؤ، وسعت۔
•اسرارِ ازل: ازل کے بھید ، قدیم حقائق(اسرار=سرّ کی جمع، راز ، بھید ، حقیقت+ازل=ماضی جس کا کوئی نقطۂ آغاز نہیں ، قدم کی جہت ماضی ، زمانے کے وجود سے پہلے کا زمانہ ، تخلیقِ کائنات سے پہلے کا زمانہ)۔ •جوئی: تو ڈھونڈتا ہے(جُستن=ڈھونڈنا)۔
•یکتائی: تو یکتا ہے (یکتا=واحد ، یگانہ+نی=ای=توہے)۔ •بسیاری: تو کثیر ہے(بسیار=کثیر ، بڑی تعداد ، بہت+ی=تو ہے)۔ •پنہانی: تو پوشیدہ ہے(پنہاں=پوشیدہ ، چھپا ہوا+ی=توہے)۔ •پیدائی: تو ظاہر ہے(پیدا=ظاہر+ی)۔

اے جانِ گرفتارم دیدی که محبت چیست؟
در سینه نیاسائی از دیده بروں آئی

برخیز که فروردیں افروخت چراغِ گل
برخیز و دمے بنشیں با لالۂ صحرائی

ترجمه

اے میری جانِ گرفتار تو نے دیکھ لیا که محبَت کیا ھے؟
تجھے چھاتی بیچ چین نیں ھے آنکھوں سے نکل نکل آتی ھے
اُٹھ که بہار نے پھول پھول چراغ روشن کر دئیے
اُٹھ اور دم بھر کو بن کے لالے کے ساتھ بیٹھک کر

فرہنگ

•جانِ گرفتارم: میری عشق کی ماری جان، محبَت میں مبتلا میری جان، پکڑ میں آئی ہوئی میری جان(جان+گرفتار+م=میری)۔ •دیدی: تو نے دیکھا(دیدن=دیکھنا)۔ •محبَت:چاہت کی ایسی شدید کیفیت جو دل میں سما نہ سکے اور باھر چھلک پڑے۔ •چیست: کیا ھے(چہ=کیا+است=ھے)۔ •نیاسائی: تو نہیں ٹکتی(آسودن=آسائیدن=سستانا، آرام کرنا، ٹکنا، چین پکڑنا)۔ •برخیز: تو اُٹھ کھڑا ہو(برخیزیدن=برخاستن=اُٹھ کھڑا ہونا)۔ •فروردیں: مُراد بہار کا مہینہ۔ •افروخت: اُس نے روشن کیا(افروختن=روشن کرنا)۔ •دمے: ایک پل کے لئے۔ •بنشیں: تو بیٹھ جا(نشستن=بیٹھنا)۔ •با لالۂ صحرائی: صحرا کے گلِ لالہ کے ساتھ(با=ساتھ+لالہ+صحرا+ئی=یائے نسبت)

عشق است و ہزار افسوں، حُسن است و ہزار آئیر
نے من به شمار آیم نے تو به شمار آئی

صد ره بفلک برشد، صد ره به زمیں در شد
خاقانی و فغفوری، جمشیدی و دارائی

ترجمه

عشق ھے اور ہزار چالیں، حُسن ھے اور ہزار ادائیں
نہ مجھے گنا جا سکتا ھے، نہ تیری گنتی ہو سکتی ھے
سو بار آسمان تک پہنچی، سو بار زمین میں دھنسی
خاقانی اور فغفوری، جمشیدی اور دارائی

فرهنگ

•افسوں: جادو، منتر، ٹوٹکا، ٹونا، فریب_ •آئیں: ادا، شیوہ، سنگھار، انداز، صفت_ •نے: نہ_ •به: میں_ •شمار: گنتی_ •آیم: آتا ہوں(آمدن=آنا)_
•صد: سو، سینکڑوں_ •ره: بار، مرتبہ_ •بفلک: آسمان تک، پر(به=تک، پر+فلک=آسمان)_
•برشد: بلند ہوئی، اوپر گئی(برشدن=اوپر جانا، بلند ہونا)_
•به: میں_ •درشد: وہ دھنس گئی(درشدن=داخل ہونا، سماجانا)_
•خاقانی: خاقان کی سلطنت(خاقان=چین کے قدیم بادشاہوں کا خاندانی لقب+ی=یائے نسبت)_ •فغفوری: فغفور کی حکومت(فغفور=چین کے قدیم بادشاہوں کا لقب+ی=یائے نسبت)_
•جمشیدی: جمشید کی بادشاہت(جمشید=ایران کا ایک قدیم بادشاہ+ی=یائے نسبت)_
•دارائی: دارا کاراج(دارا=قدیم ایران کا ایک مشہور بادشاہ+ی=یائے نسبت)_

فرهنگ

هم با خود و هم با او هجراں که وصال است ایں؟
اے عقل چه میگوئی اے عشق چه فرمائی

❦❦❦❦❦

ترجمه

اپنے آپ میں بھی رہنا اور اُس میں بھی گم
ہونا یہ جُدائی ہے کہ ملن؟
اے عقل تو کیا کہتی ہے، اے عشق تیرا کیا فرمانا ہے

❦❦❦❦❦

به یکے از صوفیه نوشته شد

هوسِ منزلِ لیلی نه تو داری و نه من
جگرِ گرمیِ صحرا نه تو داری و نه من

من جواں ساقی و تو پیرِ کہن میکدۂ
بزمِ ما تشنه و صہبا نه تو داری و نه من

ترجمه

صوفیوں میں سے ایک شخص
کی طرف لکھی گئی

لیلی کے پڑاؤ تک پہنچنے کی دُھن نہ تجھے ہے نہ مجھے
صحرا کی گرمی کا جگرا نہ تو رکھتا ہے اور نہ میں
میں نیا ساقی ہوں اور تو ایک پُرانے میخانے کا مسند نشین
ہماری محفل پیاسی ہے اور شراب نہ تو رکھتا ہے نہ میں

فرہنگ

•بوسِ منزلِ لیلی: لیلی کی منزل کا بوکا(بوس=بوکا، بے حد خواهش+منزل=پڑاؤ، قیامگاه+لیلی=عرب کی ایک داستانی محبوبه، مُراد محبوب، مطلوب)۔
•داری: تو رکھتا ہے(داشتن=رکھنا)۔ •جگرِ گرمیِ صحرا: صحرا کی گرمی کی تاب(جگر=تاب، سکت، برداشت، حوصله+گرمی+صحرا)۔
•ساقی: شراب بانٹنے والا۔
•پیرِ کہن میکدهٔ: ایک پُرانے شراب خانے کا مسند نشین(پیر=بزرگ، بوڑھا، گرو، شیخ+کہن=پُرانا+میکده=شراب خانه+ٔ=ایک)۔
•صہبا: سُرخ شراب، شراب کی ایک خاص قسم۔

دل و دیں در گروِ زہرہ وشانِ عجمی!
آتشِ شوقِ سلیمی نہ تو داری و نہ من

خزفے بود کہ از ساحلِ دریا چیدیم
دانۂ گوہرِ یکتا نہ تو داری و نہ من

ترجمہ

دل اور دین عجمی حسینوں کے پاس رہن رکھا ہوا ہے
سلیمی کی چاہت کی آگ نہ تو رکھتا ہے اور نہ میں
وہ تو ایک ٹھیکری تھی جو ہم ساحل سے چُن لائے
کوئی سچّا موتی نہ تیرے پاس ہے اور نہ میرے پاس

فرہنگ

•در گروِ زہرہ وشانِ عجمی: عجم کے حسینوں کے رہن میں(در=میں+گرو=رہن، قید، گروی+زہرہ وشاں=زہرہ وش کی جمع، زہرہ ایسے حسین+عجمی=عجم کے)۔ •آتشِ شوقِ سلیمی: سلیمی کی چاہت کی آگ(آتش=آگ+شوق=چاہت+سلیمی=عرب شاعری کی ایک روایتی محبوبہ)۔
•خزفے: ایک ٹھیکری، وہ ٹھیکرا(حرف=ٹھیکری+ے=ایک، وہ)۔ •بود: تھی۔ •کہ: جو۔ •از ساحلِ دریا: سمندر کے کنارے سے(از=سے+ساحل=دریا=سمندر)۔ •چیدیم: ہم نے چُنا(چیدن=چننا)۔ •دانۂ گوہر یکتا: سچّے موتی کا دانہ(دانہ+گوہر=موتی+یکتا=واحد، قیمتی، بے مثال)۔

دگر از یوسفِ گم گشته سخن نتواں گفت
تپشِ خونِ زلیخا نه تو داری و نه من

بِه که بانورِ چراغِ تهِ داماں سازیم
طاقت جلوۂ سینا نه تو داری و نه من

❦❦❦❦❦

ترجمه

کھوئے گئے یوسف کا کوئی تذکرہ ممکن نہیں
زلیخا کے جی کی آنچ نہ تو رکھتا ہے اور نہ میں
اچھا ہے کہ دامن تلے کے دئے کی ٹمٹماہٹ پر بس کر لیں
طور کے جھماکے کی تاب نہ تو رکھتا ہے اور نہ میں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•دگر: مزید ، ہرگز ، کوئی_ •از: کا ، کی_ •یوسفِ گم گشته: کھویا ہوا یوسف(یوسف=حضرت یوسف علیه السّلام+گم گشته=کھویا ہوا ، لاپتا[گم گشتن=کھو جانا ، لاپتا ہو جانا])_ •سخن: بات_ •نتواں گفت: نہیں کہا جا سکتا(نه=نہیں+تواں=توانستن=سکنا+ گفت=گفتن=کہنا)_ •تپشِ خونِ زلیخا: زلیخا کے لہو کی گرمی(تپش=گرمی ، آنچ+خون+زلیخا=عزیزِ مصر کی بیوی جو حضرت یوسف علیه السّلام پر عاشق ہو گئی تھیں)_ •به: اچھا ، اچھا ہے_ •بانورِ چراغِ تهِ داماں: دامن تلے کے چراغ کی روشنی کے ساتھ ، سے(با=ساتھ ، سے+نور=روشنی+چراغ+ته=تلے+ داماں=دامن)_ •سازیم: ہم موافقت کرلیں(ساختن=موافقت کرنا ، بنا کے رکھنا ، اکتفا کرنا)_ •دلیلِ منزلِ شوقم: میں شوق کی منزل کا راستا دکھانے والا ہوں (دلیل=راہ نما+منزل+شوق+م=میں ہوں)_

دلیلِ منزلِ شوقم بدامنم آویز
شرر ز آتشِ نابم بخاکِ خویش آمیز

عروسِ لاله بروں آمد از سراچۂ ناز
بیا که جانِ تو سوزم ز حرف شوق انگیز

ترجمہ

میں منزلِ شوق کا راستا دکھانے والا ہوں میرے دامن سے لگ جا
میری کھری آگ کی کوئی چنگاری اپنی مٹی میں گوندھ لے
عروسِ لالہ ناز کے حجرے سے باہر آئی
آ کہ میں تیرے جی میں شوق بھڑکانے والے کلام سے آگ لگا دوں

فرہنگ

•بدامنم آویز: تو میرا دامن پکڑلے(به= کو، سے+ دامن+ م=میرے+آویز=تو لٹک جا، تعلّق پیدا کر(به/در دامنِ کسے آویختن= کسی کا دامن تھامنا، کسی کی پیروی کرنا، کسی کو وسیلہ بنانا)_•آتشِ نابم: میری کھری آگ (آتش=آگ+ناب=خالص، کھری، نپٹ+م=میری)_ •بخاکِ خویش: اپنی مٹی میں (به= میں، ساتھ+خاک+خویش=اپنی)_ •آمیز: تو گوندھ لے، ملالے(آمیختن=ملانا)_ •عروسِ لاله: دُلھن ایسا گلِ لالہ (عروس=دلھن+لاله)_•سراچۂ ناز: ناز و ادا کا حجرہ (سراچه=حجرہ، چھوٹی سرائے، بڑا خیمه+ناز)_ •سوزم: میں جلاؤں (سوختن=جلانا)_ •زحرفِ شوق انگیز: شوق کو بھڑکانے والے کلام سے(ز=سے+حرف= بات، کلام+شوق+انگیز=بمعنی انگیزنده، بھڑکانے والا(انگیختن=بھڑکانا، اُکسانا، اُبھارنا))_

بہر زمانہ بہ اسلوبِ تازہ می گویند
حکایتِ غمِ فرہاد و عشرتِ پرویز

اگرچہ زادۂ ہندم فروغِ چشمِ من است
ز خاکِ پاکِ بخارا و کابل و تبریز

❦❦❦❦❦

ترجمہ

ہر زمانے میں ایک نئے ڈھنگ سے کہی جاتی ہے
فرہاد کے غم اور پرویز کی رنگ رلیوں کی حکایت
اگرچہ میں ہندوستان کی خاک سے ہوں(مگر)
میری آنکھوں کا نور
بخارا اور کابل اور تبریز کی پاک مٹّی سے ہے

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بہر زمانہ: ہر زمانے میں (بہ= میں+ ہر+ زمانہ)_ •بہ اسلوبِ تازہ: نئے ڈھنگ سے(بہ=سے، ساتھ+ اسلوب=طریقہ، ڈھنگ+ تازہ= نیا)_ •می گویند: کہتے ہیں (گفتن=کہنا)_:
•عشرتِ پرویز: پرویز کی رنگ رلیاں (عشرت=عیش، رنگ رلیاں+ پرویز=فرہاد کا رقیب)_
•زادۂ ہندم: میں ہندوستان کی پیدائش ہوں، میں ہندی بچہ ہوں، (زادہ=جنم لیا ہوا، بچہ+ ہند= ہندوستان+ م=میں ہوں)_ •فروغِ چشمِ من: میری آنکھ کا نور (فروغ=نور، جوت+ چشم= آنکھ+ من=میری)_ •خاکِ پاکِ بخارا و کابل و تبریز: بخارا اور کابل اور تبریز کی پاک مٹّی (خاک+ پاک+ بخارا= روسی ترکستان کا ایک مشہور شہر، امام بخاری اور خواجہ بہاءالدین نقشبند کا وطن + اور + کابل=افغانستان کا دارالحکومت، حضرت مجددؒ الف ثانی کا وطن + اور + تبریز=ایران کا شہر،شمس + ... کا ...طن)_

در جہانِ دلِ ما دورِ قمر پیدا نیست
انقلابیست ولے شام و سحر پیدا نیست

وائے آں قافلہ کز دونیِ ہمت میخواست
رہگذارے کہ درو ہیچ خطر پیدا نیست

ترجمہ

ہمارے دل کی دُنیا میں چاند کی گردش نہیں پائی جاتی
ایک اُلٹ پلٹ تو مچی رہتی ہے لیکن رات اور دن کا
چکر دکھائی نہیں دیتا
افسوس ہے اُس قافلے پر جس نے ہمّت کی پستی
کی وجہ سے چاہی
ایسی راہ کہ جس میں کسی کٹھنائی کا سامنا نہ ہو

فرہنگ

•دورِ قمر:
چاند کی گردش(دور=
گردش ، چکّر+قمر=چاند)_ •پیدا:
موجود ، ظاہر_
•انقلابیست: ایک اُلٹ پلٹ ہے(
انقلاب= اُلٹ پلٹ ، تغیّر+ے=ایک ،
بڑا+ است= ہے)_
•وائے: افسوس_ •کز دونیِ ہمّت:
جو حوصلے کی پستی سے۔(کہ=
جو+ از=سے+دونی= پستی ،گھٹیا
پن+ہمّت=حوصلہ)_ •میخواست: وہ
چاہتا تھا ، اُس نے مانگی
(خواستن= چاہنا ، مانگنا ،
ڈھونڈنا)_ •رہگذارے: وہ راستا ،
ایسی راہ(رہگذار=راستا+ے=وہ)_
•درو: اُس میں(در=میں+او=اُس)_
•ہیچ: کوئی ، ذرّہ برابر_

بگذر از عقل و در آویز بموجِ یمِ عشق
که در آں جوے تنک مایه گہر پیدا نیست

آنچه مقصودِ تگ و تازِ خیالِ من و تست
هست در دیده و مانندِ نظر پیدا نیست

❦❦❦❦❦

ترجمه

عقل سے گذر جا اور عشق کے سمندر کی لہروں میں ہاتھ پاؤں مار
کیونکہ اُس اُتھلی ندی میں موتی نہیں پایا جاتا
جس کے لئے میرے اور تیرے خیال کی یہ ساری
بھاگ دوڑ لگی ہوئی ہے
وہ آنکھ بیچ ہے مگر نظر کی طرح دکھائی نہیں دیتا

❦❦❦❦❦

لغت

•بگذر: تو گذر جا، بھول جا (گذشتن: گذرجانا، کسی چیز کا خیال چھوڑ دینا)۔ •درآویز: تو تگ پیدا کر، تو لٹک جا، تو جُڑ جا (درآویختن: لٹکنا، کسی چیز میں مل جانا، لڑنا)۔ •بموجِ یمِ عشق: عشق کے سمندر کی موج سے (به: سے، میں + موج + یم = سمندر + عشق)۔ •جوے تنک مایه: اُتھلی ندی (جو: ندی، نہر + تنک: کم + مایه: حقیقت، پونجی)۔ •آنچه: وہ جو، جو بھی۔ •مقصود تگ و تازِ خیالِ من و تست: میرے اور تیرے تخیل کی بھاگ دوڑ کا مقصود ہے (مقصود = جس کا ارادہ کیا جائے + تگ = تک = بھاگنا [تگیدن: دوڑنا بھاگنا]) + و: اور + تاز: دوڑنا [تاختن: یلغار کرنا، بلہ بولنا، دوڑنا] + خیال = تصور، فکر + من = میرا + و = اور + تو = تیرا + است = ہے)۔ •هست: موجود ہے (هستن: موجود ہونا)۔ •و: مگر۔

گریهٔ ما بے اثر نالهٔ ما نارساست
حاصلِ ایں سوز و ساز یک دلِ خونیں نواست

در طلبش دل تپید دیر و حرم آفرید
ما به تمنّائے او، او به تماشائے ماست

ترجمه

ہمارا رونا بے اثر ہماری فریاد نارسا
اس جلنے کڑھنے کا پھل خون میں گندھی ہوئی پکار والا ایک دل
دل اُس کی طلب میں تڑپا، مندر اور کعبہ گھڑ لیا
ہم اُس کی تمنّا میں کھوئے ہوئے، وہ ہمارا تماشا کرنے میں مگن

فرہنگ

•گریهٔ ما: ہمارا رونا (گریه= رونا+ ما= ہمارا)_ •نالهٔ ما: ہماری دہائی (نالہ= پکار کے رونا، دہائی+ ما= ہمارا)_ •نارسا: نہ پہنچنے والا
•حاصلِ ایں سوز و ساز: اس سوز و ساز کا حاصل (حاصل+ ایں= اِس+سوز و ساز= جلن اور کڑھن، رنج و مصیبت، آزردگی اور ملال)_ •دلِ خونیں نوا: وہ دل جس کے نغمے سے لہو ٹپکتا ہو، وہ دل جو اپنے زخموں سے نغمہ سرا ہو (دل+ خونیں= خون آلود، لہو لہو، زخم زخم+نوا= آواز، پکار، نغمہ)_
•طلبش: اس کی طلب (طلب+ ش= اسکی)_ •تپید: تڑپا (تپیدن= طپیدن=تڑپنا)_ •دیر: بتخانہ_ •حرم: کعبہ_ •آفرید= اُس نے بنایا (آفریدن=بنانا، گھڑنا)_

پردگیاں بے حجاب ،من به خودی درشدم
عشقِ غیورم نگر! میلِ تماشا کراست

مطرب مے خانه دوش نکتهٔ دلکش سرود
باده چشیدن خطاست باده کشیدن رواست

ترجمه

پرده نشینوں نے آڑ گرادی، میں اپنے آپ کی اوٹ میں ہو گیا
اے میرے آن والے عشق دیکھ! دیدار کی چاہ کسے ہے
میخانے کے مطرب نے کل رات عجیب دل کھینچنے والی بات سنائی
شراب چکھنا حرام ہے، شراب کشید کرنا حلال

فرہنگ

•پردگیاں: پردگی کی جمع، پردے میں پو شیده، پرده نشیں۔
•درشدم: میں داخل ہو گیا، چھپ گیا، میں نے آڑ کر لی (درشدن= داخل ہونا ،آڑ لینا)۔ •عشقِ غیورم: میرا غیرت دار عشق (عشق+ غیور= غیرت دار،آن والا+م=میرا)۔
•نگر: تو دیکھ (نگریستن= دیکھنا)۔ •میلِ تماشا: دیدار کی خواہش (میل=خواہش+تماشا= دیکھنا)۔ •کرا: کسے، کس کو (که=کون ،کس+را=کو)۔
•مطرب میخانه: شرابخانے میں گانے والا (مطرب=مغنی ،گانے والا+مے خانه)۔ •دوش :گزری ہوئی رات۔
•نکتهٔ دلکش: دل کھینچنے والی باریک بات (نکته=لطیف اور باریک بات ، بهید+دل+کش :بمعنی کشنده ،کھینچنے والی [کشیدن= کھینچنا])۔ •سرود: اُس نے گایا ،الاپا (سرودن= گانا)۔
•چشیدن: چکھنا۔
•باده کشیدن: شراب بنانا ، شراب کو ڈگڈگا کے پی جانا۔ •روا :جائز۔

زندگیِ رہرواں در تگ و تاز است و بس
قافلۂ موج را جادہ و منزل کجاست

شعلۂ در گیر زد بر خس و خاشاکِ من
مُرشدِ رومی کہ گفت "منزلِ ما کبریاست"

❦❦❦❦❦

ترجمہ

مسافروں کی زندگی لگاتار بھاگ دوڑ میں ھے اور بس
لہروں کے قافلے کا راستا اور منزل کہاں ھے
میرے خس و خاشاک پر ایک بھڑکتا ہوا شعلہ پھینکا
مرشدِ رومی نے جو یہ کہا "ھماری منزل خدا ھے"

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•تگ و تاز:بھاگ دوڑ،دوڑ دھوپ۔
•جادہ:راستا ،ڈگر۔
•کجا :کہاں۔
•شعلۂ درگیر: بھڑکتا ہوا شعلہ (شعلہ+ درگیر=بمعنی درگیرندہ، بھڑکنے والا، روشن [درگرفتنِ آتش= آگ کا بھڑکنا ، روشن ہونا])۔
•زد : اُس نے مارا ، پھینکا (زدن= مارنا ، پھینکنا وغیرہ)۔ •برخس و خاشاک من: میرے گھاس پھونس پر (بر= پر+خس=سوکھی گھاس+ و= اور+ خاشاک = کوڑا کرکٹ + من= میرے)۔ •مرشدِ رومی: راستا بتانے والے مولانا روم (مُرشد= راستا دکھانے والا، ہدایت کرنے والا، پیر+ رومی=مولانا روم)۔
•گفت:اُس نے کہا (گفتن=کہنا)۔
•کبریا : اللہ تعالی ، بڑائی ،عظمت ("منزلِ ما کبریاست" کا ٹکڑا مولانا روم کے اس شعر سے لیا گیا ھے:
"ما ز فلک بر تریم وز ملک افزوں تریم
زیں دو چرا نہ بگذریم منزلِ ما کبریاست"

سوزِ سخن ز نالۂ مستانۂ دل است
ایں شمع را فروغ ز پروانۂ دل است

مشتِ گلیم و ذوقِ فغانے نداشتیم
غوغائے ما ز گردشِ پیمانۂ دل است

ترجمه

سخن میں یہ سوز دل کی مستانہ پکار سے (آیا) ہے
اِس شمع کا اُجالا دل کے پروانے کے دم سے ہے
ہم تو منھی بھر منی بیں ہم نے جی کی پکار کا مزا کب چکھا تھا
ہماری ہو حق دل کے پیالے کی گردش سے ہے

فرہنگ

•زنالۂ مستانۂ دل: دل کی مستانہ پکار کی وجہ سے (ز=از=سے+نالہ=فریاد ،آواز سے رونا+مستانہ=مست کی طرح+ دل)۔ •را:کا۔ •فروغ: روشنی۔ •مشت گلیم: هم مٹھی بھر مٹی بیں (مشت=مٹھی+گل=مٹی ،گارا+ایم= هم بیں)۔ •ذوقِ فغانے: فریاد کی کوئی لذت (ذوق=ذائقه ،میلان ،حسی تجربه+فغاں=فریاد ،واویلا، دکھے دل کی پکار+ے= کوئی ،ذرا)۔ •نداشتیم:هم نیں رکھتے تھے (داشتن= رکھنا)۔ •غوغاے ما: هماری چیخ پکار،شوروغل (غوغا= شور شرابه، غل غپاڑا ،چیخ پکار+ما=هماری)۔ •گردشِ پیمانۂ دل: دل کے پیمانے کا دور (گردش= دور، چکر+ پیمانه= شراب کا پیاله + دل)۔

این تیره خاکداں که جہاں نام کرده ای
فرسوده پیکرے ز صنم خانۂ دل است

اندر رصد نشستہ حکیمِ ستاره بیں
در جستجوے سرحدِ ویرانۂ دل است

ترجمہ

یہ گھپ مائی استھان جسے تو نے دُنیا کا نام دیا ھے
دل کے صنم خانے کی ایک گھسی پٹی مورت ھے
رصد گاہ میں بیٹھا ستارہ شناس
دل کے خلا کا چھور پانے کی دُھن میں سرگرداں ھے

فرہنگ

•تیرہ: تاریک ،اندھیرا۔
•خاکداں :گھورا ، دُنیا۔ •که:جسے۔
•نام کرده ای:تو نے نام دیا ھے۔ (نام کردن=نام رکھنا)۔
•فرسودہ:پُرانا ، گھسا پٹا ،بے مصرف۔ •پیکرے: ایک مورت (پیکر= بدن ،بُت ،مورت+ے=ایک)۔
•زصنم خانۂ دل: دل کے بتخانے کا (ز=کا ،سے+صنم خانه=بت خانه ، مندر+دل)۔
•رصد: رصدگاہ۔ •نشستہ: بیٹھا ہوا (نشستن=بیٹھنا)۔ •حکیم ستارہ بیں: ستاروں کا مشاہدہ کرنے والا سائنسدان ، ماہر فلکیات (حکیم= سائنسدان+ستارہ+بیں=بمعنی بیننده ، دیکھنے والا [دیدن= دیکھنا])۔ •جستجوے سرحد ویرانۂ دل:دل کے ویرانے کی حدود کی کھوج (جستجو= کھوج+ سرحد= کنارہ ،گھیرا ، چھور+ویرانه+دل)۔

لاہوتیاں اسیرِ کمندِ نگاہِ او
صوفی ہلاکِ شیوۂ ترکانۂ دلَ است

محمودِ غزنوی کہ صنم خانہا شکست
زُنّاریِ بتانِ صنم خانۂ دل است

ترجمہ

لاہوت والے اُسکی نگاہ کی کمند میں جکڑے ہوئے
صوفی دل کی جان لیوا محبوبانہ اداؤں کا مارا ہوا ہے
محمود غزنوی جس نے کتنے ہی بتخانے ڈھائے
دل کے مندر کے بتوں کا بندہ ہے

فرہنگ

•لاہوتیاں :لاہوتی کی جمع، لاہوت والے (لاہوت= ذاتِ باری تعالی کا عالم)_ •اسیرِ کمندِ نگاہ او: اُس کی نگاہ کی کمند کے اسیر (اسیر=قیدی+کمند=پھندا+نگاہ+او = اسکی)_ •ہلاکِ شیوۂ ترکانۂ دل: دل کی جان لیوا محبوبانہ ادا کا مارا ہوا (ہلاک=مقتول،مارا ہوا، عاشق+شیوہ= ادا،رنگ ڈھنگ+ ترکانہ=ترکوں کیطرح جو روایتی فارسی شاعری میں حُسن،خونخواری اور شجاعت کی علامت تھے+دل)_
•صنم خانہ ہا: صنم خانہ کی جمع، بتخانے_ •شکست: اُس نے توڑے (شکستن=توڑنا،ڈھانا)_ •زناریِ بتانِ صنم خانۂ دل: دل کے مندر کے بتوں کا پجاری (زنّاری=جنیؤ ڈالنے والا، بتوں کا پجاری+بتان= بُت کی جمع+صنم خانہ+دل)_

غافل ترے ز مردِ مسلماں ندیدہ ام
دل درمیانِ سینہ و بیگانۂ دل است

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•غافل ترے:کونی (اس سے) بڑھکر عافل (غافل+ تر= زیادہ+ ے= کوئی)۔ •ندیدہ ام: میں نے نیں دیکھا ھے (دیدن=دیکھنا)۔ •و:پھر بھی،مگر۔ •بیگانۂ دل: دل سے انجان (بیگانہ=انجان،بے پروا+ دل)۔

ترجمہ

میں نے کسی کو مسلمان سے بڑھکر غافل نیں دیکھا
سینے بیچ دل(رکھتا ھے) مگر اس سے بے خبر ھے

❦❦❦❦❦

سطوت از کوہ ستانند و بکاہے بخشند
کلہِ جم بگدائے سرِ راہے بخشند

در رہِ عشق فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست
یدِ بیضائے کلیمے بسیاہے بخشند

ترجمہ

پاز سے ہیبت اور جلال چھین کر ایک تنکے کو بخش دیتے ہیں
راستے میں پڑے ہونے کسی فقیر کو جمشید کا تاج
عطا کر دیتے ہیں
عشق کی راہ میں نام و نسب کوئی چیز نہیں
موسی کا یدِ بیضا کسی حبشی کو بخش دیا جاتا ہے

فرہنگ

•سطوت : شان و شوکت ، ہیبت ،دبدبہ_ •ستانند :وہ لے لیتے ہیں(ستاندن=لینا)_ •بکاہے: کسی تنکے کو (بہ=کو+کاہ= سوکھی گھاس ،تنکا+ے=کوئی ،ایک)_ •بخشند : وہ عطا کر دیتے ہیں (بخشیدن=بخشنا ،عطا کرنا)_ •کلہ جم: جمشید کا تاج (کلہ=کلاہ کا مخفف ، تاج ،ٹوپی+جم= جمشید بادشاہ)_ •بگدائے سر راہے: راستے کے فقیر کو (بہ=کو+ گدا= فقیر+ سر= کنارہ+راہ+ے= کسی)_ •فلاں ابنِ فلاں :فلاں کا بیٹا فلاں ،نام و نسب (فلاں+ابن=بیٹا+فلاں)_ •چیزے: کوئی چیز (چیز+ے= کوئی)_ •ید بیضائے کلیمے: حضرت موسی کلیم اللہ علیہ السلام کا سفید اور روشن ہاتھ جسے وہ بغل میں دبا کر نکالتے تھے تو اس میں سے نور پھوٹنے لگتا تھا ، مراد حضرت موسی کا معجزہ (ید= ہاتھ+ بیضا= سفید ، روشن ،سورج+کلیم=حضرت موسی کلیم اللہ+ ے:یائے عظمت)_ •بسیاہے: کسی حبشی کو (بہ=کو +سیاہ= کالا ، حبشی+ے=کسی)_

گاہ شاہی بجگر گوشۂ سلطاں ندھند
گاہ باشد کہ بزندانیِ چاہے بخشند

فقر را نیز جہاں بان و جہاں گیر کنند
کہ بایں راہ نشیں تیغِ نگاہے بخشند

ترجمہ

کبھی سلطان کے فرزند(تک) کو بادشاہی نہیں دیتے
کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک کنویں میں پڑے ہوئے کو
عطا کر دیتے ہیں
فقر کو بھی جہان کا رکھوالا اور حاکم بنا دیتے ہیں
اسی لئے اِس راہ نشیں کو نگاہ کی تلوار عطا کرتے ہیں

فرہنگ

•گاہ: کبھی۔ •بجگر گوشۂ سلطان: سلطان کے جگر کے ٹکڑے کو، بادشاہ کے بیٹے کو(بہ=کو+جگر گوشہ=جگر کا ٹکڑا، فرزند+ سلطان=بادشاہ)۔ •ندھند: وہ نہیں دیتے(دادن=دینا)۔ •باشد: ہوتا ہے، ایسا بھی ہوتا ہے(بودن=ہونا)۔ •بزندانی چاہے: کسی کنویں کے قیدی کو(بہ=کو+زندانی=قیدی، محبوس+چاہ=کنواں+ے=کسی، ایک[زندانیِ چاہ=اشارہ ہے حضرت یوسف علیہ السّلام کی طرف])۔ •جہاں بان: دُنیا کی دیکھ بھال کرنے والا، دُنیا کا انتظام چلانے والا، دُنیا کا محافظ، حکمران۔ •جہاں گیر: دُنیا فتح کرنے والا، حاکم۔ •کنند: وہ کرتے ہیں(کردن=کرنا)۔ • کہ: اس لئے، لہٰذا۔ •بایں راہ نشیں: اس راہ نشیں کو(بہ=کو+ ایں= اس+راہ= راستا+نشیں=بمعنی نشیندہ، بیٹھنے والا[نشستن=بیٹھنا])۔

عشق پامالِ خرد گشت و جہاں دیگر شد
بود آیا کہ مرا رُخصت آہے بخشند

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•پامالِ خرد : خرد کا روندا ہوا(پامال=روندا ہوا+خرد=دُنیاوی عقل)_ •گشت : وہ ہوگیا(گشتن= ہونا ، ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہونا)_ •دیگر: دوسری ، اور ، بدلی ہوئی_ •شد : وہ ہوئی(شدن=ہونا)_ •بود : ہووے ، ہوگا(بودن=ہونا)_ •آیا : کیا(آیا بود=بود آیا=تمنّا کا مفہوم دیتا ہے ، کاش یوں ہو جائے ،کیا یہ ممکن ہے)_ •مرا : مجھے_ •رُخصت آہے : ایک آہ کی اجازت(رُخصت=اجازت ، آزادی+آہ+ے=ایک)_

ترجمہ

عشق ، عقل کی روند میں آ گیا اور دُنیا وہ نہیں رہی
کیا ایسا ہوگا کہ وہ مجھے ایک آہ کی رُخصت بخش دیں

❦❦❦❦❦

نه تو اندر حرم گنجی نه در بتخانه می آئی
ولیکن سوے مشتاقاں چه مشتاقانه می آئی

قدم بیباک تر نِه در حریمِ جانِ مشتاقاں
تو صاحب خانهءِ آخر چرا دزدانه می آئی

ترجمه

نه حرم میں تیری سمائی ہے نه بتخانے میں
لیکن آرزومندوں کیطرف تو کیسی چاہت سے آتا ہے
چاہت کے ماروں کے دل کے حجرے میں بالکل بے دھڑک
ہو کر قدم رکھ
تو تو اس گھر کا مالک ہے آخر کس لئے چوری چھپے آتا ہے

فرهنگ

•گنجی: تو سماتا ہے (گنجیدن= سمانا)_ •می آئی: تو آتا ہے(آمدن= آنا)_•سوے مشتاقاں: چاہ رکھنے والوں کی طرف
(سو=طرف+مشتاقاں=مشتاق کی جمع، اشتیاق رکھنے والے، آرزومند)_ •چه: کیسا_ •مشتاقانه: اشتیاق کے ساتھ، آرزومند کی طرح •بے باک تر: بالکل بے دھڑک(بے= بلا+باک= دھڑکا، خوف+ تر= بہت،بالکل)_ •نه: تو رکھ (نہادن= رکھنا)_ •حریمِ جانِ مشتاقاں: آرزومندوں کے دل کی خلوت
(حریم=چاردیواری، خلوت گاہ+جان=جان، روح، دل+ مشتاقاں = مشتاق کی جمع)_ •تو صاحب خانهءِ: تو گھر کا مالک ہے(تو+صاحب = مالک، والا + خانه = گھر+ ءِ = ای= توہے)_ •چرا: کس لئے_ •دزدانه: چوروں کیطرح، چوری چھپے_

بغارت می بری سرمایۂ تسبیح خواناں را
بشبخونِ دلِ زناریاں تُرکانه می آئی

گہے صد لشکر انگیزی که خونِ دوستاں ریزی
گہے در انجمن با شیشه و پیمانه می آئی

ترجمه

خدا کے نام لیواؤں کی پونجی لوٹ میں لے جاتا ھے
تو بتوں کے پرستاروں کے دل پر دھاوا بولنے کے لئے
ترکوں کی طرح آتا ھے
کبھی لشکر پہ لشکر چڑھاتا ھے که اپنوں ہی کا خون بہائے
کبھی بزم میں صراحی اور پیمانه لئے ہوئے آتا ھے

فرہنگ

•بغارت می بری:تو لوٹ میں لے جاتا ھے (بغارت بردن=لوٹ لینا)
•سرمایۂ تسبیح خواناں:
تسبیح پڑھنے والوں کی پونجی(سرمایه=پونجی، دولت+تسبیح خوانان=تسبیح خواں کی جمع، تسبیح پڑھنے والے (تسبیح خواندن=تسبیح پڑھنا ،اللّٰه کی پاکی بیان کرنا))۔ •را:کو۔
•بشبخونِ دلِ زناریاں: زُناریوں کے دل پر یلغار کرنے کے لئے(به=کو، کے لئے+شبخون=رات کی تاریکی میں حمله کرنا، دھاوا بولنا ،یلغار کرنا+دل+زنّاریاں= زنّاری کی جمع، جنینو ڈالنے والے، بتوں کے پجاری)۔ •ترکانه: ترکوں کی طرح۔

تو بر نخلِ کلیمے بے محابا شعلہ می ریزی
تو بر شمعِ یتیمے صورتِ پروانہ می آئی

بیا اقبال جامے از خمستانِ خودی درکش
تو از میخانۂ مغرب ز خود بیگانہ می آئی

❦❦❦❦❦

ترجمہ

تو موسی کے شجر پر بیدریغ آگ برساتا ہے
(اور) تو(ہی) ایک یتیم کی شمع پہ پروانہ وار آتا ہے
اقبال آ خودی کے میکدے سے ایک جام پی
تو یورپ کے شرابخانے سے اپنا آپ بھلا کر آیا ہے

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•برنخلِ کلیمے: موسی کلیم اللہ کے درخت پر(بر=پر+نخل=درخت، یہاں مُراد ہے وادیِ ایمن کا وہ پیڑ جس پر حضرت موسی کے لئے تجلیِ الٰہی کا ظہور ہوا تھا، نخل ایمن، نخلِ طور+کلیم=حضرت موسی کلیم اللہ+ے= یائے عظمت)۔ •بے محابا: بلا تامل، بے دھڑک، بلا جھجک، بیدریغ۔ • می ریزی: تو برساتا ہے، گراتا ہے (ریختن=گرانا، چھڑکنا)۔ •شمعِ یتیمے: ایک یتیم کی شمع(شمع+یتیم=مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم+ے=ایک)۔ •از خمستانِ خودی:خودی کے میخانے سے(از=سے، کا +خمستان= شراب خانہ+خودی)۔ •درکش: تو پی(درکشیدن=شراب وغیرہ پینا)۔ •زخود بیگانہ:اپنے آپ سے غافل، بے سُدھ۔

تب و تاب بتکدۂ عجم نرسد بسوز و گدازِ من
که بیک نگاہ محمدؐ عربی گرفت حجازِ من

چہ کنم که عقل بہانہ جو گرہے بروے گرہ زند
نظرے! که گردش چشمِ تو شکند طلسمِ مجازِ من

ترجمہ

عجم کے بتخانے کی لپک میرے دل کی آنسو بھری
آنچ کو نہیں پہنچتی
کہ محمدؐ عربی نے ایک نگاہ میں میرا حجاز فتح کر لیا
کیا کروں کہ بہانہ جو عقل گرہ پر گرہ ڈالتی جاتی ہے
ایک نگاہ! کہ تیری آنکھ کی گردش میری نظر کے دھوکے
کو توڑ کردے گی

فرہنگ

•تب و تاب بتکدۂ عجم: عجم کے بتخانے کی لپک اور چمک (تب= گرمی، حرارت+ و= اور+ تاب= چمک، روشنی، چھوٹ+ بتکدہ + عجم= غیرِ عرب)_ •نرسد: نہیں پہنچتی، نہ پہنچے گی (رسیدن= پہنچنا)_ •بسوز و گدازِ من: میرے سوز وگداز کو / تک (بہ= کو، تک+سوز= جلن+و= اور+ گداز=نرمی، گھلاوٹ، پگھلاوٹ+ من= میرے)_
•گرفت: اُس نے فتح کرلیا، لے لیا (گرفتن=فتح کرنا، چھا جانا)
•گرہے بروے گرہ زند: گرہ پر گرہ ڈالتی ہے، مشکل پر مشکل پیدا کرتی (گرہ=گانٹھ، مشکل، رکاوٹ+ے=ایک+بہ=پر+رو=منہ+گرہ +زند=وہ ڈالتی ہے (گرہ بروئے گرہ زدن=گرہ بر گرہ زدن=گرہ پر گرہ لگانا، مشکل پر مشکل پیدا کرنا))_•شکند: توڑ ڈالے گی (شکستن=توڑنا)_ •طلسمِ مجازِ من: میرا نظر کا دھوکا (طلسم=جادو، شعبدہ+مجاز=ما سوی اللہ، غیر حقیقی، دُنیاوی، ظاہر+من=میرا)_

نرسد فسوں گریِ خرد به تپیدنِ دلِ زنده ءِ
ز کنشتِ فلسفیاں درآ بحریم سوز و گدازِ من

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•تپیدنِ دلِ زندہٗ:ایک جیتے دل کا تڑپنا(تپیدن=طپیدن=تڑپنا+دل+زندہ+ءِ=ے=ایک)۔
•زکنشتِ فلسفیاں: فلسفیوں کے بتخانے سے(ز=از=سے+کنشت=یہودیوں کا کنیسہ، کافروں کی عبادتگاہ+فلسفیاں=فلسفی کی جمع)۔
•در آ: تو چلا آ، اندر آجا(درآمدن=داخل ہونا، آنا)۔
•بحریم سوز و گدازِ من: میرے سوز و گداز کے حرم میں(به=میں+حریم=حرم + سوز و گداز+من)

ترجمہ

عقل کے چمتکار جیتے دل کی تڑپ تک نیں پہنچتے
فلسفیوں کے بتخانے سے میرے سوز و گداز کے حرم میں آ

❦❦❦❦❦

مثلِ آئینه مشو محوِ جمالِ دگراں
از دل و دیده فرو شوے خیالِ دگراں

آتش از نالۂ مُرغانِ حرم گیر و بسوز
آشیانے که نہادی به نہالِ دگراں

ترجمہ

آئینے کی صورت دوسروں کے حُسن پر حیران مت رہ
نآئکھ اور دل سے غیروں کا خیال دھو ڈال
حرم کے پرندوں کے نالے سے آگ لے اور جلا ڈال
وہ آشیانہ جو تو نے دوسروں کے پیڑ پر بنایا

فرہنگ

•مثلِ آئینہ: آئینے کی طرح(مثل=طرح ، مثال+آئینہ)۔
•مشو: تو مت ہو(شدن=ہونا)۔
•محوِ جمالِ دگراں: دوسرں کے حُسن میں کھویا ہوا(محو=مٹا ہوا ، گم ، غرق ، حیران+جمال=حُسن+دگراں=دگر کی جمع ، دوسرے ،غیر)۔
•فروشوے: تو دھو ڈال(فروُشستن=دھونا ، پاک کرنا ، محو کرنا)۔ •خیالِ دگراں: دوسروں کا خیال(خیال=تصوّر ، دھیان+دگراں)۔
•نالۂ مُرغانِ حرم: حرم کے پرندوں کی آہ و فریاد (نالہ=آہ و فریاد ، دہائی ، پکار+مُرغان=مُرغ کی جمع ، پرندے+حرم=کعبے کا گردا گرد ، قربِ الٰہی کا مقام)۔ •گیر: تو حاصل کر(گرفتن=حاصل کرنا)۔
•بسوز: تو جلا دے(سوختن=جلانا)۔
•آشیانے: وہ گھونسلا(آشیان=گھونسلا+ے=وہ)۔
•که: جو۔ •نہادی: تو نے رکھّا(نہادن=رکھنا)۔ •بہ نہالِ دگراں: دوسرں کے پیڑ پر(به= پر+نہال=پودا ، پیڑ+دگراں)۔

درجہاں بال و پرِ خویش کشودن آموز
کہ پریدن نتواں با پروبال دگراں

مردِ آزادم و آں گونہ غیورم کہ مرا
می تواں کشت بیک جام زلال دگراں

ترجمہ

دُنیا میں اپنے پنکھ کھولنا سیکھ
کیونکہ دوسرں کے پرسے اُڑا نہیں جاسکتا
میں آزد مرد ہوں اور ایسا آن والا کہ مجھے
دوسروں کے بخشے ہوئے میٹھے پانی کے ایک پیالے
سے مارا جا سکتا ھے

فرہنگ

•بالِ و پرخویش، اپنے پنکھ (بال= پرندوں کا بازو جس کی طاقت سے وہ اُڑتے ہیں + و=اور + پر +خویش =اپنے) •_ کشودن: کھولنا_•آموز: تو سیکھ (آموختن=سیکھنا)
• پریدن نتواں:نہیں اڑا جاسکتا، اڑ نہیں سکتے (پریدن =اُڑنا + نہ=نہیں + تواں=مصدر توانستن= سکنا سے فعلِ معاون) _
•آں گونہ :
اس طرح کا، ایسا (آں= وہ، اُس + گونہ=رنگ، طرح، ڈھنگ)_•غیورم : غیرت والا ہوں (غیور=غیرت دار +م=ہوں)_
•می تواں کشت :
ہلاک کیا جا سکتا ہے (می تواں= توانستن کا فعل معاون+ کشت= کُشتن+مارنا،قتل کرنا) •بیک جام زلال دگراں :دوسروں کے میٹھے پانی کے ایک پیالے سے(بہ = سے+ یک + ایک+جام + زلال= صاف اور شیریں پانی+ دگراں)

اے کہ نزدیک تر از جانی و پنہاں ز نگہ
ہجر تو خوشترم آید ز وصال دگراں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•خوشترم آید :مجھے زیادہ خوش آتا ہے، میرے لیے زیادہ اچھاّ ہے (خوش = اچھاّ، سازگار،خوب+تر=زیادہ+م= مجھے+آید=آتا ہے (خوش آمدن= راس آنا)_

•ز وصالِ دگراں :دوسروں کے ملن سے (ز = از = سے+ وصال = ملن + دگراں)

ترجمہ

اے تو کہ جان سے بھی قریب ہے مگر نگاہ سے اوجھل
تیرا ہجر بھی میرے لیے دوسروں کے وصال سے اچھاّ ہے

❦❦❦❦❦

جہانِ عشق نہ میری نہ سروری داند
ہمیں بس است کہ آئینِ چاکری داند

نہ ہر کہ طوفِ بُتے کرد و بست زنّارے
صنم پرستی و آدابِ کافری داند

فرہنگ

•میر ی:حکومت ، سرداری _
•سروری:سرداری ، بادشاہی_
•داند :وہ جانتا ہے
(دانستن = جاننا)_
•ہمیں :یہی_•بس :بہت ، کافی_
• آئین چاکر ی :خدمت کے آداب
(آئین=طریق ، ڈھنگ ، آداب +
چاکری = خدمت)_
•طوفِ بتے:کسی بت کا طواف
(بت+ے=کسی)_•کرد :اُس نے
کیا (کردن= کرنا)_•بست :اُس
نے باندھا (بستن=باندھا)_ •زنّارے :ایک
جنئیو (زُنّار =جنئیو + ے = ایک)_

ترجمہ

عشق کی دُنیا نہ سرداری جانتی ہے نہ بادشاہی
یہی کافی ہے کہ خدمت کے آداب کی خبر رکھتی ہے
ہر وہ شخص جس نے کسی بُت کے گرد پھیرا کر لیا اور
جنئیوکس لی
صنم پرستی اور کافری کے آداب نہیں جانتا

ہزار خیبر و صدگونہ اژدر است اینجا
نہ ہر کہ نانِ جویں خورد حیدری داند

بچشمِ اہلِ نظر از سکندر افزون است
گدا گرے کہ مآلِ سکندری داند

ترجمہ

یہاں ہزاروں خیبر ہیں اور طرح طرح کے اژدھے
یہ نہیں کہ جس نے جوکی روٹی کھالی وہ علی بننا بھی جان لے
آنکھ والوں کی نظر میں سکندر سے بڑھا ہوا ہے
وہ بھک منگا جو سکندری کا انجام جانتا ہے

فرہنگ

•خیبر :عہدِرسالت میں یودیوں کا مشہور قلعہ جو حضرت علی کے ہاتھوں فتح ہوا_•صدگونہ:سیکڑوں قسم کے، رنگ رنگ کے (صد = سینکڑوں + گونہ = طرح، قسم، رنگ)_•اژدر :(ایک روایت کے مطابق شیر خدا حضرت علی مرتضی نے طفلی کے زمانے میں کہ ابھی پنگھوڑے سے اترنے کی عمر نہ تھی ، ایک اژدہے کا کلّہ چیر کر رکھہ دیا تھا)_•نان جویں: جو کی روٹی (نان = روٹی + جویں=جوکی)_•خورد :اُس نے کھانی (خوردن = کھانا)_•حیدری: حیدر کا ذاتی وصف،حضرت علی کی قوت اور شجاعت (حیدر= شیر، حضرت علی کا لقب+ی=یانے نسبت)_

بعشوہ ہاے جوانانِ ماہ سیما چیست
درآ بحلقۂ پیرے کہ دلبری داند

فرنگ شیشہ گری کرد و جام و مینا ریخت
بحیرتم کہ ہمیں شیشہ را پری داند

ترجمہ

چاند ایسی پیشانی والے جوانوں کی اداؤں میں کیا رکھا ہے
اُس بوڑھے کے حلقے میں آجا جو دل لینا جانتا ہے
فرنگ نے شیشہ گری کی اور جام و مینا ڈھالے
مجھے حیرت ہے کہ وہ اسی شیشے کو پری سمجھتا ہے

فرہنگ

• بعشوہ ہائے جوانان ماہ سیما :چاند ایسی پیشانی والے جوانوں کے چونچلوں میں (بہ = میں + عشوہ ہا = عشوہ کی جمع، نخرہ ،ناز و ادا+جوانان= جوان کی جمع+ ماہ=چاند+سیما= پیشانی)_
•دلبری:دل لبھانا ، دل لینا_
• شیشہ گری کرد :اُس نے شیشہ بنایا (شیشہ گری کردن = شیشہ بنانا)_•ریخت :اُس نے ڈھالا (ریختن = ڈھالنا)_
•بحیرتم : میں اچنبھے میں ہوں (بہ = میں + حیرت = اچنبھا+ م= ہوں)•ہمیں :اسی_• شیشہ : شراب کا ظرف_

چہ گویمت ز مسلمانِ نامسلمانے
جز ایں کہ پسوِ خلیل است و آزری داند

یکے بہ غمکدۂ من گذر کن و بنگر
ستارہ سوختنہ کیمیا گری داند

ترجمہ

میں تجھے اس نامسلماں مسلم کا کیا بتاؤں
بس یہ کہ خلیل کا بیٹا ہے مگر آزر کے نقش قدم پر چل رہا ہے
کبھی میرے غمخانے میں آ اور دیکھ
ایک نصیبوں جلا جو کیمیا گری جانتا ہے

فرہنگ

•گویمت : میں تجھ سے کہوں، تجھے بتاؤں (گویم = میں کہوں (گفتن = کہنا)+ ت= تجھے، تجھ سے)۔
• پورِ خلیل :ابراہیم علیہ السلام کا بیٹا (پور = بیٹا، فرزند، شاخ + خلیل = حضرت ابراہیم علیہ السلام جن کی نسبت سے اُمّت مسلمہ، ملّت ابراہیمی کہلاتی ہے)۔•و :مگر۔•آزری :آزر پن، آزر کا کام، بتُ گری اور بتُ پرستی (آزر =حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا باپ، ایک روایت کے مطابق آپ کا چچا جو بُت ساز اور بُت پرست تھا + ی = یاے نسبت
•یکے :ایک بار، ایک پل کو، ذرا۔
• بہ غمکدہ من :میرے غمخانے میں (بہ = میں + غمکدہ = وہ گھر جہاں خوشی کا کوئی سامان نہ ہو [غم + کدہ = گھر، جگہ]+ من = میرا)۔ • گذر کن : تو گزر کر آ (گذر کردن = گزر کرنا، داخل ہوکر نکل جانا)۔•بنگر : دیکھ (نگریستن=دیکھنا) •ستارہ سوختنہ : ایک بد نصیب (ستارہ=مراد ہے قسمت کا ستارہ+سوختہ = جلاہوا [سوختن=جلنا]+ء=ایک)۔

بیا بمجلسِ اقبال و یک دو سا غرکش
اگرچہ سر نتر اشد قلندری داند

❦❦❦❦❦

فرہنگ

• ساغرکش :پیالہ بھر شراب پی، ساغر چڑھا (ساغر = شراب کا پیالہ + کش = تو پی (ساغر کشیدن = شراب پینا]
•سرنتراشد :وہ سر نہیں منڈانا (سر تراشیدن = سر منڈانا)
•قلندری:قلندر کےاحوال و مقامات اور حقیقت، قلندر کا راستا۔

ترجمہ

اقبال کی مجلس میں آ اور ایک دو پیالے نوش کر
وہ اگرچہ سر نہیں منڈاتا مگر قلندری جانتا ہے

❦❦❦❦❦

خواجۂ نیست کہ چوں بندہ پرستارش نیست
بندۂ نیست کہ چوں خواجہ خریدارش نیست

گرچہ از طور و کلیم است بیانِ واعظ
تاب آں جلوہ بآئینۂ گفتارش نیست

ترجمہ

کوئی امیر نہیں جو غلام کی طرح اُس کا بندہ نہ ہو
کوئی غلام نہیں جو امیر کی طرح اُس کا خریدار نہ ہو
واعظ گو کہ طور اور کلیم کی حکایت سُنا رہا ہے
مگر اُس کی گفتار کے آئینے میں اُس جلوے کی چھوٹ نہیں ہے

فرہنگ

خواجۂ : کوئی آقا (خواجہ = آقا ،مالک + ءِ = ایک ، کوئی)۔
•چوں: مانند۔•بندہ :غلام، زر خرید غلام• پرستارش :اُس کا بندہ (پرستار = بندہ، غلام، پجاری + ش = اُس کا)۔
•از:بابت، بارے میں۔ •بیانِ واعظ:واعظ کی تقریر (بیان = تقریر، کلام + واعظ = وعظ کہنے والا)۔• تابِ آں جلوہ : اس جلوے کی چمک (تاب = چمک ، روشنی + آں = اُس + جلوہ)۔• آئینۂ گفتارش :اُس کی گفتار کے آئینے میں (بہ = میں + آئینہ + گفتار = کلام، بات ، بیان + ش = اسکی)۔

پیرِما مصلحتا٘ رو بمجاز آورداست
ورنہ با زہرہ وشاں ہیچ سروکارش نیست

دل باو بند و ازیں خرقہ فروشاں بگریز
نشوی صیدِ غزالے کہ زتاتارش نیست

ترجمہ

ہمارے گرو نے مصلحتاً مجاز کی طرف رخ کیا ہوا ہے
ورنہ اُسے حسینوں سے کوئی سروکار نہیں
دل کو اُس سے باندھ اور ان خرقہ فروشوں سے بھاگ
ایسے غزال کا شکار مت ہونا جو اُس کے تاتار کا نہیں

فرہنگ

•روبمجاز آورداست :وہ مجاز کیطرف متوجہ ہوا ہے (رو = منہ + بہ = طرف + مجاز = حقیقت کی ضد ، غیر حقیقی ، فرضی ، وہ غیر حقیقی شے جو حقیقت کیطرف اشارہ کرے + آوردہ = لایا [آوردن = لانا] + است = ہے (روبہ چیزے آوردن = کسی چیز کیطرف متوجہ ہونا])۔•زہرہ وشاں :زہرہ وش کی جمع ، زہرہ کی طرح حسین و جمیل• ہیچ :کچھ۔
• دل باوبند :دل اُس سے جوڑ ، اس سے دل لگا (دل + بہ = کے ساتھ ، سے + او = اُس+ بند = توجوڑ ، باندھ)۔
•ازیں خرقہ فروشاں :ان خرقہ بیچنے والوں سے ، ان دکھاوے کے درویشوں سے •بگریز :تو بھاگ ، بچ (گریختن=بھاگنا ،دور بھاگنا)
•نشوی :تومت ہونا ،نہ ہو(شدن=ہونا)۔
•صیدِغزالے :اُس ہرن کا شکار(صید =شکار+غزال=ہرن+ے= اُس ،ایسے)۔
•زتاتارش :اُس کے تاتارکا (ز=از=کا ، سے+تاتار=ترکستان جہاں کے ہرن مشہور ہیں + ش = اُس کے)۔

نغمۂ عافیت از بربطِ من می طلبی ؟
از کجا برکشم آں نغمہ کہ در تارش نیست

دل ما قشقہ زد و برهمنی کرد ولے
آں چناں کرد کہ شایستۂ زنّارش نیست

ترجمہ

تو میرے بربط سے چین کا راگ طلب کرتا ہے
کہاں سے نکالوں وہ نغمہ جو اس کے تار میں نہیں
ہمارے دل نے قشقہ کھینچا اور برہمن بن گیا مگر
ایسے کرتوت دکھائے جو اسکی زُنارَ کے لائق نہیں

فرہنگ

• نغمۂ عافیت :چین کا گیت (نغمہ = گیت، راگ + عافیت = چین، آرام) •ازبربط من :میرے بربط سے (از = سے + بربط + من = میرے)_•می طلبی : تو مانگتا ہے ،تو طلب کر رہا ہے (طلبیدن = طلب کرنا)_
•برکشم :میں کھینچوں، نکالوں (برکشیدن = اوپر کھینچنا، نکالنا، باہر لانا)_
•قشقہ زد :اُس نے قشقہ لگایا (قشقہ زدن = تلک لگانا، قشقہ کھینچنا، پنڈت بن جانا [قشقہ = صندل وغیرہ کا ٹیکا جو ہندو ما تھے پر لگاتے ہیں، تلک، چندن])_•برهمنی کرد :اُس نے برهمنی کی، وہ برهمن بنا (برهمنی = برهمن کا کام، ہندوؤں کی پیشوائی + کرد = اس نے کی [کردن = کرنا])_
• شایستۂ زنارش :اس کے جنیو کے لائق، اس کی کافری کے لائق (شایستہ = لائق، قابل + زنار = وہ تاگا جو اونچی ذات کے ہندو گلے میں آڑا آڑا ڈالتے ہیں، جنیؤ + ش = اسکی)_

عشق در صحبتِ میخانہ بگفتار آید
زانکہ در دیر وحرم محرمِ اسرارش نیست

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بگفتار آید :وہ بات کرتا ہے، زبان کھولتا ہے (بگفتار آمدن= زبان کھولنا ،بات کرنا)۔
•زانکہ :اس لئے کہ، کیونکہ ۔
•محرمِ اسرارش :اس کے بھیدجاننے والا (محرم = واقف ، جاننے والا ،جس سے پردہ نہ ہو + اسرار =سر کی جمع ،بھید+ش=اسکے)۔

ترجمہ

عشق کی زبان رندوں کی منڈلی میں کھلتی ہے
کیونکہ مندر اور مسجد بیچ اس کا ہمراز کوئی نیں

❦❦❦❦❦

بیاکہ بلبلِ شوریدہ نغمہ پرداز است
عروسِ لالہ سراپا کرشمہ و ناز است

نوا ز پردہء غیب است اے مقام شناس
نہ از گلوے غزل خواں نہ از رگِ ساز است

ترجمہ

آجاکہ دیوانی بلبل گا نے میں مگن ہے
گلِ لالہ دلھن کی طرح سراپا کرشمہ و ناز ہے
اے سُر کے پارکھ نغمہ تو غیب کے پردے سے نکلتا ہے
نہ غزل خواں کے گلے سے نہ ساز کے تار سے

فرہنگ

• بلبلِ شوریدہ:دیوانی بلبل (بلبل + شوریدہ = دیوانی، عاشق)۔
•نغمہ پرداز :نغمہ سرا، گانے میں مگن (نغمہ + پرداز = بمعنی پردازندہ، گانے والا، مشغول پرداختن = مشغول ہونا، نغمہ چھیڑنا])۔ •عروس لالہ :دلھن [یسا لالہ ، گلِ لالہ جو دُلھن بنا ہوا ہے (عروس = دلھن + لالہ)۔
•زپردۂ غیب :غیب کے پردے سے (ز=سے+پردہ= ساز کے وہ مقامات جن‌سے سُر نکلتے ہیں، آژ + غیب) •اے مقام شناس :اے مقام کی پہچان رکھنے والے (اے +مقام=ساز کا پردہ، سُر، مرتبہ+شناس= معنی شناسندہ، پہچاننے والا [شناختن = پہچاننا])۔
،از رگِ ساز :ساز کے تار سے (از=سے+رگ=تار+ساز)۔

کسے کہ زخمہ رساند بتارِ ساز حیات
ز من بگیر کہ آن بندہ محرمِ راز است

مرا ز پردگیانِ جہاں خبر دادند
ولے زباں نکشایم کہ چرخ کج باز است

ترجمہ

وہ شخص جو زندگی کے ساز کے تار چھیڑتا ہے
مجھ سے سُن لے کہ وہ بندہ حقیقت تک پہنچا ہوا ہے
مجھے کائنات کے بھیتر کی خبر دی گئی ہے
لیکن زبان نہیں کھولتا کہ آسمان بڑا فسادی ہے

فرہنگ

•زخمہ رساند :وہ ساز چھیڑتا ہے، مضراب لگانے ، چوٹ مارتاہے (زخمہ = ساز کے تار چھیڑنے کی چھڑی، مضراب، ستار پر پڑنے والی چوٹ + رساند = وہ ملاتا ہے، وہ جوڑے ازخمہ رساندن = ساز چھیڑنا، ساز پر چوٹ لگانا))_
بگیر :تو سمجھ لے (گرفتن = سمجھنا، سیکھنا)_
•زپردگیانِ جہاں :کائنات کی چھپی ہوئی چیزوں کی (ز = از = کی + پردگیاں = پردگی کی جمع، ہر چھپی ہوئی چیز + جہاں = دنیا، کائنات)_
•خبردادند :اُنھوں نے خبر دی، خدا نے آگہی بخشی (خبردادن = خبر دینا)_•زبان نکشایم :میں زبان نہیں کھولتا (زباں کشادن = زبان کھولنا، کوئی بات کرنا)__
• چرخ : آسمان_• کج باز : فسادی ،کھیل بگاڑنے والا_

سخن درشت مگو در طریقِ یاری کوش
کہ صحبتِ من و تو در جہاں خدا ساز است

کجاست منزل ایں خاکدانِ تیرہ نہاد ؟
کہ ہرچہ ہست چو ریگِ رواں بہ پرواز است

ترجمہ

کڑی بات نہ کہ، دوستی کی راہ میں سعی کر
کہ دُنیا میں میرا تیرا ساتھ خدا کا بنایا ہوا ہے
اندھیروں کی بنی اس دُنیا کی منزل کدھر ہے؟
کہ جوھے وہ ریت کی طرح اُڑا چلاجا رہا ہے

فرہنگ

•کوش :تو کوشش کر، جان لڑا دے (کوشیدن = کوشش کرنا)۔
•صحبتِ من و تو :میری اور تیری سنگت (صحبت = سنگت ،ساتھ ،مجلس+من= میری+و=اور+تو=تیری)۔
•منزلِ ایں خاکدانِ تیرہ نہاد :اندھیرے کی بنی اس دُنیا کی منزل (منزل + ایں = اس + خاکداں = دُنیا + تیرہ = تاریک + نہاد = خلقت، اصل، سرشت)۔
•ریگِ رواں :حرکت کرتی ہوئی ریت، اُڑنے والی ریت (ریگ = ریت + رواں = چلتی ہوئی)۔

تنم گلے ز خیابان جنّتِ کشمیر
دل از حریم حجاز و نوا ز شیراز است

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•شیراز :ایران کا مشہور شہر جہاں حافظ ، سعدی اور عرفی ایسے شاعر پیدا ہوئے۔

ترجمہ

میرا جسم کشمیر کی جنتَ کی کیاری کا ایک پھول
دل حجاز مقدّس سے ہے اور نغمہ شیراز سے

خاکیم و تندسیر مثال ستارہ ایم
درنیلگوں یمے بتلاش کنارہ ایم

بود و نبود ماست ز یک شعلۂ حیات
از لذّت خودی چو شرر پارہ پارہ ایم

فرہنگ

•خاکیم :مٹی ہیں (خاک + ایم = ہم ہیں)_•و :مگر_•تند سیر :تیز رفتار (تند = تیز + سیر = رفتار)_•نیلگوں :نیلے رنگ کا، آسمانی_•یمے :ایک بڑا سمندر (یم + سمندر + ے = ایک، بڑا)_•بود و نبودِماست : ہمارا ہونا اور نہ ہونا ہے، ہمارا سب کچھ ہے (بود = ہونا، وجود، ہستی + و = اور + نبود = نہ ہونا، عدم، نیستی [بودن = ہونا] + ما = ہمارا + است = ہے)_

ترجمہ

ہم مٹی ہیں مگر ستارے کی طرح تیزرفتار
ایک بے کراں نیلے سمندر میں کنارہ ڈھونڈ رہے ہیں
ہمارا وجود و عدم ایک ہی شعلہ حیات سے ہے
ہم خودی کی لذّت سے چنگاریوں کی طرح پارہ پارہ ہیں

با نوریاں بگوکہ ز عقلِ بلند دست
ما خاکیاں بدوشِ ثریّا سوارہ ایم

در عشق غنچہ ایم کہ لرزد ز باد صبح
درکار زندگی صفتِ سنگ خارہ ایم

ترجمہ

فرشتوں کو بتادے کہ اونچی پہنچ رکھنے والی عقل سے
ہم زمین والوں نے ثریّا کے کاندھے پر سواری کر رکھی ہے
ہم کلی ہیں عشق بیچ کہ صبح کی ہوا سے تھر تھرا جانے
زندگی کے کاروبار میں ہم جیسے سخت پتھر ہیں

فرہنگ

•عقلِ بلند دست :اونچے ہاتھ رکھنے والی عقل، اونچی پہنچ رکھنے والی عقل (عقل + بلند + دست = ہاتھ، پہنچ)_• خاکیاں : خاکی کی جمع، مٹی سے بنے ہونے، آدم زاد_•بدوشِ ثریّا :ثریّا کے کاندھے پر (بہ = پر + دوش = کاندھا + ثریّا = سات ستاروں کا جھرمٹ، پروین، مجازاً بلندی کی انتہا)_•سوارہ :سوار، سواری گانٹھے ہوئے_
•لرزد :لرزتی ہے، لرزے (الرزیدن = لرزنا)_
•صفتِ سنگِ خارہ ایم : ہم سخت پتھر کیطرح ہیں (صفت = مثال، طرح +سنگ خارہ = ایک خاص قسم کا سخت پتھر + ایم)_

چشم آفریده ایم چو نرگس دریں چمن
رو بند برکشا کہ سراپا نظارہ ایم

❦❦❦❦❦

ترجمہ

ہم نے اس چمن بیچ نرگس کی طرح آنکھ پیدا کی ہے
نقاب اُنھا کہ ہم سراپا نظر ہیں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

• چشم آفریدہ ایم :ہم نے آنکھ پیدا کی ہے، ہم نے نظر پیدا کی ہے (آفریدن = پیدا کرنا)۔
• :روبند : نقاب۔• برکشا : تو اُٹھا (برکشادن = اُٹھانا)۔

عرب از سرشکِ خونم همہ لالہ زار بادا
عجمِ رمیدہ بو را نفسم بہار بادا

تپش است زندگانی تپش است جاودانی
همہ ذرّہ ہایَ خاکم دلِ بیقرار بادا

ترجمہ

میرے اشک خون سے عرب سب کا سب لالہ زار بن جائے
مُرجھائے ہوئے عجم کو میری سانس بہار ہو جائے
تڑپ ہی زندگانی ھے، تڑپ جاودانی ہے
میری خاک کا ذرہ ذرہ بے قرار دل بن جائے

فرہنگ

• ازسرشک خونم:میرے خون کے آنسو سے، میرے لہو کی بوند سے (از = سے + سرشک = آنسو، قطرہ+خون+م=میرے)۔
•بادا :ہوجائے، بن جائے (بودن = ہونا، رہنا)۔•عجم رمیدہ بو :عجم جسکی خوشبو اُڑچکی ہے (عجم = ایران، تمام غیر عرب ممالک + رمیدہ = بھاگی ہوئی، اُڑی ہوئی، گریزاں [رمیدن = بھاگنا، وحشت کرنا] + بو = خوشبو)۔• را :کے لئے۔•نفسم :میرا نغمہ میری سانس (نفس = سانس، نغمہ+ م = میرا)۔
• تپش :بے قراری، تڑپ (تپیدن = طپیدن = تڑپنا، بے قرار ہونا)۔
•خداش یار بادا :خدا اُس کا دوست رہے (خدا + ش = اُس کا + یار = دوست، ساتھی + بادا= رہے)۔

نہ بہ جادۂ قرارش نہ بہ منزلے مقامش
دل منِ مسافرِ من کہ خداش یار بادا

حزر از خرد کہ بندد ہمہ نقشِ نا مرادی
دل ما برد بسازے کہ گسستہ تار بادا

فرہنگ

•حزر :بچو، خبردار، ہوشیار_
•بندد :وہ باندھتی ہے ،جماتی ہے (بستن = باندھنا ، جمانا)_•برد :وہ لے جاتا ہے (برُدن = لےجانا)_
•بسازے :اُس ساز کیطرف ، اُس ساز تک (بہ = طرف ، تک + اساز +ے =اُس)_ •کہ :جو_•گسستہ تار :ٹوٹے ہوئے تار والا (گسستہ =ٹوٹا ہوا[گسستن =ٹوٹنا] + تار)_

ترجمہ

نہ کسی راستے پر اس کا پڑاؤ نہ کسی منزل میں اس کا ٹھہراؤ
میرا دل میرا مسافر کہ خدا اُس کے ساتھہ رہے
عقل سے بچ کہ بس نا مُرادی کا نقش بناتی ہے
ہمارا دل اس ساز کی طرف کھینچتا ہے جس کے تار خدا کرے
ہمیشہ شکستہ رہیں

تو جوانِ خام سوزے سخنم تمام سوزے
غزلے کہ می سرایم بتو سازگار بادا

چو بجانِ من درآئی دگر آرزو نہ بینی
مگر ایں کہ شبنم تویمِ بے کنار بادا

فرہنگ

•جوانِ خام سوزے: وہ جوان جس کے دل کی آگ ابھی پوری طرح نہ بھڑکی ہو، جس کے جی کی جلن ابھی کچّی ہو (جوان+ خام=ادھورا ، کچّا+سوز+ے =ایک)۔

ترجمہ

تو وہ جوان ہے جس کے جی کی جلن ادھوری ہے، میرا کلام سب کا سب آگ ہے
یہ غزل جو میں گارہا ہوں، خدا کرے تجھے راس آجائے
تو جب میرے دل میں آئیگا کوئی اور آرزو نہیں دیکھے گا
مگر یہ کہ تیری شبنم بیکراں سمندر بن جائے

نشود نصیبِ جانت کہ دمے قرار گیرد
تب و تابِ زندگانی بتو آشکار بادا

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•نشود: نہ ہو (شدن=ہونا)۔ • نصیب جانت: تیری روح کا نصیب (نصیب=تقدیر، حصّہ+جان =روح+ت=تیری)۔ •دمے: ایک پل، پل بھر (دم=پل+ے= ایک، کوئی)۔ •قرار گیرد: وہ چین پکڑے، ساکن ہو (قرار گرفتن+قرار پکڑنا، آرام کرنا)۔

ترجمہ

تیری روح کے حصّے میں نہ آئے کہ پل بھر کو بھی قرار پکڑے
زندگی کی تب و تاب تجھ پر کُھل جائے

❦❦❦❦❦

نظرِ تو ہمہ تقصیر و خرد کوتاہی
نرسی جز بہ تقاضاے کلیم اللی

راہ کور است بخود غوطہ زن اے سالکِ راہ
جادہ را گم نکند در تہِ دریا ماہی

ترجمہ

تیری نظر نری چوک (ہے) اور عقل بھول
کلیم اللہ ایسی طلب کے بغیر تو (مقصودتک) نیں پہنچے گا
راہ پیچ در پیچ ہے اے مسافر اپنے بھیتر غوطہ لگا
مچھلی دریا کی تہ میں راستا گم نیں کرتی

فرہنگ

•تقصیر: خطا ، غلط ، کوتاہی۔
•کوتاہی: کمی ، غفلت ، تقصیر۔
•نرسی: تو نیں پہنچے گا (رسیدن =پہنچنا)۔ •جُزبہ: کے علاوہ۔
• تقاضائے کلیم اللی: حضرت موسی ایسی طلب (تقاضا= طلب ، خواہش ، مانگنا+کلیم اللہ= حضرت موسی+ی=یائے نیست)۔
•کور: کٹھن ، کڈھب ، پُر پیچ ، بے نشان۔
•بخود: اپنے آپ میں (بے=میں+ خود)۔ •غوطہ زن: تو غوطہ مار (غوطہ زدن=غوطہ لگانا)۔
•سالک راہ: راستے کا مسافر (سالک =راستا چلنے والا ، مسافر+راہ)۔
•گم نکند: وہ گم نیں کرتی (گم کردن =گُم کرنا ، کھونا)۔

حاجتے پیشِ سلاطیں نبرد مردِ غیور
چہ تواں کرد کہ از کوہ نیاید کاہی

مگذر از نغمۂ شوقم کہ بیابی در وے
رمزِ درویشی و سرمایۂ شاہنشاہی

فرہنگ

•چہ تواں کرد: کیا کیا جائے، کیا کیا جا سکتا ہے۔
•نیاید: نہیں آتی، نہیں ہوتی (آمدن =آنا، ہونا، اظہار ہونا)۔ •کاہی: گھاس کی خاصیت، گھاس پن (کاہ =گھاس، سوکھی گھاس+ی= یائے نسبت)۔
•مگذر: مت گزر، بے اعتنائی نہ کر (گذشتن=گزرنا، بے اعتنائی کرنا)۔
•بیابی: تو پائے گا (یافتن= پانا)۔ •در وے: اُس میں (در =میں+وے=اُس)۔ •سرمایۂ شاہنشاہی: بادشاہی کی اصل (سرمایہ=اصل، بنیاد+ شاہنشاہی=شہنشاہی)۔

ترجمہ

آن والا مرد بادشاہوں کے آگے کوئی حاجت نہیں لے جاتا
کیا کیا جائے کہ کوہ، کاہ ایسا نہیں بن سکتا
میرے نغمۂ شوق کو ان سُنا مت کر کہ تو اس میں پائے گا
فقیری کا بھید اور بادشاہی کی اصل

نفسم با تو کند آنچہ بہ گل کرد نسیم
اگر از لَذتِ آہِ سحری آگاہی

اے فلک چشمِ تو بیباک و بلا جوست ھنوز
می شناسم کہ تماشاے دگر می خواہی

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بلاجو: بلائیں ڈھونڈنے والی، فتنہ و فساد پیدا کرنے والی (بلا+جو=بمعنی جوینده، ڈھونڈنے والی، طلبگار، کھوج میں رہنے والی [جُستن=ڈھونڈنا، طلب کرنا، پیدا کرنا])_ •ھنوز: اب تک_ •می شناسم: میں پہچانتا ہوں (شناختن=پہچاننا)_ •تماشاے دگر: نیا تماشا (تماشا+دگر=دوسرا، نیا)_ •می خواہی: تو چاھتا ہے، تو چاہ رہا ہے (خواستن=چاہنا، مانگنا)_

ترجمہ

میرا نغمہ تیرے ساتھ وہی کرے گا جو پھول سے نسیم نے کیا
اگر تو آہِ سحر کی لذت سے آگاہ ہے
اے فلک تیری آنکھ اب تک بے باک اور بلاؤں کی کھوج میں ہے
میں جانتا ہوں کہ تو کوئی اور تماشا چاہتا ہے

❦❦❦❦❦

سر خوش از بادۂ تو خم شکنے نیست کے نیست
مستِ لعلینِ تو شیریں سخنے نیست کے نیست

در قبائے عربی خوشترک آئی بہ نگاہ
راست برقامتِ تو پیرہنے نیست کے نیست

ترجمہ

نیں ہے کوئی بلانوش جو تیری شراب سے مست نہ ہو
نیں ہے کوئی شیریں سخن جو تیرے ہونٹوں کا متوالا نہ ہو
عربی قبا میں تیری اور ہی چھب نظر آتی ہے
(ورنہ) کوئی جامہ نیں جو تیرے بر میں سجتانہ ہو

فرہنگ

•سرخوش: مست، نشے میں چور۔
•بادۂ تو: تیری شراب (بادہ=شراب+تو=تیری)۔ •خم شکنے: شراب کے مٹکے توڑنے والا کوئی، کوئی گھڑے کے گھڑے چڑھا جانے والا بلانوش (خم=شراب کا مٹکا+شکن=بمعنی شکنندہ، توڑنے والا [شکستن=توڑنا+ے=کوئی])۔
•مستِ لعلینِ تو: تیرے ہونٹوں کا متوالا (مست+لعلین=محبوب کے سُرخ ہونٹ+تو=تیرے)۔
•شیریں سخنے: کوئی میٹھے بول بولنے والا، کوئی شاعر (شیریں=میٹھا+سخن=بات، کلام، شعر +ے=کوئی):
•خوشترک: اور بھی اچھا بھلا خوبصورت (خوش=اچھا+تر=اور زیادہ+ک=کاف تحسین جو محبّت کا اظہار کرتا ہے)۔
•آئی: تو آتا ہے، لگتا ہے (آمدن=آنا)۔

گرچہ لعلِ تو خموش است ولے چشمِ ترا
با دلِ خوں شدۂ ما سخنے نیست کہ نیست

تا حدیثِ تو کنم بزمِ سخن می سازم
ورنہ در خلوتِ من انجمنے کہ نیست

فرہنگ

•بادلِ خوں شدۂ ما: ہمارے لہو ہو چکے دل کے ساتھ (با=ساتھ، سے+دل+خوں+شدہ= ہوچکا، ہوا [شدن=ہونا]+ما= ہمارا)_ •سخنے: کوئی بات (سخن=بات، کلام+ے= کوئی)_ •تا: تاکہ_ •حدیث تو: تیرا ذکر (حدیث=ذکر، بات +تو=تیرا)_ •کنم: میں کروں (کردن=کرنا)_ •بزمِ سخن: شعر و شاعری کی محفل (بزم=محفل +سخن=شعر)- •می سازم:برپا کرتا ہوں،سجا لیتا ہوں(ساختن= منعقد کرنا، برپا کرنا، سجانا)_ •انجمنے: کوئی محفل (انجمن+ے=کوئی)_

ترجمہ

تیرے لب ساکت ہیں مگر تیری آنکھوں کی
ہمارے لہو ہوچکے دل کے ساتھ وہ کون سی بات ہے جو نہ ہوتی ہو
شاعری کی محفل سجالیتا ہوں تاکہ تیرا ذکر کروں
ورنہ ایسی کوئی انجمن نہیں جو میری خلوت میں نہ ہو

اے مسلماں دگر اعجازِ سلیماں آموز
دیدہ بر خاتمِ تو اہرمنے نیست کہ نیست

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•دگر: پھر، پھر سے۔ •اعجازِ سلیماں: حضرت سلیمان کا معجزہ (اعجاز=معجزہ+سلیماں= حضرت سلیمان علیہ السّلام)۔ •آموز: تو سیکھ (آموختن= سیکھنا)۔ •دیدہ بر خاتم تو: تیری انگوٹھی پر آنکھ لگائے ہوئے (دیدہ=آنکھ+بر=پر+خاتم =انگوٹھی، مُہر+تو=تیری)۔ •اہرمنے: کوئی دیو، کوئی شیطان (اہرمن=دیو، شیطان+ے=کوئی)۔

ترجمہ

اے مسلمان سلیمان کا معجزہ پھر سے سیکھ
کوئی دیو نہیں جو تیری انگوٹھی کی تاک میں نہ ہو

❦❦❦❦❦

اگرچہ زیب سرش افسر و کلاہے نیست
گدائے کوے تو کمتر ز پادشاہے نیست

بخواب رفتہ جوانان و مردہ دل پیراں
نصیبِ سینۂ کس آہ صبحگاہے نیست

ترجمہ

اگرچہ اُس کے سر پر کوئی تاج اور کلاہ نیں ہے
تیری گلی کا فقیر کسی بادشاہ سے کم نیں
جوان نیند کے ماتے اور بوڑھے مردہ دل
کسی کے سینے کو صبح کی آہ نصیب نیں

فرہنگ

•زیبِ سرش: اُس کے سر کی زینت (زیب=زینت+سر+ش= اُسکے)۔ •افسر: تاج۔ •کلاہے: کوئی کلاہ (کلاہ=اونچی ٹوپی، بادشاہوں کی ٹوپی+ے=کوئی)۔ •گدائے کوے تو:تیری گلی کا فقیر +کو=گلی+تو=تیری)-
•کمتر ز پادشاہے: کسی بادشاہ سے کم (کم،+تر=مقابلتاً زیادہ+ ز=سے+پادشاہ=بادشاہ+ے= کسی)۔
•بخواب رفتہ: سونے ہونے، نیند کے ماتے (بہ=میں+خواب=نیند +رفتہ=محو، کھونے ہونے)۔
•مردہ دل: مردہ دل والے، جن کے دل بے سوز ہو چکے ہوں۔
•پیراں: پیر کی جمع، بوڑھے۔
•نصیبِ سینۂ کس: کسی کے سینے کا حصہ (نصیب=قسمت، حصہ+سینہ+کس=کسی)۔
•آہِ صبحگاہے: صبح کی آہ (آہ+ صبح+گاہ=وقت،گھڑی+ے= یانے تعظیمی)۔

بایں بہانہ بدشت طلب ز پا منشیں
کہ در زمانۂ ماَ آشنائے راہے نیست

ز وقتِ خویش چہ غافل نشستہ ای دریاب
زمانۂ کہ حسابش ز سال و ماہے نیست

ترجمہ

اس بہانے سے طلب کے میدان میں پاؤں توڑ کے بیٹھ نہ رہ
کَہ ہمارے زمانے میں کوئی راستا جاننے والا نہیں ہے
کیا اپنے حال سے غافل بیٹھا ہوا ہے (اُٹھ اور) کھوج
وہ زمانہ جس کا حساب کسی ماہ و سال سے نہیں ہے

فرہنگ

•ز پا منشین: تو بیٹھ مت رہ (از پانشستن=تھک کے یا مایوس ہو کر بیٹھ رہنا، ہاتھ پر ہاتھ دھر کے بیٹھ جانا، کوشش ترک کر دینا)۔
•ز وقت خویش: اپنے وقت سے (ز=سے+وقت=زمانہ، گھڑی، حال، حقیقت+خویش =اپنے)۔ •نشستہ ای: تو بیٹھا ہوا ہے (نشستہ=بیٹھا ہو [نشستن= بیٹھا]+ای=تو ہے)۔
•دریاب: تو ڈھونڈ نکال (دریافتن =حاصل کرنا، کھوج لگانا، پانا)۔

دریں رباطِ کہن چشم عافیت داری؟
ترا بکشمکشِ زندگی نگاہے نیست

گناہِ ما چہ نویسند کاتبانِ عمل
نصیبِ ما ز جہانِ تو جز نگاہے نیست

ترجمہ

اس پُرانی سرائے میں چین کی آس رکھتا ہے؟
زندگی کی کشمکش پر تیری نظر نہیں ہے
نامہ اعمال لکھنے والے فرشتے ہمارا گناہ کیا لکھیں
تیری دُنیا میں ہمارا نصیب بس ایک نظر ہی تو ہے

فرہنگ

•دریں رباطِ کہن: اُس پُرانی سرائے میں (در=میں+ایں=اس+رباط=سرائے، مسافر خانہ+کہن=پُرانی)۔ •چشمِ عافیت: چین کی آس (چشم=اُمید، آس+عافیت=چین، آرام، سلامتی)۔ •داری: تو رکھتا ہے (داشتن=رکھنا)۔ •ترا تجھے، تیری۔ •بکشمکش زندگی: زندگی کی کشمکش پر (بہ=پر +کشمکش+زندگی)۔
•کاتبانِ عمل: نامہ اعمال لکھنے والے فرشتے (کاتبان=کاتب کی جمع، لکھنے والے+عمل)۔ •نصیبِ ما: ہمارا حصّہ (نصیب+ما=ہمارا)۔ •زجہانِ تو: تیری دُنیا میں سے (ز=میں سے+جہان+تو=تیری)۔
•جُز: علاوہ۔ •نگاہے: ایک نظر۔

بیا کہ دامنِ اقبال را بدست آریم
کہ او ز خرقہ فروشانِ خانقاہے نیست

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بدست آریم: ہم پکڑلیں (بدست آودن= ہاتھوں سے پکڑلینا، تھامنا)۔
•ز خرقہ فروشانِ خانقاہے: کسی خانقاہ کے خرقہ بیچنے والوں میں سے (ز= میں سے+خرقہ=گدڑی، ان سلا جامہ، صوفیوں کا لباس جو عموماً پیر کسی مُرید کو خلافت دیتے وقت پہناتا ہے+فروشاں= فروشندگان=بیچنے والے [فروختن =بیچنا]+خانقاہ+ے=کسی)۔ [خرقہ فروش: نام کے درویش]۔

ترجمہ

آکہ اقبال کا دامن تھام لیں
کیونکہ وہ کسی خانقاہ کے خرقہ فروشوں میں سے نہیں ہے

❦❦❦❦❦

شعلہ در آغوش دارد عشقِ بے پروائے من
برنخیزد یک شرار از حکمتِ نازائے من

چوں تمام اُفتد سراپا ناز می گردد نیاز
قیس را لیلی ہمی نامند در صحرائے من

ترجمہ

میرا من موجی عشق بر میں شعلہ لئے ہوئے ہے
میری بانجھ عقل میں سے ایک چنگاری بھی نہیں چھوٹتی
عشق جب کامل ہوجائے تو سراپا حُسن بن جاتا ہے
میرے صحرا میں مجنوں کو لیلی کا نام دیا جاتا ہے

فرہنگ

•برنخیزد: نہیں اُٹھتا، نکلتا (برخاستن=برخیزیدن=اُٹھنا)۔
•از حکمتِ نازائے من: میری بانجھ عقل سے (از=سے، میں سے+ حکمت=عقل+نازا=نازایندہ= بانجھ+من=میری)۔
•چوں: جب۔ •تمام: پورا، کامل۔ •اُفتد: وہ ہو جاتا ہے، ہو جائے (اُفتادن=ہونا)۔
•گردد: ہو جاتا ہے (گشتن= گردیدن=ایک حالت سے دوسری حالت میں پلٹ جانا، ہو جانا)۔
•نیاز: عاشقی، بندگی، محتاجی۔
•قیس: قیسِ عامری جو مجنوں کے نام سے مشہور ہے۔ •را: کو، کا۔
•لیلی: قیس کی محبوبہ۔
•ہمی نامند: نام رکھتے ہیں، نام دیا جاتا ہے (نامیدن=نام رکھنا)۔

بہرِ دہلیز تو از ہندوستاں آوردہ ام
سجدۂ شوقے کہ خوں گردید در سیمائے من

تیغِ لا در پنجۂ ایں کافرِ دیرینہ دہ
باز بنگر در جہاں ہنگامۂ الّاے من

ترجمہ

تیری چوکھٹ کے واسطے ہندوستان سے لایا ہوں
وہ سجدۂ شوق جو میری پیشانی میں لہو ہوگیا تھا
اِس پُرانے کافر کے ہاتھ میں لا کی تلوار دے
پھِر دیکھ دُنیا میں میرا ہنگامۂ الّا

فرہنگ

•بہرِ دہلیز تو: تیری چوکھٹ کے واسطے (بہر=لئے، واسطے+ دہلیز=چوکھٹ+تو=تیری)۔
•آوردہ ام: میں لایا ہوں (آوردن =لانا)۔ •سجدۂ شوقے: وہ سجدۂ شوق (سجدہ+شوق=وصال کی تڑپ، چاہ+ے=وہ)۔ •خوں گردید: خون ہو گیا (خون گردیدن= خون ہو جانا، گھٹ کے رہ جانا)۔
•در سیمائے من: میری پیشانی میں (در میں+سیما=پیشانی+من =میری)۔
•تیغِ لا: لا الہ کی تلوار (تیغ=تلوار +لا=نہیں، مراد معبودان باطل کی نفی، غیر اللہ کی نفی)۔
•در پنجۂ ایں کافر دیرینہ: اِس پُرانے کافر کے ہاتھوں میں(در=میں+ پنجہ=چنگل، ہاتھ+ایں=اِس +کافر+دیرینہ=پُرانا، قدیم)۔
•دہ: تو دے (دادن=دینا)۔
•باز: پھر۔ •بنگر: تو دیکھ (نگریستن=دیکھنا)۔ •ہنگامۂ الّاے من: میرا ہنگامۂ الّا (ہنگامہ+ الّا=مگر، مراد اللہ تعالی کی الوہیت کا اعلان+من=میرا)

گردشے باید کہ گردوں از ضمیرِ روزگار
دوشِ من باز آرد اندر کسوتِ فردائے من

از سپہر بارگاہت یک جہاں وافر نصیب
جلوۂ داری دریغ از وادیِ سیناے من

ترجمہ

ایسی گردش چاہیئے کہ آسمان زمانے کے بھیتر میں سے
میرے مستقبل کے لباس میں میرا ماضی پھیر لائے
تیری اونچی جناب سے ایک دُنیا نہال
ایسا جلوہ رکھتے ہوئے بھی میری وادیِ سینا سے دریغ؟

فرہنگ

•گردشے: ایسا چکر، وہ گردش (گردش+ے=وہ، ایسی)۔
•باید: چاہنیے (بایستن=درکار ہونا، چاہنا)۔
•گردوں: آسماں۔ •از ضمیرِ روزگار: زمانے کے باطن میں سے (از=میں سے+ضمیر=باطن، بھیتر+روزگار=زمانہ)۔ •دوش من: میرا گزرا ہوا کل (دوش=گزرا ہوا کل+من=میرا)۔ •بازآرد: پھر سے لے آنے، پھیر لانا)۔
•اندر کسوت فردائے من: میرے آنے والے کل کے لباس میں (اندر=میں، بیچ+کسوت=لباس+فردا=آنے والا کل+من=میرے)
•از سپہرِ بارگاہت: تیری بارگاہ کے آسمان سے، تیرے آسمان ایسے دربار سے (از+سپہر=آسمان+بارگاہ+ت=تیری)۔
•وافر نصیب: خوب خوب فیض یاب، کثیر حصّہ رکھنے والا، جی بھر کے بہرہ مند (وافر=کثیر+نصیب=حصّہ)۔
•دریغ: مضائقہ، پرہیز۔

باخدا در پرده گویم با تو گویم آشکار
یا رسول اللہ او پنہان و تو پیدائے من

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•با خدا: خدا سے (با=کے،ساتھ +خدا)_ •درپردہ: پردے میں، چھپا کے، پوشیدہ (در=میں+ پردہ)_ •گویم: میں کہتا ہوں (گفتن=کہنا)_ •باتو: تجھ سے، تیرے ساتھ (با+تو=تجھ)_
•آشکار: علانیہ، واضح، کھلّم کھُلا_
•پنہاں: پوشیدہ، چُھپا ہوا_
•پیدائے من: مجھ پر آشکار، ظاہر_

ترجمہ

میں خدا سے پوشیدہ پوشیدہ عرض کرتا ہوں (مگر) تجھ سے کھلّم کھلاّ
یا رسول اللہ وہ مجھ سے پنہاں ہے اور تو آشکار

❦❦❦❦❦

بتانِ تازہ تراشیدہ ای دریغ از تو
درونِ خویش نہ کاویدہ ای دریغ از تو

چناں گداختہ ای از حرارتِ افرنگ
زچشمِ خویش تراویدہ ای دریغ از تو

ترجمہ

تونے نئے نئے بُت تراش لئے تجھ پر افسوس ہے
اپنا بھیتر نہ کریدا حیف ہے تجھ پر
تو فرنگ کی حرارت سے ایسا پگھلا
اپنی آنکھ سے (آنسو بن کر) ٹپک پڑا! وائے ہو تجھ پر

فرہنگ

•بتانِ تازہ: نئے بت (بتاں=بت کی جمع+تازہ=نئے)_ •تراشیدہ ای: تو نے تراشا ہے (تراشیدہ =تراشا+ای=تونے)_
•دریغ از تو: تجھ پر افسوس (دریغ =افسوس+از=پر+تو= تجھ)_ •درونِ خویش: اپنا بھیتر (درون=بھیتر، باطن+خویش =اپنا)_ •کاویدہ ای: نیں کھودا ہے، تو نے نیں کریدا (کاویدن= کھودنا، کریدنا، کھوجنا)_
•چناں: ایسا_ •گداختہ ای: تو پگھلا ہے (گداختن=پگھلنا)_
•چشمِ خویش: اپنی آنکھ (چشم= آنکھ+خویش=اپنی)
•تراویدہ ای: تو ٹپک پڑا ہے (تراویدن=ٹپکنا)_

بکوچۂ کہ دہد خاک را بہاے بلند
بہ نیم غمزہ نیرزیدہ ای دریغ از تو

گرفتم ایں کہ کتابِ خرد فرو خواندی
حدیثِ شوق نہ فہمیدہ ای دریغ از تو

ترجمہ

اُس کوچے میں جہاں مٹی (بھی) اونچا مول پاتی ہے
تو آدھی جھلک کے (بھی) لائق نہ ٹھہرا! افسوس تجھ پر
میں نے یہ مانا کہ تو عقل کی کتاب پڑھ چکا ہے
(لیکن) عشق کی بات تونے نہ سمجھی تجھ پر افسوس ہے

فرہنگ

بکوچۂ: اُس گلی میں (بہ=میں کوچہ=گلی+ء=اُس)_
•کہ: جو_•دہد: وہ دیتی ہے(دادن =دینا)_•بہاے بلند: اونچا مول (بہا +مول+بلند=اونچا)•بہ نیم غمزہ: آدھی جھلک میں، آنکھوں کے ذرا سے اشارے کے مول (بہ= میں، برابر+نیم=آدھا+غمزہ =محبوب کا آنکھ سے اشارہ کرنا، محبوبانہ ادا)_ •نیرزیدہ ای: تو نہیں بکا، تو لائق نہیں ہے (ارزیدن= بکنا، قیمت پانا، لائق ہونا، برابر ہونا)_
•گرفتم: میں نے مانا (گرفتن= مان لینا)_ •فرو خواندی: تو نے پڑھ رکھی ہے (فرو خواندن= پڑھنا)_ •حدیث شوق: عشق کی بات (حدیث=بات+شوق)_
•نہ فہمیدہ ای:تو نے نہ سمجھی (فہمیدن=سمجھنا)_

طوافِ کعبہ زدی گردِ دیر گردیدی
نگہ بخویش نہ پیچیدہ ای دریغ از تو

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•طواف کعبہ زدی: تو نے کعبے کا طواف کیا (طواف+کعبہ=زدی =تو نے کیا [طواف زدن=طواف کرنا])_ •گردِ دیر: بت خانے کے گرد (گرد+دیر=بتخانہ، مندر)_ •گردیدی: تو پھرا (گردیدن= پھرنا)_•نگہ بخویش نہ پیچیدہ ای: تو نے اپنے آپ میں نگاہ نہ کی (نگہ خویش پیچیدن= اپنی طرف نگاہ کرنا)

ترجمہ

تو نے کعبے کا طواف کیا مندر کے پھیرے لگائے
(مگر) اپنی طرف نگاہ نہ کی افسوس تجھ پر

❦❦❦❦❦

نقش فرنگ

پیام

ازمن اے بادِ صبا گوے بدانائے فرنگ
عقل تا بال کَشود است گرفتار تراست

برق را ایں بجگر می زند آں رام کند
عشق از عقلِ فسوں پیشہ جگر دار تراست

ترجمہ

اے صبا میری طرف سے مغرب کے گیانی سے کہنا
عقل جتنا پر کھولتی ہے پھنستی چلی جاتی ہے
یہ برق کو جگر میں رکھ لیتا ہے وہ رام کرتی ہے
عشق منتر پھونکنے والی عقل سے زیادہ جگر دار ہے

فرہنگ

•ازمن :میری طرف سے (از= طرف سے+من=میری)_
•گوے :تو کہنا (گفتن=کہنا)_ •بدانائے فرنگ :مغرب کے گیانی سے (بہ=سے +دانا+ فرنگ)_ •تا :جتنا، جسقدر_ •بال کشوداست :پر کھولے ہونے ہے (بال=پر، پرندوں کا بازو+کشوداست=کشودہ است=اُس نے کھولا ہوا ہے (بال کشودن=پر کھولنا، اُڑان لینا))_
•بجگرمی زند :جگر میں رکھ لیتا ہے (بجگر زدن= یہ جگر میں رکھ لینا) •رام کند :وہ رام کرلیتی ہے (رام کردن=قابو میں لانا، مطیع کرنا)_ •عقلِ فسوں پیشہ :جادوگر عقل (عقل + فسوں پیشہ=جادوگر، منتر پھونکنے والی)
•جگردارتر:زیادہ بہادر(جگر دار= بہادر+تر= مقابلتاً زیادہ)_

چشم جز رنگِ گل و لالہ نہ بیند ورنہ
آنچہ در پردۂ رنگ است پدیدار تراست

عجب آں نیست کہ اعجازِ مسیحا داری
عجب ایں است کہ بیمارِ تو بیمار تراست

ترجمہ

آنکھ لالہ و گل کے رنگ کے علاوہ (کچھ) نہیں دیکھتی ورنہ
جو کچھ رنگ کی اوٹ میں ہے وہ زیادہ ظاہر ہے
عجوبہ وہ نہیں کہ تو مسیحائی کا معجزہ رکھتا ہے
عجوبہ یہ ہے کہ تیرا بیمار اور بھی بیمار ہو چلا ہے

فرہنگ

جُز :علاوہ_ •نہ بیند :وہ نہیں دیکھتی (دیدن=دیکھنا)_ •آنچہ :جو کچھ_ •درپردہ رنگ : رنگ کی اوٹ میں (در= میں+ پردہ=آڑ، اوٹ + رنگ)_ •پدیدارتر :زیادہ ظاہر، آشکار (پدیدار= ظاہر، آشکار + تر= مقابلتہً زیادہ)_ •عجب :عجیب، انوکھا، حیرت ناک_ •اعجاز مسیحا :حضرت عیسی کا معجزہ، مُردوں کو جلانے کا معجزہ (اعجاز=معجزہ + مسیحا =حضرت عسی کا لقب جو مردوں کو اللہ کے حکم سے زندہ کردیتے تھے)_ •داری :تو رکھتا ہے (داشتن=رکھنا)_

دانش اندوختہ ای دل ز کف انداختہ ای
آہ زاں نقدِ گرانمایہ کہ درباختہ ای

حکمت و فلسفہ کارے است کہ پایانش نیست
سیلیِ عشق و محبت بہ دبستانش نیست

ترجمہ

تو نے علم ذخیرہ کرلیا (مگر) دل ہاتھ سے دے دیا
آہ وہ انمول دولت جو تو گنوا بیٹھا ہے
سائنس اور فلسفہ وہ کام ہے جس کا کوئی انجام نہیں ہے
اس کے مدرسے میں عشق و محبت کا طمانچہ نہیں ہے

فرہنگ

•دانش :علم، دانائی_ •اندوختہ ای :تونے جمع کر رکھا ہے، تو نے فراہم کیا ہے (اندوختن=جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، فراہم کرنا)_ •زکف انداختہ ای :تو نے ہاتھ سے پھینک دیا ہے (ز=سے+کف= ہاتھ+انداختہ ای=تو نے پھینک دیا ہے [ازکف انداختن =کسی چیز کو حقیر جان کر پھینک دینا، ہاتھ سے گنوادینا])_ •آہ زاں نقدگراں مایہ: آہ وہ انمول دولت، اُس گرانمایہ دولت کا افسوس ہے (آہ+ز=از = کا ،پر+آں=وہ ،اُس+نقد = دولت، سرمایہ+گراں مایہ= بیش قیمت، انمول)_ •درباختہ ای :تو نے باردی ہے،تو گنوا بیٹھا ہے (درباختن=ہارجانا، گنوادینا)
•حکمت :سائنس_ •کارے:وہ کام، ایسا شغل (کار=کام،شغل + ے=وہ، ایسا)_ •پایانش :اس کا آخر (پایان=آخر، انتہا، انجام+ش=اس کا)_•سیلی :طمانچہ

بیشتر راہِ دلِ مردم بیدار زند
فتنہ نیست کہ درچشمِ سخندانش نیست

دل ز نازِ خنکِ او بہ تپیدن نرسد
لذّتے در خلشِ غمزۂ پنہانش نیست

ترجمہ

اکثر جاگے ہوؤں ہی کا دل لوٹتی ہے
کوئی فتنہ نیں جو اسکی ہوشیار آنکھوں میں نیں
دل اُس کی ٹھنڈی ادا سے تڑپنے نیں پاتا
اُس کے چُھپے چھُپے اشاروں کی کھٹک میں کوئی لذّت نیں

فرہنگ

•راہِ دلِ مردمِ بیدار زند :جاگے ہونے لوگوں کے دل کی راہ مارتا ہے(راہ+دل+مردم=لوگ+بیدار=جاگا ہوا ، ہوشیار ، چوکنّا+زند= وہ مارتا ہے [راہ زدن= لوٹنا ، گمراہ کرنا])_ •فتنہ :ایسا کوئی فتنہ (فتنہ+ء =کوئی ، ایسا)_
•چشمِ سخندانش :اُس کی باتیں بنانے والی آنکھ ، اُس کی ہوشیار آنکھ (چشم+سخنداں=بات جاننے والا ،ہوشیار ،دانا+ش=اُسکی)_
•ز نازِ خنکِ او :اسکی ٹھنڈی ادا سے (ز=سے+از+خنک= ٹھنڈا+او=اس کا)_ •بہ تپیدن نرسد :تڑپنے نیں پاتا ، تڑپنے سے رہ جاتا ہے (بہ=تک ،کو+تپیدن = تڑپنا+نہ=نیں+رسد=وہ پہنچتا ہے [رسیدن = پہنچنا])_
•درخلشِ غمزۂ پنہانش :اُس کے چھپے ہوئے غمزے کی چبھن میں (در=میں+خلش = کھٹک ، چبھن+غمزہ=ادا ، ناز ، آنکھ کا اشارہ+پنہاں= پوشیدہ+ش=اُس کے)

دشت و کہسار نوردید و غزالے نگرفت
طوفِ گلشن زد و یک گل بہ گریبانش نیست

چارہ این است کہ ازعشق کشادے طلبیم
پیشِ او سجدہ گزاریم و مرادے طلبیم

فرہنگ

•نوردید :اُس نے طے کیا ، وہ گھوما (نوردیدن= طے کرنا ، گھومنا)_ •و :مگر_ •غزالے :کونی ہرن (غزال=ہرن+ ے=ایک ،کونی)_ • نگرفت : اُس نے نہیں پکڑا (گرفتن= پکڑنا)_ •طوف گلشن زد :گلشن کا پھیرا لگایا (طوف=چکر، پھیرا ، طواف+گلشن+زد= اُس نے مار ا ، لگایا)_ •کشادے :حل ، نجات ، رہا نی (کشاد+ے =یانے زائد)_•طلبیم :ہم مانگیں (طلبیدن=مانگنا ، طلب کرنا)_ •سجدہ گزاریم :ہم سجدہ کریں (سجدہ گزاردن =سجدہ کرنا)_

ترجمہ

اُس نے بن اور پہاڑ ایک کر دینے مگر کوئی غزال ہاتھ نہ آیا
گلشن کے پھیرے لگائے لیکن اُس کے گریبان میں ایک پھول بھی نہیں
چارہ یہ ہے کہ ہم عشق سے دستگیری چاہیں
اُس کے آگے ماتھا ٹیکیں اور مراد مانگیں

عقل چوں پاے دریں راہِ خم اندر خم زد
شعلہ درآب دوانید و جہاں برہم زد

کیمیا سازی او ریگِ رواں را زر کرد
بر دلِ سوختہ اکسیرِ محبّت کم زد

ترجمہ

عقل نے جب اس پیچ در پیچ راہ میں قدم رکھا
پانی میں شعلہ دوڑایا اور دُنیا اُلٹ پلٹ کے رکھدی
اُس کی کیمیاگری نے اُڑتی ہوئی ریت کو سونا بنا دیا
(مگر) جلے ہوئے دل پر محبت کی اکسیر نہیں رکھی

فرہنگ

•پاے دریں راہِ خم اندرخم زد :اس پیچ در پیچ راستے میں قدم رکھا (پاے=قدم+در=میں+ ایں=اس +راہ+خم اندر خم= پیچ در پیچ، الجھی ہوئی، اونچی نیچی+زد=اُس نے رکھا [پازدن = قدم رکھنا])_ •دوانید :اُس نے دوڑایا (دوانیدن=دوڑانا])_ برہم زد :اُس نے اُلٹ پلٹ کردیا (برہم زدن=اُلٹ پلٹ کرنا، تتر بتر کرنا)_ •زرکرد :اُس نے سونا بنا دیا (زر=سونا+کرد= اُس نے کردیا، بنادیا [کردن= کرنا، بنانا])_ •بردلِ سوختہ: جلے ہوئے دل پر (بر=پر+دل+ سوختہ=جلاہوا [سوختن= جلنا])_

واے بر سادگیِ ما کہ فسونش خوردیم
رہزنے بود کمیں کرد و رہِ آدم زد

ہنرش خاک بر آورد ز تہذیبِ فرنگ
باز آں خاک بچشمِ پسرِ مریم زد

ترجمہ

ہماری سادگی پر افسوس کہ اس کے دم میں آگئے
ایک رہزن تھا جس نے گھات لگائی اور آدمی کی راہ ماری
اُس کے ہنر نے فرنگی تہذیب کی خاک اُڑائی
پھر وہی خاک مریم کے بیٹے کی آنکھوں میں جھونک دی

فرہنگ

•واے برسادگی ما :ہماری سادگی پر افسوس (واے=افسوس اور نفرین کا حرف+ بر=پر+سادگی + ما= ہماری)_ •فسونش :اس کا فریب (فسوں=فریب+ش=اس کا)_ •خوردیم:ہم نے کھایا (خوردن=کھانا)_
•کمیں کرد :اُس نے گھات لگائی (کمیں کردن=گھات لگانا)_ •رہِ آدم زد : :اُس نے آدم کی راہ ماری (رہ=راستا+آدم= آدمی+زد=اُس نے مارا [راہ زدن=راہ مارنا ، رہزنی کرنا])_
•خاک برآورد :اُس نے خاک اُڑائی، اُس نے تباہ و برباد کردیا (خاک بر آوردن از چیزے= کسی چیز کو تہس نہس کرنا ، برباد کرنا)_•بچشمِ پسرِ مریم زد :اُس نے عیسی کی آنکھ میں ڈالی (بہ=میں +چشم+پسر=بیٹا+مریم+ زد=اس نے ڈالی)_

شررے کاشتن و شعلہ درودن تا کے
عقدہ بردل زدن و باز کشودن تا کے

عقلِ خود بیں دگر و عقلِ جہان بیں دگراست
بالِ بلبل دگر و بازوے شاہیں دگر است

ترجمہ

کب تک چنگاری بونا اور شعلے کاٹنا
دل پرگرہ ڈالنا اور پھر کھولنا کب تک
اپنے آپ میں گم عقل اور ہے دُنیا دیکھنے والی عقل اور
بلبل کا پر اور ہے شاہین کا شہپر اور

فرہنگ

•کاشتن :بونا۔
•درودن :فصل کاٹنا۔ •تاکے :کب تک۔ •عقدہ بردل زدن :دل پر گرہ ڈالنا ،دل کے لیے رنج اور مشکل پیدا کرنا (عقدہ=گرہ، مشکل+بر=پر+دل+زدن= لگانا ،ڈالنا)۔ •باز :پھر سے، دوبارہ ۔ •کشودن :کھولنا۔
•عقلِ خودبیں :اپنے آپ میں مگن عقل، خودبی کو دیکھنے والی عقل (عقل+خود+بیں= بمعنی بیننده، دیکھنے والی [دیدن = دیکھنا])۔ •دگر :دوسری۔
•عقلِ جہاں بیں :دُنیا دیکھنے والی عقل، خود سے باہر دیکھنے والی عقل (عقل +جہاں=دُنیا ، کائنات ، خارج میں موجود عالم+ بیں)۔

دگراست آں کہ برد دانہ افتادہ ز خاک
آں کہ گیرد خورش از دانۂ پرویں دگراست

دگر است آن کہ زند سیرِ چمن مثلِ نسیم
آں کہ درشد بہ ضمیرِ گلِ نسریں دگر است

فرہنگ

•خورش :خوراک ، کھانا۔
•از دانۂ پروین
:ثریّا کےّ دانے سے ، پروین کے ستاروں سے (از= سے+دانہ+ پروین=عقد ثریّا ، انتہائی بلندی پر واقع ستاروں کا ایک مخصوص گچھا)۔
•زند سیرِ چمن :چمن کی سیر کرتا ہے ،باغ میں چکراتا پھرتا ہے (زند=وہ کرتا ہے [زدن=کرنا] + سیر+چمن)۔
•درشد :وہ داخل ہوا (درشدن=اندر آنا ، داخل ہونا)۔ •بہ ضمیرِ گل و نسریں :گلاب اور نسرین کے باطن میں
(بہ=میں+ضمیر=باطن ، بھیتر ، دل+گل=گلاب کا پھول + و=اور + نسرین=ایک سفید رنگ پھول ، سیوتی کا پھول)۔

ترجمہ

اور ہے وہ جو مٹی پر پڑا ہوا دانہ چگتا ہے
جو ثریّا کے خوشے سے خوراک جھپٹتا ہے وہ اور ہے
اور ہے وہ جو باغ میں نسیم کی طرح چکراتا پھرتا ہے
جو گلاب اور نسرین کے بھیتر میں اُتر گیا وہ اور ہے

دگر است آنسوے نُہ پردہ کشادن نظرے
ایں سوے پردہ گمان و ظن و تخمیں دگراست

اے خوش آں عقل کہ پہناے دو عالم با اوست
نورِ افرشتہ و سوزِ دلِ آدم با اوست

ترجمہ

اور ہے (اِن)نو پردوں کے اُس طرف دیکھنا
پردے کے اِدھر ادھر اٹکل پچّو لڑانا اور ہے
مبارک ہے وہ عقل کہ دونوں جہان کا پھیلاؤ اس کے جلو میں ہے
فرشتے کا نور اور آدم کے دل کا سوز اس میں سمایا ہوا ہے

فرہنگ

•آنسوے نہ پردہ :نو آسمانوں کے پار، نو پردوں کے اُس طرف (آں = اُس+سو=طرف+نہ=نو+ پردہ=مراد آسمان)۔ •ایں سوے پردہ :پردے کے اس طرف، آسمان کے اس طرف (ایں=اس+سو+ پردہ)۔
•ظن :گمان، خیال، کسی چیزکے ہونے نہ ہونے کے سوال پر کسی ایک طرف کو ترجیح دینا۔
•تخمین :اندازہ، اٹکل۔
•اے خوش :کلمہ تحسین، واہ، کیا ہی اچھی۔ •پہناے دو عالم •دونوں جہان کی وسعت (پہنا= وسعت، پھیلاؤ+دو+عالم)۔ •با اوست :اُس کے ساتھ ہے (با= ساتھ+او=اُس=است=ہے)۔

ما ز خلوت کدۂ عشق بروں تاختہ ایم
خاک ِ پا را صفتِ آئنہ پرداختہ ایم

در نگر ہمّتِ مارا کہ بہ داوے فگنیم
دو جہاں را کہ نہاں بردہ عیاں باختہ ایم

ترجمہ

ہم عشق کے خلوتکدے سے باہر نکلے ہیں
ہم نے پاؤں کی مٹی کو آیئنے کی طرح چمکایا ہے
ہماری ہمت دیکھ کہ ہم نے داؤ پر لگا دیا ہے
دونوں جہان کو جنھیں ہم چھپا کر لائے اور دکھا کر ہار گئے

فرہنگ

•زخلوت کدۂ عشق :عشق کے خلوت کدے سے (ز=سے+ خلوت کدہ=تنہائی کا مقام+ عشق)۔ •بروں تاختہ ایم :ہم باہر نکل آئے ہیں (بروں تاختن = باہر نکل آنا)۔ •پرداختہ ایم :ہم نے چمکایا ہے (پرداختن =صیقل کرنا ، جلادینا)

•درنگر :تو دیکھ (درنگریستن= غور سے دیکھنا)۔ بہ داو فگنیم :ہم نے داؤ پر لگا دیا ہے (بہ داو افگندن=داؤ پر لگانا)۔

•نہاں بردہ :پوشیدہ پوشیدہ حاصل کیا (نہاں=پوشیدہ+بردہ = حاصل کیا [بردن=لینا ، حاصل کرنا ، لے جانا])۔ •عیاں باختہ ایم :ہم نے کھلّم کھلا ہار دیا ہے (باختن=کوئی چیز داؤ پر لگا کر ہار دینا ، بازی لگانا)۔

پیشِ ما میگذرد سلسلۂ شام و سحر
برلبِ جوے رواں خیمہ برافراختہ ایم

در دلِ ما کہ بریں دیر کہن شبخوں ریخت
آتشے بود کہ در خشک و تر انداختہ ایم

ترجمہ

ہمارے آگے صبح اور شام کی لین ڈوری لگی رہتی ہے
ہم نے بہتی ہوئی ندی کے کنارے پر خیمہ لگا رکھا ہے
ہمارے دل میں جس نے اس دنیا پر شبخون مارا
ایک آگ تھی جو ہم نے سارے جہان میں دکھا دی

فرہنگ

•میگذرد ہے :گزررہا ہے،گزرتا رہتا ہے (گذشتن=گزرنا)۔
•برلبِ جوے رواں :
بہتی ہوئی ندی کے
کنارے پر (بر=پر+لب=کنارہ
+ جو = ندی+رواں)۔ •خیمہ
بر افراختہ ایم :ہم نے خیمہ کھڑا
کیا ہے، ہم نے ڈیرا ڈال رکھا ہے
(خیمہ برافراختن=خیمہ گاڑنا)
[برافراختن = کھڑا کرنا، بلند
کرنا]+ایم)
•بریں دیر کہن :اس
دُنیا پر (بر+پر+ایں
= اس+دیر=مندر+کہن=
پُرانا [دیرِ کہن=دُنیا])۔
•شبخوں ریخت :اُس نے یلغار کی
(شبخوں ریختن=یلغار کرنا،دھاوا
بولنا)۔ •آتشے :بڑی زبردست آگ
(آتش=آگ+ے=زبردست)۔
•در خشک و تر :ساری کائنات میں
(در=میں+خشک و تر=تمام
دنیا، بحرو بر)۔ •انداختہ ایم:
ہم نے پھینک دی ہے
(انداختن=ڈالنا، پھینکنا)۔

شعلہ بودیم شکستیم و شرر گردیدیم
صاحبِ ذوق و تمنّا و نظر گردیدیم

عشق گردید ہوس پیشہ و ہر بند گسست
آدم از فتنۂ او صورتِ ماہی در شست

ترجمہ

ہم شعلہ تھے ٹوٹ گئے اور چنگاری بن گئے
ہوگئے مستی اور چاہ اور آنکھ والے
عشق نے ہوس کا چلن اختیار کر لیا اور ہر روک گرادی
اُس کے فتنے سے آدمی جیسے کانٹے میں پھنسی ہوئی مچھلی

فرہنگ

•بودیم:ہم تھے۔ •شکستیم :ہم ٹوٹ گئے، بکھر گئے (شکستن = ٹوٹنا، ریزہ ریزہ ہوجانا) •شرر :چنگاری۔ •گردیدیم :ہم ہوگئے (گردیدن=ایک حالت سے دوسری میں پلٹنا،ہوجانا)۔
•گردید :وہ ہوگیا۔ •ہوس پیشہ :ہوس جسکی گھٹّی میں پڑجائے، ہوس کار (ہوس+پیشہ=کام، عادت)۔ •گسست :اُس نے توڑ ڈالا (گسستن=توڑنا)۔ •ازفتنہ او :اس کے فتنے سے (از=سے+ فتنہ+او=اس کے)۔ •صورت ماہی درشست :کانٹے میں پھنسی ہوئی مچھلی کیطرح (صورت=طرح +ماہی =مچھلی+در=میں+ شست =مچھلی پکڑنے کا کانٹا)

رزم بر بزم پسندید و سپاہے آراست
تیغِ او جز بہ سر و سینۂ یاراں نہ نشست

رہزنی را کہ بنا کرد جہاں بانی گفت
ستمِ خواجگیِ او کمرِ بندہ شکست

ترجمہ

اس نے رزم کو بزم پر ترجیح دی اور لشکر ترتیب دیا
اُس کی تلوار نہ گری مگر دوستوں کے سر اور چھاتی پر
اُس نے رہزنی کی بنا ڈالی اور اُسے جہانبانی بتایا
اُس کی ملوکیت کے ستم نے مجبوروں کی کمر توڑ کے رکھدی

فرہنگ

پسندید :اُس نے پسند کیا (پسندیدن=پسند کرنا، چُننا)۔
•سپاہے :بڑی فوج (سپاہ=فوج، لشکر+ے=بڑا)۔
•آراست :اُس نے ترتیب دیا (آراستن=سجانا، ترتیب دینا)
•جز بہ سروسینہ یاراں :دوستوں کے سر اور سینے کے علاوہ(جز= علاوہ+ بہ= پر+سر+و=اور+ سینہ+یاراں=یار کی جمع)۔
•نہ نشست :نہ بیٹھی (نشستن= بیٹھنا، جمنا، پڑنا)۔
•بنا کرد :اُس نے بنیاد ڈالی (بناکردن=بنیاد ڈالنا، شروع کرنا)۔ •جہان بانی :دُنیا کی نگہداری۔•ستم خواجگیِ او :اُسکی آقائی کا ظلم وستم (ستم+ خواجگی=آقائی، ملوکیت+او= اسکی)۔
•شکست :اُس نے توڑ ڈالی (شکستن = توڑنا)

بے حجابانہ ببانگِ دف ونی می رقصد
جامے ا ز خونِ عزیزانِ تنک مایہ بدست

وقت آن است کہ آئینِ دگرتازہ کنیم
لوحِ دل پاک بشوئیم و ز سر تازہ کنیم

ترجمہ

دف و نے کی آواز پر دیدہ دلیری سے دھمال ڈال رہا ہے
گرے پڑے عزیزوں کے خون سے بھرا پیالہ ہاتھ میں لئے
وقت آگیا ہے کہ ایک اور نظام بنا کریں
دل کی تختی اُجالیں اور نئے سرے سے شروع کریں

فرہنگ

•جامے از خونِ عزیزانِ تنک مایہ بدست:
مفلس عزیزوں کے خون سے بھرا پیالہ ہاتھ میں لئے ہوئے (جام+ے = ایک+از=سے+خون+عزیزاں=عزیز کی جمع، عزّت دار، اپنے ہم جنس+تنک مایہ= مفلس، بے حیثیت، خالی ہاتھ+بہ = میں+دست=ہاتھ).
•تازہ کنیم :ہم تازہ کریں، زندہ کریں (تازہ کردن =نئے سرے سے کوئی کام کرنا، دُہرانا، زندہ کرنا)۔ •لوحِ دل :دل کی تختی (لوح=تختی، یہاں حضرت موسی کو عطا ہونے والی الواح کی بھی ایک رعایت پائی جاتی ہے+دل)۔ •پاک بشوئیم :پاک کریں، دھوکر پاک کریں (پاک شستن =دھوکر پاک کرنا، اُجالنا)۔
•زسر:سرے سے، اوّل سے (ز= سے+ سر=سرا، آغاز، اوّل)

افسرِ پادشاہی رفت و بہ یغمائی رفت
نےِ اسکندری و نغمۂ دارائی رفت

کوہکن تیشہ بدست آمد و پرویزی خواست
عشرتِ خواجگی و محنتِ لالائی رفت

ترجمہ

بادشاہت کا تاج گیا اور لوٹ میں گیا
سکندر کی بنسی اور دارا کا ترانہ فنا ہو گیا
کوہکن ہاتھ میں تیشہ لئے ہوئے آیا اور پرویزی طلب کی
بادشاہی کا عیش اور غلامی کی سختی رُخصت ہوگئی

فرہنگ

•افسرِپادشاہی :شاہی تاج (افسر = تاج+پادشاہی=بادشاہ کا ، شاہی)_ •یغمائی :لوٹ ، نیز ترکستان کے شہر یغما کا باشندہ جہاں کے لوگوں کا پیشہ رہزنی اور لوٹ مار تھا_ •نے اسکندری:سکندر کی شان و شوکت کی بنسی (نے=بانسری+ اسکندر=سکندرِ مقدونی+ی= یانے نسبتی)_ •نغمہ دارائی :دارا کی بادشاہت کانغمہ (نغمہ+ دارا=قدیم ایران کا بادشاہ جسے سکندر نے قتل کیا+ی =یانے نسبتی) •رفت :گیا ، فنا ہوگیا_
• کوہکن :پہاڑ کاٹنے والا ، فرہاد کا لقب جس نے اپنی محبوبہ شیریں کو حاصل کرنے کے لئے پہاڑ کاٹ کر دودھ کی نہر نکالی تھی (کوہ= پہاڑ+کن=بمعنی کنندہ ، کھودنے والا (کندن=کھودنا))_ •پرویزی :بادشاہت (پرویز=فرہاد کا رقیب شہزادہ+ی =یانے نسبتی)_ •خواست :اُس نے مانگی (خواستن=طلب کرنا)_
•عشرت خواجگی :بادشاہی کا عیش (عشرت=عیش و آرام+خواجگی = بادشاہی)_
•محنت لالائی:غلامی کی سختی (محنت=سختی+لالائی=غلامی)

یوسفی را ز اسیری بہ عزیزی بردند
ہمہ افسانہ و افسونِ زلیخائی رفت

راز ہاے کہ نہاں بود ببازار اُفتاد
آں سخن سازی و آں انجمن آرائی رفت

ترجمہ

یوسفی قید سے چھٹ کے بادشاہت تک پہنچ گئی
ساری زلیخانی گھاتیں ہوا ہوگئیں
وہ راز جو چھپے ہونے تھے بازار میں آگئے
وہ باتیں بنانا اور وہ سبھا لگانا ختم ہوگیا

فرہنگ

•عزیزی :مصر کی بادشاہت (عزیز=حضرت یوسف کے زمانے میں مصر کے بادشاہ کا لقب+ی =یائے نسبتی)_•بردند :لے گئے (بردن=ایک جگہ سے دوسری •جگہ لے جانا)_
افسانہ و افسونِ زلیخانی :زلیخانی کی گھاتیں، چلّتر (افسانہ+و= اور+افسوں =دھوکا، جادو+ زلیخا=عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف پر عاشق ہوئی تھی +=ی=یائے نسبتی)_
•رازہائے کہ :وہ رازجو (راز+ہا = علامت جمع+ے=وہ+کہ=جو)_
•بود :تھے_•ببازار افتاد :بازار میں آگیا، عام ہوگیا (بہ بازار افتادن=عام ہوجانا، چھپی ہوئی بات کا ہرکس و ناکس کی زبان پر چڑھ جانا)_•سخن سازی :باتیں بنانا، بے پر کی اُڑانا_
•انجمن آرائی :محفل سجانا، سبھا جمانا (انجمن آراستن=محفل سجانا)_

چشم بکشاے اگر چشمِ تو صاحب نظر است
زندگی درپےِ تعمیرِ جہانِ دگراست

من دریں خاکِ کہن گوہرِ جاں می بینم
چشمِ بر ذرّہ چو انجم نگراں می بینم

ترجمہ

آنکھ کھول اگر تیری آنکھ نظر رکھتی ہے
زندگی ایک اور ہی دُنیا تعمیر کرنے کی دُھن میں ہے
میں اس فرسودہ مٹّی میں زندگی کا جوہر دیکھ رہا ہوں
ہر ذرّے کی آنکھ ستاروں کی طرح بیدار دیکھ رہا ہوں

فرہنگ

•چشم بکشاے :تو آنکھ کھول، دیکھ (چشم=آنکھ+بکشاے=تو کھول [کشادن=کھولنا])۔
•پے تعمیر جہان دگراست :دوسری دُنیا تعمیر کرنے کی دُھن میں ہے (درپے= پیچھے،گھات میں+تعمیر+جہان + دگر=دوسری، اور+است=ہے)
•دریں خاکِ کہن :اس فرسودہ مٹّی میں (در=میں+ایں=اس + خاک=مٹّی، زمین+کہن = پُرانی، فرسودہ)۔ •گوہر جاں :زندگی کا موتی (گوہر=موتی، جوہر+جاں=زندگی)۔ •می بینم :میں دیکھ رہا ہوں (دیدن= دیکھنا)۔•انجم:نجم کی جمع،ستارے۔
•نگراں :دیکھنے والی (نگریدن= دیکھنا)۔

فرہنگ

دانۂ را کہ بآغوشِ زمین است ہنوز
شاخ درشاخ و برومند و جواں می بینم

•دانۂ را :اُس بیج کو (دانہ+ء = اُس+را=کو)_ •کہ :جو_
•ہنوز :اب تک ،ابھی _ •شاخ در شاخ:ڈالی ڈالی ، رنگارنگ ، گھنیرا_ •برومند : پھل دار_
•جواں :ہرا بھرا ، شاداب_

کوہ را مثلِ پرِکاہ سبک می یابم
پرِ کاہے صفتِ کوہِ گراں می بینم

•مثلِ پرِکاہ :گھاس کی پتّی کی مثال

ترجمہ

وہ بیج جو ابھی زمین کے آغوش میں ہے
میں اُسے گھنیرا ، پھلدار اور ہرا بھرا دیکھ رہا ہوں
پہاڑ کو گھاس کی پتّی کی طرح ہلکا پاتا ہوں
تنکے کو اٹل پہاڑ دیکھ رہا ہوں

انقلابے کہ نگنجد بہ ضمیرِ افلاک
بینم و ہیچ ندانم کہ چساں می بینم

خرمَ آں کس کہ دریں گرد سوارے بیند
جوہر نغمہ ز لرزیدنِ تارے بیند

ترجمہ

وہ انقلاب جو افلاک کی چھاتی میں نہیں سماتا
(اُسے) دیکھ رہا ہوں مگر کچھ نہیں جانتا کہ کیونکر
مبارک ہے وہ شخص جو اس گرد میں سوار کو دیکھ لے
تارہلنے سے نغمے کی روح بوجھ لے

فرہنگ

•انقلابے :وہ انقلاب (انقلاب+ے = وہ)_ •نگنجد :نہیں سماتا، نہ سمائے (گنجیدن=سمانا)_ •بہ ضمیرِ افلاک :آسمانوں کے بھیتر میں (بہ=میں+ضمیر=بھیتر، باطن+افلاک=فلک کی جمع، آسمان)_ •و :مگر_ •ہیچ :کچھ_ •ندانم :میں نہیں جانتا (دانستن = جاننا)_ •خَرم :مبارک، اچھا_ •دریں گرد :اس غبار میں (در=میں+ ایں=اس+گرد)_ •سوار ے: شہسوار (سوار+ے=یائے تعظیمی)_ •بیند :وہ دیکھے (دیدن=دیکھنا) •جوہر نغمہ : نغمے کی روح، حقیقت (جوہر= روح، حقیقت+نغمہ)_ •ز لرزیدنِ تارے :تار ہلنے سے (ز=سے+ لرزیدن=ہلنا، لرزنا+تار+ے=)_

زندگی جوئے روان است و رواں خواہد بود
ایں مئے کہنہ جواں است و جواں خواہد بود

آنچہ بودست و نباید ز میاں خواہد رفت
آنچہ بایست و نبوداست ہماں خواہد بود

فرہنگ

•خواہد بود :وہ رہے گی (بودن = رہنا)۔ •جوان :تند، تیز۔
•آنچہ :جو کچھ۔ •بوداست :ہوا ہے (بودہ=ہوا+است=ہے)۔
•نباید :نہیں چاہیے، نہ ہونا چاہیے (نہ=نہیں+باید=چاہیے
[بایستن=چاہنا، لائق ہونا، درکار ہونا])۔ •زمیاں خواہد رفت :وہ فنا ہوجائیگا (ازمیاں رفتن=فنا ہونا، معدوم ہوجانا، مٹ جانا)۔
•بایست :چاہیے تھا، ہونا چاہیے تھا (بایستن=درکار ہونا)۔
•نبوداست :نہیں ہوا ہے، موجود نہیں ہے۔ •ہماں :وہی۔

ترجمہ

زندگی بہتی ہوئی ندی ہے اور بہتی ہی رہے گی
یہ پُرانی شراب نشے سے بھری ہوئی ہے اور بھری ہی رہے گی
جو کچھ ہے مگر نہیں ہونا چاہیئے وہ مٹ جائے گا
جو ہونا چاہیئے تھا لیکن نہیں ہوا وہ ہوجائے گا

عشق از لزتِ دیدار سراپا نظر است
حُسن مشتاق نمود است و عیاں خواہد بود

آں زمینے کہ برو گریہ خونیں زدہ ام
اشکِ من درجگرش لعلِ گراں خواہد بود.

فرہنگ

•مشتاقِ نمود :رونمائی کی خواہش رکھنے والا (مشتاق= اشتیاق رکھنے والا+ نمود=ظاہر ہونا ، رونمائی، ظہور)_ •عیاں:ظاہر_ •برو :اُس پر (بر=پر+او= اُس)_ •گریہ خونیں زدہ ام :میں نے خون کے آنسو گرائے ہیں، میں لہو رویا ہوں (گریہ خونیں زدن= خون کے آنسو گرانا ، لہو رونا)_ •درجگرش :اُس کے جگر میں اُس کی تہ میں (در = میں+جگر+ش=اُس کے)_ •لعلِ گراں :بیش قیمت یاقوت (العل=قیمتی پتھر، یاقوت+ گراں=قیمتی)_

ترجمہ

عشق دیدار کی لذت سے سراپا نظر بن گیا ہے
حُسن رونمائی چاہتا ہے اور بے نقاب ہوکر رہے گا
وہ زمین جس پر میں نے خون کے آنسو گرائے ہیں
میرا اشک اُس کے جگر میں یاقوت بن جائے گا

"مژدۂ صبح دریں تیرہ شبانم دادند
شمع کشتند و ز خورشید نشانم دادند"

(غالب)

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•مژدہ صبح :صبح کی خوشخبری (مژدہ=خوشخبری، بشارت+صبح)_ •دریں تیرہ شبانم :ان اندھیری راتوں میں مجھے (در=میں+ایں =ان +تیرہ=اندھیری+شباں=شب کی جمع، راتیں +م=مجھے)_ •دادند :اُنھوں نے دی (دادن = دینا)_ •شمع کشتند :اُنھوں نے شمع گُل کر دی (شمع+کشتند= اُنھوں نے بجھادی (کشتن (شمع)= بجھانا، گل کرنا))_ •ز :کا_ •نشانم دادند :مجھے خبردی (نشان دادن=خبر دینا، کوئی چیز دکھانا، سُراغ دینا)

ترجمہ

مجھے اِس اندھیری رات میں صبح کی بشارت دی گئی
شمع بجھادی گئی مگر سورج کی جھلک مجھے دکھادی گئی

(غالب)

❦❦❦❦❦

جمعیت الاقوام

برفتد تا روشِ رزم دریں بزمِ کہن
درد مندانِ جہاں طرحِ نو انداختہ اند

من ازیں بیش ندانم کہ کفن دُزدے چند
بہرِ تقسیمِ قبور انجمنے ساختہ اند

ترجمہ

مجلس اقوام

(قیام امن کے لئے ۱۹۲۰ء میں قائم ہونے والی لیگ آف نیشنز)

تاکہ اس دُنیا سے جنگ کی ریت اُٹھ جائے
جہان کا دکھ درد رکھنے والوں نے نئی بنیاد ڈالی ہے
میں اس سے زیادہ نہیں جانتا کہ کچھ کفن چوروں نے
قبروں کو مل بانٹنے کے لئے ایک انجمن بنالی ہے

فرہنگ

•برفتد :ختم ہوجائے (برافتادن= ختم ہونا ،دور ہونا)_ •تا :تاکہ_
•روشِ رزم :جنگ کا چلن (روش = چلن ،روایت ،ریت+رزم= جنگ)_
•طرحِ نو :نئی بنیاد (طرح=بنیاد + نو=نئی)_ •انداختہ اند :اُنھوں نے ڈالی ہے (انداختن= ڈالنا ،رکھنا)_ •ازیں بیش :اس سے زیادہ (از=سے+ایں = اس+بیش=زیادہ) •ندانم :میں نہیں جانتا (دانستن=جاننا)_
•کفن دزدے چند :کچھ کفن چور (کفن+دُزد=چور+ے+چند = کچھ)_

شوپن هار و نیٹشا

مُرغے ز آشیانہ بسیرِ چمن پرید
خارے ز شاخِ گل بہ تنِ نازکش خلید

بد گفت فطرتِ چمنِ روزگار را
از دردِ خویش و ھم ز غمِ دیگراں تپید

ترجمہ

شوپن هار و نیٹشا

ایک پرندہ آشیانے سے چمن کی سیر کو اُڑا
گلاب کی ٹہنی سے ایک کانٹا اُس کے نازک بدن میں چبھ گیا
اس نے زمانے کے چمن کی فطرت کو کوسا
اپنے اور دوسروں کے درد سے تڑپ اُٹھا

فرہنگ

•مرغے :ایک پرندہ (مُرغ=پرندہ + ے=ایک)_ •بسیرِ چمن :چمن کی سیر کے لئے (بہ=کو،واسطے + سیر+چمن)_ •پرید :وہ اُڑا (پریدن=اُڑنا)_ •خارے :ایک کانٹا (خار+ے=ایک)_ •بہ تنِ نازکش :اس کے نازک بدن میں (بہ=تن+نازک+ش=اس کے)_ •خلید :چبھا (خلیدن= چھبنا)_
•بدگفت :اُس نے بُرا کہا (بدگفتن =بُرا کہنا)_•فطرتِ چمنِ روز گار: زمانے کے چمن کی فطرت (فطرت +چمن+روزگار=زمانہ)
•را :کو_ •از دردِ خویش :اپنے درد سے (از=سے+درد+ خویش=اپنے)_ •ھم :بھی_ • زغمِ دیگراں :دوسروں کے غم سے (ز=سے+غم+دیگراں=دیگر کی جمع،دوسرے)_ •تپید :وہ تڑپا (تپیدن=تڑپنا)_

داغے ز خونِ بیگنہے لالہ را شمرد
اندر طلسمِ غنچہ فریبِ بہار دید

گفت اندریں سرا کہ بنایش فتادہ کج
صبحے کجا کہ چرخ درو شامھا نہ چید

ترجمہ

اُس نے گلِ لالہ کو کسی بے گناہ کے لہو کا داغ شمار کیا
غنچے کے طلسم میں اُسے بہار کا دھوکا دکھائی دیا
بولا اس مکان میں جسکی بنیادہی ٹیڑھی پڑی ہے
وہ صبح کہاں جس میں آسمان نے شامیں نہیں چُن دیں

فرہنگ

•داغے :ایک داغ (داغ+ے=ایک)
•زخونِ بیگنہے :کسی بے گناہ کے خون کا (ز= کا+خون+ بے گنہ+بے گناہ+ے=کسی)۔
•شمرد :اُس نے گنا (شمردن= شمار کرنا)۔ •اندر طلسمِ غنچہ :کلی کے طلسم میں (اندر+طلسم = حیرت میں ڈالنے والی بات ،نظر بندی ،جادو+غنچہ=کلی)۔
•دید :اُس نے دیکھا (دیدن= دیکھنا)۔
•اندریں سرا :اس گھر میں (اندر + ایں=اس+سرا=گھر، سرائے ،دُنیا) •بنایش :اس کی بنیاد (بنا=بنیاد+ش=اش=اسکی)۔
•نہ چید :اُس نے نہیں چُنی (چیدن=چُن دینا ،چُننا)

نالید تا بحوصلهٔ آں نوا طراز
خوں گشت نغمه وز دوچشمش فروچکید

سوزِ فغانِ او بدلِ هدهدے گرفت
بانوکِ خویش خار زاندامِ او کشید

ترجمه

یاں تک رویا کہ اُس نوا طراز:کے گلے میں
نغمہ خوں ہو گیا اور اُس کی آنکھوں سے ٹپک پڑا
اُس کی فریاد کی لپک ایک ہدہد کے
دل میں سرایت کر گئ
ہدہد نے اپنی منقار سے اس کے بدن
میں سے کانٹا کھینچ لیا

فرہنگ

•نالید :وہ رویا (نالیدن=رونا چلانا)_ •تا :حتّی کہ _ •بحوصلهٔ آں نوا طراز:اُس نوا طراز پرندے کے گلے میں(بہ=میں+حوصلہ=پرندے کا پوٹا+آں+نوا طراز=نغمہ سرا)_ خوں گشت نغمہ: نغمہ خوں ہو گیا، نغمہ گھٹ کر رہ گیا (خوں گشتن=لہو ہو جانا ،گھٹ کر رہ جانا ،اکارت چلے جانا)_ •ز دوچشمش فروچکید :وہ اُس کی دو آنکھوں سے ٹپک پڑا (ز=سے دو+چشم +ش=اُس کی+فروچکید=وہ ٹپک پڑا [فروچکیدن=ٹپک پڑنا])_ •بدلِ هدهدے گرفت:اُس نے ایک ہُدہُد کے دل میں اثر کیا (بدل کسے گرفتن:کسی کو متاثر کرنا)_ •بانوک خویش :اپنی چونچ سے (با=سے+نوک=چونچ+خویش=اپنی)_ •خار ز اندام او کشید (خار+ز+اندام=بدن+او+ کشید= اُس نے کھینچنا [کشیدن=کھینچنا ،باہرنکالنا])_

گفتش کہ سودِ خویش ز جیبِ زیاں برآر
گل از شگافِ سینہ زرِ ناب آفرید

درماں ز درد ساز اگر خستہ تن شوی
خوگر بہ خار شو کہ سراپا چمن شوی

ترجمہ

وہ اُس سے بولا کہ اپنا نفع گھاٹے کے کیسے سے نکال
پھول نے سینے کے شگاف سے کھرا سونا پیدا کیا
اگر گھائل ہو تو درد کو دارو بنالے
کانٹے سے میل کرلے تاکہ تو سراپا چمن ہوجائے

فرہنگ

•گفتش :اُس سے کہا (گفت=وہ بولا [گفتن=کہنا]+ش=اس سے)۔ • سودِخویش :اپنا فائدہ (سود=فائدہ ،منافع+خویش=اپنا)۔
•برآر :تو نکال (برآوردن=نکالنا). •ازشگاف سینہ :سینے کے شگاف سے (اَز=سے+شگاف + سینہ)۔ •زرناب :کھرا سونا (زر = سونا ،پھول کا زیرہ+ناب=خالص)۔ •آفرید :اُس نے پیدا کیا (آفریدن=پیدا کرنا)۔
•درماں :دارو ،علاج۔ •ز :کو۔
•ساز :توبنا (ساختن=بنانا ، کرنا)۔ •خستہ تن :گھائل ، مجروح۔ •شوی :تو ہو (شدن=ہونا)۔ •خوگر :عادی ،مانوس۔
•بہ :سے ،کا۔ •شو :تو ہوجا۔
•کہ :تاکہ۔

فلسفه و سیاست

فلسفی را با سیاست داں بیک میزاں مسنج
چشمِ آں خورشید کورے، دیدۂ ایں بے نمے

آں تراشد قولِ حق راحَجتِ نا اُستوار
ویں تراشد قولِ باطل را دلیلِ محکمے

فرہنگ

•بیک میزاں :ایک ترازو میں (بـ = میں+یک=ایک+میزاں= ترازو)_ •مسنج :تو مت تول (سنجیدن=تولنا)_ •خورشید کورے :سورج کی اندھی،جسے سورج نہ دکھائی دے (خورشید+ سورج+کور=اندھی+ے= یائے زائد)_ •بے نمے :نم سے خالی (بے=بغیر،بلا+نم+ے= یائے زائد)_ •حجّت نا اُستوار :کمزور دلیل (حجّت =دلیل + نااُستوار=کمزور،بودی) •ویں :اور یہ (و=اور+ایں=یہ)_

ترجمہ

فلسفہ و سیاست

فلسفی کو سیاستدان کے ساتھ ایک ہی ترازو میں مت تول
اُسکی آنکھ سورج سے اندھی اسکی آنکھ نم سے خالی
وہ حق بات کے لئے بودی دلیل تراشتا ہے
اور یہ جھوٹی بات کے لئے مضبوط دلیل گھڑتا ہے

صحبت رفتگان(عالم بالا میں،

ٹالسٹائی

بارکشِ اہرمن لشکریِ شہریار
از پِے نانِ جویں تیغِ ستم برکشید

زشت بہ چشمش نکوست مغز نداند ز پوست
مردکِ بیگانہ دوست سینۂ خویشاں درید

ترجمہ

صحبت رفتگان(عالم بالا میں)

ٹالسٹائی

شیطان کا بوجھ ڈھونے والا بادشاہ کا لشکری
جو کی روٹی کے لیے اس نے ظلم کی تلوار اُٹھا لی
بُرا اُسکی آنکھوں میں بھلا ہے، وہ مغز اور پوست میں تمیز نیں کرتا
غیروں کو دوست رکھنے والا احمق اس نے اپنوں کا سینہ چھلنی کردیا

فرہنگ

•بارکشِ (برمن :شیطان کا بوجھ اُٹھانے والا(بارکش=بوجھ اُٹھانے والا ،باربردار ،قلی [بار=بوجھ+ کشیدن=اُٹھانا]+(برمن = شیطان)_•ازپِے نانِ جویں :جوکی روٹی کے لئے (ازپِے=کے لئے+ نان+جویں=جوکی)_ •برکشید :اُس نے کھینچی (برکشیدن= کھینچنا ،تولنا ،اُٹھانا)_
•مغز نداند ز پوست
:وہ مغز اور پوست میں فرق نیں کرتا ،ظاہر اور باطن میں تمیز نیں کرتا(مغز+نہ=نیں+ داند=وہ جانتا [دانستن=جاننا] + ز=سے+پوست=کھال، چھلکا)_ •مردکِ بیگانہ دوست :غیروں کو دوست رکھنے والا احمق (مرد=آدمی+ک = کاف تحقیر، چھوٹا ،احمق+بیگانہ=غیر+ دوست)_ •سینۂ خویشاں :اپنوں کا سینہ (سینہ+خویشاں = خویش .کی جمع ،اپنے)_ •درید :اُس نے پھاڑ دیا (دریدن=پھاڑنا)_

داروے بیہوشی است تاج، کلیسا، وطن
جانِ خدا داد را خواجہ بجامے خرید

فرہنگ

•داروے بے ہوشی :بے ہوش کرنے والی دوا (دارو=دوا+بے ہوشی)۔ •تاج :مراد بادشاہت، سلطنت۔ •کلیسا :مُراد مذہبی ادارے۔ •جانِ خداداد :خدا کی دی ہوئی زندگی (جان=زندگی+ خداداد=خدا کی بخشی ہوئی)۔ •خواجہ :آقا، بادشاہ، دولتمند تاجر۔ •بجامے :ایک جام کے بدلے (بہ=عوض+جام=شراب کا پیالہ +ے=ایک)۔ •خرید :اُس نے خریدا (خریدن=خریدنا)۔

ترجمہ

بے ہوشی کی دوا ہے ملوکیت، پاپائیت، وطنیت
خدا کی دی ہوئی جان کو سرمایہ دار نے ایک جام کے مول
خرید لیا

کارل مارکس

رازدانِ جزو وکل ازخویش نا محرم شد است
آدم از سرمایہ داری قاتلِ آدم شد است

فرہنگ

• رازدانِ جزووکل :جزو و کل کا بھید جاننے والا (رازدان=بھید جاننے والا،حقیقت سے واقف+ جزو=حصّہ،ٹکڑا،فرد+و=اور+ کَل=پورا،تمام،جو اجزاءسے مرکب ہو)۔

ترجمہ
کارل مارکس

جزو وکُل کا بھید جاننے والا خود اپنے آپ سے انجان ہوگیا ہے
سرمایہ داری کے ہاتھوں آدمی آدمی کا قاتل ہوچلا ہے

ہیگل

جلوہ دہد باغ و راغ معنی مستور را
عینِ. حقیقت نگر حنظل و انگور را

فطرتِ اضداد خیز لزتِ پیکار داد
خواجہ و مزدور را آمر و مامور را

ترجمہ

ہیگل

باغ اور بن چھُپی ہوئی حقیقت کے درشن کراتے ہیں
حنظل اور انگور کو اصل میں ایک بوجھ
اضداد کو اُبھارنے والی فطرت نے پیکار کی لزّت بخشی
سرمایہ دار اور مزدور کو ،حاکم اور محکوم کو

فرہنگ

•جلوہ دہد :وہ بے نقاب کرتا ہے (جلوہ دادن=سجاکر رونمائی کرنا)_ •راغ :سبزہ زار،جنگل_ •معنیِ مستور :چُھپا ہوا معنی ، پوشیدہ حقیقت (معنی=مفہوم ، حقیقت+مستور=چھپا ہوا)_ •عینِ حقیقت ::حقیقت میں ایک ، اصل کے اعتبار سے واحد (عین= غیر کی ضد+حقیقت)_ •نگر :تو دیکھ (نگریدن=دیکھنا)_ •حنظل:اندرائن کا پھل_ •فطرت اضدادخیز :اضداد کو اُبھارنے والی فطرت ،اضداد سے بھری ہوئی فطرت (فطرت+اضداد=ضد کی جمع ،اپنی حقیقت کے اعتبار سے ایسی مخالف چیزیں جو ایک وقت اور جگہ اکٹھی نہ ہوسکیں مثلاً :دن اور رات+خیز=اُبھارنے والی ، اُٹھانے والی)_ •داد :اُس نے دیا (دادن=دینا)

ٹالسٹائے

عقلِ دو رو آفرید فلسفۂ خود پرست
درسِ رضامی‌دہی بندۂ مزدور را

ترجمہ

ٹالسٹائی

دو رخی عقل نے خود پرست فلسفہ گھڑ لیا
تو مجبور محنت کش کو قسمت کے لکھے پر راضی رہنے
کا سبق دے رہا ہے

فرہنگ

•عقلِ دو رو :دو رُخی عقل (عقل+ دو رو=دو رُخی ،منافق)۔
•آفرید :اُس نے پیدا کیا (آفریدن= پیدا کرنا)۔ •فلسفۂ خود پرست :آپ اپنی پوجا کرنے والا فلسفہ، فلسفہ جو اپنے تصوّرات ہی کو آخری حقیقت سمجھتا ہے ،یہاں فلسفۂ خودپرست کو خودپرستی کا فلسفہ سمجھنا صحیح نہیں (فلسفہ+ خود+پرست=بمعنی پرستندہ، پجاری [پرستیدن=پوجنا])۔
•درس رضا :قسمت کے لکھے پر راضی رہنے کا سبق ،صبر شکر کا درس (درس=سبق+رضا= یہاں مُراد ہے تقدیر پر راضی رہنا)۔ •میدہی :تو دے رہا ہے (دادن=دینا)۔

مزدك

دانۂ ایراں زکشتِ زار و قیصر بر دمید
مرگِ نو می رقصد اندر قصرِ سلطان و امیر

مدّتے در آتشِ نمرود می سوزد خلیل
تا تہی گردد حریمش از خداوندانِ پیر

ترجمہ

مزدك

ایران کا بیج زار اور قیصر کی کھیتی سے پھوٹا
بادشاہوں اور سرمایہ داروں کے محل میں ایک نئی موت ناچ رہی ہے
اللہ کا خلیل نمرود کی آگ میں ایک مدّت جلتا رہتا ہے
تب کہیں اس کا حرم پرانے خداؤں سے خالی ہوتا ہے

فرہنگ

•کشتِ زار و قیصر:زار اور قیصر کی کھیتی (کشت=کھیتی+زار = روس کے قدیم بادشاہوں کا لقب + و=اور+قیصر=سلطنت روما کے بادشاہوں کا لقب)_ •بردمید :پھوٹا (بردمیدن=پھوٹنا ،اُگنا)_ •مرگِ نو :تازہ موت (مرگ=موت + نو=نئی ،تازہ)_ •میرقصد :وہ ناچ رہی ہے (رقصیدن= ناچنا)_ •
•مدّتے:ایک مدّت (مدّت+ے=ایک)_
•تا :تب_ •تہی گردد : خالی ہوجاتا ہے (تہی گردیدن=خالی ہوجانا)_ •حریمش :اُس کا حرم (حریم=حرم ،گھر کی چار دیواری ،مُراد کعبہ+ش=اُس کا)_ •ازخداوندانِ پیر :پُرانے خداؤں سے (از=سے+خداوندان= خدا کی جمع+پیر=پُرانا)

دور پرویزی گذشت اے کشتۂ پرویز خیز!
نعمتِ گم گشتۂ خود را ز خسرو باز گیر

ترجمہ

پرویز کا زمانہ لد گیا ، اے پرویزی مظالم کے شکار اُٹھ
اپنی کھوئی ہوئی نعمت کو خسرو سے واپس لے

فرہنگ

•گذشت :گزرگیا (گذشتن= گزرنا)_ •اے کشتۂ پرویز:اے پرویز کے مقتول ،اے پرویز کے ظلم وستم کے شکار (کشتہ=مقتول [کشتن=مارڈالنا]+پرویز)_ • خیز :تو اُٹھ (خیزیدن=اُٹھ کھڑا ہونا)_ •نعمت گم گشتۂ خود :اپنی کھوئی ہوئی نعمت (نعمت= مال و دولت ،روزی ،خوشحال زندگی کے وسائل .+گم گشتہ=کھوئی ہوئی+خود)_ •باز گیر :تو واپس لے (باز گرفتن=واپس لینا)_

کوهکن

نگارِ من کہ بسے سادہ و کم آمیز است
ستیزہ کیش و ستم کوش و فتنہ انگیز است

برونِ او ہمہ بزم و درونِ او ہمہ رزم
زبانِ او زمسیح و دلش ز چنگیز است

ترجمہ
کوهکن

میرا محبوب جو (ویسے تو) بہت سادہ اور کم آمیز ہے
لڑائی کی خو رکھنے والا اور نت نئے ستم ڈھانے والا
اور فتنے اُٹھانے والا ہے
اُس کا ظاہر تمام بزم اُس کا باطن تمام رزم
اُس کی زبان مسیح کی ہے اور دل چنگیز کا

فرہنگ

•نگارِ من :میرا معشوق (نگار= معشوق+من=میرا)_ •بسے: بہت_ •کم آمیز :لنے دینے رہنے والا ،نہ گھلنے ملنے والا ،شر میلا_ •ستیزہ کیش :لڑاکا ،جھگڑالو (ستیزہ=جنگ+کیش = طریقہ ،عادت)_ •ستم کوش :ظالم ،اس تاک میں رہنے والا کہ موقع ملے اور ستم کرے (ستم+کوش=بمعنی کوشندہ ،کوشش کرنے والا [کوشیدن=کوشش کرنا ،تلاش میں رہنا])_ •فتنہ انگیز :فتنے اُٹھانے والا (فتنہ+انگیز=بمعنی انگیزندہ ،اُبھارنے والا ،برپا کرنے والا [انگیختن=اُبھارنا])_
•برونِ او :اس کا ظاہر (برون= +او=اُس کا)_ •درونِ او :اس کا باطن (درون=باطن ، بھیتر+او=اس کا)_ •مسیح :حضرت عیسیٰ_ •دلش :اس کا دل (دل+ش=اسکا)_

گسست عقل و جنون رنگ بست و دیده گداخت
درآ بجلوه کہ جانم ز شوق لبریز است

اگرچہ تیشۂ من کوہ را ز پا آورد
ہنوز گردشِ گردوں بکامِ پرویز است

فرہنگ

•گسست :وہ دور ہوگئی،مٹ گئی ،ختم ہوگئی (گسستن= ٹوٹنا ،دور ہوجانا ،ختم ہوجانا ، مٹ جانا)_ •رنگ بست :اُس نے رنگ جمایا ،باندھا (رنگ بستن= رنگ جمانا ،رنگ باندھنا)_ •گداخت :وہ پگھل گیا (گداختن=پگھلنا)_ •در آبہ جلوہ :اپنی صورت دکھا ،درس دکھا (درآمدن بجلوہ=جلوہ دکھانا ، ظاہر ہونا)_

•ز پا آورد :اس نے گرادیا (ازپادر آوردن= گرادینا ،توڑنا ، ڈھادینا)_

•بکامِ پرویز است: پرویز کی موافقت میں ہے (بہ= مطابق+کام=آرزو ،خواہش ، مراد+پرویز+است=ہے [بکامِ کسے بودن=کسی کی خواہش کے موافق ہونا])_

ترجمہ

عقل کوچ کر گئی اور دیوانگی نے رنگ جمایا اور دیدے بہ گئے
سامنے آ کے میری جان شوق سے بھری ہوئی ہے
اگرچہ میرے تیشے نے پہاڑ کو ڈھا دیا
(مگر)اب تک آسمان کی گردش پرویز کی موافقت میں ہے

زخاک تا بہ فلک ہرچہ ہست رہ پیماست
قدم کشائے کہ رفتارِ کارواں تیز است

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•خاک :زمین۔ •تابہ فلک :آسمان تک (تابہ=تک+فلک=آسمان)۔
•ہست :موجود ہے،ہے۔
•رہ پیماست:سفر میں ہے (رہ پیما= راہ پیما،راستہ چلنے والا+است=ہے)۔ •قدم کشائے :تو تیز چل،پاؤں کھول (قدم کشادن=تیزی سے چلنا)۔

ترجمہ

زمین سے آسمان تک جو کچھ ہے، سفر میں ہے
قدم اُٹھا کہ قافلے کی رفتار تیز ہے

❦❦❦❦❦

نیٹشے

از سستیِ عناصر انسان دلش تپید
فکرِ حکیم پیکرِ محکم تر آفرید

افگند در فرنگ صد آشوبِ تازۂ
دیوانۂ بکارگہِ شیشہ گر رسید

❦❦❦❦❦

ترجمہ

نیٹشے

انسان کی بناوٹ کے بودے پن سے اُس کا دل کُڑھا
گیانی کی فکر نے ایک بہت پائدار پیکر ایجاد کیا
اُس نے مغرب میں بھونچال پر بھونچال ڈالے
ایک دیوانہ شیشہ گری کے کار خانے میں جا گھسا

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•سستیِ عناصرِ انساں :انسان کی خلقت کی کمزروی (سستی= کمزوری ،ناپائداری+عناصر= عنصر کی جمع ،اصل ،مادّہ ،بنیاد + انساں)_ •دلش :اُس کا دل (دل+ش=اس کا)_ •تپید :وہ تڑپا (تپیدن=تڑپنا)_ •فکر حکیم :فلسفی کی فکر (فکر+ حکیم=حکمت رکھنے والا، فلسفی)_ •پیکرِ محکم تر: :بہت محکم مضبوط پیکر (پیکر=جسم، صورت ،مجسمہ+محکم= مضبوط ،پائدار ،اٹل+تر= بہت)_ •آفرید :اُس نے گھڑا (آفریدن= ایجاد کرنا ،گھڑنا)_ •افگند :اُس نے ڈالا (افگندن=ڈالنا)_ •صدآشوبِ تازۂ :سینکڑوں نئے ہنگامے (صد=سینکڑوں+آشوب = ہنگامہ ،ہلچل+تازہ=نئے+ ء= یائے عظمت ،بڑے)_ •بکار گہِ شیشہ گر:شیشہ گر کے کارخانے میں (بہ=میں+کارگہ=کارگاہ، کارخانہ+شیشہ گر=آئینہ بنانے والا ،کانچ کے ظروف بنانے والا)_ •رسید :وہ پہنچ گیا (رسیدن= پہنچنا)

حکیم آئن سٹائن

جلوۂ می خواست مانندِ کلیمِ ناصبور
تاضمیرِ مستنیرِ او کشود اسرارِ نور

از فرازِ آسماں تا چشمِ آدم یک نفس
زود پروازے کہ پروازش نیاید در شعور

ترجمہ

حکیم آئن سٹائن

وہ موسی کیطرح تجلّی کے لئے بے تاب تھا
یہاں تک کہ اُس کے روشن دل نے نورکے اسرار کھول دئیے
پل بھر میں آسمان کی بلندی سے آدمی کی آنکھ تک
ایسا تیز اُڑان والا جسکی پرواز خیال میں نہیں آتی

فرہنگ

"•جلوہ ء :ایک عظیم تجلّی (جلوہ = تجلّی ،چمک ،درشن+ء= عظیم)_ •می خواست :وہ چاہتا تھا (خواستن=خواہش کرنا ، چاہنا)_ •مانند کلیم ناصبور :بے تاب موسی کی طرح (مانند= طرح + کلیم=حضرت موسی کلیم اللہ علیہ السّلام+ناصبور=بے تاب ، بے کل ،بے چین)_ •تا :حتّی کہ ، یہاں تک_ •ضمیر مستنیرِ او :اُس کا روشنی کا طالب دل (ضمیر= باطن=دل ،مستنیر=نور ڈھونڈنے والا ،روشن+او=اُس کا)_ •کشود :اُس نے کھولا ،فاش کیا (کشودن=کھولنا)_

•زود پروازے :وہ زودپرواز ، ایسا زودپرواز (زودپرواز=تیزی سے اُڑنے والا+ے=وہ ،ایسا)_

•پروازش :اس کی پرواز (پرواز + ش=اسکی)_ •نیاید :نہیں آتی (آمدن=آنا)_

خلوتِ او در زغالِ تیره فام اندر مغاک
جلوتش سوزد درختے را چو خس بالائے طور

بے تعیّر در طلسمِ چون و چند و بیش و کم
برتر از پست و بلند و دیر و زود و نزد و دور

فرہنگ

•زغال تیرہ فام :سیاہ کوئلہ (زغال=کوئلہ + تیرہ=کالا+فام=رنگ ،شبیہ)۔
•مغاک :گڑھا ،گہراؤ ،کان۔ •جلوتش :اُس کا جلوہ ،اُس کا اپنا آپ ظاہر کرنا (جلوت=ظہور ،اپنا آپ دکھانا+ش)۔ •سوزد :جلاتا ہے (سوختن=جلانا)۔ •درختے :بڑا پیڑ ،مخصوص درخت (درخت+ ے =بڑا ،مخصوص)۔
•درطلسمِ چون و چند و بیش و کم :کیسے اور کتنے اور زیادہ اور کم کے طلسم میں (در=میں+ طلسم +چون=کیسا ،کیفیت+و = اور+چند=کتنا ،مقدار+و+ بیش=زیادہ+و+کم)۔

ترجمہ

گہراؤ میں دبے ہوئے سیاہ کوئلے کے بیچ اُس کا چھُپاؤ
طور پر اُس کا جھماکا درخت کو تنکے کیطرح پھونک دیتا ہے
چون و چند اور بیش و کم کے طلسم میں ایک سا اٹل
اونچ نیچ ، ابھی اور کبھی اور یہاں اور وہاں سے بلند

•نہادش :اس کی بنیاد (نہاد=

درنہادش تار و شید و سوز و ساز و مرگ و زیست
اہرمن از سوزِ او وز سازِ او جبریل و حور

من چہ گویم از مقامِ آں حکیمِ نکتہ سنج
کردہ زردشتے ز نسلِ موسی و ہاروں ظہور

ترجمہ

تاریکی اور روشنی، سوز اور ساز، موت اور زندگی اس میں یکجا
شیطان اُسکے جلال سے ہے اور جبریل وحور اس کے جمال سے
میں اُس دانا سائنسدان کے مرتبے کا کیا کہوں
ایک زردشت نے موسی اور ہارون کی نسل میں ظہور کیا ہے

فرہنگ

:بنیاد ،اصل ،سرشت ،خلقت+ش = اُسکی)_ •تار :تاریکی_ •و: اور_ •شید :روشنی_ •سوز :جلن ،دکھ ،جدائی کی کیفیت_ •ساز :لگاؤ ،بناؤ ،موافقت ، خوشی ،وصال کی کیفیت_ •از مقامِ آں حکیم نکتہ سنج :اُس دانا سائنسدان کے مرتبے کے بارے میں (از=کا ،بارے میں+مقام= مرتبہ+آں=اُس+حکیم= شیاء کی حقیقت جاننے والا، سائنسدان+نکتہ سنج=دانا ، بات کی پرکھ رکھنے والا)_ • زردشتے :ایک زردشت (زردشت + ے=ایک)_

بائرن

مثالِ لالہ و گل شعلہ از زمیں روید
اگر بہ خاکِ گلستان تراود از جامش

نبود درخور طبعش ہوائے سردِ فرنگ
تپید پیکِ محبت ز سوزِ پیغامش

ترجمہ

بائرن

لالہ و گل کیطرح زمین سے شعلہ اُگے
اگرچمن کی مٹی پر اُس کے جام سے کچھ ٹپک جائے
انگلستان کی یخ ہوا اُسکی طبیعت سے میل نیں کھاتی تھی
اُس کے پیغام کے سوز سے محبت کا قاصد تڑپ اُٹھا

فرہنگ

•تراود :ٹپکے (تراویدن=ٹپکنا)
•از جامش :اُسکے جام سے (از= سے+جام+ش=اُسکے)
•نبود :نیں تھا (نہ+بود= تھا)_ •درخورِ طبعش :اُس کی طبیعت کے لائق (درخور=لائق+ طبع=طبیعت+ش=اسکی). •
تپید :وہ تڑپا (تپیدن=تڑپنا). •
پیکِ محبت :محبت کا قاصد (پیک = قاصد+محبت)_ •ز سوزِ پیغامش :اُس کے پیغام کے سوز سے (ز=سے+سوز= گرمی ،تپش ،جلن+پیغام+ش = اسکے)

خیالِ او چہ پریخانۂ بنا کرد است
شباب غش کند از جلوۂ لبِ بامش

گذاشت طائرِ معنی نشیمنِ خود را
کہ سازگار تر افتاد خلقۂ دامش

ترجمہ

اُسکے تخیّل نے کیسا پریخانہ بنا کیا ہے
جوانی اُسکی لبِ بام کی ایک جھلک سے مدہوش ہوجاتی ہے
طائرِ معنی نے اپنا نشیمن چھوڑ دیا
کیونکہ اسے اس کا جال زیادہ راس آیا

فرہنگ

•بناکرداست :اُس نے بنیاد ڈالی ہے (بناکردن=بنیاد ڈالنا ،بنانا)_ •غش کند :مدہوش ہوجاتا ہے (غش کردن=مدہوش ہونا ،بے ہوش ہونا)_ •از جلوۂ لبِ بامش :اُسکی چھت کی ککر کی جھلک سے (از=سے+جلوہ=درشن ، جھلک+لب=کنارہ ،ککر+بام = چھت+ش=اُسکی) •گذاشت :اُس نے چھوڑ دیا (گذاشتن - چھوڑنا) . •طائرِ معنی :معنی کا پرندہ (طائر=پرندہ+ معنی=مفہوم ،حقیقت) . •نشیمن خودرا :اپنے نشیمن کو (نشیمن= گھونسلا+خود=اپنا +را= کو) . •سازگارتر افتاد :زیادہ راس آنی (سازگار اُفتادن=راس آنا ،موافق آنا)_ •حلقۂ دامش :اُسکے جال کا حلقہ (حلقہ= گھیرا ،کڑا ،پھندا+ دام=جال+ ش=اُسکے)

نیٹشا

گر نوا خواہی ز پیشِ او گریز
درنئے کلکش غریو تندر است

نیشتر اندر دلِ مغرب فشرد
دستش از خونِ چلیپا احمر است

ترجمہ

نیٹشے

اگر تجھے نغمے کی طلب ہے تو اُس کے آگے سے بھاگ
اُس کے قلم کی نے میں بجلی کا کڑکا پوشیدہ ہے
مغرب کے دل میں نشتر چبھو دیا
اُ س کے ہاتھ صلیب کے لہو سے لال ہیں

فرہنگ

•خواہی :تو چاہتا ہے (خواستن= چاہنا ،مانگنا)_ •ز پیشِ او :اس کے سامنے سے (ز=سے+ پیش = سامنے ،آگے+او=اُسکے)_
•گریز :تو بھاگ (گریختن=بچ کے بھاگنا)_ •درنئے کلکش :اُس کے قلم کی نے میں (در=میں + نے = نرکل+کلک=قلم کا نیزہ ،قلم+ش=اسکے)_ •غریوِ تندر :بجلی کا کڑکا (غریو=شور، موسیقی کی ایک اصطلاح+تندر = بجلی کی گرج ،گڑگڑاہٹ)_
•فشرد :اُس نے چبھویا (فشردن = افشردن=چبھونا ،گاڑنا) •
ازخونِ چلیپا :صلیب کے خون سے (از=سے+خون+چلیپا= صلیب ،مُراد عیسائیت)_
•احمر :سرُخ_

آنکہ بر طرحِ حرم بتخانہ ساخت
قلبِ او مومن دماغش کافر است

خویش را در نارِ آں نمرود سوز
زانکہ بستانِ خلیل از آذر است

فرہنگ

•آنکہ :وہ جس نے (آں=وہ+ کہ=جو،جس نے)۔ •طرحِ حرم :کعبے کی بنیاد (طرح=بنیاد+ حرم=کعبہ)۔
•ساخت :اُس نے بنایا (ساختن= بنانا)۔
•خویش :خود۔ •را :کو۔ • در نارِ آں نمرود :اُس نمرود کی آگ میں (در=میں +نار=آگ+آں = اُس+نمرود)۔ •سوز :تو جلا (سوختن=جلانا)۔ •زانکہ :کیونکہ ،اس لئے کہ۔ •بستان خلیل :ابرہیم کا باغ (بستان= باغ ،گلزار+خلیل=حضرت ابراہیم خلیل اللہ)۔ •از :سے کا۔ •آذر :آگ۔

ترجمہ

وہ جس نے حرم کی بنا پر بتخانہ کھڑا کیا
اس کا دل مومن ا ور دماغ کافر ہے
خود کو اس نمرود کی آگ میں جھونک دے
کیونکہ خلیل کا گلزار آگ سے پھوٹا ہے

جلال و هیگل

می کشودم شبے بناخنِ فکر
عقده ہاے حکیمِ المانی

آنکه اندیشه اش برهنه نمود
ابدی را ز کسوتِ آنی

ترجمه

رومی و هیگل

ایک رات میں ناخنِ فکر سے سلجھارہا تھا
جرمن فلسفی کی گتّھیاں
وہ جسکی فکر نے الگ کردیا
ابدی حقیقت پر سے آنی جانی چیزوں کا لباس

فرہنگ

•می کشودم :میں کھول رہا تھا (کشودن=کھولنا)_ •شبے :ایک رات (شب+ے=ایک). •بناخن فکر :فکر کے ناخن سے (بـ=سے + ناخن+فکر)_ •عقده ہاے حکیم المانی :جرمن فلسفی کی گتھیاں (عقده ہا=عقده کی جمع، گتھیاں ،مشکلات+حکیم=فلسفی + المانی =المانیہ یعنی جرمنی کا باشنده)

•آنکه :وہ جو (آں=وہ+کـ= جو)_ •اندیشه اش :اُس کی فکر (اندیشـ=فکر ،سوچ بچار+ اش=اُسکی). •برهنه نمود :اُس نے آشکار کیا ،اُس نے بے نقاب کر کے دکھایا (برهنـ=عریاں ، بالکل آشکار+نمود=اُس نے کیا ،دکھایا ،دیکھا [نمودن= کرنا ،دیکھنا ،دکھانا])_ •ابدی :قدیم ،همیشه رهنے والا_ •را :کو_ •ز کسوتِ آنی :لمحاتی وجود رکھنے والی چیزوں کے لباس سے (ز = سے+کسوت=لباس ،پوشاک + آنی=لمحاتی، حادث)

پیشِ عرضِ خیالِ او گیتی
خجل آمد ز تنگ دامانی

چوں بدریاے او فرو رفتم
کشتیِ عقل گشت طوفانی

ترجمہ

اُس کے خیال کی وسعت کے آگے کائنات
اپنی تنگ دامانی پر شرم سے سمٹ گئی
جونی میں اُس کے سمندر میں اُترا
عقل کی ناؤ طوفان میں پھنس گئی

فرہنگ

•پیشِ عرض خیالِ او :اُس کے خیال کے پھیلاؤ کے آگے (پیش= آگے ،سامنے+عرض=پھیلاؤ، ظہور کرنا+خیال+او=اسکے)_
•گیتی :زمین ،کائنات_ •خجل آمد :وہ شرمندہ ہوگئی (خجل آمدن = شرمندہ ہونا)_ •تنگ دامانی :دامن کی تنگی ،کم پھیلاؤ رکھنا ، کھکلَ پن ،ناداری_
•چوں : جب ،جونی_ •بدریاے او :اُس کے سمندر میں (بہ=میں + دریا=سمندر+او=اُسکے)_
•فرو رفتم :میں اترا (فرو رفتن= اُترنا ،داخل ہونا ،غوطہ لگانا)_ • گشت :وہ ہوگئی (گشتن=ہوجانا)_
•طوفانی :طوفان میں پھنسی ہوئی کشتی_

خواب برمن دمید افسونے
چشم بستم ز باقی و فانی

نگہِ شوق تیز تر گردید
چہرہ بنمود پیرِ یزدانی

ترجمہ

نیند نے مجھ پر ایک افسوں پھونکا
میں نے باقی اور فانی کیطرف سے آنکھ موندلی
شوق کی نگاہ خوب تیز ہوگئی
اُس ربّانی مرشد نے صورت دکھائی

فرہنگ

•دمید :اُس نے پھونکا (دمیدن= پھونکنا)_ •افسونے :ایک جادو (افسون=جادو،منتر+ے=ایک، ایسا)_ •چشم بستم :میں نے آنکھ بندکرلی،غافل ہوگیا (چشم بستن=آنکھ موندنا،غافل ہوجانا)_ •باقی :بقا رکھنے والا، ہمیشگی رکھنے والا_
•گردید :وہ ہوگئی (گردیدن ہوجانا)_ •بنمود :اُس نے دکھائی (نمودن=دکھانا)_ •پیرِ یزدانی :خدا سے نسبت رکھنے والا بزرگ (پیر=بزرگ،مرشد+یزدانی= خدا سے نسبت رکھنے والا)

آفتابے کہ از تجلّیِ او
اُفقِ روم و شام نورانی

شعلہ اش درجہانِ تیرہ نہاد
بہ بیاباں چراغِ رہبانی

فرہنگ

•آفتابے :وہ سورج ،ایسا سورج (آفتاب+ے=وہ ،ایسا)_ •
تجلّیِ او :اُس کی چمک (تجلّی= چمک ،روشنی ،چھوٹ+او= اُسکی) .
•شعلہ اش :اُس کا شعلہ_
•درجہانِ تیرہ نہاد :اندھیرُوں کی بنی دُنیا ،اندھیاری دُنیا (جہان +تیرہ= تاریک+نہاد=اصل ،باطن ، بناوٹ)_ •چراغِ رہبانی :راستا دکھانے والا چراغ (چراغ+رہ بان = راستے کی دیکھ بھال کرنے والا + ی+ یانے نسبتی)

ترجمہ

وہ سورج جسکے نور سے
روم اور شام کا اُفق نورانی
اندھیاری دنیا میں اسکی لپٹ
بیابان بیچ راستا دکھانے والا چراغ

معنی ازحرفِ اوهمی روید
صفتِ لالہ ہاے نعمانی

گفت بامن چہ خفتۂ برخیز
بہ سرابے سفینہ میرانی ؟

ترجمہ

اُس کے حرف سے معنی اُگتے ہیں
لالے کے سُرخ پھولوں کیطرح
مجھ سے بولا کیا سویا پڑا ہے، جاگ جا
تو سراب میں کشتی کھے رہا ہے ؟

فرہنگ

•همی روید :اُگ رہا ہے ،اُگتا ہے .(رُستن=اُگنا)_ •صفت لالہ ہاے نعمانی :سُرخ گلِ لالہ کیطرح (صفت=طرح+لالہ ہا=لالہ کی جمع ،لالہ کے پھول+نعمانی=گل لالہ کی ایک قسم جس کا رنگ گہرا سُرخ یا قرمزی ہوتا ہے ،شقایق النعمان ،لالۂ سرُخ)
•بامن :مجھ سے (با=سے+من = مجھ)_ •خفتۂ :تو سویا ہوا ہے •برخیز :اُٹھ ،جاگ (برخاستن = اُٹھ کھڑا ہونا ،جاگنا)_ •بہ :میں_ •سفینہ می رانی :تو کشتی کھے رہا ہے (راندن= ہانکنا ،چلانا ،کھینا)_

" بہ خرد راہِ عشق می پوئی ؟
بہ چراغ آفتاب می جوئی ؟ "

(رومی)

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بہ :سے،کے ذریعے،کے سہارے۔ •خرد :عقل۔ •می پوئی :تو چل رہا ہے (پوئیدن=چلنا، درمیانی رفتار سے چلنا)۔ •می جوئی :تو ڈھونڈرہا ہے (جُستن= ڈھونڈنا)

ترجمہ

' تو عقل کی رہنمائی میں عشق کی راہ چل رہا ہے
چراغ لیکے آفتاب ڈھونڈ رہا ہے ؟'

(رومی)

❦❦❦❦❦

پٹوفی

شاعر جوانا مرگ ہنگری کہ درمعرکہ کارزار درحمایتِ
وطن کشتہ شد ونعش او نیافتند تا یادگارِ خاکی ازو بماند

نفسے دریں گلستاں ز عروسِ گل سرودی
بدلے غمے فزودنی ز دلے غمے ربودی

تو بخونِ خویش بستی کفِ لالہ را نگارے
تو بآہِ صبگاہے دلِ غنچہ را کشودی

ترجمہ
پٹوفی

ہنگری کا جوانمرگ شاعر جو اپنے وطن کے لئے لڑتے ہوئے مارا گیا
اُسکی لاش بھی نہیں ملی کہ کوئی خاکی یادگار ہی رہ جاتی

تو نے بس دم بھر کو اِس گلستاں میں عروسِ گل کا نغمہ چھیڑا
کسی دل میں غم بڑھا دیا، کسی دل سے غم دور کردیا
تو نے اپنے لہو سے گلِ لالہ کی ہتھیلی پر مہندی جمائی
تونے صبح کی آہ سے کلی کا دل کھولا

فرہنگ

•نفسے :ایک پل،دم بھر (نفس = دم،پل+ے=ایک)_ •دریں گلستاں :اس گلستاں میں (در= میں+ایں=اس+گلستاں)_ • ز :کا_ •عروسِ گل :دلہن ایسا پھول،بہت خوشنما پھول (عروس= دلہن،خوشنما+ گل=گلاب کا پھول)_ •سرودی :تو نے نغمہ گایا (سرودن=گانا،اشعار سنانا) • بدلے :کسی دل میں (بہ=میں+ دل+ے=کسی)_ •فزودی :تو نے بڑھایا (فزودن=بڑھانا)_ • زدلے :کسی دل سے (ز=سے+ دل+ے=کسی)_ •ربودی: تو لے گیا،تو نے مٹادیا (ربودن= اُچک لینا،مٹادینا،دور کردینا)_ •بخونِ خویش :اپنے لہو سے (بہ = سے+خون+خویش=اپنے)_ •بستی :تو نے جمائی (بستن= باندھنا،جمانا)_ •کفِ لالہ :گلِ لالہ کی ہتھیلی (کف=ہتھیلی+ لالہ)_ •را :پر_ •نگارے :نقش (نگار بستن=مہندی لگانا)_ • کشودی :تو نے کھولا (کشودن= کھولنا)

بنوائے خود گم استی سخنِ تو مرقدِ تو
بہ زمیں نہ باز رفتی کہ تو از زمیں نہ بودی

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بنوائے خود :اپنے نغمے میں (بہ = میں+نوا=نغمہ ،آواز+خود = اپنا)_ •گم استی :تو گم ہے (گم+استی=تو ہے)_ •بہ :طرف_ •نہ باز رفتی:تو نہ پلٹا (باز رفتن=پلٹنا ،پھرنا ،لوٹنا ، دوبارہ جانا). •کہ :کیونکہ_ •نبودی :تو نہیں تھا_

ترجمہ

تو اپنی نوا میں گم ہے ،تیرا کلام تیرا مرقد
زمین کیطرف نہیں پلٹا کہ تو زمین سے نہیں تھا

❦❦❦❦❦

محاورہ

مابین حکیم فرنسوی اگسٹس کومٹ و مرد مزدور

حکیم

" بنی آدم اعضاے یکد یگراند "
همان نخل را شاخ و برگ و بر اند

دماغ ار خرد زاست از فطرت است
اگر پا زمیں ساست از فطرت است

ترجمه

فرانسیسی فلسفی اگسٹس کومٹ اور
ایک مزدور کے درمیان مکالمہ

حکیم

' آدم کے بیٹے ایک دوسرے کے اعضاء ہیں '
یہ ایک ہی پیڑ کی شاخیں اور پتّے اور پھول ہیں
دماغ اگر سوجھ بوجھ پیدا کرنے والا ہے تو یہ فطرت کا قانون ہے
اگر پاؤں زمین گھسنے کو ہے تو یہ بھی فطرت کی وجہ سے ہے

فرهنگ

•اعضاے یکدیگراند :ایک دوسرے کے اعضاء ہیں (اعضا=عضو کی جمع ،جسم کے حصّے+یکدیگر= یک دوسرے+اند=وہ ہیں)_ • ماں :اُسی ،ایک ہی_ •نخل :درخت_ •را :کی_
•ار:اگر_ •خرد زاست :عقل پیدا کرنے والاہے (خرد=عقل ، سوجھ بوجھ+زا=بمعنی زائندہ ،پیدا کرنے والا [زائیدن= پیدا کرنا]+است=ہے _ •از :سے ،وجہ سے_ •فطرت :اللہ کا اٹل قانون_ •زمیں ساست :زمین گھسنے والا ہے (زمیں+سا=بمعنی سائندہ ،گھسنے والا[سائیدن=گھسنا [رگڑنا]+است=ہے)

یکے کار فرما، یکے کار ساز
نیاید ز محمود کارِ ایاز

نہ بینی کہ از قسمتِ کارِ زیست
سراپا چمن می شود خارِ زیست ؟

ترجمہ

ایک کام بتانے والا ہے ایک کام کرنے والا
ایاز کا کام محمود سے نہیں ہوتا
تو نہیں دیکھتا کہ زندگی کے کاموں کی تقسیم سے
زیست کا کانٹا سراپا چمن ہوجاتا ہے

فرہنگ

•یکے :ایک شخص_ •کارفرما :کام بتانے والا،حاکم_ •کار ساز :کام کرنے والا،نوکر، غلام_ •نیاید ز محمود :محمود سے نہیں ہوتا (نہ=نہیں+آید=آتا،ہوتا [آمدن=ہونا،آنا]+ز =سے+ محمود=محمود غزنوی مُراد بادشاہ)_ •کار ایاز :ایاز کا کام (کار=کام+ایاز=محمود غزنوی کا مشہور غلام، مراد غلام)_ •نہ بینی :تو نہیں دیکھتا (دیدن = دیکھنا) •قسمت کارِ زیست :زندگی کے کاموں کی تقسیم (قسمت=تقسیم+کار+زیست = زندگی)_ •می شود :ہوجاتا ہے (شدن=ہونا)_ •خارِ زیست :زندگی کا کانٹا (خار=کانٹا،مراد مصائب،مشکلات+زیست)

مرد مزدور

فریبی بحکمت مرا اے حکیم
کہ نتواں شکست ایں طلسمِ قدیم

مسِ خام را از زر اندودہ ای ؟
مرا خوے تسلیم فرمودہ ای ؟

ترجمہ

مرد مزدور

اے فلسفی تو مجھے فلسفے سے پرچا رہا ہے
کہ یہ پُرانا طلسم نہیں ٹوٹ سکتا
تو ان گھڑ تانبے کو سونے سے لپیٹ رہا ہے ؟
مجھے راضی برضا ہونیکی عادت تعلیم کررہا ہے ؟

فرہنگ

•فریبی :تو فریب دیتا ہے ،تو پرچا رہا ہے (فریبیدن=فریب دینا)۔
•بحکمت :فلسفے سے (بہ=سے+ حکمت=فلسفہ)۔ •مرا ::مجھے۔
•حکیم :فلسفی۔ •نتواں شکست :نہیں توڑا جاسکتا ،نہیں ٹوٹ سکتا۔
•مسِ خام :گھٹیا تانبا (مس= تابنا+خام=کچّا ،ناقص)۔
•اندودہ: ای تو نے لپیٹا ہے(اندودن = لپیٹنا ،ملّمع کرنا ،لیپنا)۔
•خوے تسلیم :جوپیش آئے اُس پر راضی رہنے کی عادت (خو=عادت + تسلیم=ماننا ،راضی برضا ہونا)۔

کند بحر را آبنایم اسیر
ز خارا برد تیشہ ام جوے شیر

حقِ کوہکن دادی اے نکتہ سنج
بہ پرویزِ پُرکار و نابردہ رنج ؟

ترجمہ

میری آبنائے سمندر کو اسیر کرتی ہے
میرا تیشہ پتھر سے دودھ کی نہر نکالتا ہے
اے دانا تونے کوہکن کا حق دے دیا
چالاک پرویز کو جس نے کوئی سختی نہیں جھیلی ؟

فرہنگ

•کند :کرتی ہے (کردن=کرنا)۔
•آبنایم :میری نہر (آبنای=نہر+ م=میری) •خارا :سخت پتھر۔
•برد :وہ نکالتا ہے (بردن= لینا ،حاصل کرنا)۔ •تیشہ ام :میرا تیشہ
•حقِ کوہکن :کوہکن کا حق (حق + کوہکن=شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب ،پہاڑ کاٹنے والا)۔ •دادی :تو نے دے دیا (دادن=دینا)۔ •نکتہ سنج :دانا ،بوشیار۔ •بہ :کو۔ •پرویزِ پُرکار و نا بردہ رنج: چالاک اور سختی نہ جھیلا ہوا پرویز (پرویز+پرکار=چالاک ،طرّار، عیّار+و=اور+نا بردہ رنج= جس نے سختی نہ اُٹھائی ہو)۔

خطارا بحکمت مگرداں صواب
خضر را نگیری بدامِ سراب

بدوشِ زمیں، بار، سرمایہ دار
ندارد گذشت از خور و خواب کار

ترجمہ

عقل کے زور سے غلط کو صحیح مت بنا
تو خضر کو سراب کے جال میں نیں لاسکتا
سرمایہ دار دھرتی کا بوجھ ہے
اسے سونے اور کھانے کے سوا کوئی کام نیں

فرہنگ

•خطا :غلط_ •مگرداں :تونہ بنا (گرداندن=گردانیدن=بدلنا، کرنا ،بنانا)_ •صواب :درست، صحیح_•خضر:حضرت خضر جن کے بارے میں مشہور ہے کہ بھٹکے ہوؤں کو راستا دکھاتے ہیں،مراد صحیح راستے کی پہچان رکھنے والا_ • نگیری :تو نیں لاسکتا،تو نیں پھنسا سکتا (گرفتن=شکار کرنا، پھنسانا ،پکڑنا)_ •بدام سراب :سراب کے جال میں (بہ=میں+ ام=جال+سراب)
'بدوشِ زمیں :زمین کے کاندھے پر (بہ=پر+ دوش=کاندھا+ زمیں)_ •بار :بوجھ_ •ندارد :وہ نیں رکھتا_ • گذشت :علاوہ_ •خور :کھانا_ •خواب :سونا_

جہاں راست بہروزی از دستِ مُزد
ندانی کہ ایں ہیچ کار است دزد

پئے جرمِ او پوزش آوردہ ای؟
بایں عقل و دانش فسوں خوردہ ای؟

❦❦❦❦❦

ترجمہ

دُنیا کی خوشحالی محنت کی وجہ سے ہے
تو نہیں جانتا کہ یہ ناکارہ چور ہے
اُس کے جُرم کے واسطے عذر لایا ہے ؟
تو نے اِس عقل و دانش پر فریب کھایا ہے ؟

فرہنگ

بہروزی :خوشبختی ،خوشحالی_
ازدستِ مزد :محنت کے ہاتھ سے(از = سے+دست=ہاتھ+مَزد = محنت)_ •ندانی :تو نہیں جانتا (دانستن=جاننا)_ •ہیچ کار :نکّما ،ناکارہ_ •دزد :چور_ •پئے جرمِ او :اُس کے جرم کے واسطے (پئے=کے لئے ،واسطے+ جرم+او=اُسکے)_ •پوزش آوردہ ای :تو عذر لایا ہے (پوزش آوردن= پوزش کردن=معذرت کرنا)_ •بایں عقل و دانش :اس عقل اور علم کے باوجود (بہ = باوجود ،پر+ایں=اس+ عقل+و=اور+دانش=علم ، دانائی)_ •فسوں خوردہ ای:تو نے :ہوکا کھایا ہے (فسوں خوردن= فریب کھانا)_

ہیگل

حکمتش معقول و با محسوس درخلوت نرفت
گرچہ بکرِ فکرِ او پیرایہ پوشد چوں عروس

طائرِ عقلِ فلک پروازِ او دانی کہ چیست
" ماکیاں کز زورِ مستی خایہ گیرد بے خروس"

❦❦❦❦❦

ترجمہ
ہیگل

اُس کا فلسفہ عقلی ہے جس نے محسوس کے ساتھ خلوت نہیں کی
اگرچہ اُسکی فکر کی دوشیزہ دلھن ایسے گہنے پہنتی ہے
تو جانتا ہے کہ اُسکی فلک پرواز عقل کا پرندہ کیا ہے
' مرُغی جو مرُغے کے بغیر (اپنی ہی) مستی کے زور سے انڈا بنائے '

فرہنگ

•معقول :عقلی،وہ مجرّد اُمور جو دائرہ حس سے باہر ہیں،جس کا ادراک عقل کے وسیلے سے ہو،وہ اُمور جو خارج میں وجود نہیں رکھتے۔
•محسوس :حسّی،جس کا ادراک حواس کے واسطے سے ہو،وہ اُمور جو خارج میں موجود ہیں۔
•خلوت :تنہائی،حجلۂ عروسی۔
•نرفت :وہ نہیں گئی (رفتن=جانا)۔
•بکرِ فکر او :اُسکی فکر کی دوشیزہ (بکر=دوشیزہ،کنواری + فکر+او=اُسکی)۔ •پیرایہ :زیور۔ •پوشد :وہ پہنتی ہے (پوشیدن=پہننا)۔
•ماکیاں :مرُغی۔ •کز زورِ مستی :جو مستی کے زور سے (کہ=جو + از=سے+زور+مستی)۔
•خایہ گیرد :انڈا بناتی ہے،انڈا حاصل کرے (خایہ=انڈا+گیرد = وہ حاصل کرے [خایہ گرفتن= مُرغی کا انڈے سے حاملہ ہو جانا،انڈا حاصل کرنا])۔ •بے خروس :مرغے کے بغیر (بے= بغیر،بلا+خروس=مرُغا)

جلال و گوئٹے

نکتہ دانِ المنی را در ارم
صحبے اُفتاد با پیرِ عجم

شاعرے کو ہمچو آں عالی جناب
نیست پیغمبر ولے دارد کتاب

ترجمہ

رومی اور گوئٹے

جنّت میں نکتہ داں المانوی کی
عجم کے مرُشد کے ساتھ صحبت ہوئی
اُس عالی جناب ایسا عظیم شاعر کہاں
وہ پیغمبر نہیں لیکن کتاب رکھتا ہے

فرہنگ

•نکتہ دانِ المنی :نکتہ داں جرمن (نکتہ=باریک بات ،دقیق مسئلہ ، بھید+داں=بمعنیٰ داننده ، جاننے والا [دانستن=جاننا]+ المنی=جرمن)۔ •را :کو ،کی۔ •ارم:جنّت۔ •صحبتے افتاد :ایک صحبت ہوئی (صحبت=گفتگو ، ساتھ ،مجلس+ے=ایک+اُفتاد = واقع ہونی ،پیش آنی [صحبت اُفتادن=صحبت واقع ہونا ،بات چیت ہونا])۔ •باپیر عجم :عجم کے شیخ کے ساتھ (پیر=شیخ ، مرُشد+عجم=فارس ،تمام غیر عرب علاقے)

خواند بر داناے اسرارِ قدیم
قصّۂ پیمانِ ابلیس و حکیم

گفت رومی اے سخن را جان نگار
تو ملک صیداستی و یزداں شکار

ترجمہ

اُس نے اللہ کے اسرار جاننے والے کو پڑھکر سُنایا
شیطان اور حکیم فاؤست کے عہدو پیمان کا قصّہ
رومی بولے اے حرف میں جان کاڑھنے والے
تو فرشتوں کو شکار کرنے والا ہے اور یزداں پر کمند ڈالنے والا

فرہنگ

•خواند بر داناے اسرارِ قدیم :اُس نے اللہ کے اسرار جاننے والے کے سامنے پڑھا (خواند=اس نے پڑھا + بر=سامنے ،واسطے ،برائے [خواندن بر کسے=کسی کے سامنے یا کسی کے لئے پڑھنا ،کسی کو سُنانا]+دانا= جاننے والا [دانستن=جاننا]+اسرار=سِّر کی جمع ،راز ،بھید ،پوشیدہ امور +قدیم=پُرانا ،ہمیشگی رکھنے والا ،جس کا وجود زمانہ سے ماوراء ہو ،اللہ تعالی)_ •قصّہ پیمانِ شیطان و حکیم:شیطان اور حکیم فاؤست کے عہدو پیمان کا قصّہ (قصّہ+پیمان=عہد ،وعدہ + ابلیس+و=اور+حکیم= ڈاکٹر فاؤست گوئٹے کے شہرہ آفاق ڈرامے" فاؤست"کا مرکزی کردار)_ •جان نگار:جان کو نقش کرنے والا (جاں=جان ،روح+نگار = بمعنی نگارندہ ،نقّاش ،لکھنے والا [نگاریدن=نگاشتن=نقش بنانا ، چھاپنا ،تحریر کرنا ،تصویر بنانا ، کندہ کرنا])_ •ملک صید :فرشتوں کو شکار کرنے والا (ملک=فرشتہ + صید=شکار)_

فکرِ تو درکنجِ دل خلوت گزید
ایں جہانِ کہنہ را باز آفرید

سوز و سازِ جاں بہ پیکر دیدہ ای
در صدف تعمیرِ گوہر دیدہ ای

فرہنگ

•درکنجِ دل :دل کے گوشے میں (در=میں+کنج=گوشہ ،کونا + دل)_ •خلوت گزید :اُس نے خلوت اختیار کی (خلوت گزیدن= گوشہ نشینی اختیار کرنا)_ •باز آفرید :پھر سے تخلیق کیا (باز آفریدن=دوبارہ تخلیق کرنا)
•سوز و سازِ جاں :روح کی تڑپ اور سکون (سوز=تڑپ ،جلن+ و=اور+ساز=سکون ،میل ، آرام+جاں=جان ،روح)_ •بہ :میں_ پیکر :بدن_•دیدہ ای :تو نے دیکھا ہے (دیدن=دیکھنا)_
•صدف :سیپی_ •تعمیر گوہر :موتی کا بننا (تعمیر=بننا ،بناوٹ + گوہر=موتی)_

ترجمہ

تیری فکر نے دل کے زاویے میں خلوت پکڑی
اِس پُرانی دُنیا کو پھر سے تخلیق کیا
تو نے بدن بیچ روح کا سوز و ساز بوجھ لیا ہے
تو نے صدف میں گوہر کی تعمیر مشاہدہ کی ہے

ہر کسے از رمزِ عشق آگاہ نیست
ہر کسے شایانِ ایں درگاہ نیست

" داند آں کو نیکبخت و محرم است
زیرکی ز ابلیس و عشق از آدم است "
(رومی)

فرہنگ

•از رمزِ عشق :عشق کے بھید سے (از=سے+رمز=بھید+عشق)۔
•شایانِ ایں درگاہ :اس چوکھٹ کے لائق (شایان=لائق+ایں=س+درگاہ=آستانہ، چوکھٹ، ارگاہ)۔
•داند :وہ جانتا ہے (دانستن =جاننا)۔ •کو :جو۔ •محرم :بھید جاننے والا، رازداں۔
•زیرکی :ہوشیاری، چالاکی، عقلمندی۔

ترجمہ

ہر کوئی عشق کے بھید سے آگاہ نہیں ہے
ہر کوئی اس چوکھٹ کے لائق نہیں ہے
" وہی جانتا ہے جو نیکبخت اور اندر کی خبر رکھنے والا ہے
زیرکی ابلیس سے ہے اور عشق آدم سے "

(رومی)

پیغام برگسان

تا بر تو آشکار شود رازِ زندگی
خود را جُدا ز شعلہ مثال شرر مکن

بہر نظارہ جز نگہ آشنا میار
در مرز و بومِ خودچو غریباں گذر مکن

ترجمہ

پیغام برگسان

تاکہ تجھ پر زندگی کا بھید کھل جائے
خود کو چنگاری کی طرح شعلے سے جدا مت کر
نظارے کے لئے بس اپنائیت کی نگاہ فراہم کر
اپنے وطن میں پردیسیوں کیطرح گزر مت کر

فرہنگ

•تا :تاکہ •آشکار شود :ظاہر ہوجائے (آشکار شدن=ظاہر ہونا)۔ •مکن: :تو مت کر (کردن= کرنا)۔ •بہر نظارہ :دیدار کے واسطے (بہر= لئے، واسطے+ نظارہ)۔ •جُز : سوائے۔ •نگہ آشنا :اپنائیت کی نظر (نگہ=نگاہ +آشنا= دوست، اپنا)۔ •میار:تو مت لا، مت ڈال (آوردن=لانا، فراہم کرنا، ڈالنا، کرنا [نگاہ آوردن= نظر کرنا، دیکھنے کی صلاحیت پیدا کرنا])۔ •درمرزوبومِ خود :اپنے وطن میں (در=میں+مرز = زمین، ملک+و=اور+بوم= مَٹی، جگہ، منزل [مرز و بوم= مرزبوم=وطن]+خود =اپنے)۔ •چو ::چوں، مانند۔ •غریباں :غریب کی جمع، مسافر، پردیسی •گذر مکن :تو گذر مت کر (گذرکردن=گزرکرنا، گزرنا)۔

نقشِ کہ بستہ ای ہمہ اوہامِ باطل است
عقلے بہم رساں کہ ادب خوردۂ دل است

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•نقشے :وہ نقش (نقش+ے= وہ)_ •بستہ ای :تو نے جمایا ہے (بستن=باندھنا ، جمانا)_ •اوہام باطل :بے اصل خیالات (اوہام= وہم کی جمع+باطل=غلط ، جھوٹ ، بے اصل)_ •بہم رساں :تو بہم پہنچا ، حاصل کر (بہم رسانیدن = حاصل کرنا ، فراہم کرنا)_
•ادب خوردۂ دل :دل کی تربیت یافتہ (ادب خوردہ=تربیت یافتہ+ دل)_

ترجمہ

وہ نقش جو تو نے باندھا ہے سارے کا سارا وہمِ باطل ہے
وہ عقل بہم پہنچا جو دل کی پڑھائی ہوئی ہو

❦❦❦❦❦

میخانه فرنگ

یادِ ایامے کہ بودم در خمستانِ فرنگ
جامِ او روشن تر از آئینۂ اسکندر است

چشمِ مستِ مے فروشش بادہ را پروردگار
بادہ خواراں را نگاہ ساقی اش پیغمبر است

ترجمہ

میخانہ فرنگ

مجھے وہ دن یاد ہیں کہ میں مغرب کے میخانے میں تھا
اُس کا جام سکندر کے آئینے سے بڑھکر روشن ہے
اُس کے مے فروش کی مست آنکھ شراب کی پالنہار
بادہ خواروں کے لئے اُس کے ساقی کی نگاہ پیغمبر ہے

فرہنگ

•یادِ ایامے :اُن دنوں کا ذکر ہے، جھے وہ زمانہ یاد ہے۔ •بودم :میں تھا (بودن=رہنا ، ہونا) ،درخمستانِ فرنگ :یورپ کے شراب خانے میں (در=میں+خمستان= شراب خانہ+فرنگ=یورپ ، مغرب)۔ •جامِ او :اُس کا جام (جام=شراب کا پیالہ+او= س)۔ •از آئینۂ اسکندر :سکندر کے آئنے سے (از=سے+آئینۂ سکندر=اسکندریہ کے ساحل پر سکندرِ اعظم کے بنائے ہوئے منارے پر نصب ایک بڑا آئینہ جس سے جہازوں وغیرہ کی آمد پتہ چل جاتی تھی)۔
•چشمِ مست مے فروشش :اُس کے کلال کی مست آنکھ (چشم+ مست+مے فروش=شراب بیچنے والا ، کلال+ش=اُس کے)۔ •نگاہ ساقی اش :اُس کے ساقی کی نگاہ (نگاہ+ساقی= شراب تقسیم کرنے والا+اش= اس کے)۔

جلوۂ او بے کلیم و شعلۂ او بے خلیل
عقلِ ناپروا متاعِ عشق را غارتگر است

در ہوایش گرمیِ یک آہِ بیتابانہ نیست
رندِ ایں میخانہ را یک لغزشِ مستانہ نیست

❦❦❦❦❦

ترجمہ

اُس کا جلوہ بے کلیم اور اُس کی آگ بے خلیل
بے پروا عقل عشق کی پونجی کو غارت کرنے والی ہے
اُسکی فضا میں چھاتی توڑکے نکلنے والی آہ کی گرمی نہیں
اس میخانے کے رند کو ایک بھی لغزشِ مستانہ نصیب نہیں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•عقل نا پروا :بے پروا عقل (عقل + نا پروا=بے پروا، بے باک، بے فکر)۔ •متاع عشق :عشق کی پونجی (متاع= پونجی+عشق)۔ •ہوایش :اس کی فضا (ہوا=فضا +یش=اش=اسکی)۔ •گرمی یک آہ بے تابانہ :بے تابی کے ساتھ نکلنے والی ایک آہ کی حرارت (گرمی + یک=ایک+آہ+بے تابانہ= بے تابی کے ساتھ)۔ •رندِ ایں میخانہ را :اس میخانہ کے رند کے لئے (رند=شرابی +ایں=اس+ میخانہ+را=کے لئے، کو)۔ •لغزش مستانہ :مستوں کی سی ڈگمگاہٹ (لغزش=ڈگمگاہٹ+مستانہ= مستوں کیطرح، مستی میں)۔

موسیو لینن و قیصرولیم

بسے گذشت کہ آدم دریں سرائے کہن
مثالِ دانہ تہِ سنگِ آسیا بودست

فریبِ زاری و افسونِ قیصری خورد است
اسیرِ حلقۂ دامِ کلیسیا بودست

ترجمہ

موسیولینن و قیصرولیم

موسیولینن

مدّتیں ہوگئیں کہ آدمی اس پُرانی سرائے میں
گندم کیطرح چکّی کے پاٹ تلے رہاہے
زاری کا فریب اور قیصری کا دھوکا کھاتا رہاہے
کلیسا کے جال میں پھنسا رہا ہے

فرہنگ

•بسے گذشت :بہت زمانے گئے، مدّتیں ہوگئیں (بسے=بہت+ گذشت=گزر گیا، بیت گیا [گذشتن=بیتنا])۔ •دریں سرائے کہن:اس پُرانی سرائے میں،اس دنیا میں (در=میں+این= اس+سرا=سرائے+کہن= پُرانی)۔ •تہِ سنگِ آسیا :چکّی کے پاٹ تلے (تہ=تلے+سنگ= پاٹ، پتّھر+آسیا =چکّی، مجازاً آسمان)۔ •بوداست :وہ رہا ہے (بودن=رہنا)
•اسیرِ حلقۂ دامِ کلیسیا : کلیسا کے جال میں پھنسا ہوا (اسیر=پھنسا ہوا، قیدی+حلقہ+دام=جال+ کلیسیا=کلیسا، چرچ، مراد پاپائیت، مذہبی ادارے)۔

غلامِ گرسنہ دیدی کہ بردرید آخر
قمیصِ خواجہ کہ رنگیں زخونِ ما بودست

شرارِ آتشِ جمہور کہنہ ساماں سوخت
ردائے پیر کلیسا، قبائے سلطاں سوخت

ترجمہ

تو نے دیکھا کہ بھوکے غلام نے آخر تار تار کردی
آقا کی قمیص جو ہمارے لہو سے رنگین رہی ہے
عوام کی آگ کی چنگاریوں نے فرسودہ نظام کو پھونک دیا
کلیسا کے گرو کی چادر، بادشاہ کی قبا جلا ڈالی

فرہنگ

•غلامِ گرسنہ :بھوکا غلام (غلام+گرسنہ=بھوکا)۔ •دیدی :تو نے دیکھا (دیدن=دیکھنا)۔
•بردرید :اُس نے پھاڑ دی (بردریدن=پھاڑنا)۔ •آخر: آخر کار)۔ •قمیصِ خواجہ :آقا کی قمیص (قمیص+خواجہ=آقا، مالک، مراد سرمایہ دار، بادشاہ)۔
•زخونِ ما :ہمارے خون سے (ز=سے+خون+ما=ہمارے)۔
•شرار آتشِ جمہور :عوام کی آگ کی چنگاریاں (شرار=چنگاریاں+آتش=آگ+جمہور=عوام)۔
•کہنہ :پُرانا، فرسودہ۔ •ساماں :اسباب، پونجی، نظام۔ •سوخت :اس نے جلا دیا (سوختن=جلانا)۔ •ردائے پیر کلیسا :کلیسا کے بڑے کی چادر، پوپ کی چادر (ردا=چادر، اوڑھنی+پیر=بڑا، گرو+کلیسا)۔

قیصر ولیم

گناہِ عشوہ و نازِ بتاں چیست
طوافَ اندر سرشتِ برہمن ہست

دمادم نو خداوندان تراشد
کہ بیزار از خدایان کہن ہست

ترجمہ
قیصر ولیم

بتوں کے عشوہ و ناز کا کیا گناہ ہے
طواف تو بر ہمن کی گھٹّی میں پڑا ہے
دمادم نئے نئے خدا تراشتا ہے
کہ پُرانے خداؤں سے بیزار ہے

فرہنگ

•گناہِ عشوہ و نازِ بتاں :بتوں کے ناز و اَدا کا قصور (گناہ+عشوہ= محبوب کی ادا+و=اور+ناز+ بتاں=بت کی جمع)_ •طواف :پھیرے لگانا_ •سرشتِ برہمن: برہمن کی فطرت (سرشت= فطرت ، خمیر+برہمن)_ •ہست: موجود ہے ، ہے (ہستن=موجود ہونا)_

•دمادم :دمبدم ، مسلسل_ •نو :نئے_ •خداوندان :خداوند کی جمع ، خدا ، مالک_ •تراشد :وہ تراشتا ہے (تراشیدن=تراشنا)_

ز جورِ رہزناں کم گو کہ رہرو
متاعِ خویش را خود راہزن ہست

اگر تاجِ کئی جمہور پوشد
ہماں ہنگامہ ہا در انجمن ہست

فرہنگ

•زجور رہزناں :رہزنوں کے ظلم کے بارے میں (ز= کی، بارے میں + جور=ظلم، ستم+رہزناں= رہزن کی جمع)_ •کم :مت_ •گو :کہ (گفتن=کہنا)_ •متاعِ خویش :اپنے مال اسباب (متاع=مال اسباب، پونجی+خویش=اپنے)_ •را :کا، کے لئے_ •تاجِ کئی :بادشاہی کا تاج (تاج + کے=بڑا بادشاہ+ی=یائے نسبتی)_ •جمہور :عوام_ •پوشد :وہ پہنے (پوشیدن=پہننا). • ہماں :وہی_

ترجمہ

رہزنوں کے ظلم کی مت کہہ کہ مسافر
اپنی پونجی کا آپ رہزن ہے
اگر شہنشاہی کا تاج عوام پہن لیں
(توبھی) اس انجمن میں وہی ہا ہا کار ہے

هوس اندر دل آدم نہ میرد
ہماں آتش میانِ مرزغن ہست

عروسِ اقتدارِ سحر فن را
ہماں پیچاکِ زلفِ پُرشکن ہست

فرہنگ

•ہوس :ہوکا ، کسی چیز سے سیرنہ ہونا_ •اندر دلِ آدم :آدمی کے دل میں (اندر+دل+آدم= آدمی)_ •نمیرد :نیں مرتی (مرُدن = مرنا)_ •میانِ مرزغن :آتشدان کے بیچ (میان=بیچ+مرزغن= انگیٹھی ، آتشدان)_
•عروسِ اقتدارِ سحرفن :جادو کا فن رکھنے والی اقتدار کی دلھن (عروس=دُلھن+اقتدار+سحر = جادو+فن=ہنر ، فریب)_
•پیچاکِ زلف پرشکن :بلدار زُلف کا کنڈل (پیچاک=کنڈل+زلف+ پُرشکن=بلدار ، لہریا)_

ترجمہ

آدمی کے دل میں ہوس نیں مرتی
آتشدان کے بیچ وہی آگ ہے (جوتھی)
اقتدار کی جادو گر دلہن کی
زلف پرشکن کا وہی کنڈل ہے

"نماند نازِ شیریں بے خریدار
اگرخسرو نباشد کوہکن ہست"

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•نماند :نیں رہتا (ماندن= رہنا)۔ •ناز شیریں :شیریں کا نخرہ (ناز=نخرہ، محبوبانہ ادا+ شیریں=فرہاد کوہکن کی معشوقہ)۔ •بے خریدار :خریدار کے بغیر (بے=بغیر+خریدار)۔ •خسرو :شہزادہ خسرو پرویز کوہکن کا رقیب۔ •نباشد :نہ ہو، نیں ہے (شدن=ہونا)۔

ترجمہ

شیریں کے چونچلے خریدار بنا نیں رہتے
اگر خسرو نیں تو کوہکن ہے

❦❦❦❦❦

حکما

لاٗك

ساغرش را سحر از بادۂ خورشید فروخت
ورنہ در محفلِ گل لالہ تہی جام آمد

ترجمہ

حکما

لاك

اُس کے ساغر کو صبح نے سورج کی شراب سے چمکایا
ورنہ پھولوں کی سبھا میں گلِ لالہ خالی پیالہ آیا تھا

فرہنگ

•ساغرش را :اُس کے پیالہ کو (ساغر=شراب کا پیالہ+ش= اُسکے+را=کو)_ •بادہ خورشید :سورج کی شراب (بادہ= شراب+خورشید=سورج)_ • فروخت:اُس نے روشن کیا ، شراب سے سُرخ کیا (افروختن= روشن کرنا ، چمکانا ، سرخ کرنا)_ •تہی جام :جس کا جام خالی ہو ، خالی پیالہ والا (تہی=خالی+ جام)_ •آمد :وہ آیا (آمدن=آنا)_

کانٹ

فطرتش ذوق مئے آئینہ فا مے آورد
از شبستانِ ازل کوکبِ جامے آورد

فرہنگ

•ذوقِ مئے آئینہ فامے :آئینے کے رنگ کی شراب کا ذوق (ذوق+مے = شراب+آئینہ+فام=رنگ+ ے=یائے تخصیص ، خاص)_ •
آورد :وہ لائی (آوردن=لانا)_ •
ازشبستانِ ازل :ازل کے شبستان سے (از=سے+شبستان=رات رہنے کی جگہ، خوابگاہ، خلوت گاہ + ازل)_ •کوکبِ جامے :جام کا ستارہ (کوکب=ستارہ+جام+ے = یائے تخصیص)_

ترجمہ

کانٹ

اسکی فطرت آئنہ رنگ شراب کا ذوق لائی
ازل کے شبستان سے جام کا ستارہ لائی

برگسان

نہ مئے از ازل آورد نہ جامے آورد
لالہ از داغِ جگر سوزِ دوامے آورد

ترجمہ

برگسان

نہ کوئی شراب ازل سے لایا نہ کوئی پیالہ
گلِ لالہ جگر کے داغ سے دائمی سوز لایا

فرہنگ

•منے :کوئی شراب (مے+ے= کوئی)۔ •سوز دوامے :ہمیشہ رہنے والی جلن (سوز + دوام=ہمیشہ، سدا+ے=یائے عظمت)۔

شعرا

(بروننگ)

بےّ پشتٰ بود بادۂ سرجوشِ زندگی
آب از خضر بگیرم و در ساغر افگنم

ترجمہ

(بروننگ)

زندگی کی صاف شراب میں نشہ بڑھانے کے لئے کچھ ملا ہوا نیں تھا
میں خضر سے آبِ حیات لیکر ساغر میں ڈالتا ہوں

فرہنگ

•بے پشت :نشہ بڑھانے والی کسی چیز کے بغیر (بے=بغیر+پشت = ہر وہ چیز جو نشہ بڑھانے کے لئے شراب میں ڈالی جائے)۔ •بادہ سرجوش زندگی :زندگی کی صاف شراب (بادہ+سرجوش=صاف+ زندگی)۔ •بگیرم :میں لیتا ہوں (گرفتن=حاصل کرنا)۔ •افگنم :میں ڈالتا ہوں (افگندن=ڈالنا)۔

بائرن

از مَنتِ خضر نتواں سینہ داغ کرد
آب از جَگر بگیرم و در ساغر افگنم

فرہنگ

•ازمنّتِ خضر :خضر کے احسان سے (از=سے+منّت=احسان+ خضر)_ •نتواں سینہ داغ کرد :سینہ داغدار نیں کیا جاسکتا ، دل پر داغ نیں لگایا جاسکتا (نتواں=نیں سکتا [توانستن= سکنا] +سینہ+داغ کرد=داغ کردن=داغدار کرنا ، ہبّا لگانا ، جلانا)_ •آب :خون شراب

ترجمہ

بائرن

ا

خضر کا احسان اُنھا کر چھاتی پر داغ نیں دھرا جاسکتا
میں (اپنے ہی) جگر سے لہو لیکر ساغر میں ڈالتا ہو

غالب

"تا بادہ تلخ تر شود و سینہ ریش تر
بگدازم آبگینہ و در ساغر افگنم"

فرہنگ

•تا :تاکہ •تلخ تر :اور تلخ (تلخ=کڑوی، تیز شراب کی صفت+تر=اور زیادہ)۔
•شود :وہ ہوجائے (شدن=ہونا)۔
•ریش تر :اورگھائل (ریش= گھائل، زخمی+تر=اور زیادہ)۔
•بگدازم :میں پگھلاتا ہوں (گداختن=پگھلانا)۔ •آبگینہ: شیشہ، شراب کا برتن۔

ترجمہ

غالب

'تاکہ شراب اور تیز ہوجائے اور سینہ خوب چھلنی میں آبگینہ پگھلا کر ساغر میں ڈالتا ہوں'

رومی

آمیزشے کجا گہرِ پاکِ او کجا
از تاک بادہ گیرم و در ساغر افگنم

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•آمیز شے :ملاوٹ (آمیزش+ے = کوئی)۔ •کجا :کہاں۔ •گہرِ پاکِ او :اس کی پاک اصل (گہر= اصل+پاک+او=اُسکی)۔
•تاک :انگور کی بیل ، انگور۔

ترجمہ

رومی

کجا ملاوٹ کجا اُسکی پاک اصل
میں انگور سے شراب کھینچ کر پیالے میں ڈالتا ہوں

❦❦❦❦❦

خرابات فرنگ

دوش رفتم بہ تماشاے خرابات فرنگ
شوخ گفتاریِ رندے دلم از دست ربود

گفت ایں نیست کلیسا کہ بیابی در وے
صحبتِ دُخترکِ زہرہ وش و ناے وسرود

ترجمہ

مغرب کا میکدہ

میں کل رات مغرب کے میکدے کا تماشا کرنے گیا
ایک رندکی شوخ گفتاری میرا دل لے اُڑی
اُس نے کہا یہ کلیسا نیں کہ تو اس میں پانے
حسین دوشیزاؤں کی سبھا اور راگ رنگ کی مجلس

فرہنگ

•دوش :گزری ہوئی رات۔
•رفتم :میں گیا (رفتن=جانا)۔
•شوخ گفتاری رندے :ایک شرابی کی شوخ گفتاری
(شوخ گفتاری=کسی لاگ لپیٹ کے بغیر بات کہہ ڈالنا، چمک کے بولنا، بے دھڑک بولنا+ رند=شرابی، مُراد نشے+ے=ایک)۔ •دلم از دست ربود :میرا دل لے گیا (دل + م=میرا +از=دست=ہاتھ، قبضہ+ربود=وہ اُچک لے گیا، وہ لے اُڑا [دل از دست ربودن= دل لے اُڑنا، اپنا عاشق بنالینا]۔
• بیابی :تو پائے (یافتن=پانا)
•در وے :اُس میں(در+وے=اُس)۔
•صحبتِ دخترک زہرہ وش و ناے و سرود :حسین لڑکیوں اور گانے بجانے کی محفل (صحبت= محفل+دُخترک=چھوٹی لڑکی، خوبصورت لڑکی+زہرہ وش= زہرہ کیطرح حسین+و=اور+ ناے=بانسری+و=اور+سرود= نغمہ، ایک ساز [نائے و سرود= گانا بجانا])۔

ایں خرابات فرنگ است و ز تاثیر مَیش
آنچہ مذموم شمارند نماید محمود

نیک و بد را بترازوے دگر سنجیدیہ
چشمۂ داشت ترازوے نصاری و یہود

ترجمہ

یہ مغرب کا میخانہ ہے اور اسکی شراب کی تاثیر سے
جسے بُرا جانا جاتا ہے وہی اچھا دکھائی دیتا ہے
ہم نے نیکی اور بدی کو ایک اور ترازو میں تولا
عیسائیوں اور یہودیوں کی ترازو برابر نیں رہی

فرہنگ

•تاثیر میش :اس کی شراب کی تاثیر (تاثیر+مے=شراب+ش= اسکی)_ •مذموم :بُرا_
•شمارند :وہ گنتے ہیں (شمردن= گننا ، شمار کرنا ، سمجھنا)_
•نماید :وہ نظر آتا ہے (نمودن= دکھانی دینا)_ •محمود :اچھا ، جس کی تعریف کی جائے
•بترازوے دگر :دوسری ترازو میں (بہ میں +ترازو+دگر= دوسری) •سنجیدیم :ہم نے تولا (سنجیدن=تولنا)_ •چشمہ داشت :ایک طرف کو جھکاؤ رکھتی تھی (چشمہ داشتن ترازو=ترازو کے پلڑوں کا برابر نہ رہنا)_

خوب ، زشت است اگر پنجۂ گیرات شکست
زشت ،خوب است اگر تاب و توانِ تو فزود

تو اگر درنگری جز بہ ریا نیست حیات
ہرکہ اندر گروِ صدق و صفا بود نبود

ترجمہ

تیرا چنگل توڑ دیا تو نیکی بدی ہے
تیرا کس بل بڑھادیا تو بدی نیکی ہے
تو اگر بوجھے تو زندگی بس دکھلاوا ہے
جو سچائی اور اخلاص کے چکّر میں آیا وہ فنا ہوگیا

فرہنگ

•خوب :اچھا_ •زشت :بُرا_
•پنجۂ گیرات :تیرا چنگل (پنجہ+گیرا = پکڑنے والا، دبوچنے والا اگرفتن = پکڑنا]+ت=تیرا)_ •شکست :اُس نے توڑدیا (شکستن=توڑنا)_
•تاب وتوان تو :تیری طاقت اور قوّت (تاب و توان=طاقت ، قدرت + تو=تیری)_ •فزود :اُس نے بڑھادیا (فزودن=افزودن= بڑھانا)_
•درنگری :تو غور سے دیکھے (درنگریستن=غور سے دیکھنا)_
•جز بہ ریا::دکھلاوے کے علاوہ (جز بہ=کے سوا+ریا=دکھاوا ، منافقت)_ •ہرکہ :جو کوئی_
•اندر گروِ صدق و صفا: سچّائی اور پاکیزگی کی قید میں (اندر+گرو = قید ، ربن+صدق=سچ ، صداقت+و=اور+صفا= پاکیزگی ، اخلاق)_ •بود :وہ رہا (بودن=رہنا ، ہونا)_ •نبود :وہ نہیں رہا ، وہ فناہوگیا_

دعویِ صدق و صفا پردہ ناموسِ ریاست
پیرِ ماگفت مس از سیم بباید اندود

فاش گفتم بتو اسرارِ نہانخانۂ زیست
بکسے باز مگو تاکہ بیابی مقصود

❦❦❦❦❦

ترجمہ

سچّائی اور اخلاص کا دعوا منافقت کے بھیتر کی آڑ ہے
ہمارے پیر نے کہا کہ تانبے کو چاندی سے لیپنا چاہئیے
میں نے زندگی کے اندر کا بھید تجھ سے کھول کر بیان کر دیا
کسی کو بتانا مت تاکہ تو مُراد پا جائے

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•دعویِ صدق وصفا :سچائی اور اخلاص کا دعوی (دعوی=دعوا+صدق و صفا)_ •پردۂ ناموس ریاست :دکھاوے کے بھیتر کا پردہ ہے، منافقت کی مکاّری کی آڑ ہے (پردہ+ناموس=گھر کی عورتیں، راز، مکر+ریا+است = ہے)_ •مس :تانبا_ •سیم :چاندی_ •بباید اندود :لیپنا چاہئیے (بباید=چاہئیے [بایستن=چاہنا، درکار ہونا]+اندود=اندودن=لیپنا، لپیٹنا، ملّمع کرنا)_

•فاش گفتم :میں نے صاف صاف کہہ دیا (فاش گفتن=کھول کر بتانا، صاف صاف کہنا)_ •بتو :تجھ سے (بہ=سے+تو=تجھ)_ •اسرارِ نہاں خانۂ زیست :زندگی کے بھیتر کے بھید (اسرار = سر کی جمع، راز+نہانخانہ=تہ خانہ، چُھپی ہوئی جگہ+زیست = زندگی)_ •بکسے :کسی کو (بہ = سے، کو+کسے=کسی)_

•بازمگو :بتانامت (باز گفتن=کہنا، بتانا)_ •بیابی :تو پاجائے (یافتن = پانا)_ •مقصود :مرُاد_

خطاب به انگلستان

مشرقی بادہ چشید است ز مینائے فرنگ
عجبے نیست اگر توبۂ دیرینہ شکست

فکرِ نو زادۂ او شیوۂ تدبیر آموخت
جوش زد خوں بہ رگِ بندۂ تقدیر پرست

ترجمہ

انگلستان سے خطاب

مشرق کے باسی نے مغرب کی صراحی سے شراب چکھ لی ہے
کوئی عجب نہیں اگر پُرانی توبہ ٹوٹ گئی
اُسکی نوزائیدہ فکر نے تدبیر کا چلن سیکھا
تقدیر کے بندے کی رگوں میں لہو نے جوش مارا

فرہنگ

•مشرقی :مشرق کا باشندہ، مُراد ہندوستانی۔ •چشیدست :اُس نے چکھ لیا ہے (چشیدن=چکھنا)۔ •ز مینائے فرنگ :مغرب کی صراحی سے (ز=سے+مینا ، شراب کی صراحی+فرنگ=مغرب)۔ • عجبے :کوئی حیرت (عجب= حیرت ، تعجب+ے=کوئی)۔ • شکست :ٹوٹ گئی (شکستن= ٹوٹنا)۔ •فکرِ نوزادۂ او :اُسکی نئی نئی جنم لینے والی فکر (فکر +نوزادہ = تازہ تازہ پیدا ہونے والی+او= اُس کی)۔ •شیوۂ تدبیر :تدبیر کا چلن (شیوہ=طریقہ ، چلن+ تدبیر)۔ •آموخت :اس نے سیکھا (آموختن=سیکھنا) •جوش زدخون :لہو نے جوش مارا (جوش زد=اُس نے جوش مارا [جوش زدن=جوش مارنا ، کھانا]+ خون)۔ •بہ رگ بندۂ تقدیر پرست :تقدیر کی پوجا کرنے والے بندے کی رگ میں (بہ= میں+رگ+بندہ+تقدیر+ پرست=بمعنی پرستندہ ، پجاری ، بندہ [پرستیدن=پوجنا])۔

ساقیا تنگدل از شورشِ مستاں نشوی
خود تو انصاف بدہ ایں ہمہ ہنگامہ کہ بست

"بوے گل خود بہ چمن راہ نما شد ز نخست
ورنہ بلبل چہ خبر داشت کہ گلزارے ہست

ترجمہ

اے ساقی مستوں کی شورش سے دلتنگ مت ہو
تو آپ ہی انصاف کر کہ یہ سارا ہنگامہ کس نے بنا کیا
"پھول کی خوشبو نے پہلے آپ ہی چمن کی راہ دکھائی
ورنہ بلبل کو کیا خبر تھی کہ کوئی گلزار بھی ہے"

فرہنگ

•ساقیا :اے ساقی_ •تنگدل :ناخوش ، رنجیدہ_ •ازشورشِ مستاں :مستوں کی شورش سے (از = سے+شورش=ہنگامہ ، شور و غوغا+مستاں=مست کی جمع)_
•نشوی :تو مت بو ، تو نہ ہونا (شدن=ہونا)_ •انصاف بدہ :انصاف سے فیصلہ دے (انصاف دادن=عدل کرنا ، انصاف دینا)_
•کہ :کون ، کس_ •بست :اُس نے شروع کیا ، برپا کیا (بستن= باندھنا ، مُراد شروع کرنا ، برپا کرنا ، پیدا کرنا)_
•گلزارے :کوئی گلزار (گلزار+ے = کوئی)_

قسمت نامه سرمایه دار و مزدور

غوغاے کارخانۂ آهنگری ز من
گلبانگِ ارغنونِ کلیسا ازانِ تو

نخلے کہ شہ خراج برومی نہد ز من
باغِ بہشت و سدره وطوبا ازانِ تو

ترجمه

قسمت نامه سرمایه دار و مزدور

فولاد کے کارخانے کا شور شرابہ میرا
کلیسا کے باجے کی مدھر دُھن تیری
جس پر حاکم ٹیکس لگاتا ہے وہ پیڑ میرا
جنّت کا باغ اور سدرۃ المنتہیٰ اور طوبےٰ تیرا

فرهنگ

•غوغاے کارخانہ آهنگری : :فولاد کے کارخانہ کا شور (غوغا=شور + کارخانہ+آهنگری=فولاد ڈھالنا ، لوہا بنانا)_ •زمن :میرا_ •گلبانگِ ارغنونِ کلیسا :کلیسا کے ارگن کا نغمہ (گلبانگ=اچھی آواز + ارغنون=ارگن ، پیانو+کلیسا)_ •ازانِ تو:تیری ملکیت ، تیرا_ •نخلے :وہ پیڑ (نخل=پیڑ+ ے=وہ)_ •خراج :زمین وغیرہ کا محصول ، لگان_ •برو :اُس پر (بر = پر+او=اُس)_ •می نہد :وہ رکھتا ہے ، وہ عائد کرتا ہے (نہادن= رکھنا ، لگانا)_•سدره :سدرة المنتہیٰ ، ساتویں آسمان پر بیری کا درخت ایک روایت ہے کہ جس تک پہنچ کر معراج کے موقعے پر جبریل رک گئے تھے •طوبا :جنّت کا ایک پیڑ _

تلخابۂ کہ دردِ سر آرد ازانِ من
صہبائے پاکِ آدَم و حَوا ازانِ تو

مرُغابی و تدرو و کبوتر ازانِ من
ظَلِ ہما و شہپرِ عنقا ازانِ تو

ترجمہ

یہ کڑوا پانی جو سر چٹخا دیتا ہے میرا
آدم اور حوّا کی شرابِ طہور تیری
مرُغابی اور تیتر اور کبوتر میرے
ہما کا سایہ اور عنقا کا پنکھہ تیرا

فرہنگ

•تلخابۂ :وہ کڑوا پانی، وہ شراب (تلخابہ=کڑوا پانی، مرُاد شراب + ۂ =وہ)_ •کہ :جو_ •آرد :وہ لاتا ہے (آوردن=لانا)_ •صہبائے پاک آدم و حوّا :آدم اور حوّا کی پاک شراب (صہبا=شراب+پاک + آدم=حضرت آدم+و=اور+ حوّا=بی بی حوّا)_
•تدرو :چکور، تیتر_ •ظلِ ہما :ہما کا سایہ (ظلّ=سایہ+ہما= ایک خیالی پرندہ جس کے بارے میں داستانوں میں کہا گیا ہے کہ اس کا سایہ جس کے سر پر پڑجائے وہ بادشاہ ہوجاتا ہے)_
•شہپرِ عنقا :عنقا کا پر(شہپر+عنقا = ایک خیالی پرندہ)_

ایں خاک و آنچہ در شکمِ او ازانِ من
وز خاک تا بہ عرشِ معلاّ ازانِ تو

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•آنچہ :وہ جو، جو کچھ۔
•درشکم او :اس کے پیٹ میں (در + شکم=پیٹ+او=اسکے)۔

ترجمہ

یہ زمین اور جو کچھ اس کے پیٹ میں ہے میرا
اور زمین سے عرشِ معلّٰی تک (سب کچھ) تیرا

❦❦❦❦❦

نوائے مزدور

ز مزدِ بندۂ کرپاس پوش و محنت کش
نصیبِ خواجۂ نا کردہ کار رختِ حریر

ز خوے فشانیِ من لعلِ خاتمِ والی
ز اشکِ کودکِ من گوہرِ ستامِ امیر

ترجمہ

مزدور کی پکار

کھادی پہننے اور سختی کھینچنے والے مزدور کی مزدوری سے
نکھٹو سرمایہ دار کو ریشم کا لباس ملا
میرا پسینہ حاکم کی انگشتری میں یاقوت
میرے بچّے کا آنسو سردار کے گھوڑے کے چار جامے کا موتی

فرہنگ

•ز مزدِ بندۂ کرپاس پوش و محنت کَش :کھادی پہننے والے اور سختی جھیلنے والے غلام کی مزدوری سے (ز=سے+مُزد=مزدوری+بندہ=غلام+کرپاس =روئی سے بنا ہوا ایک معمولی کپڑا ،کھَدر+پوش= بمعنی پوشندہ پہننے والا[پوشیدن= پہننا]+و=اور+محنت= تکلیف ، سختی ، مشقّت+کش= بمعنی کشندہ ، کھینچنے والا ، اُٹھانے والا [کشیدن=کھینچنا ، جھیلنا])_
•زخوے فشانیِ من :میرے پسینہ چھڑکنے سے (ز=سے+خوے = پسینہ+فشانی=چھڑکاؤ [خوے فشاندن = پسینہ چھڑکنا ، گرانا ، سخت مشقت کرنا]+من= میری)_ •لعلِ خاتم والی :حاکم کی انگشتری کا یاقوت (لعل = یاقوت+خاتم=انگوٹھی+والی= حکم ، آقا)_ •ز اشکِ کودکِ من :میرے بچّے کے آنسو سے (ز=سے + اشک+کودک=بچہ+من=میرا)_
•گوہرِ ستامِ امیر :سردار کے گھوڑے کے چارجامے کا موتی (گوہر=موتی + ستام=گھوڑے کا چارجامہ زیور وغیرہ+اُمیر=سردار ، حاکم)_

ز خونِ من چو زلو فربہی کلیسارا
بزور بازوے من دستِ سلطنت ہمہ گیر

خرابہ رشکِ گلستاں زگریۂ سحرم
شبابِ لالہ و گل از طراوتِ جگرم

فرہنگ

•خرابہ :ویرانہ، کھنڈر۔ •رشکِ گلستاں :جس پر گلستاں کو بھی رشک آئے، گلستاں سے زیادہ کھلا ہوا اور پر بہار۔ •زگریۂ سحرم :میرے صبح کے رونے سے (ز= سے+گریہ=رونا+سحر+م = میرے)۔ •شباب لالہ و گل :لالہ گل کی بہار (شباب=جوبن، بہار، نکھار+لالہ+و=اور+گل)۔
•طراوتِ جگرم:میرے جگر کی تری (طراوت=تری، تازگی، ٹھنڈک، تراوٹ+جگر+م=میرے)

ترجمہ

کلیسا میرے خون سے جونک کیطرح پھولا ہوا
میرے زورِ بازو سے سلطنت کا ہاتھ سارے پر قابض
ویرانہ میرے گریۂ سحر سے رشکِ گلستاں
میرے جگر کے لہو سے لالہ و گل کی بہار

بیا کہ تازہ نوا می تراود از رگِ ساز
مئے کہ شیشہ گدازد بہ ساغر اندازیم

مغان و دیرِ مغاں را نظامِ تازہ دہیم
بنائے میکدہ ہائے کہن برانداز یم

ترجمہ

آ کہ ساز کے تاروں سے تازہ نغمہ ٹپک رہا ہے
وہ شراب جو شیشہ پگھلا دے ہم پیالے میں ڈالیں
ساقی اور میخانے کو نیا نظام دیں
پُرانے میکدوں کی بنیاد ڈھا دیں

فرہنگ

•می تراود :ٹپک رہا ہے (تراویدن=ٹپکنا)_ •از رگِ ساز :ساز کے تار سے (از=سے+رگ = تار+ساز)_ •منے :وہ شراب (مے+ے=وہ)_ •شیشہ :شراب کا برتن، صراحی_ •گدازد :پگھلادے (گداختن=پگھلانا)_ •اندازیم:ہم ڈالیں (انداختن=ڈالنا) •مغاں :مُغ کی جمع، شراب بیچنے والے، ساقی_ •دیر مغاں :شرابخانہ، پارسیوں کا عبادت خانہ (دیر=عبادت خانہ، جگہ+مغاں = زردشتی، شراب پلانے والے)_ •دھیم :ہم دیں (دادن=دینا)_ •بنائے میکدہ ہائے کہن :پرانے شرابخانوں کی بنیاد (بنا=بنیاد+ میکدہ ہا=میکدہ کی جمع، شرابخانے+کہن=پُرانے)_ •براندازیم :ہم ڈھادیں (برانداختن = ڈھانا، منہدم کرنا)

ز ربزنانِ چمن انتقامِ لالہ کشیم
بہ بزمِ غنچہ و گل طرحِ دیگر اندازیم

بطوفِ شمع چو پروانہ زیستن تاکے
زخویش ایں ہمہ بیگانہ زیستن تاکے

❦❦❦❦❦

ترجمہ

چمن کے لیٹروں سے گلِ لالہ کا انتقام لیں
کلیوں اور پھولوں کی سبھا کی نئی بنا ڈالیں
پروانے کیطرح شمع کے طواف میں زیست کرنا کب تک
اپنے آپ سے اس قدر انجان (ہوکر) جینا کب تک

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•ز ربزنان چمن :چمن کے لٹیروں سے، باغ کو لوٹنے والوں سے (ز=سے+ربزنان=ربزن کی جمع+چمن)_ •انتقامِ لالہ کشیم :ہم گلِ لالہ کا بدلہ لیں (انتقام=بدلہ+لالہ+کشیم=ہم لیں [انتقام کشیدن=بدلہ لینا])_ •طرحِ دیگر اندازیم :ہم نئی بنیاد ڈالیں (طرح=بنیاد، ڈھنگ+دیگر=دوسری، نئی+اندازیم=ہم ڈالیں)
•بطوفِ شمع :شمع کے گرد منڈلانے میں (بہ=میں +طوف=پھیرے لگانا، طواف+شمع)_
•چو :جوں، مانند_ •زیستن :جینا_ •تاکے :کب تک_
•زخویش :اپنے آپ سے (ز=سے + خویش=خود) •ایں ہمہ :اس قدر، اتنا، ایسا_ •بیگانہ :انجان، لاتعلّق_

آزادی بحر

بطے می گفت بحر آزاد گردید
چنیں فرماں ز دیوانِ خضر رفت

نہنگے گفت رو ہر جا کہ خواہی
ولے از ما نباید بے خبر رفت

ترجمہ

سمندر کی آزادی

ایک بطخ کہہ رہی تھی سمندر آزاد ہوگیا
خضر کے دربار سے یہ فرمان جاری ہوگیا
ایک مگر مچھ بولا جہاں چاہے جا
مگر ہم سے بے خبر نہیں رہنا چاہیئے

فرہنگ

•بطے :ایک بطخ (بطہ= بطخ + ے=ایک)_ •می گفت :وہ کہہ رہی تھی (گفتن=کہنا)_ •آزاد گردید :آزاد ہوگیا (گردیدن= ہونا)_ •چنیں :ایسا_ •فرمان: حکم_ •ز دیوانِ خضر :خضر کے دربار سے (ز=سے+دیوان= دربارِ شاہی، عدالت+خضر= حضرت خضر)_ •رفت :جاری ہوا (رفتن=جاری ہونا)_ •نہنگے :ایک مگر مچھ (نہنگ=مگر مچھ، گھڑیال+ ے=ایک)_ •رو :تو جا (رفتن=جانا، چلنا)_ •برجا :برجگہ، سب جگہ، جہاں_ • خواہی :تو چاہے (خواستن= چاہنا)_ •نبایدبے خبر رفت :بے خبر ہوکر نہیں جانا چاہیئے (نہ+ باید=چاہیئے [بایستن=چاہنا] + بے خبر+رفت=رفتن=چلنا، جانا)_

خرده

می خورد ہر ذرّۂ ما پیچ و تاب
محشرے در ہر دمِ ما مضمر است

با سکندر خضر در ظلمات گفت
مرگ مشکل زندگی مشکل تر است

فرہنگ

•می خورد :کھارہا ہے، کھاتا رہتا ہے (خوردن=کھانا). •ہر ذرّہ ما :ہمارا ہر ذرّہ، ہمارا ذرّہ ذرّہ (ہر + ذرّہ+ما=ہمارا)۔ •پیچ و تاب :بل، بے قراری۔ •محشرے :ایک قیامت (محشر+ے=ایک)۔ •مضمر :چُھپا ہوا، پوشیدہ۔ •ظلمات :داستانی آبِ حیات کے اردگرد کے اندھیرے جنھوں نے اُسے چھپا رکھّا ہے، مُراد آبِ حیات کا چشمہ۔

ترجمہ

ہمارا ذرّہ ذرّہ بل کھاتا رہتا ہے
ہماری ہر سانس میں ایک محشر چھپا ہوا ہے
خضر نے آبِ حیات کے اندھیرے کنارے پر سکندر سے کہا
موت دشوار ہے زندگی دشوار تر

❦❦❦❦❦

دُردانہ ادا شناسِ دریاست
از گردشِ آسیا چہ داند

❦❦❦❦❦

ترجمہ

موتی کا دانہ سمندر کے بھاؤ پہچانتا ہے
وہ چکّی کی گردش کا کیا جانے

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•دردانہ :موتی کا دانہ (دُر=موتی+دانہ)_ •اداشناس دریاست :سمندر کا رنگ ڈھنگ پہچاننے والا ہے، سمندر کی ادائیں جاننے والا ہے (ادا=بھید، اشارہ، ڈھنگ+شناس=بمعنی شناسندہ، پہچاننے والا [شناختن=پہچاننا]+دریا=سمندر+است=ہے)_ •از :کی_ گردش آسیا:چکی کی گردش (گردش+آسیا=چکی)_

کلک را نالہ از تہی معز است
قلم سُرمہ را صریرے نیست

منم کہ طوف حرم کردہ ام بتے بہ کنار
منم کہ پیش بتاں نعرہ ہاے ہو زدہ ام

ترجمہ

قلم کی فریاد پولے پن کے کارن ہے
پنسل کی کوئی آواز نہیں ہے
وہ میں ہوں جس نے بغل میں بُت دبائے کعبے کا طواف کیا ھے
وہ میں ہوں جس نے بتوں کے آگے اللہ ہو کا نعرہ بلند کیا ہے

فرہنگ

•داند :وہ جانے (دانستن=جاننا)
•کلک :سر کنڈے کا قلم، قلم۔
•تہی مغزی :پولا پن، کھوکھلا پن۔
•قلم سُرمہ را :پنسل کی (قلم سُرمہ=لیڈ پنسل +را=کی، میں)۔ •صریرے :کوئی آواز (صریر = قلم چلنے کی آواز+ے= کوئی)۔
•بنے بکنار :بت بغل میں دبائے ہوئے (بت + ے=ایک ، کوئی+بہ=میں + کنار=بغل)۔ •پیش بتاں :بتوں کے سامنے (پیش=سامنے، آگے+بتاں=بت کی جمع)۔ •
نعرہ ہاے ہوزدہ ام :میں نے اللہ ہو کے نعرے مارے ہیں (نعرہ ہا=نعرہ کی جمع، نعرے+ہو=قلندروں کا نعرہ، ذات باری تعالیٰ کی طرف اشارہ، اللہ ہو +زدہ ام=میں نے مارا ہے، لگایا ہے (نعرہ زدن= نعرہ لگانا)۔

دلم هنوز تقاضاے جستجو دارد
قدم بہ جادہ باریک تر ز مو زدہ ام

گل گفت کہ عیشِ نو بہارے خوشتر
یک صبح چمن ز روزگارے خوشتر

ترجمہ

میرا دل اب تک جستجو کی دُھن رکھتا ہے
میں نے بال سے باریک راستے پر قدم رکھدیا ہے
پھول بولا کہ ایک نو بہار کا عیش اچھّا
دنوں کے ڈھیر سے چمن کی ایک صبح اچھی

فرہنگ

•ہنوز :اب تک۔
•تقاضاے جستجو دارد :
جستجو کی خواہش رکھتا ہے(تقاضا
= خواہش ، طلب+جستجو+
دارد=وہ رکھتا ہے (تقاضا داشتن
= خواہش رکھنا)۔ •قدم بجادہ
باریک تر ز مو زدہ ام :میں نے بال
سے باریک راستے پر قدم رکھّا ہے
(قدم + بہ=پر+جادہ=راستا+
باریک+تر=زیادہ+ز=سے
+ مو=بال + زدہ ام=میں نے
رکھّا ہے (قدم زدن = قدم رکھّنا ،
چلنا)۔
•عیشِ نو بہارے :نئی بہار کا لطف
(عیش=لطف ، آرام ، سکھ+نوبہار
= نئی بہار+ے=ایک)۔
•خوشتر :زیادہ اچھا (خوش=اچھّا
+ تر=زیادہ ، بہت)۔ •روزگارے
:ایک لمبا زمانہ۔

زاں پیش کہ کس ترا بدستاردہد
مُردن بکنارِ شاخسارے خوشتر

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•زاں پیش :
اس سے پہلے (ز=سے+
آں=اس+پیش =پہلے)۔
•کس :کوئی۔ •ترا :تجھے۔
•بدستار دہد :وہ دستار میں اُڑس لے
(بہ=میں، کو +دستار+دہد=
وہ دے دے [دادن=دینا، سپرد
کرنا)۔ •مُردن :مرنا۔ •بکنارِ
شاخسارے :پیڑوں کے آغوش میں
(بہ=میں+کنار=آغوش، پہلو ؛
شاخسار=شاخوں کا جھنڈ+ے
= کسی)۔

ترجمہ

اس سے پہلے کہ کوئی تجھے دستار میں اُڑس لے
پیڑوں کے کسی جھنڈ بیچ مر جانا اچھا

❦❦❦❦❦

سخنگو طفلک و برنا و پیر است
سخن را سالے و ماہے نباشد

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•سخنگو :شاعر۔ •طفلک :بچہ۔
•برنا :جوان۔ •پیر :بوڑھا۔
•سخن :شعر۔ •نباشد :نہیں ہوتا ہے (باشیدن=بودن=ہونا)۔

ترجمہ

شاعر بچّہ، جوان اور بوڑھا ہوتا ہے
شاعری کے لئے کوئی ماہ و سال نہیں

❦❦❦❦❦

چشم را بینائی افزاید سه چیز
سبزه و آبِ روان و روے خوش

کالبد را فربہی می آورد
جامۂ قز، جان بے غم، بوے خوش

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•افزاید :وہ بڑھاتی ہے (افزودن= بڑھانا) •روے خوش :اچھی صورت (رو=چہرہ+خوش= اچھا)
•کالبد :بدن •می آورد :وہ لاتا ہے (آوردن=لانا) •جامہ قز :ریشمی کپڑا (جامہ+قز= ریشم) •جان بے غم :بے فکر دل (جان=جان، دل+بے غم)
•بوے خوش :خوشبو

ترجمہ

تین چیزیں آنکھ کی جوت بڑھاتی ہیں
سبزہ اور چلتا ہوا پانی اور اچھی صورت
بدن پر ماپا لاتا ہے
ریشمی جامہ بے فکر دل، خوشبو

❦❦❦❦❦

اے برادر من ترا از زندگی دادم نشاں
خواب را مرگِ سبک داں مرگ را خوابِ گراں

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•از :کا، بابت_ •دادم :میں نے دیا (دادن=دینا)_ •نشاں :پتا، سراغ_ •خواب :نیند_ •مرگِ سبک :ہلکی موت (مرگ=موت+ سبک=ہلکی)_ •داں :تو جان (دانستن:= جاننا)_ •خوابِ گراں :گہری نیند (خواب +گراں= بھاری، گہری).

ترجمہ

اے برادر میں نے تجھے زندگی کا بھید بتا دیا
نیند کو ہلکی موت جان اور موت کو گہری نیند

❦❦❦❦❦

طاقت عفو در تو نیست اگر
خیز و با دشمناں در آ بہ ستیز

سینہ را کارگاہ کینہ مساز
سرکہ در انگبینِ خویش مریز

❦❦❦❦❦

ترجمہ

اگر تجھ میں معاف کرنے کی سکت نہیں ہے
تو اُٹھ اور اپنے دشمنوں سے جنگ کر
سینے کو کینے کا گھرمت بنا
اپنے شہد میں سرکہ نہ اُنڈیل

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•طاقت عفو :معاف کرنے کی طاقت (طاقت+عفو=معافی، درگزر)_ •خیز :اُٹھ (خاستن=اُٹھنا)_ •در آ بہ ستیز :تو جنگ کر (درآمدن بہ ستیز=جنگ چھیڑدینا ، لڑائی کرنا)_
•کارگاہ کینہ : بُغض کا گھر (کارگاہ=کسی کام کی جگہ ، کارخانہ ، مقام+ کینہ)_ •مساز :تو مت بنا (ساختن = بنانا)_ •در انگبینِ خویش :اپنے شہد میں (در=میں+انگبیں = شہد+خویش=اپنے)_ •مریز :تو مت اُنڈیل (ریختن=اُنڈیلنا ، ڈالنا)

از نزاکت ہاے طبعِ موشگافِ او مپرس
کز دمِ بادے زجاجِ شاعرِ ما بشکند

کے تواند گفت شرحِ کار زارِ زندگی
"می پرد رنگش ،حبابے چوں بدریا بشکند"

❦❦❦❦❦

ترجمہ

اُس کی بال کی کھال نکالنے والی طبیعت کی نزاکتیں مت پوچھ
کہ ہوا کے ایک جھونکے سے ہمارے شاعر کا آبگینہ تڑخ جاتا ہے
وہ زندگی کے معرکے کا حال کب بیان کرسکتا ہے
' اُس کا تو رنگ اُڑ جاتا ہے جب کوئی بلبلا دریا میں ٹوٹتا ہے '

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•از نزاکت ہاے طبعِ موشگاف او :اُس کی بال کی کھال اُتارنے والی طبیعت کی نزاکتوں کا حال (از=کا+نزاکت ہا=نزاکت کی جمع+طبع=طبیعت+موشگاف=بال کی کھال نکالنے والی ، تہ تک پہنچنے والی ،بات سے بات نکالنے والی •مپرس :تو مت پوچھ (پُرسیدن=پوچھنا)۔
•کز دمِ بادے کہ ہوا کے ایک جھونکے سے (کہ+از=سے+دم=جھونکا ، پھونک+باد=ہوا+ے=ایک)۔ •زجاجِ شاعرِ ما :ہمارے شاعر کا آبگینہ (زجاج=آبگینہ ، شیشہ+شاعر+ما=ہمارے)۔
•بشکند :ٹوٹ جاتا ہے (شکستن=ٹوٹنا)۔ •کے تواند گفت :وہ کیسے بیان کرسکتا ہے (کے=کیسے ، کب+تواند=وہ سکتا ہے [توانستن=سکنا]+گفت=بیان [گفتن=بیان کرنا])۔
•می پرد :اُڑ جاتا ہے (پریدن=اڑنا)۔
•رنگش :اُس کا رنگ (رنگ+ش=اُس کا)۔

درجہاں مانندِ جوے کوہسار
از نشیب و ہم فراز آگاہ شو

یا مثالِ سیلِ بے رنہار خیز
فارغ از پست و بلند راہ شو

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•مانندِ جوے کوہسار :پہاڑی ندی کی طرح (مانند+جو=ندی+ کوہسار=پہاڑی سلسلہ) •مثالِ سیل بے زنہار :بے پناہ طغیانی کی طرح (مثال+سیل=طغیانی، باڑھ+بے زنہار=بے پناہ، بے روک، جس سے کہیں پناہ نہ ہو)۔ خیز :اُٹھ (خاستن=اُٹھ کھڑا ہونا)۔ •فارغ :آزاد، بے نیاز، بے پروا۔

ترجمہ

دنیا میں پہاڑی ندی کے مانند
اتار چڑھاؤ کی خبر رکھ
یا بے پناہ باڑھ کی طرح
راہ کی اونچ نیچ سے آزاد ہوجا

❦❦❦❦❦

اے کہ گلِ چیدی منال از نیشِ خار
خار ہم می روید از بادِ بہار

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•اے کہ :اے تو کہ_ •چیدی :تو نے چُنا (چیدن=چننا) •منال :تو مت رو، شکوہ نہ کر (نالیدن= رونا، فریاد کرنا)_ •نیش خار :کانٹے کی نوک (نیش=نوک+ خار) •هم :بھی_ •می روید :اُگتا ہے (روئیدن=رُستن= اُگنا)_

ترجمہ

اے پھول چننے والے کانٹے کی نوک کا رونا مت رو
کانٹا بھی بہار کی ہوا سے اُگتا ہے

❦❦❦❦❦

مزن وسمہ بر ریش و ابروے خویش
جوانی ز دزدیدنِ سال نیست

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•مزن وسمہ :خضاب مت لگا (م= مت +زن=تو لگا+وسمہ= خضاب [وسمہ زدن=خضاب لگانا])_ •ابروے خویش :اپنی بھوں (ابرو=بھوں+خویش= اپنی)_ •ز دُزیدنِ سال :عمر چُھپانے سے (ز=سے+دزدیدن=چُھپانا + سال=برس ، عمر)_

ترجمہ

اپنی داڑھی اور ابرو پر خضاب مت لگا
جوانی عمر میں سیندھ لگانے سے نہیں ملتی

❦❦❦❦❦

ندارد کار با دوں ہمتاں عشق
تدرو مردہ را شاہیں نگیرد

نقد شاعر درخورِ بازار نیست
نار بسیم نسترن نتواں خرید

ترجمہ

عشق تھڑدلوں سے سروکار نہیں رکھتا
شاہین مردہ چکور پر نہیں جھپٹتا
شاعر کی پونجی بازار کے کام کی نہیں
مرتبا کی چاندی سے روئی نہیں خریدی جاسکتی

فرہنگ

•ندارد :وہ نہیں رکھتا (داشتن = رکھنا)۔ •کار :کام، غرض۔
•با دوں ہمتاں :پست ہمتوں کے ساتھ (با=ساتھ، سے +دوں ہمتاں=دوں ہمت کی جمع، پست ہمت، تھڑدلے (دوں=نیچ، پست، کمینہ+ہمت)). •تدرو مردہ :مردہ، چکور (تدرو=چکور+ مردہ)۔ •نگیرد :وہ نہیں پکڑتا (گرفتن=پکڑنا، حملہ کرنا)۔
•نقد شاعر :شاعر کی دولت (نقد = دولت، پونجی+شاعر)۔
•درخورِ بازار:بازار کے لائق (درخور = لائق+بازار). •بسیم نسترن :سیوتی کے پھول کی چاندی سے (بہ=سے، عوض+سیم= چاندی+نسترن=سیوتی کا پھول)۔ •نتواں خرید :نہیں خریدی جاسکتی۔

چہ خوش بودے اگرمرد نکوپے
زبند پاستاں آزاد رفتے

اگر تقلید بودے شیوہ خوب
پیمبر هم ره اجداد رفتے

❦❦❦❦❦

ترجمہ

کیا ہی اچھا ہوتا اگر یہ مبارک قدم انسان
ماضی کی بیڑی توڑ کر چلتا
اگر بھیڑ چال اچھا چلن ہوتی تو
رسول اللہ (ص) بھی پرکھوں کی راہ چلے ہوتے

❦❦❦❦❦

فرہنگ

•بودے :ہوتا (بودن=ہونا).
• :مرد نکو پے :مبارک قدم انسان (مرد=آدمی+نکو پے=نیک پے = مبارک قدم، باسعادت، نیک قدم)_ •ز بندِ پاستاں :ماضی کے بندھن سے (ز= سے+بند= بندھن، قید+پاستاں=باستاں= قدیم، اگلا زمانہ، ماضی)_ •رفتے :چلتا، گیا ہوتا (رفتن=چلنا)_
•تقلید :دوسرے کے پیچھے چلنا_
•شیوہ خوب :اچھا طریقہ (شیوہ= طریقہ چلن+ خوب=اچھا)_ •
پیمبر :رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم_ •هم :بھی_ •ره اجداد رفتے :اجداد کی راہ چلے ہوتے (ره=راہ+اجداد=پُرکھے، باپ دادا+رفتے=وہ چلا ہوتا)